(*b*) No. This indeed is not even alleged in the representations.

(*c*) The representations received are examined and receive due consideration. Orders have already been passed that officials in the West Pakistan Secretariat will be eligible for the former Punjab scales. This has benefitted some Secretariat officials who originally belonged to the integrating Units where the pay scales of Secretariat establishment were much lower. The pay scales of non-gazetted establishment of other Government offices are under consideration and final Government orders are hoped to be issued within a few months.

LAND ACQUIRED FOR FRONTIER PROVINCE TEXTILE MILLS, JAHANGIRA ROAD

20. Khanzada Maulvi Muhammad Abdul Haq Khan: Will the Minister of Revenue be pleased to state —

(*a*) the area of the land acquired for Frontier Province Textile Mills Jahangira Road from the local residents and the rate of compensation fixed therefor ;

(*b*) whether it is a fact that the rate assessed in the beginning was four times more than the present rate ;

(*c*) whether it is a fact that the land acquired for Sarhad Colony Textile Mills, Aman Garh, is of inferior quality then the land acquired for the Jahangir Textile Mills yet the rate of compensation fixed for the former is higher than fixed for the latter ;

(*d*) whether it is a fact that the land acquired for Sarhad Colony Textile Mills is owned by a wealthy person and the land acquired for Jahangira Frontier Province Textile Mills belongs to persons of meagre resources ;

(*e*) whether it is a fact that Jahangira Frontier Province Textile Mills have been producing yarn and cloth for the last one year yet the owners of the land have not been paid the price of the land, if so, the reasons therefor ?

Khan Iftkhar Hussain Khan (MINISTER OF REVENUE) : (*a*) (*i*) Area acquired 574 kanals 16 marlas.

(*ii*) Total compensation Rs. 86,771-12-0.

(*b*) Yes. At first it was assessed incorrectly on the quinquennial average of other villages and at the time of announcing the award, the Collector assessed the compensation on the average of the villages from where the land was acquired.

(*c*) No.

(*d*) With the exception of two owners of the land under the Sarhad Colony Textile Mill, the other owners of the land acquired for the two textile mills are of the same position and status and are of meagre resources.

(*e*) Yes. The Mills owners have paid Rs. 70,000 so far and the balance amounting to Rs. 16,771-12-0 will be paid in the near future.

FRONTIER PROVINCE TEXTILE MILLS JAHANGIRA ROAD

21. Khanzada Maulvi Muhammad Abdul Haq Khan : Will the Minister of Development be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that the members of the subordinate staff and labourers are not treated well by the Proprietors and the management of the Frontier Province Textile Mills Jahangira Road ;

(*b*) whether it is also a fact that the owners of the Mill often terminate the services of their employees without giving prior notice of their intention ;

(*c*) whether it is a fact that termination of services in like manner, is against the rules ;

(*d*) if answers to above be in the affirmative, whether Government are prepared to take suitable action in the matter ; if not, the reasons therefor ?

[*For answer, please see Appendix I at the end*).

FRONTIER COLONY TEXTILE MILLS AND FRONTIER PROVINCE TEXTILE MILLS JAHANGIRA ROAD

22. Khanzada Maulvi Muhammad Abdul Haq Khan : Will the Minister of Development be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that at the time of installation of Mills and factories in the Province, due consideration was given to the question of likely benefit accruing to the backward populace of the areas concerned ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the number of employees working in Frontier Colony Textile Mills and Frontier Province Textile Mills, Jahangira Road who belong to the former Provinces of Frontier and Punjab, respectively ?

Mr. Najmuddin Leghari (MINISTER OF DEVELOPMENT): (*a*) The benefits likely to accrue to the population of backward areas receive due consideration at the time of sanctioning the location of industries:—

(*b*) *Name of concern*	*Number of employees belonging to the former province of North-West Frontier Province*	*Number of employees coming from other parts of West Pakistan*	*Total No. of employees*
1. Colony Sarhad Textile Mills, Nawshehra.	987	286	1273
2. Frontier Province Textile Mills, Jahangira Road.	412	178	590

DINNERS AND PARTIES ARRANGED BY GOVERNMENT IN PESHAWAR DIVISION

23. Khanzada Maulvi Muhammad Abdul Haq Khan: Will the Chief Minister be pleased to state —

(*a*) the number of dinners and parties arranged by Government since the establishment of West Pakistan in the Peshawar division ;

(*b*) the total expenditure incurred on these parties from the Government treasury or from entertainment fund ;

(*c*) the total number of Government servants and the member of political workers and M. L. As. invited to them separately ?

(*Answer not received from Government*).

HIGH SCHOOLS BETWEEN TAUNSA SHARIF AND DERA ISMAIL KHAN

24. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Education be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that there is no High School to cater for the needs of an area seventy miles in length lying between Taunsa Sharif (Dera Ghazi Khan) and Dera Ismail Khan city ;

(*b*) whether it is a fact that there is a middle school in village Parwa, Tehsil and District Dera Ismail Khan ;

(*c*) whether it is a fact that there are three lower middle schools and twelve primary schools in the adjoining areas of Parwa Middle School ;

(*d*) whether it is a fact that sufficient accommodation is available in the building of the Parwa Middle School in case the said school is raised to the status of a High School ;

(*e*) if the answer to (*d*) above be in the affirmative whether Government intend to raise the status of the said school and provide necessary staff, thereby meeting the long felt need of the people of that area ; if not, the reasons therefor ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (MINISTER OF EDUCATION) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) No.

(*e*) In view of answer to part (*d*) above, if the public are prepared to construct additional rooms, or provide another building, the school will be upgraded.

RAISING THE STANDARD OF CERTAIN MIDDLE SCHOOLS TO HIGH SCHOOLS IN DISTRICT DERA ISMAIL KHAN

25. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Ecucation be pleased to state —

(*a*) whether Middle Schools are functioning in village Chodwan, Tehsil Kulachi, District, Dera Ismail Khan, village Gul-Imam, Tehsil, Tank, District Dera Ismail Khan and Kot Jai, Tehsil and District Dera Ismail Khan and sufficient Pukka buildings are available in all these places for schools ;

(*b*) whether it is a fact that the financial condition of the residents of District Dera Ismail Khan is so bad that they can not afford to send their children either to Tank or to Dera Ismail Khan for further education after passing Middle School Examination.;

(*c*) the dates since these middle schools are functioning in the above-mentioned three villages ;

(*d*) whether the Government intend to raise the said schools to the status of high schools and provide the necessary staff ; if not, the reasons therefor ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti, (EDUCATION MINISTER) : (*a*) Yes. The School at Chodwan has a pacca building, while the other two have partly kacha and partly pacca buildings.

(*b*) There is no such information on the subject available in the Education Department.

(*c*) The School at Chodwan was started in 1911, that at village Gullmam, in 1946, while the School at Kot Jai started functioning in 1951.

(*d*) The existing enrolment of the schools does not justify the raising of their standards.

HIGH SCHOOLS IN DERA ISMAIL KHAN CITY

26. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Education be pleased to state —

(*a*) the number of high schools functioning at present in Dera Ismail Khan City and also the number of High Schools there before the establishment of Pakistan ;

(*b*) the number of students studying in High Classes of each school at present ;

(*c*) whether in view of the larger number of students in high classes Government intend to give permission for starting one more school in Dera Ismail Khan City ; if not, the reasons therefor ;

(*d*) whether it is a fact that the building of Mission School in Dera Ismail Khan City is lying vacant ; if so, whether Government intend to allot this building for the use of the proposed new High School and provide necessary staff ; if not, the reasons therefor ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti, (MINISTER OF EDUCATION) : (*a*) Three at present.

Four before partition.

		Number	*Students*
(*b*) Government High School	..	1	160
Ditto	..	2	210
Ditto	..	3	102

(*c*) There is still accommodation available in Government High School No. 3.

(*d*) Yes. The question of purchasing the building of the School from the Missionery Society is under consideration.

TECHNICAL SCHOOL IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

27. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) Whether it is a fact that there is no Technical School in the whole of Dera Ismail Khan district ;

(*b*) whether the Government intend to open a Technical High School in Dera Ismail Khan City ; if not, the reason therefor ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (MINISTER OF EDUCATION) : (*a*) Yes.

(*b*) It is the policy of Government to place greater emphasis on Science and Technology. In pursuance of this objective, Government have set up Technical High Schools at Bahawalpur, Quetta, Peshawar, Lyallpur and Jauharabad. A Technical High School is also being established in Hyderabad. The aim is to provide each Region with at least one Technical High School. The establishment

of a technical high school is a fairly expensive proposition and more schools would be added as funds are available and with due regard to the needs of the distant Region *e. g.*, Dera Ismail Khan.

HOSTEL ACCOMMODATION IN GOVERNMENT COLLEGE, DERA ISMAIL KHAN

28. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that the students of Government College, Dera Ismail Khan are facing great inconvenience due to lack of accommodation in the College Hostel ; if so, whether the Government intend to build a new Hostel for the said College ; if not, the reasons therefor ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (MINISTER OF EDUCATION) : Yes. There is considerable congestion in the hostel of the Government College, Dera Ismail Khan. In view of this, a sum of Rs. 1,55,000 has been provided for the construction of a new hostel in Category 'B' of the schedule of New Expenditure.

LACK OF ACCOMMODATION IN KARI SHAMOOZAI MIDDLE SCHOOL DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

29. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Education be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that there are only four rooms in Kari Shamoozai Middle School in Dera Ismail Khan district ;

(*b*) the present number of the students in the above-mentioned school;

(*c*) whether it is a fact that four rooms are far below the requirement of the said middle school ;

(*d*) whether due to the lack of accommodation the boys have to sit outside in the open during winter, summer, or even during rains and sometime the classes have to be abandoned on account of bad weather ;

(*e*) whether the Government intend to build new rooms in the said school in order to remove this difficulty ; if not, the reasons therefor ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (MINISTER OF EDUCATION) : (*a*) In addition to the four rooms in the school, an evacuee building is being used to accommodate some of the classes.

(*b*) 167

(*c*) In view of (*a*) above, does not arise.

(*d*) No.

(*e*) Does not arise.

GIRLS HIGH SCHOOL IN DERA ISMAIL KHAN CITY

30 Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Education be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that there is a Girls High School in Dera Ismail City ;

(*b*) whether it is also a fact that there is no hostel attached to the said school as a result of which the residents of other tehsils and villages face much inconvenience in connection with the education of their girls ;

(*c*) whether the Government intend to build a hostel for the said school; if not, the reasons therefore ;

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (MINISTER FOR EDUCATION) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Efforts are being made to acquire suitable accommodation for the School Hostel.

SUPPLY OF DRINKING WATER FROM KALA PANI TO VILLAGES OF DERA ISMAIL KHAN

31. Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that drinking water can be supplied from "Kala Pani" of Zari Sharif by the construction of a pipe line to the inhabitants of the villages of Kikri, Mehrban, Watwoh, Girah Sheikh, Girah Jat, Gira Ali and Girah Isa Khan of Dera Ismail Khan district ; if, so the action Government intend to take in the matter ?

Mr. Ali Ahmad Talpur (MINISTER OF HEALTH) : Yes. Government propose using their good offices in the first instance with Zamindars of Musazai to forego their proprietary rights of water.

SUPPLY OF DRINKING WATER FROM KALA PANI TO VILLAGES OF TEHSIL KALACHI OF DERA ISMAIL KHAN

32 Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Health be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that villages of Kot Musa, Bhaki, Gandi Mara as well as other villages of Tehsil Kalachi of Dera Ismail Khan district are faced with acute shortage of drinking water ;

(*b*) whether it is a fact that neither a well can be dug in these villages nor a canal flows nearby ;

(*c*) whether it is a fact that the hardship faced by the inhabitant of these villages in matter of drinking water can be removed by arranging supply of water from the village of Chandwan Kala Pani; if so the steps Government intend to take in this behalf ?

Mr. Ali Ahmad Talpur (MINISTER OF HEALTH) : (*a*) Yes, when there are no rains.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes. The Government intend in the first instance using their good offices with Zamindars of Chandhawan to abandon their proprietary rights over water.

SUPPLY OF DRINKING WATER FROM AABI-SIAH TO VILLAGES IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

33 Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Health be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that drinking water supplied to the city of Dera Ismail Khan from Warren canal of Tank by means of a pipe line which is about 42 miles in length ;

(*b*) whether it is a fact that the said canal water can be carried by means of a pipe from Dera Ismail Khan to the villages of Kot Isa Khan, Yara, Ata etc., which are situated at a distance of 22 miles towards Tank for the purpose of drinking ;

(*c*) whether it is fact that villages mentioned in part (*b*) above are facing acute shortage of drinking water and neither a well nor any other source of drinking water is found there ;

(*d*) whether in order to remove their hardship, Government is prepared to construct a pipe line for the supply of drinking water to the inhabitants of these villages from "Aabi-Siah" of Tank, if not, the reasons therefor ?

Mr. Ali Ahmad Talpur (MINISTER OF HEALTH): (*a*) Yes. But the Warden Canal of Tank ends at Chahe-Man, 9 miles from Dera Ismail Khan, City.

(*b*) Yes. At a point 17 miles from Dera Ismail Khan.

(*c*) Yes.

(*d*) Yes. Government will explore the possibilities of providing means for adequate water-supply to the inhabitants of the said villages from Aabi-Siah of Tank.

SUPPLY OF DRINKING WATER FROM KALA PANI TO VILLAGES OF DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

34 Haji Atta Ullah Khan: Will the Minister of Health be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that village Uri, Tehsil Kulachi District Dera Ismail Khan abounds in "Kala Pani" which is used for drinking and irrigation purpose;

(*b*) whether it is a fact that about eight of ten villages situated in the east of village Uri have neither a well nor any other source of water-supply and are facing great hardship;

(*c*) whether in view of the said heardship, Government is prepared to arrange supply of drinking water to the inhabitants of the said villages by means of a pipe line from "Kala Pani" of Uri, if not, the reasons therefor?

Mr. Ali Ahmad Talpur (MINISTER OF HEALTH): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes, Government will make all endeavours to find out ways and means to bring adequate supply of drinking water from Kala Pani of Uri for the said villages.

PROVISION FOR THE CONSTRUCTION OF SPILL WEIRS AT WAROKI, NAWABI AND GUTTA BELA. 12

35 Haji Atta Ullah Khan: Will the Minister of Development and Irrigation be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that during the regime of the Qayyum Ministry in the former Province of N.-W. F. a provision of three lacs of rupees was made in the provincial Budget for three consecutive years for the construction of three spill weirs namely Waroki, Nawabi and Gutta Bela;

(*b*) whether it is a fact that in spite of the said provision, the construction of weirs was not taken up;

(*c*) whether Government now intend to provide funds for threse spill weirs and take up immediate construction thereof, if not, the reasons therefor?

(Answer not received from Government)

SCHEME TO CONSTRUCT A "SADD" TO STORE FLOOD WATER

36 Haji Atta Ullah Khan: Will the Minister of Development and Irrigation be pleased to state whether Government have under their consideration any scheme of constructing a pucca "Sadd" on each of the streams of Gud, Luni, Waleri, Gori, Gomal Towa, Gujistan for storage of flood water for irrigation purposes?

(*Answer not received from Government*)

CONSTRUCTION OF PUCCA ROADS IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

37 Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Revenue be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that the work of repairs of the "Sadds" constructed on hill streams in Dera Ismail Khan District is entrusted to the revenue authorities and is placed under the control of an Extra Assistant Commissioner Revenue ;

(*b*) whether it is a fact that a sum of seventy to eighty thousand rupees is annually spent on the repair of these kacha "Sacdda" on the recommendation of the said Extra Assistant Commissioner ;

(*c*) whether the revenue authorities possess any knowledge of engineering ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the negative the reasons for entrusting the expenditure of seventy to eighty thousand rupees per year to the revenue authorities ;

(*e*) whether Government intend to construct Pucca "Sadds" instead of the present kacha Sadds and to hand over the work to the Irrigation authorities, if not, the reasons therefor ?

(*Answer not received from Government*).

SCHEME TO CONSTRUCT RIGHT BANK CANAL FROM RIVER SIND

38 Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Development and Irrigation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the area of Dera Ismail Khan d istrict comprises of about two million acres and is considered the most backward and poverty stricken district in the whole of West Pakistan.

(*b*) whether it is a fact that in the said district no arrangments exist for permanent irrigation of land through perennial canals or hill torrents ;

(*c*) whether it is a fact that in the said district Paharpur canal has no permanent Headworks of its own and solely depends on the direction of the flow of water in Indus ;

(*d*) (*i*) whether it is a fact that the said canal is running at a loss ; if so ;

(*ii*) the total expenditure incurred on the said canal from April 1955 to March 1956 ; and

(*iii*) the total income of the year 1953 ;

(*e*) whether it is a fact that in order to irrigate the lands of the districts of Bannu, Dera Ismail Khan and Dera Ghazi Khan Govern ent have under consideration the construction of a 'Right Bank Canal' from River Sind having its Headwork at Kala Bagh and its survey has since been completed ;

(*f*) whether it is a fact that Public Works Department has asked for the provision of necessary funds in the Budget Estimates for the current financial year ;

(*g*) whether the Government intend to sanction the aforementioned scheme, if not, the reasons therefor ?

(*Answer not received from Government*)

CONSTRUCTION OF A BRIDGE BETWEEN VILLAGES KOT ISA KHAN, YARA, TOMAL, ETC., OF DISTRICT, DERA ISMAIL KHAN

39 Haji Atta Ullah Khan : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that from the 15th June, to the 15th September each year the means of communication between Villages Kot Isa Khan, Yara, Tomal etc., of District Dera Ismail Khan are rendered ineffective due to floods ;

(*b*) whether it is a fact that the said Villages have a common cemetry and inhabitants suffer great hardships in the matter of burial etc., of dead during the visitation of floods ;

(*c*) whether the Government intend constructing small bridges at suitable places, if not, the reasons thereof ?

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood (MINISTER FOR SOCIAL WELFARE LOCAL GOVERNMENT AND INFORMATION) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Matter is under consideration and all that is necessary will be done.

PAY SCALE OF COMPOUNDERS OF FORMER N.-W. F. P.

40 Qazi Abdul Halim : Will the Minister of Health be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that the Provincial Compounders' Association of the former North-West Frontier Province had been pressing the Provincial Government from 1939 to 1949 for the acceptance of its demand for granting the pay scale of Rs. 60—4—100/5—120 to the Compounders ;

(*b*) whether it is also a fact that in 1952 a member of the Legislative Assembly of the Former N.-W. F. P. brought this matter to the notice of the then Government of N.-W. F. P. ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the action taken in this behalf ;

(*d*) whether it is a fact that the grade of Rs. 60—4—100/5—120 had already been prescribed for the compounders in the former Punjab ;

(*e*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, the reason for not granting the same grade to the Compounders of the area now comprising the Peshawar and Dera Ismail Khan Divisions ?

[*For answer, please see Appendix I at the end*].

SCALE OF PAY OF COMPOUNDERS

41 Qazi Abdul Halim : Will the Minister of Health be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the prescribed scale of pay of the compounders in Peshawar and Dera Ismail Khan Divisions is Rs. 50—2—80 ;

(*b*) whether the same scale of pay is prescribed for the compounders in the former N.-W. F. P's Agencies and Tribal areas, if not, the reasons therefor ?

[*For answer, please see Appendix I at the end*].

COMPOUNDERS ASSOCIATION OF FORMER NORTH-WEST FRONTIER PROVINCE

42 Qazi Abdul Halim : Will the Minister of Health be pleased to state —

(*a*) whether it is a fact that Provincial Compounders Association of the former North-West Frontier Province was declared an illegal body in the year 1949 ;

(b) whether the members of the said Association have ever been found to have acted illegally during the past seven years since the year 1949 ;

(c) if the answer to (b) above be in the negative, the reasons for not removing restrictions imposed uopon the Compounders Association, in Peshawar and Dera Ismail Khan Divisions ?

[For answer, please see Appendix I at the end].

BUDGET PRESENTATION OF—

Mr. Speaker : Yes, the Honourable the Finance Minister to present the Budget Estimates.

سردار عبدالرشید (وزیر مالیات)

جناب والا ! میں آپ کی اجازت سے مالی سال ۱۹۵۶-۵۷ء کے لئے حکومت مغربی پاکستان کا میزانیہ پیش کرتا ہوں۔

مالی سال جو ابھی ختم ہوا ہے عظیم الشان اہمیت کا حامل تھا آٹھ سال کی طویل جد و جہد اور کشمکش کے بعد اس سال جمہوریہ اسلامیہ پاکستان کا وجود منصۂ شہود پر آیا ۔ مغربی پاکستان کی مختلف انتظامی وحدتوں کا ایک ہی صوبے یعنی صوبہ مغربی پاکستان میں انضمام بھی اس سال کے اختتام پر عمل میں آیا ۔ بلا شبہ اس نئی حیثیت کی وجہ سے جو ہمیں ایک صوبے اور ایک ملک کے لحاظ سے حاصل ہوئی ہے صوبائی حکومت پر وسیع اور گران بار ذمہ داریاں عائد ہو گئی ہیں ۔ لیکن ہمارا نصب العین یہ ہے کہ حتی الوسع اپنے وسائل سے کام لے کر ہم اپنے ہی دائرہ عمل کے اندر ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہوں ۔

دستور کی وہ شرائط جن کا تعلق مالی ذرائع کی وفاقی اور صوبائی حکومتوں میں تعیین سے ہے اس صورت حال میں کسی قابل ذکر تبدیلی کا باعث نہیں ہوئیں جو قانون حکومت ہند ۱۹۳۵ء کی رو سے قائم تھی ، تاہم اب صوبائی حکومتوں کو گرانبار ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونا پڑے گا ۔ ان نئی ذمہ داریوں میں بڑی صنعتیں بھی شامل ہیں جو اب صوبوں کو منتقل ہو چکی ہیں لیکن صنعتی پیداوار کے محاصل کلیتہ وفاقی حکومت ہی کے پاس رہیں گے۔ دیگر یہ کہ نمک سازی کی صنعت اب صوبے کے تفویض ہو گی لیکن نمک کا محصول مرکزی حکومت ہی کے تصرف میں رہے گا ۔ دوسرے اہم موضوعات میں جو منتقل کئے گئے ہیں صنعت افیون، قومی اہمیت کی یادگاروں کے علاوہ دوسری تاریخی یادگاروں کی نگہداشت اور مقامی نشریات شامل ہیں ۔ اس لئے یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ از روئے دستور منتقل شدہ موضوعات کی وجہ سے معتدبہ زائد خرچ

عائد ہوگا۔ لیکن اس کے بالمقابل صوبوں کے لئے مرکز کی طرف سے بالفعل کسی مسائل رقم محاصل کا انتقال عمل میں نہیں آیا ۔ یہ امر بے حد ضروری ہے کہ وسائل کی تعیین اُن ذمہ داریوں سے ہم آہنگ ہو جو از روئے دستور وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر عائد ہوتی ہیں ۔ مختصراً واقعہ یہ ہے کہ عام بہبود و ترقی کے تمام مسائل براہ راست صوبوں کی ذمہ داری قرار دئے گئے ہیں لیکن بد قسمتی سے ان کے موجودہ ذرائع محاصل محدود اور ناقابل توسیع ہیں ۔

وسائل کی موجودہ تقسیم بدیہی طور پر صوبائی حکومتوں کے اپنی ان ذمہ داریوں سے کلی طور پر عہدہ برآ ہونے میں مزاحم ہوگی جن کے لئے عوام مضطرب اور بے چین ہو رہے ہیں ۔ اس لئے یہ امید کی جاتی ہے کہ قومی مالیات کا کمیشن جس کا قیام دستور کی دفعہ ۱۱۸ کے بموجب عمل میں آ سکے گا موجودہ ناقابل اطمینان صورت حالات کا بغور جائزہ لے گا اور محصولات و زر ہائے امداد کی باہمی تقسیم کے متعلق اپنی سفارشات اس انداز سے پیش کرے گا کہ صوبائی حکومتوں کے فرائض کی انجام دہی غیر ممکن نہ رہے ۔ اس اثنا میں ہمیں مرکزی حکومت کی طرف سے یہ یقین دلایا گیا ہے اور اس کا اعادہ وزیر مالیات پاکستان نے اپنی گذشتہ تقریر میزانیہ میں بھی کیا ہے کہ موجودہ تعیینات اور زر ہائے امداد بدستور جاری رکھے جائیں گے ۔

در حقیقت حکومت مغربی پاکستان کا مطالبہ یہ ہے کہ مرکزی حکومت کو اپنی متذکرہ صدر یقین دہانی سے آگے بڑھنا چاہیئے اور صوبائی حکومت کو اس قدر رقوم مہیا کرنے کی ضمانت دینی چاہیئے جو ان غیر ترقی یافتہ ہائے قلت کی آئندہ ضروری و ناگزیر ترقی کے لئے درکار ہیں جو اس نئے صوبے کی تشکیل سے قبل براہ راست مرکز کی ذمہ داری متصور ہوتے تھے ۔

مرکزی فہرست سے صوبائی فہرست میں انتقال موضوعات پر جلد عمل درآمد ہوگا ۔ چنانچہ متعلقہ محکمے اس سلسلے میں پوری طرح منہمک ہیں ۔ تاہم سال رواں کے میزانیئے میں مرکزی فہرست سے صوبائی فہرست میں صرف موضوعات افیون و نمک سازی کا انتقال ظاہر کیا گیا ہے اور دستور کی رو سے عائد شدہ دیگر تبدیلیوں کی تعمیل دوران سال میں کی جائے گی ۔

PROVISIONIAL RECORD OF PROCEEDINGS—SUPPLY OF COPY

Mr. G. Allana : Sir, I ask for a Privilege Motion, I must be heard.

(Interruptions)

اگر آپ اپنی پارٹی کے کسی آدمی کو سننے کے لئے تیار نہیں تو میں کیا کر سکتا ہوں —

Mr. Speaker : Order, Order, please.

Mr. G. Allana : Sir, my Privilege Motion is this.....

A. Lady Member : Please sit down.

Mr. G. M. Syed : Sir, a point of order has got precedence over the Privilege Motion.

Mr. G. Allana (MUNICIPAL CORPORATION, KARACHI) : Privilege Motion has got precedence over everything. My point of privilege is : I went this morning to the Secretary of the Assembly and asked him to show me the record of yesterday's proceedings before I take my seat in the House. The reason is very important. You will agree with me that it is a very important aspect of the privilege of the House. According to the practice that prevails in the House of Commons, before a sitting of the day commences each member of Parliament is supplied with a provisional record of the proceedings of the previous day.

Some Honourable Member : No. No.

Mr. G. Allana : My point is this : Sir, as I understand, yesterday in giving the casting vote. Mr. Qizilbash voted for you. He was perfectly entitled to do so.

Mr. G. M. Syed This is not a point of privilege.

(Some members shouted "sit down, sit down".)

Mr. Speaker : I have understood your point of privilege.

آپ کا point of privilege یہ ہے کہ کل جو کارروائی ہوئی ہے اس کی copies آپ کو نہیں ملیں - اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ شارٹ ہینڈ میں جو نوٹ لئے گئے ہوں ان کو ٹائپ کرا کے پہلے ان ممبر صاحبان کی خدمت میں بھیجا جاتا ہے جن کی وہ تقریریں ہوں تا کہ وہ دیکھ لیں - اس کے بعد انہیں چھپوایا جاتا ہے اور بعد ازاں تمام ممبران کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے - یہ کارروائی یہاں کے قواعد کے مطابق کی جاتی ہے —

جہاں تک آپ کے دوسرے حصے کا تعلق ہے کہ سپیکر کس طریقے سے منتخب ہوا ہے اور صدر نے اپنا کاسٹنگ ووٹ کیسے دیا ہے وہ معاملہ کل تو ایوان کے سامنے تھا - آج نہیں ہے (تالیاں) -

Some Honourable Members : This is no point of privilege.

Mr. G. Allana : My point of privilege is that when the Speaker cast his casting vote, according to parliamentary practice he has to give explanation as to why he is giving his casting vote.

(Interruptions by Honourable Members)

At this stage the Muslim League Members walked out from the Assembly Hall.

Khan Sardar Bahadur Khan : We have come back here to protect our rights and take part in the deliberations.

Voices from Treasury Benches : This is second thought.

Mr. Speaker : Order, Order. Yes, the Honourable the Finance Minister.

Kazi Murid Ahmed : On a point of privilege.

Mr. Speaker : No point of privilege. Please sit down.

Several Members : When the Speaker is on his legs, the member should sit down.

صاحب سپیکر—آپ ہر منٹ کے بعد ایسی باتیں کہتے ہیں جو نا مناسب ہیں (مداخلت) آپ بیٹھ جائیے ۔ جب سپیکر کھڑا ہو تو کسی ممبر کو کھڑا نہیں ہونا چاہئیے ۔ (مداخلت) آج مزب مخالف نے یہ فیصلہ کیا کہ وہ کارروائی میں حصہ نہیں لیں گے لیکن اب وہ ہاؤس میں تشریف لے آئے ہیں ۔ میں دیکھتا ہوں کہ ہر سیکنڈ کے بعد پوائنٹ آف آرڈر اٹھائے جاتے ہیں جو جائز نہیں ۔ اس لئے اگر کوئی ممبر اس طریقہ سے ہاؤس کی کارروائی میں مداخلت کرے گا تو اسے ہاؤس سے باہر نکال دیا جائے گا ۔ میں نے آپ سے کئی بار کہا ہے کہ آپ ہاؤس کی کارروائی کو اطمینان سے جاری رہنے دیں کیونکہ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو اس ہاؤس میں کوئی چیز پیش نہیں ہو سکے گی (مداخلت) اور اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ یہ ہاؤس قائم رہے اور اس کا وقار برقرار رہے تو آپ کو قدرے صبر سے کام لینا چاہئے ۔ جو ممبر صاحب اور معزز دوست ایسا طریقہ اختیار کرتے ہیں ان کا مقصد کارروائی میں روکاوٹ ڈالنا ہے اگر آپ کو واقعی کوئی شکایت ہے تو قانونی رویہ اختیار کریں ۔

An Honourable Member : On a point of information, Sir.

Mr. Speaker : Please sit down. Let the Finance Minister make his budget speech first.

(شور اور قطع کلامیاں) ۔

صاحب سپیکر—آپ کا یہ طرز عمل درست نہیں ہے ۔ جب بجٹ کے دوران میں آپ کو تقریریں کرنے کی کھلی اجازت ہوگی اور demand for grants پر ووٹنگ ہوگی تو اس وقت آپ آئینی طور پر ان کو شکست دے سکتے ہیں ۔ پھر آپ یہ غیر آئینی طریقہ کیوں اختیار کرتے ہیں ۔ آپ کے لئے زیادہ بہتر اور موثر طریقہ ان کو شکست دینے کا یہ ہے کہ آپ ڈیمانڈز کی ووٹنگ میں وزارت کے خلاف عدم اعتماد ظاہر کر سکتے ہیں ۔ سپیکر کے خلاف بھی آپ اس قسم کی تحریک پیش

کر سکتے ہیں لیکن جو طرز عمل آپ نے اختیار کر رکھا ہے وہ کسی طرح بھی جائز نہیں ہے۔

(قطع کلامیاں اور شور)

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کی طرف سے کئی ممبران اپنی نشستوں پر تقریر کے لئے کھڑے ہوئے) —

صاحب سپیکر—آپ بیٹھ جائیے۔ بجٹ پر تقریر ہو رہی ہے۔ آپ ضد کیوں کر رہے ہیں (شور) Order please Order

وزیر خزانہ—(سردار عبدالرشید)—حضور والا میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔

(حزب اختلاف کی طرف سے شور اور قطع کلامیاں)

صاحب سپیکر—شور مچانے سے کیا فائدہ ہوگا۔ آپ بجٹ سپیچ خاموشی سے سن لیں (وزیر خزانہ سے مخاطب ہو کر) آپ اپنی تقریر جاری رکھیں —

نئے صوبے کی تشکیل کے بعد جو کام فی الفور عائد ہوا ہے وہ قوانین قوائد اور ضوابط کو یکساں کرنے اور تمام مغربی پاکستان میں محصولات کو ایک سطح پر لانے سے متعلق ہے۔ یہ امور اہم ہیں۔ اس سلسلے میں کام کا آغاز بھی ہو چکا ہے اور مجھے یقین ہے کہ سال کے دوران میں قوانین کی یکسانیت سے متعلق معتدبہ کام ختم ہو جائے گا۔ محصولات کی حد تک یکسانیت عمل میں آ چکی ہے اور عنقریب تمام مغربی پاکستان میں محصول تفریح اور موٹر گاڑیوں کے محصول وغیرہ کے سلسلے میں یکساں شرح محصول کا نفاذ ہو جائے گا۔ لیکن مالیہ اراضی وغیرہ ایسے اہم تر ذرائع محصولات کی صورت میں زیادہ تفصیلی اور غائر مطالعے کی ضرورت ہے جو امید ہے کہ صوبے کے آئندہ میزانیے تک بر وقت مکمل ہو جائے گا —

ایوان کو یاد ہوگا کہ سب سے زیادہ اہم معاملہ جس پر نئے صوبے کی حکومت کو اس کی تشکیل کے بعد ہی توجہ مبذول کرنا پڑی وہ مہیب صورت حال تھی جو گذشتہ ستمبر اکتوبر کے بے پناہ سیلاب کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی۔ صوبے کے بہت بڑے رقبے کو اس زبردست سیلاب سے جس کی ناقابل یقین شدت کی نظیر فی الواقع حافظہ انسانی میں نہیں ملتی بے انتہا نقصان پہنچا۔ سیلاب اپنے پیچھے ہیبت ناک بربادی چھوڑ

گیا ۔ نقصان کے تخمینوں سے ظاہر ہے کہ لاہور، ملتان، بہاولپور، خیرپور اور حیدر آباد کی قسمتوں کے ۳,۳۹۰ دیہات پر مشتمل تقریباً ۲۳ لاکھ ایکڑ کا مجموعی رقبہ جس میں سے ۹ لاکھ ایکڑ سے زائد زیر کاشت تھا سیلاب سے متاثر ہوا ۔ بد قسمتی سے انسانی زندگی اور مویشیوں کا اتلاف بھی بہت شدید تھا ۔ اس کے اعداد علی الترتیب ۵۹۲ اور ۲۲,۱۲۳ ہیں ۔ اس کے علاوہ تقریباً ۲ لاکھ مکانات یا تو تباہ ہوئے یا نقصان کی زد میں آئے ۔ سرکاری املاک، سڑکوں اور تنصیبات کو جو نقصان پہنچا وہ بھی اسی قدر وسیع اور شدید تھا ۔ اس کا سرسری تخمینہ تقریباً ۱۲ کروڑ کیا گیا ہے ۔

صوبائی حکومت نے اس اہم صورت حال کے مقابلہ کے لئے فوری اقدامات کئے ۔ مختلف محکموں کے وسائل بعجلت بروئے کار لائے گئے اور ان میں ارتباط پیدا کرنے کی غرض سے سیلاب کے امدادی کام کے لئے ایک کمشنر کا تقرر خاص طور پر کیا گیا ۔ جب حکومت کی مشینری اس طرح حرکت میں آئی تو وہ عوام کے گران قدر تعاون سے جنہوں نے اس زبردست آفت کا مقابلہ اپنی روایتی ہمت اور استقلال کے ساتھ کیا اس صورت حال سے عہدہ برآ ہوئے کے قابل ہوئی ۔ صوبائی حکومت نے سرکاری املاک خصوصاً ان انہار کی مرمت کے لئے ایک رقم خطیر منظور کی کیونکہ یہ ربیع کی بروقت تخم ریزی کے لئے ضروری تھی ۔ ایک کروڑ روپے سے زائد رقم کی حد تک مالیہ اراضی کی تخفیف سے عوام کو براہ راست امداد پہنچائی گئی ۔ اور ۲۱ لاکھ روپے سے زائد کی مزید رقم سیلاب زدگان کی امداد پر بشکل عطیات صرف کی گئی ۔ یہ رقم اس ۱۰ لاکھ کے علاوہ تھی جو سابق صوبہ سندھ کے علاقے میں سیلاب زدگان کے لئے اس سے قبل منظور کئے گئے تھے ۔ مزید برآں غلہ، دودھ کپڑے اور ادویہ جو اندرون و بیرون پاکستان سے مختلف مخیر اداروں اور جماعتوں نے فیاضانہ طور پر عطا کی تھیں سیلاب زدگان میں مفت تقسیم کی گئیں ۔ ۱۱۸ لاکھ کی رقم تقاوی پر صرف کی گئی جس میں سے ۸۳ لاکھ سے زائد مزید امداد کے طور پر بلا سود مہیا کئے گئے ۔

اس مصیبت کے دوران میں اندرون و بیرون ملک سے وصول شدہ تمام امداد کے لئے ہم ممنون ہیں اور تہ دل سے اس کی قدر کرتے ہیں ۔ مغربی پاکستان کے مختلف محکموں کے عملے اور دفاعی افواج ہمارے شکریئے کی مستحق ہیں جنہوں نے نہایت دشوار حالات میں قابل ستائش خدمات انجام دی ہیں ۔ بلا شبہ ایوان مرکزی حکومت کی طرف سے تاحال پیش

کردہ امداد کا شکریہ ادا کرنے میں بھی میرے ساتھ شریک ہوگا۔ مرکزی حکومت نے ۲۰۰ کروڑ کی بلا سود پیشگی برائے تدابیر و وسائل کے علاوہ جس کی ادائی سیلاب زدگان کے لئے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی طرف سے عطا کردہ ۱,۲۵,۰۰۰ ٹن گیہوں کی قیمت فروخت سے کی جائے گی ۵۰ لاکھ روپے کے عطیئے اور ۴ کروڑ روپے کے قرضے کی منظوری بھی عطا فرمائی ہے۔ اس امر کا اظہار ضروری ہے کہ یہ امداد ہماری کم از کم ضروریات کے لئے بھی قطعاً ناکافی ہے۔ ہم ۶ کروڑ روپے کے زر امداد اور ۲ کروڑ روپے کے بلا سود قرضے کی ابتدائی استدعا کی منظوری کے لئے مرکزی حکومت سے بات چیت کر رہے ہیں۔ یہ رقم ہمارے کل مصارف کا محض ایک حصہ ہے جو سیلاب زدگان کی آباد کاری اور سیلاب کے نقصانات کی تلافی کے لئے صوبائی حکومت کو برداشت کرنے پڑیں گے۔ صوبائی حکومت اپنے بہت محدود اور ناقابل توسیع مالی وسائل کی بنا پر صریحی طور پر اس مصیبت عظمیٰ کا پورا بار برداشت کرنے کے ناقابل ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ مرکزی حکومت اس سانحے کی وسعت اور اپنے سابق معمول کو پیش نظر رکھ کر ہمارے اس کم از کم مطالبے کو پورا کرنے پر ضامند ہو جائے گی تا کہ صوبائی حکومت اپنی ناگزیر ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکے۔ اس نئے صوبے کے قیام کے پہلے سال میں یہ امر اور بھی ضروری ہے۔ کیونکہ ضم ہونے والے علاقوں کے لوگ بالخصوص غیر ترقی یافتہ رقبوں کے باشندے ان مواعید کے پیش نظر جو بوقت انضمام ان سے کئے گئے تھے ان علاقوں میں سود مند سرگرمیوں کی توسیع کے منتظر ہیں۔

سیلابوں کی پیدا کردہ تباہی اور مصیبت نے جن کے تواتر و شدت میں حال ہی میں اضافہ ہو گیا ہے، حکومت کو اس بارے میں تفصیلی تحقیقات کرنے پر آمادہ کیا ہے جس کی بنا پر سیلاب کی انسدادی تدابیر کا ایک مکمل منصوبہ تیار کیا جائے گا تا کہ اس آفت کا مستقل طور پر سد باب کیا جا سکے۔ اس غرض سے صوبائی حکومت نے سیلاب کے امدادی کمشنر کی صدارت میں ایک نمائندہ صوبائی مجلس قائم کی ہے جو نارتھ ویسٹرن ریلوے کے چیف انجینیئر کے علاوہ محکمہ تعمیرات عامہ کے تینوں شعبہ جات کے چیف انجینیئروں اور محکمہ جات فوج، پولیس، مالیات و صحت کے نمائندوں پر مشتمل ہے۔ یہ مجلس، مجلس فنی کی معاونت سے سیلابوں کی روک تھام کے لئے ایک قلیل المیعاد منصوبہ اور ایک تمامی منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ دار ہو گی۔ اس کے علاوہ یہ مجلس ایک دستور العمل

سیلاب مرتب کرے گی جس میں وہ اقدامات مندرج ہوں گے جو ہر محکمہ سیلابوں سے قبل، ان کے دوران میں اور ان کے بعد اختیار کرے گا۔ یہ مجلس نومبر ۱۹۵۵ء سے مصروف کار ہے اور توقع ہے کہ عنقریب اپنا کام ختم کر لے گی۔

صوبائی حکومت دریائے سندھ کے تاس کے لئے ایک کمشن کے قیام کی تجویز پر بھی غور کر رہی ہے جو وادی کے دریاؤں کی جغرافی اور آبی پیمائش سے متعلق تمام ضروری مواد کی فراہمی کا انتظام کرے گا اور صوبے میں دریاؤں کی رفتار اور ان کے تفاوت اخراج ہائے آب کے سلسلے میں تحقیقات کرے گا۔ کمیشن کی تشکیل حکومت پاکستان سے مشورہ کے بعد عمل میں آئے گی اور امید ہے کہ موجودہ مجلس اور دریائے سندھ کے مجوزہ کمیشن دونوں کا کام صوبائی حکومت کو سیلابوں کے پیدا کردہ مہیب مسائل کا اطمینان بخش حل دریافت کرنے میں مدد دے گا۔ سیلاب کی انسدادی تدابیر کے لئے دریائے سندھ اور اس کے معاونوں کے اخراج وسطح آب سے متعلق تمام بنیادی مواد کی فراہمی کے لئے میزانیئے میں ۷ لاکھ روپے سے زائد کی گنجائش مہیا کی گئی ہے۔

سیلابوں کی وجہ سے جو بربادی پیدا ہوئی اس نے ہماری معیشت کے ایک اور شعبے کو بھی بری طرح متاثر کیا۔ یعنی اس سے سرکاری گوداموں میں ذخیرہ کردہ ۳،۰۹،۰۱۷ من اجناس خوردنی تباہ ہو گئیں۔ نجی ذخائر کی تباہی بھی کچھ کم نہ تھی اور کھڑی فصلوں کے وسیع نقصان کے علاوہ مزید ۵ لاکھ من اجناس خوردنی بھی برباد ہوئیں۔ اس لئے ابتدائی اطمینان بخش غذائی صورت حال میں خاصی تبدیلی پیدا ہو گئی۔ اور نتیجتاً مارچ اور اپریل کے مہینوں میں قلت کا ایک عام خطرہ اور قیمتوں میں اضافے کا رجحان پیدا ہو گیا۔ بنا بریں حکومت اپنے محفوظ ذخائر کھول دینے پر مجبور ہو گئی اور اب پیہم حزم و احتیاط سے صورت حال کو دیکھ رہی ہے۔ مزید برآں مرکزی حکومت سے ۲ لاکھ ٹن گیہوں کی برآمد کی استدعا کی گئی ہے اور حکومت کو یقین ہے کہ اختیار کردہ تدابیر کے باعث غذائی صورت حال ابتر نہ ہو گی۔

حالیہ غذائی صورت حال نے پھر اس حقیقت کو آشکارا کر دیا کہ ہمارے ہاں غذائی خود اکتفائی اور اس کی تکلیف دہ قلت میں کتنا نازک فرق ہے۔ تاہم حکومت نے ارادہ کر لیا ہے کہ اس فرق کو اس حد

تک بڑھایا جائے کہ غذائی خود اکتفائی میں کامل طور پر یقینی صورت پیدا ہو جائے اور اس پر ایسے واقعات اثر انداز نہ ہو سکیں جو زمانۂ ماضی میں ملک کے اندر شدید اضطراب اور انتہائی مصیبت کا باعث ہوئے ہیں ۔ زیر کاشت رقبے اور زرعی پیداوار ہر دو کو بڑھانے کے منصوبوں پر تندھی اور پورے عزم سے کام شروع کر دیا گیا ہے ۔ نیز یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئی سی اے کی فنی امداد اور فیاضانہ اعانت کی بدولت زیر زمین پانی کے متعلق تحقیقات و ترقیات کے منصوبے کو جاری رکھا جائے ۔ اس منصوبے کا مقصد یہ ہے کہ صوبے کے زیر زمینی وسائل اور ان کی ترقیات سے متعلق پوری تفصیلات مہیا ہو جائیں تا کہ سطح زمین پر پانی کی بہم رسانی میں اضافہ ہو سکے اور شور و سیم زدہ اراضی کی بحالی میں بھی مدد ملے ۔

صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ برقی نرخوں کی قطعی نظر ثانی تک مہم افزائش خوراک کو ترقی دینے کی خاطر فوری طور پر زرعی اغراض کے لئے تعمیر شدہ نل کنوؤں کے مصارف برق کو ان علاقوں میں جہاں موجودہ نرخ اس سے زیادہ ہے گھٹا کر ۱۸ پائی فی اکائی کر دیا جائے ۔ امید ہے کہ مصارف برق کی اس غرض سے جو تخفیف کی جائے گی اس سے آبپاشی کے لئے نل کنوؤں کی تعمیر کی حوصلہ افزائی ہوگی ۔

ایوان کو یہ سن کر مسرت ہوگی کہ صوبے میں امداد دیہی کے لائحہ عمل کی تکمیل کے لئے سال رواں کے میزانیے میں ۱۱۴ لاکھ روپے کی قابل لحاظ رقمی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اس لائحہ عمل سے جو مرکزی حکومت اور فورڈ فاؤنڈیشن کی فیاضانہ امداد کی بنا پر مدارج تکمیل طے کر رہا ہے ہماری اس کثیر دیہی آبادی کی اصلاح معیشت مقصود ہے جو اس وقت ایسے حالات میں زندگی بسر کر رہی ہے جن پر کسی صورت میں بھی فخر نہیں کیا جا سکتا ۔ یہ ایک نہایت مہتم بالشان لائحہ عمل ہے اور اس کا مقصد اس دیہی آبادی کی معاشی و معاشرتی فلاح و بہبود ہے جو ہماری قوم کے لئے ریڑھ کی ہڈی کے مانند ہے ۔ اس سال ہمیں ۶ مراکز امداد دیہی کے تربیت یافتہ ۱،۰۲۰ کثیر المقاصد کارکن مل جائیں گے جن میں سے ۱۲۰ عورتیں ہوں گی ۔ یہ کارکن بالآخر براہ راست طریقوں اور سادہ مظاہروں کے ذریعے دیہاتیوں کی تعلیم کا کام سرانجام دیں گے اور اس طرح ان کی مخفی قوتوں کے بیدار کرنے اور انہیں بہتر معیار زندگی کے حصول میں ممد ہوں گے ۔

اصلاح دیہات کے کام کے اس طریقے میں پنچائتی تنظیم کی از سر نو تشکیل و توسیع سے مزید استحکام پیدا کیا جا رہا ہے - اس تنظیم کو مناسب طور پر چلایا گیا تو دیہی علاقوں کی ترقی میں گراں بہا مدد ملے گی -

ترقی کے میدان میں ایک اور اہم فیصلہ جس کا خاص طور پر ذکر کیا جا سکتا ہے مجالس ترقیات قسمت کی تشکیل سے متعلق ہے - ان مجالس کے صدر قسمتوں کے کمشنر ہوں گے - یہ نمائندہ مجالس ترقیات مختلف دائرہ ہائے عمل میں اپنے علاقے کی لازمی ضروریات کا جائزہ لیں گی اور گو وہ بڑے منصوبوں کے متعلق حکومت کے سامنے سفارشات پیش کریں گی تاہم انہیں مقامی اہمیت کے چھوٹے چھوٹے ترقیاتی منصوبوں کی فوری تکمیل کے لئے کافی رقوم مہیا کی جائیں گی - چنانچہ مجالس ترقیاتی قسمت کے لئے میزانیئے میں ۵۰ لاکھ روپے کی یک مشت گنجائش رکھی گئی ہے اور رقوم کی تقسیم میں پسماندہ علاقوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا -

یہاں اس امر پر زور دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اگر ترقیات کے کام کو اس تیز رفتار سے چلانا مقصود ہے جو ہم سب چاہتے ہیں تو قلیل پس اندازی کے منصوبے میں مزید سرمایہ لگانے کی پوری پوری کوشش ناگزیر ہے - یہ پس اندازی قومی تعمیر و ترقی کے منصوبوں کی تکمیل میں اہم حصہ لے سکتی ہے جیسا کہ دوسرے ممالک میں فی الحقیقت دیکھا جا سکتا ہے - گو اس معاملے میں ہماری استعداد بلا شبہ محدود ہے لیکن اب تک بموجودہ استعداد سے بھی پورا پورا فائدہ نہیں اٹھایا گیا - گذشتہ سال قلیل پس اندازی کے منصوبوں میں جو سرمایہ لگایا گیا اس کی مجموعی رقم ۲۰۸ لاکھ روپے تک پہنچ گئی تھی جس سے سال ما سبق کے مقابلے میں کچھ ترقی ہی ظاہر ہوتی ہے لیکن ترقی کی یہ رفتار تکلیف دہ حد تک سست ہے اور یقیناً ہمارے ترقیاتی منصوبوں کے دوش بدوش نہیں ہے - اب صوبائی حکومت کو اپنے دائرہ عمل کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے قلیل پس اندازی کے خالص سرمائے کا ۷۵ فیصد محفوظ رکھنے کی اجازت حاصل ہو گئی ہے اور خیال ہے کہ یہ امر زیادہ سے زیادہ مساعی کے لئے خاطر خواہ محرک ثابت ہوگا - امید ہے کہ اس معاملے پر اتنی ہی توجہ مبذول کی جائے گی جس کا وہ مستحق ہے اور قسمتوں کی مجالس ترقیات جو ہر سال قدرتی طور پر زیادہ رقوم کی منظوری کی خواہاں ہوں گی حکومت

کو مختلف ترقیاتی منصوبوں کے لئے روپیہ فراہم کرنے کی غرض سے اس ذریعے سے استفادہ کرنے میں مدد دیں گی ۔

ایک اور اہم فیصلہ جو خاص طور پر قابل ذکر ہے معاشرتی بہبود کی صوبائی مجلس شوریٰ کا قیام ہے جو معاشرتی بہبود کے سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کی نگرانی اور رہنمائی کرے گی اور ان کی سرگرمیوں کا حکومت کے رفاہی محکموں کے ساتھ ارتباط قائم کرے گی ۔ یہ مجلس معاشرتی کارکنوں کی فنی امداد اور تربیت کا بھی انتظام کرے گی اور معاشرتی بہبود کی سرگرمیوں میں عوام کی دلچسپی کو بالعموم فروغ دے گی ۔ اس غرض سے میزانیئے میں ۵ لاکھ روپے کی یک مشت گنجائش مہیا کی گئی ہے ۔

صوبائی حکومت کے جدید قائم شدہ محکمہ بہبود معاشرتی کو ان بد قسمت بیواؤں اور یتیموں کی امداد کی تنظیم کی ذمہ داری بھی تفویض کی جائے گی جن کے پاس نہ ہو تو گزارے کے بظاہر کوئی ذرائع ہیں اور نہ ہی ان کے کوئی ایسے قریبی رشتہ دار ہیں جو ان کی دست گیری کر سکیں ۔ یہ امداد وظیفوں کی منظوری اور منظم منصوبوں مثلاً بیواؤں اور یتیموں کے لئے ادارات کے ذریعے دی جائے گی یہاں ہمارے معاشرے کے ان کس مپرس ارکان کو ایسی تربیت دی جائے گی جس سے وہ معاشرے میں باعزت روزی اور مقام حاصل کرنے کے قابل ہو جائیں ۔ صوبے کے ذرائع محدود ہیں اور زیادہ تر حکومت کی دیگر اہم سرگرمیاں کے لئے پہلے ہی سے مختص ہو چکے ہیں ۔ تاہم اس ناگزیر حقیقت کے پیش نظر کہ ہمارے معاشرے کے اس طبقے کی ضروریات کا انتظام بھی حکومت کا فرض ہے میری یہ تجویز ہے کہ اس غرض سے ۵۰ لاکھ روپے کی رقم مختص کی جائے ۔ یہ رقم میزانیئے کی قلیل توفیر اور شکر پر بحساب ایک آنہ فی سیر زائد محصول عائد کر کے پوری کی جائے گی ۔ جس کے لئے مرکزی حکومت سے استدعا کی جا رہی ہے ۔ اس موقع پر میں دولت مند اصحاب سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اپنی زکواۃ اس سرمائے میں جمع کرنے کے لئے عطا کریں جو سب کا سب صوبے میں بے یار و مدد گار یتیموں اور بیواؤں پر صرف کیا جائے گا ۔ مجھے یقین ہے کہ معاشرے کے ان بد نصیب افراد کے حالیہ مصائب کو دور کرنے کے لئے اس اقدام کا خیر مقدم کیا جائے گا اور اس کی تہ دل سے تائید کی جائے گی ۔ اس سے حکومت کو امدادی تدابیر کے

موثر ترین انداز میں منظم کرنے اور حسب ضرورت انہیں وسیع کرنے میں مدد ملے گی ۔

صوبائی حکومت ایسی تدابیر اختیار کرنے کی فکر میں ہے جن سے صوبے میں سرکاری ملازمین کی اخلاقی حالت کی اصلاح میں مدد ملے ۔ منصوبہ فوائد فارغ خدمتی سے جس کا نفاذ یکم اپریل ۱۹۵۵ء سے ہوا یہ مقصود تھا کہ سرکاری ملازمین کے ذہنوں سے ان کے پس ماندگان کے مستقبل کے متعلق عدم تیقن کا ازالہ ہو جائے ۔ اسی خیال سے متاثر ہو کر حکومت نے یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ پٹواریوں کی اسامیاں بھی قابل پنشن قرار دی جائیں گو اس سے حکومت کے خزانے پر معتدبہ زائد بار پڑیگا اسی حکمت عملی کے تحت صوبائی حکومت نے اب یہ فیصلہ کیا ہے کہ سرکاری ملازمین خدمت سے فارغ ہونے کے بعد بھی ان قواعد کی بنا پر جن کا اطلاق ان پر ملازمت کے دوران میں ہوتا تھا مفت طبی علاج کے مستحق ہوں گے ۔ تاہم یہ امداد بالفعل صرف ان صورتوں تک محدود ہو گی جن میں شفاخانوں میں داخل ہو کر علاج کرانا ضروری ہو اور اس میں سرکاری ملازم، اس کی بیوی اور نابالغ بچے شامل ہوں گے ۔

صوبائی حکومت کو ادب، فن اور ثقافت کے فروغ کی اہمیت اور ان دور رس اثرات کا جو ان کے اظہار سے کسی قوم کی زندگی پر مترتب ہوتے ہیں احساس ہے ۔ چنانچہ علاقائی ثقافت کی ترقی کی حوصلہ افزائی اور ادب و فن کے فروغ کے لئے میری تجویز یہ ہے کہ ایک لاکھ روپے کی رقم اس ضمن میں مختص کی جائے ۔ یہ رقم مجلس فنون لطیفہ (آرٹ کونسل) کے لئے ۲۵,۰۰۰ روپے کی متوالی منظور شدہ رقم کے علاوہ ہو گی ۔

ایک اور اہم فیصلہ بھی ایوان کی دلچسپی کا باعث ہوگا جس کی غرض و غایت یہ ہے کہ انضمامی وحدتوں میں اراضی کی فروخت سے حاصل ہونے والی غیر معمولی آمدنی کے مصرف کا تضاد رفع کیا جائے ۔ ضم ہونے والے بعض صوبوں میں فروخت اراضی کی آمدنی محاصل سے واجب الادا خرچ میں استعمال ہوتی تھی ۔ یہ طریق کار سابق حکومت پنجاب نے دو سال ہوئے ترک کر دیا تھا اور یہ خیال کیا گیا تھا کہ حکومت کے قیمتی اثاثے کی فروخت سے وصول شدہ آمدنی کلی طور پر حکومت کے دوسرے مستقل اثاثے پیدا کرنے میں استعمال ہونی چاہیئے اور صوبے کا خرچ

ایسے وسائل کے بھروسے پر نہ بڑھانا چاہیئے جن کا روبہ انحطاط ہونا نا گزیر ہے اور بالاخر حکومت کی شدید پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ حکومت مغربی پاکستان نے ان مختلف معمولات پر کامل غور کر لیا ہے جن پر انضمامی وحدتیں اس ضمن میں عمل پیرا تھیں اور یہ طے کر لیا ہے کہ غیر معمولی آمدنیاں جو فروخت اراضی سے ہوں آئندہ صرف سرمایہ یا قرضے کی تخفیف یا اس سے احتراز کے کام میں لائی جائیں ، کیونکہ تخفیف قرضہ در اصل تعمیر اثاثہ کے مترادف ہے ۔ اسی طرح اگر فروخت اراضی کی آمدنی سے اس قسم کے اثاثے معرض وجود میں لائے جائیں جن سے متوالی ذمہ داریاں عائد نہیں ہوتیں تو ان پر اعتراض نہ ہونا چاہیئے ان کی مثال یونیورسٹی کے لئے تعمیر عمارت اور مجالس ترقیات کے لئے منظور کردہ رقوم ہیں ۔ اس لئے آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ حکومت کا حالیہ فیصلہ نہ صرف انضمامی وحدتوں کے معمول کی عدم مساوات کو رفع کرے گا بلکہ سابق حکومت پنجاب کے اس فیصلے کے منشاء کو بھی برقرار رکھے گا جس کی صحت ناقابل تردید ہے ۔

ایک اور مسئلہ بھی ایسا ہے جو خاص طور پر دلچسپی کا باعث ہوگا ۔ اس کا ذکر مالی حالت کا مجمل خاکہ پیش کرنے سے قبل ہونا چاہیئے ۔ قواعد تبویب کے مطابق بازیابی رقوم کے بعض ابواب حسابات و تخمینہ ہائے میزانیہ کے اخراجات میں تخفیف کے لئے شامل کئے جاتے تھے ۔ حالانکہ ان بازیابیوں کو مجلس قانون ساز سے تصویب کے لئے پیش کرنا مقصود نہ ہوتا تھا ۔ معمول یہ تھا کہ ان کو منظوریوں کے مطالبے میں شامل کیا جائے اور مطالبے کی خاص رقم کے لئے یا اگر وہ منفی اعداد میں ہو تو علامتی رقم کے لئے مجلس قانون ساز کی منظوری حاصل کی جائے ۔ یہ طریق کار اگرچہ سادہ و سہل تھا لیکن اس اعتبار سے ناقص تھا کہ اس سے ان بازیابیوں کی رقم کے اضافے کے حد تک جن کی مطالبے میں گنجائش رکھی گئی ہو زائد رقم کے لئے مجلس قانون ساز کی منظوری حاصل کئے بغیر مزید اخراجات عائد کرنے کا موقع بہم پہنچتا تھا ۔ اس نقص کو تسلیم کر لیا گیا اور بطور تدارک یہ طے پایا کہ زائد وصول شدہ بازیابیوں پر مبنی غیر متوقع رقوم جمع کی تبدیلی مد صرف محکمہ مالیات کی منظوری سے عمل میں آ سکے گی ۔ تاہم یہ پیش بندی کافی ثابت نہ ہوئی کیونکہ زائد خرچ مجلس قانون ساز کی صریح منظوری کے بغیر عائد ہوتا رہا ۔ اس نقص کو دور کرنے کے

لئے یہ طے پایا ہے کہ مالی سال رواں سے جملہ مطالبہ کے لئے مجلس قانون ساز کی منظوری حاصل کی جائے ۔ اس مقصد کے پیش نظر خرچ کی جملہ رقوم کے لئے بازیابیوں کا لحاظ رکھے بغیر مجلس قانون ساز کی منظوری حاصل کی جائے گی ۔ مطالبے کے آخر میں بازیابیوں محض مجلس قانون ساز کی اطلاع کے لئے دکھائی گئی ہیں ۔ امید ہے کہ یہ تبدیلی مقننہ کے انضباط کو رو بہ ترقی لانے میں ممد ثابت ہو گی ۔

جناب والا — یہ ہے وہ عام پس منظر جسے سامنے رکھ کر ہمیں آئندہ مالی سال کی راہیں متعین کرنی ہیں اور اب میں آپ کی خدمت میں اپنے صوبے کی مالی حالت کے نمایاں حقائق پیش کرتا ہوں ۔

تخمینہ جات میزانیہ ۱۹۵۵-۵۶ء
(مدت بعد انضمام)

قانون قیام مغربی پاکستان ۱۹۵۵ء کے احکام کے بموجب مغربی پاکستان کے مختلف صوبوں اور ریاستوں کے انضمام سے صوبہ مغربی پاکستان کی تشکیل ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۵ء کو عمل میں آئی ۔ امیر صوبہ نے ان اختیارات کی رو سے جو صاحب موصوف کو قانون قیام مغربی پاکستان ۱۹۵۵ء کی دفعہ ۶ (۳) کے بموجب حاصل ہیں سال ۱۹۵۵-۵۶ء کی مدت بعد انضمام کے لئے جدول خرچ مجاز کی منظوری عطا فرمائی ۔ اس کے بعد امیر صوبہ نے اسی مدت کے لئے ترمیم شدہ تخمینہ جات کی بنا پر زیر دفعہ ۸۱-الف قانون حکومت ہند ۱۹۳۵ء (حسب تطبیق) مع دفعہ ۲۳۰ دستور مزید خرچ کی منظوری، عطا فرمائی ۔ سال ۱۹۵۵-۵۶ء کی مدت بعد انضمام کے لئے امیر صوبہ کی منظور کردہ رقوم اور مد بندیاں معتمد مالیات کی پیش کردہ یادداشت میں درج ہیں جو علیحدہ شائع کی گئی ہے ۔ خرچ کی یہ منظوریاں قطعی تھیں اس لئے یہ ضروری نہ تھا کہ مدت بعد انضمام کے تخمینہ جات مجلس قانون ساز میں پیش کرنے کی غرض سے تیار کئے جاتے ۔ اگر حسابات مد بندی سے کوئی غیر حاوی خرچ ظاہر ہوگا تو مجلس قانون ساز سے مناسب وقت پر زائد منظوری طلب کی جائے گی ۔

میزانیہ ۱۹۵۶-۵۷ء

مالی سال رواں کا میزانیہ دشوار اور غیر معمولی حالات کے تحت تیار کیا گیا تھا ۔ صوبہ مغربی پاکستان کا قیام اس زمانے سے جو

جناب والا — میں اپنی پارٹی کی طرف سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم قبائلی لوگ شروع سے لیکر اب تک پاکستان کے وفادار رہے ہیں اور انشاءاللہ ہم آئندہ بھی اس وفاداری کو ہر قیمت پر قائم رکھیں گے — میں یہ صاف طور پر کہہ دینا چاہتا ہوں کہ دنیا کی کوئی طاقت ہم کو پاکستان سے جدا نہیں کر سکتی (نعرہ ہائے تحسین) ہم نے حصول آزادی کے لئے جو گرانقدر قربانیاں دی ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں — یہ قربانیاں کسی شخص سے چھپی ہوئی نہیں ہیں — حصول پاکستان کے بعد ہم نے جو قربانیاں کشمیر کے لئے دی ہیں وہ بھی سب دنیا کو معلوم ہیں — ہم اور آپ میں فرق صرف یہ ہے کہ ہم بندوق سے لڑائی کرتے تھے اور آپ قلم اور زبان سے — اپنی تکالیف کو برداشت کرکے ہم لوگوں کو ترقی کا موقعہ دیں — ہم لوگ تعلیمی لحاظ سے آپ سے پیچھے ہیں — ہم لوگ سروسز کے لحاظ سے آپ سے پیچھے ہیں — گویا ہم ہر لحاظ سے پسماندہ ہیں — لہذا میں قوی امید رکھتا ہو کہ جو جو پسماندہ علاقہ جات ہیں ان کو جلد از جلد ترقی دے کر دوسرے ترقی یافتہ علاقوں کے دوش بدوش کھڑا کردیا جائے گا —

جناب والا میری عرض یہ ہے کہ ہم قبائلی لوگ اس اسمبلی میں بڑے شوق سے آئے تھے لیکن یہاں پر چند روز سے معمولی معمولی باتوں پر جو کچھ ہو رہا ہے انہیں دیکھ کر ہمیں بہت افسوس ہوا ہے - یہاں کے لوگ ہمارے مقابلہ میں زیادہ تعلیم یافتہ زیادہ civilized ہیں - جب میں یہ چیزیں دیکھتا ہوں اور اپنے قبائلی بھائیوں سے موازنہ کرتا ہوں تو مجھے معاف فرمائیے مجھے کہنے دیجئے they are far better

پھر اس کے علاوہ میں یہاں کے سیاسی اختلافات کو دیکھ رہا ہوں۔ یہاں پر جو پارٹیاں بنی ہوئی ہیں اور جو کچھ ہو رہا ہے اسکو ہمارے قبائلی لوگ بلکل اچھا نہیں سمجھتے ۔ ہم اس بات کے حق میں ہیں کہ جو پارٹی استحکام پاکستان کے لئے کوشش کرے ہم اس پارٹی کی تائید کریں۔ اس پارٹی کو follow کریں ۔ اس سے پہلے مسلم لیگ ایک پارٹی تھی مگر آٹھ دس سال کے عرصہ میں میں نے دیکھا کہ اس نے ایک قسم کی monoply بنا لی اور جس طرح فٹ بال کے کھیل میں کھلاڑی اپنے درمیان فٹ بال کو ''پاس'' کرتے رہتے ہیں اور دوسروں کے پاس نہیں جانے دیتے ۔ بالکل اسی طرح مسلم لیگ حکومت بھی کرتی رہی ہے جسکو ہمارے قبائلی بھائی اچھا نہیں سمجھتے ہیں۔ ڈاکٹر خان صاحب پر ان کی ذات پر اور ان کے اصولوں پر ہمیں اعتماد ہے اور انشاالله ہم قبائلی لوگ آخری دم تک ان کے ساتھ رہیں گے ۔

صاحب سپیکر—بجٹ کے متعلق کچھ کہئیے ۔ ذاتیات کے متعلق نہ کہئیے ۔

فخر کشمیر سردار حبیب الله خان ڈوری خیل—بجٹ کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے قبائلی علاقے میں سڑکیں ہسپتال ۔ اسکول ۔ کالجز ۔ اور طلبا کے لئے ہر قسم کی مراعات مہیا کی جانی چاہئیں ۔ ہمارے علاقے میں کاشتکاری کو جدید اصولوں پر ترقی دی جائے کارخانے تعمیر کئے جائیں تاکہ ہماری اقتصادی حالت بہتر ہو جائے ۔ اور بجٹ میں یہ بتا دیا جائے کہ ہمارے قبائلی علاقے کے لئے کتنی رقم مقرر کی گئی ہے مزید براں ہم قبائلیوں کے لئے سول اور فوجی ملازمت میں خاص امتیاز اور پورا حصہ دیا جائے میں آخر میں اتنا اور عرض کرونگا کہ اس سال ہماری اسمبلی کے ممبر صاحبان جو منتخب ہوکر یہاں آئے ہیں ہمارے قبائلی بھائی ان سے بڑی توقعات رکھتے ہیں میں درخواست کرونگا کہ پچھلے سال کے مقابلے میں ہمیں زیادہ رقم ملنی چاہئے تاکہ ہمارے قبائلی لوگ جو دوسرے لوگوں سے پیچھے ہیں ترقی کر سکیں نیز ہم اپنے قبائلی بھائیوں سے یہ کہہ سکیں کہ ہم نے تمہارے لئے یہ حصہ لیا ہے جناب والا آخر میں میں اپنے معزز دوست مسٹر جی ۔ الانا صاحب کی خدمت میں صرف اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ چینی پر ایک آنہ فی سیر کا Surcharge جو لگایا گیا ہے ۔ وہ درحقیقت امراء پر ہی عائد ہوتا ہے ۔ کیونکہ چینی کا استعمال زیادہ تر امیر طبقہ ہی کرتا ہے ۔ اور غربا پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا ۔ کیونکہ دیہات اور شہروں میں زیادہ تر آبادی

غریب لوگوں ہی کی ہے ۔ اور وہ چینی خریدنے کی استطاعت ہی نہیں رکھتے اور وہ اپنی اس ضرورت کو گڑ کے استعمال سے ہی پورا کرتے ہیں ۔ مزید برآں یہ Surcharge غریبوں اور بیواؤں کے مفاد پر خرچ کیا جائے گا ۔ یہ الفاظ دیگر میرے معزز دوست غریبوں اور بیواؤں کی امداد کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

قاضی مرید احمد—جناب والا —میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہاؤس کس وقت adjourn ہوگا ۔

صاحب سپیکر—ہاؤس مقررہ وقت سے قبل adjourn نہیں ہوگا ۔

قاضی مرید احمد—(ضلع سرگودھا)—حضور والا آپ کو معلوم ہے کہ بجٹ کے متعلق ہمیں کافی وقت نہیں دیا گیا۔ اس افراتفری اور مختصر وقت میں بجٹ کی کاپیاں کیسے دیکھی جا سکتی ہیں اور اب جو کچھ بجٹ کو دیکھ کر میں نے معلوم کیا ہے وہ یہ ہے کہ یہ بجٹ عہد غلامی کی یادگار ہے پاکستان کے عوام کو اس بجٹ سے بہت توقعات تھیں لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ منسٹروں کی بڑی بڑی تنخواہوں ۔ بے شمار سفر خرچ اور بھتے کے لئے تو سب کچھ رکھا گیا ہے اگر توجہ نہیں دی گئی ہے تو ان عوام کی طرف جن کے خون کے ایک ایک قطرہ سے یہ سارا خزانہ جمع کیا گیا ہے ۔ حضور والا میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر خزانہ کی توجہ اس طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ حکومت صحیح معنوں میں وہ ہو سکتی ہے جو کم از کم عوام کے مندرجہ ذیل پانچ بنیادی حقوق کی نگرانی کرے ۔ یعنی تعلیم ۔ صحت انصاف ۔ روٹی اور رہائش ۔ ان میں سے کسی ایک کو لے لیجئے ان کے متعلق کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں کیا گیا بڑی بڑی رقمیں تعلیم اور صحت کی مد میں ضرور رکھی گئی ہیں لیکن اگر آپ ان کو غور سے دیکھیں تو وہ بڑی بڑی تنخواہوں پر ہی صرف کی جا رہی ہیں اور غریبوں کی طرف جنہیں کھانے کے لئے روٹی اور پہننے کے لئے کپڑا میسر نہیں قطعاً کوئی توجہ نہیں دی گئی بلکہ میں کہونگا کہ بلوچستان دامن کوہستان نمک اور علاقہ سون سکیسر کے پہاڑی علاقوں کے لوگوں کو اس قدر تکالیف در پیش ہیں کہ ان کے لئے پینے کا پانی بھی میسر نہیں ہے ۔

حضور والا — توقع یہ تھی کہ آنریبل چیف منسٹر ڈاکٹر خان صاحب جیسا کہ ان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ عوامی آدمی ہیں اور یہ بھی سننے میں آیا کرتا تھا کہ جناب چیف منسٹر صاحب معمولی واقعات کی چھان بین کے لئے پولیس اسٹیشنوں پر یا کسی غریب بے بس بڑھیا کی شکایت سننے کے لئے اس کے گھر پر پہنچ جاتے ہیں مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب کی منسٹری میں بڑے بڑے مظالم وقوع پذیر ہوئے لیکن جناب چیف منسٹر صاحب اپنی موجودہ گھریلو سیاست میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ انہیں ان اہم امور کی طرف توجہ دینے کی فرصت نہیں اگلے روز بارڈر پولیس نے چند غریبوں کے سینوں کو گولیوں سے چھلنی کر دیا افسوس کہ ہمارے عوامی چیف منسٹر صاحب ٹس سے مس نہ ہوئے اور غریبوں کی اشک شوئی کے لئے بھی نہ تو وہاں جاکر حالات کا بچشم خود ملاحظہ فرمایا اور نہ ہی کوئی اور کارروائی کی۔

حضور والا — میں خوش ہوں کہ ہمارے چیف منسٹر صاحب کھدر پوش ہیں اور ایک عوامی لیڈر کے روپ میں جلوہ گر ہیں مگر اس سلسلے میں کسی نے خوب کہا ہے۔

بہر رنگ کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قدت را می شناسم

عوام کی حالت یوں نہیں سدھر سکے گی جب تک کہ کوئی عملی قدم ان کی حالت کو سدھارنے کے لئے نہ اٹھایا جائے گا۔

Mehr Muhammad Sadiq (MINISTER) :He is becoming personal.

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (EDUCATION MINISTER): It is rather personal.

A Member: He can address the Government but not Dr. Khan Sahib.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order, Sir. Rules for the general discussion of the Budget provide an opportunity to discuss the Budget as a whole or any question of principle involved therein. Critici of any Minister cannot, therefore, be ruled as irrelavent.

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER): Honourable members are welcome to criticise me as they like. It is their duty to point out to me my mistakes and it is my duty to answer them. (Cheers.)

قاضی مرید احمد — ہمارے اس بجٹ سے جو صاحب ایک پائی بھی تنخواہ وصول کرتا ہے ہم کو حق پہنچتا ہے کہ ہم اس کے اعمال و افعال کا محاسبہ کریں میں بے حد مشکور ہوں کہ چیف منسٹر صاحب

نے ہمارے اس آئینی حق کو تسلیم کر لیا ہے کہ ہم ان کے متعلق اور ان کے محکموں کے متعلق بحث کر سکتے ہیں -

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ میں نے آنریبل چیف منسٹر کی خدمت میں ایک مرتبہ عرض کیا تھا اور ان سے پہلے سردار عبدالحمید دستی سے بھی کہا تھا بلکہ لکھ کر بھی دیا تھا کہ میرے حلقہ انتخاب میں گزشتہ جولائی اور اگست کے مہینے میں -

Khan Sakhi Jan: On a point of order, Sir. The matter is to go before the Court. Therefore it cannot be discussed in the Assembly. (Interruption).

قاضی مرید احمد— پولیس نے عوام پر وہ وہ مظالم ڈھائے ہیں کہ اگر چنگیز خاں بھی سن پائے تو شرم کے مارے آنکھیں جھکا لے (شرم - شرم کے نعرے) -

غریب دیہاتیوں کے کپڑے اتار کر ان کے آگے پیچھے ڈانگیں لہرائی گئیں اور ان کو جبراً و قہراً مجبور کیا گیا کہ وہ ۵ (پانچ) میل تک پولیس کے ٹانگوں اور گاڑیوں کے آگے آگے تھانہ تک دوڑتے چلے جائیں - پولیس اسٹیشن اس جگہ سے پانچ میل دور تھا وہاں تک ان کو پیدل اس ہیئت کذائی میں لے جایا گیا - دو سو بے گناہ آدمی بھوکے پیاسے دو دو دن پھاٹک میں حیوانوں کے ساتھ بند رہے —دوکانیں بند ہو گئیں اور پورا ہفتہ عشرہ علاقہ بھر کی مساجد میں آذانیں بند رہیں - پولیس کے خلاف اور پکڑ دھکڑ کے ڈر سے علاقہ کے لوگ قریبی جنگل میں سات آٹھ روز چھپے رہے - ان کے کھانے پینے کی چیزیں یوں لوٹ لی گئیں جیسے کہ رنجیت سنگھ کے عہد میں لوٹ مار ہوا کرتی تھی - میں نے دستی صاحب کو لکھ کر یہ واقعات پیش کئے اور ڈنکے کی چوٹ اب بھی کہتا ہوں اور پوری ذمہ داری کے ساتھ ان واقعات کے سچے ہونے کی ضمانت دیتا ہوں اگر یہ غلط ثابت ہوں تو میں اپنی سیٹ سے مستعفی ہونے کو تیار ہوں مگر افسوس کہ آج تک نہ تو سردار دستی صاحب نے اور نہ ہی ڈاکٹر خان صاحب نے اس سلسلے میں کوئی کارروائی کی ہے - بلکہ الٹا یہ ہوا کہ جس پولیس کے متعلق میں نے شکایت کی تھی جب اس کو معلوم ہو گیا کہ اوپر سے کوئی کارروائی حکام بالا نے نہیں کی تو اس نے سوچا کہ قاضی مرید احمد کو رسوا کرنے کے لئے کوئی ایسی چال چلی جائے کہ قیامت تک ہمارے خلاف آواز نہ اٹھا سکے - چنانچہ ایک قتل کا ایسا جھوٹا وقوعہ بنایا جس کو میرے خلاف ہر ایسے موقعہ پر دوبارہ اٹھایا جاتا ہے جبکہ

حکومت یا حکومت کی منظور نظر پارٹی کو میرے ووٹ کی ضرورت پیش آتی ہے مثلاً عارضی اسمبلی کے انتخابات منعقدہ جنوری ۱۹۵۶ میں—اور صاحب سپیکر کے انتخابات منعقدہ ۲۰ مئی ۱۹۵۶ کے لئے یا اب حکومت کے ق میں اعتماد کے ووٹ کی ضرورت کی بنا پر —مجھے پولیس کے ذریعے دھمکی دی جاتی ہے۔ کہ اگر حکومت کے حق میں ووٹ نہیں دوگے تو یہ قتل کا مقدمہ تمہارے خلاف چلا دیا جائے گا۔ اس فرضی مقدمے کے بہانے مجھے شکنجے میں کس دینے کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ (اس مرحلہ پر شیم شیم کے بلند نعروں کے درمیان پیر زادہ عبدالستار بہ حیثیت وزیر ایوان میں داخل ہوئے)

صاحب سپیکر—مجھے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس طریق سے اگر آپ یہ کچھ کرتے رہے تو بجٹ پر جو جنرل ڈسکشن ہو رہا ہے اور سمبران کے لئے جو وقت مقرر کیا جا چکا ہے اس میں کمی واقع ہو جائے گی۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ ایوان کا قیمتی وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ ایسی باتوں کی ایوان کے باہر گنجائش ہے۔

کرنل سید عابد حسین—ایوان کے باہر ان کو یہ جرأت کہاں ہو سکتی ہے۔

صاحب سپیکر—کم از کم ایوان کے اندر جبکہ ایک صاحب تقریر کر رہے ہیں آپ کو چاہئے کہ آپ آرام سے تقریر سنیں تاکہ ان کا مقررہ وقت ضائع نہ ہو۔ آپ کس کو شیم شیم کہہ رہے ہیں مقرر کو تقریر کرنے دیجئے—

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میری اسپیچ کے دوران میں ایک صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا کہ یہ معاملہ عدالت کے زیر سماعت تو نہیں اس سلسلے میں عرض ہے کہ پولیس میں یہ جرأت نہیں کہ اس جھوٹے مقدمے کو عدالت میں لے جائے۔

حضور والا—جس آدمی کے قتل کا مجھ پر جھوٹا الزام تراشا گیا ہے وہ ریاست بہاولپور میں زندہ موجود ہے۔ میں عوامی چیف منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں اور سردار دستی صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ اس واقعہ کی چھان بین کی جائے مگر باوجود یادھانی کے کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ لیکن آج تک جب کبھی پولیس کو میرے ووٹ کی حکومت کے لئے ضرورت پڑتی ہے مجھے

اس قتل کے مقدمہ کی دھمکی دی جاتی ہے ۔ مجھے چیف منسٹر کی ذات پر دیانت دار اور سچے ہونے کا یقین ہے اور امید ہے کہ وہ انصاف کرنا پسند کریں گے مگر جہاں تک ان کی ذات کا تعلق ہے ان سے انصاف کی امید ہو سکتی تھی (خوب ۔ خوب) اور مجھے اس کے ماننے میں کوئی تامل نہیں لیکن جن حضرات کے جال میں وہ پھنس چکے ہیں مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس نقار خانے میں ان کی انصاف پسند آواز بلند ہونے سے محروم ہے ۔ مجھے کسی کی ذات کے متعلق کچھ کہنے کا حق حاصل نہیں ہے لیکن اتنا ضرور کہوں گا کہ ہمارے عوام کے خون کا ایک ایک قطرہ جو خزانہ میں روپیہ کی صورت میں جمع ہوتا ہے ایسے افراد پر خرچ کیا جاتا ہے جن کا ''گھی فراڈ کیس،، زبان زد عام ہو چکا ہے جن لوگوں نے ہماری پاکستان فوج کو جس پر ہماری عزت زندگی اور ملک کی بقا اور استحکام کا دار و مدار ہے جس قسم کا گھی سپلائی کیا وہ کسی سے پوشیدہ نہیں (شیم شیم کی آوازیں) لیکن جناب چیف منسٹر صاحب ان حالات میں پھنس گئے ہیں اور ان کی انصاف پسند آواز اب بلند نہیں ہو سکتی ۔ اس ملک کا یہی ٹھیکہ دار ایک دن نہایت فخر کے ساتھ اپنے دوستوں کو یہ کہہ رہا تھا کہ میں جب فوج کو بکرے سپلائی کرتا تھا (پاکستان کو نہیں کسی دوسرے ملک کو) تو بکروں کو وزن کرنے کے لئے لے جاتے وقت مجھے یہ بات سوجھی کہ اگر بکروں کو تین یا چار سیر پانی پلا دیا جائے تو ان کا وزن بڑھ جائے گا ۔ چنانچہ بکروں کو رات کو نمک کھلایا جاتا اور صبح کو چار یا پانچ سیر پانی دیا جاتا تھا اور پھر ان کا وزن کیا جاتا تھا ۔ اس طرح جس بکرے کا وزن رات کو بارہ سیر ہوتا تھا اس کا وزن دوسرے دن صبح سوا یا سترہ سیر ہو جاتا تھا ۔ میں آج دیکھ رہا ہوں کہ وہی ٹھیکہ دار اور اس وقت کی فوجوں کو بکرے سپلائی کرنے والے حضرات ان بنچوں پر وزیر کی حیثیت سے بھیٹے ہیں میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ جس بے رحمی اور جس بے دردی کے ساتھ ڈاکٹر خان صاحب اس خزانہ کو لٹا رہے ہیں قوم کبھی بھی ان کو معاف نہیں کر سکتی ۔

پھر یہ نعرہ لگایا جاتا ہے کہ ہم فیئر الیکشنز کرا رہے ہیں جہاں تک فیئر الیکشنز کا تعلق ہے میں یہ کہوں گا کہ ۲۰ تاریخ کا دن پاکستان کی تاریخ میں جمہوریت کشی کے دن کے طور پر یاد رہے گا اور غالباً اس صدی میں اس قسم کی دھاندلی اور جمہوریت کشی ہم نے نہ تو کبھی سنی اور نہ ہی کبھی دیکھی ہوگی ۔

صاحب سپیکر—میں معزز ممبر کی توجہ اس طرف مبذول کراتا ہوں کہ ۲۰ تاریخ کا معاملہ اب (ایک آواز آپ کا معاملہ) آپ عدالت میں لے گئے ہیں - بہر حال وہ معاملہ اب عدالت میں زیر سماعت ہے اس لئے اس کے متعلق اب کچھ نہ فرمائیے -

قاضی مرید احمد — حضور والا جہاں تک وزیر خزانہ کی کل والی لکھوائی ہوئی تقریر کا تعلق ہے انہوں نے تعلیم کی مد میں دس کروڑ اور ساٹھ لاکھ روپے کا خرچ دکھایا ہے - میں جناب وزیر تعلیم اور جناب وزیر خزانہ کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ شہر سیالکوٹ کے اخبارات میں یہ لکھا گیا ہے کہ تیس ہزار پرائمری پاس لڑکے اس ضلع میں پھر رہے ہیں اور انہیں کسی سکول میں داخلہ نہیں ملتا (شیم-شیم کی آوازیں) ایک ضلع میں تیس ہزار لڑکے ڈاواں ڈول آواروں کی طرح پھر رہے ہیں اور ان کو کسی مڈل سکول میں بیٹھنے کے لئے جگہ نہیں ملتی میں سمجھتا ہوں کہ یہ تیس ہزار لڑکے مزید پانچ سال آوارہ پھرنے کے بعد یا تو ڈاکو بن جائیں گے یا کسی اور طرح ملک کی بربادی کی تجویزیں سوچیں گے — جہاں ایک ہی ضلع میں یہ حالت ہے کہ تیس ہزار بچوں کو سکولوں میں بیٹھنے کے لئے جگہ نہیں ملتی وہاں میں سمجھتا ہوں کہ وزیروں کا یہ اتنا لمبا چوڑا ریوڑ قوم کی تباہی اور بربادی کی واضح دلیل ہے ہر روز ایک نیا وزیر بھرتی کیا جاتا ہے اور اسے تین ہزار روپے تنخواہ دی جاتی ہے - پھر یہ جو دس کروڑ روپے کی رقم رکھی گئی ہے اس میں وزیر تعلیم کی تنخواہ - ڈائرکٹروں اور انسپکٹروں کی بھاری بھاری تنخواہیں بھی ہیں - آپ وزیروں کی ایک نکمی فوج میں تخفیف کریں - صرف وزیر ہی نہیں اگر خدا نخواستہ یہی حالت رہی اور ووٹوں کی ضرورت پوری نہ ہوئی تو ڈپٹی منسٹروں کی ایک تعداد مقرر کی جائے گی اور ہر وزیر کا بستہ اٹھانے کے لئے ایک ڈپٹی منسٹر مقرر کیا جائے گا -

ایک معزز ممبر—On a point of order بعض ممبر صاحبان ہاوس میں اخبارات پڑھ رہے ہیں ان کو یہ بتا دیا جائے کہ ہاوس میں اخبارات نہیں پڑھا کرتے

قاضی مرید احمد — میں سمجھتا ہوں کہ ۱۳ یا ۱۴ وزراء کے تقرر سے اصل مطلب حاصل نہیں ہو گا آپ ۱۴ کو دوگنا بھی کر سکتے ہیں - آخر پیف منسٹر صاحب کو کم از کم ڈیڑھ سو ووٹوں کی ضرورت ہے - مجھے یقین ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب ضرب دے سکتے ہیں چودہ کو دو سے ضرب دے کر وزراء کی تعداد ۲۸ کی جا سکتی ہے - سیاسی

مجبوریوں کے ماتحت وہ ایسا بھی کرنے پر مجبور ہیں - میں ڈاکٹر خان صاحب سے کہونگا کہ جہاں تک انگریز کے خلاف صف آرا ہونے میں ان کی خدمات کا تعلق ہے میں ان کی قدر کرتا ہوں (خوب - خوب) میں حقائق کے اعتراف میں قطعاً بخل سے کام نہیں لونگا - جہاں تک انگریزوں کے خلاف جنگ کا تعلق ہے ڈاکٹر خان صاحب نے بہت بڑا مقام حاصل کیا تھا لیکن جہاں تک قیام پاکستان کا معاملہ ہے یہ مسئلہ بہت نازک ہے مجبوراً اس حقیقت کو واشگاف الفاظ میں بیان کرنا پڑتا ہے - ڈاکٹر خان صاحب نے قیام پاکستان کے سلسلہ میں جو رکاوٹیں پیدا کی تھیں وہ ایسا داغ ہے جو قیامت تک دور نہیں ہو سکتا - آپ فرماتے ہیں کہ فیئر الیکشنز ہوں گے عوام سے انصاف ہوگا یہ ہوگا وہ ہوگا الغرض پچھلے چھ ماہ سے خان صاحب بے شمار بلند بانگ دعاوی کرتے چلے آ رہے ہیں ہم نے اس ہفتہ میں جو کچھ دیکھا ہے ہمیں یقین ہو چکا ہے کہ ملک میں اسلامی جمہوریت کے قیام کے باوجود ایمانداری جمہوریت اور انصاف کا نام تک موجود نہیں - وزراء کی ایک نکمی اور نا اہل فوج مقرر کر دی گئی ہے - ووٹوں کی کمی اگر اس نکمی فوج سے پوری نہ ہوئی تو ڈپٹی منسٹروں کی فوج بھرتی کر لی جائے گی اگر ڈپٹی منسٹروں سے بھی کام نہ چل سکا تو جناب خان صاحب پارلیمنٹری سیکٹریوں کی بھرتی کر لیں گے - اور اگر پارلیمنٹری سیکٹریوں کے تقرر سے بھی مطلب برآری نہ ہوئی تو پرائویٹ پارلیمنٹری سیکٹریوں کا اضافہ کر دیا جائے گا اور اس طرح ان بنچوں پر بٹھانے کے لئے ڈیڑھ سو حضرات پورے کر لئے جائیں گے - قیام جمہوریت کے بعد ہم نے جو کچھ دیکھا ہے اور جس طرح یہ دھاندلی مچائی گئی ہے اس قسم کی دھاندلی ۱۹۴۵-۴۶ء میں خضر یات کے عہد میں مچائی گئی تھی صرف یہی نہیں کہ آنجناب نے چھوٹے افسروں پر ہاتھ صاف کیا ہو بلکہ حالت یہ ہے کہ آئی - جی اور ڈی - آئی-جی جیسے بڑے بڑے افسروں کی اس طرح تبدیل کر دیا جاتا ہے جیسے ایک چپڑاسی کو دفتر سے باہر دھکیل دیا جائے - خان صاحب کی حکومت میں بڑے بڑے افسر اور بڑے بڑے ممبر اسمبلی کی عزت محفوظ نہیں یہاں تک کہ اگر کوئی ممبر ان کو ووٹ نہ دینا چاہتا ہو تو اس پر فرضی مقدمات چلائے جاتے ہیں پولیٹیکل ایجنٹوں اور خاص خاص افسران کے ذریعے ممبران اسمبلی کو اپنا ہمنوا بنایا جاتا ہے - آزادانہ انتخابات جمہوریت اور عدل و

انصاف اگر اس کا نام ہے تو۔

خرد کا نام جنوں رکھ دیا ہے جنوں کا خرد

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے۔

Mr. Shah Nawaz Pirzada : (NAWAB SHAH DISTRICT): Mr. Speaker and friends: You can see I am an old man and therefore I would necessarily talk in faltering tones. You will kindly be pleased to pardon me.

Now, first I shall begin and deal with my friend Mr. Allana. Mr. Allana entertains some fears regarding the financial conditions of West Pakistan. The growing debts of West Pakistan are alarming him, but I would respectfully draw his attention to the huge debts of Great Britian. The growing debts of Great Britain are an indication of the greatness of that country. So please do not be alarmed at the growing debts of West Pakistan. You know Germany had also to pay huge reparations and so many other countries had also to pay huge debts and as it occurs in business the debts could be written off.

Now, I shall turn to the financial statement of Honourable Sardar Abdur Rashid Sahib. I find on page 7 certain sentiments expressed by him. He says: "We want to improve the living conditions of rural population." Then he says "We are aiming at the economic and social amelioration of the rural population which forms the back-bone of the nation." Now here very noble sentiments are expressed.

Any Government actuated by such high motives deserves nothing but high congratulations. Now he tells us that he is going to spend 114 lakhs of rupees on Village Aid Programme and further he says 1,020 village workers are being trained.

I would respectfully ask him : Has he ever seen those village workers ? If he has not seen them, I would request him to kindly go and see those village workers. I have seen those gentlemen. They are not village workers, but I would call them village loafer. They go and spoil the villagers. If he have got the good of the villagers at heart, let him go in the villages and live with the poor folk living there. These great men have discarded the villagers and village and live in big cities. Therefore the village people are going down and down. I have lived some years of my life in Egypt and let me tell you and we are far better than Egyptians—that when the Europeans came and lived in their midst, the result was that they raised their economic and social scale. So if our Ministers want to raise the position of the rural population, they should go and live in their midst. Another thing that they should do is however I would suggest that later on.

Then there is something said about the divisional development, something like that, at page 7. All that is very nice : to have development boards, but from practical experience I can say that they too are doing no work.

Then another thing which attracted my attention is was the Small Savings Scheme. This is a failure everywhere. What is the cost of it ? It is all very nice to say we should save and give to Government. Attractive terms are offered to us, but still we are not going in for it what is the reason ? The reason is that the money which is taken out of us is not spent on us but is taken and spent elsewhere. If Small Saving Work is entrusted to District Officers, they will collect the money and spent it in their district. If this is done, huge sums of money will be given to them.

There is another thing which deserves special attention. It is on pages 8 and 9 about the establishment of Provincial Council of Social Welfare. Relief will be provided through grant of stipends and organised schemes such as the establishment of Homes. That is all very nice and that is what it should be.

Then there is an appeal that we should send Zakat contributions to this Fund. Ladies and Gentlemen, I am a poor man and I pay no Zakat, but I make one declaration in this House : whatever may be allotted to me as salary for being an M. L. A., let it be sent to this Fund.

Then there is something on page 9: Promotion of literature. For the development of regional culture a sum of Rs. one lakh has been provided. I am myself a literary man. I have written 27 books. I may tell you plainly : Literature cannot be patronised with a miserable grant of one lakh of rupees. Even in Sind Mr. G. M. Sayed knows that huge sums of money were being spent upon the Adbi Board. But here only one lakh of rupees is being provided for this huge task. Let it be one crore of rupees. That will be worth something; otherwise that one lac of rupees should be spent on something else. It is no use providing this small amount.

Then there is one other thing : the pre-Cadet College. Let me tell you it is the child of the brain of my friend, Mr. Khuhro. Mr. Khuhro wanted to catch the imagination of the people in Sind; so he said. Let us have a pre-Cadet College; I am going to militarise the people and make them as brave as the Pathans and the Punjabis. What was done during the previous year ? The result is zero. This amount of 5 lakhs of rupees would be wasted on useless sons of great men and the poor people will not derive any benefit from it. I would suggest an alternative scheme. Near about 13 miles from Sakrand is the historical Town of Nawabshah. There we have got a college teaching up to B. A. But it possesses no building. It is only during the night that the college classes are held and itmeets in a borrowed building. We have got a plot for the College; we have got a plot for the hostel; we have also collected a lakh of rupees by private donations. Why not apply all this money towards the construction of the building for the College and establish a day college there, so that the poor people may derive benefit from it. I would respectfully request the Education Minister to kindly give a building to the College at Nawabshah and see how it functions. It is an urgent thing. For want of accommodation, professors are running away. Every year we have new professors. Kindly see that the professors stick on there and do not run away. Every professor would like to be near his wife and children. When I ask a Professor why he wants to leave he says. My wife and children live at Hyderabad. Why should I live in Nawabshah. So I would request the Education Minister not to transfer the professors from Nawabshah, not to transfer anybody from the College at Nawabshah to any other place.

Then there is another thing. It is about scholarships. It is said that the Punjab Government have very wisely started scholarship fund for giving scholarships to brilliant students. It is a very good scheme and should be developed and it should operate in all parts of Pakistan so that all may derive benefit from it.

Sir, one of our friends from the Frontier said that his area is backward in education. Sir, I declare from the floor of this House that I am prepared to pay scholarships worth Rs. 25 to 12 students from the Frontier if names are suggested to me. Sir, I am myself a beggar. I collect money and give it away. I am not a landlord or a millionaire, but my heart is large.

Then, Sir, I am surprised that Kashmir has been totally forgotten. Why we have not mentioned Kashmir here. We should at least have brought Kashmir in the matter of Education. I would respectfully request the Education Minister that since there are no colleges in Azad Kashmir and Matriculates of Azad Kashmir come to this region for education, Government should give scholarships to them. In this connection also I am prepared to give 12 scholarship worth Rs. 25 each to Kashmiri students if the names are suggested to me.

Sir, I have myself been a humble teacher of Rs. 75 per month. I have maintained a family on Rs. 75 per month and I have known the pangs of hunger.

Therefore my sympathies go to the cause of teachers. Sir, the salaries of teachers should be increased instead of increasing the number of schools. If you increase their salaries, they will do better work. At present all the teachers give private tuitions. Education is being commercialised. Teachers do not give right education to students. If you increase their pay they will do better work. Therefore, instead of wasting money on more schools and bigger schools, I suggest that in the Mosques, the Mullas should be made the teachers. They should receive grant and they will do better work.

Then in the end, I would like to say something about the One Unit. Our great Ghulam Muhammad gave us One Unit and then our present Prime Minister Muhammad Ali gave us the Constitution of One Unit, but, alas, after coming to the old Punjab I have seen that we have not got the West Pakistani nation yet. We do not possess the heart and spirit of Pakistan. How are we going to develop the right West Pakistani heart. Sir, this is a problem which should be tackled in right earnest. Sir, I respectfully submit that there is a great lady in our midst, the famous lady, Begum Shah Nawaz who can tackle this problem. Sir, the best way to tackle this problem is this. Sir, there should be a West Pakistan Matrimonial Bureau and she should be the Director of that Bureau and through mixed marriages we should bring about the real Pakistani Nation. After about fifteen years there will be no Punjabi, no Sindhi, no Pathan and no Kashmiri. We shall only have a West Pakistani nation. Sir, let us encourage mixed marriages. Sir, amongst our Ministers these are some who are bachelors. They should be forced to marry. Moreover, there are so many other young men here and they should follow this Islamic tradition. And then, Sir, you will have the real Pakistani nation. Therefore, I submit that Begum Shah Nawaz should kindly tackle this problem.

An Honourable Member: Sir, how is this question of mixed marriages concerned with general discussion of the Budget ?

Mr. Speaker: He is suggesting means of social uplift. Yes, Begum Tahira Agha.

Begum Tahira Aijaz Husssain Agha: (HYDERABAD DISTRICT SEAT RESERVED FOR WOMAN): Sir, I rise to speak with considerable amount of difference, as the time given to study the budget proposals, has been very very short.

Is it in consonance, with the pledges, solemnly given, to establish democratic conventions, I ask?

I could congratulate the Finance Minister, in a customary way on his preserverence, a devotion to duty for presenting this budget, but certainly I cannot congratulate him for any breadth of vision.

Frankly speaking, it is like a balance sheet, of a joint stock company, showing expenditure and income a routine type of statement of accounts. Not only that, it does not inspire anybody, but on the contrary, it is definitely disappointing. The tall talk during the discussion of Bill for the unification of West Pakistan regarding the economic benefits of integration stands belied. It was claimed that with the disappearance of artificial barriers will disappear various standards of administration, varying levels of economic existence and unequal social benefits, particularly of the neglected and under-developed areas. Where is it ? You look in vain for the outlines of such a State. It was also claimed that with the Unification the cost of administration will decrease, but certainly I make bold to say that it has increased by 18 to 20 per cent and still the services are not happy and contented. About their tone and texture, less said the better.

When services, particularly, the Police and Revenue take away the lion's share of our revenues, what is left for the nation building and welfare activities. What have you done to raise the living standard of the masses. Crocodile tears and lip service will not carry you far. You cannot make people live on false hopes.

There is a lot of talk of our State being a Welfare State. Where is it ? What are its outlines. How does the Government intend to stop concentration of wealth in a few hands. What does the Government propose to do to raise the standard of living of the people; I ask you.

Different standards of administration and different laws still hold good in different parts of the unified province. Different standard of taxation prevail in different Divisions of West Pakistan. Taking the example of land revenue assessment, Peshawar and greater part of Dera Ismail Khan Divisions, pay at an average Rs. 3 per acre, Rawalpindi, Lahore and Multan Divisions pay Rs. 4-15-0 per acre, and Hyderabad and Khairpur Dvisions pay Rs. 7-11-0 per acre. I ask is this uniformity?

Mr. G.M. Sayed : (DADU DISTRICT: In Hyderabad Division it is Rs. 35 per acre.

Begum Tahira Agha : It is a disgrace, I should say. Financial allocation for nation building departments like Education, Health, Social Uplift, Industries, Agriculture, Communications or for Development plans, are token grants.

The problem of Education alone is a gigantic one. Literacy figures as a whole are hardly 10 per cent and female literacy is not even 3 per cent in the province. If you want to see democracy flourish in our country, you have got to educate your masses. Emphasis should be on primary and secondary education. We must also curb the tendency to fritter away huge sums on grandiose buildings and education of little practical use. The man in the street cannot afford to educate his children and that is the basic fault and the reason why we have such a lot of corruption in our society.

Lastly, Sir, I shall be failing in my duty, to my electorate, if I do not demand a fair share in the expenditure on Education for the education of women. We want more Schools, more Colleges, more Boarding Houses, more Scholarships, more Training Schools for Women Teachers, more Medical Colleges for Women, more Maternity Homes, more Child Welfare Centres, Industrial Homes and Widow homes at least in every District and Tehsil headquarters, if you cannot reach every nook and corner of this vast province of about three lakh square miles, so that our country may be able to walk shoulder to shoulder with other nations of the world. For this it is very necessary that the mother of the nation should be educated. If you educate a women you educate a family. I say, without the least fear of contradiction, that women are the most important factor of the country. We are 50 per cent of the country's population. And, therefore, we should be given top priority only next to Defence. There is a very good saying that "the hands that rocks the cradle rules the world".

مولوی محمد اسلام الدین (ضلع ملتان) جناب والا ۔ کل وزیر مالیات نے جو ۱۹۵۶-۵۷ء کا میزانیہ پیش کیا ہے اس کے متعلق میں نے ان کی تقریر کو بغور سنا ۔ چنانچہ اس کے متعلق میں اپنے فہم و فراست کے مطابق جس نتیجے پر پہنچا ہوں وہ میں جناب والا کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے بیان کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس میزانیئے میں جو کچھ بھی درج ہے وہ اظہرمن الشمس ہے اس کے اندر آبپاشی کے لئے ۔ صحت کے لئے ۔ تعلیم زراعت ۔ بجلی اور جنگلات وغیرہ غرض ہر محکمے کے لئے معقول رقم مہیا کی گئی ہے ۔ مختصراً یہ کہ رفاہ عامہ کے لئے آمدنی کے مطابق

جو کچھ بھی خرچ کیا جانا چاہئے تھا میرے خیال میں اس کے لئے نہایت موزوں اور مناسب انتظام کیا گیا ہے (تالیاں) ۔

جناب والا۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ یہ ایک سال کا بجٹ ہے اور اس میں ایک سال کا خرچ ایک سال کی آمدنی کے مطابق دکھایا گیا ہے لیکن اگر اس میں یہ دیکھا جائے کہ ایک ہی سال میں صحت ۔ ہسپتالوں ۔ تعلیم اور محکمہ بحالیات کو درست کرنے کا خاطر خواہ انتظام کیا گیا ہے اور دیگر امور کے لئے جو عوام‌الناس کے مفاد سے وابستہ ہیں چار پانچ مہینوں میں اس حکومت نے جسے برسر اقتدار آئے قلیل سی مدت ہوئی ہے جو کچھ کیا ہے وہ اگرچہ بظاہر مشکل اور نا ممکن نظر آتا ہے لیکن اس حکومت کے لئے باعث تعریف ہے ۔

جناب والا ۔ آج ہمارے سامنے پچھلے سالوں کا جو نقشہ موجود ہے ۔ اسے میں اپنے نظریے کے مطابق آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ہم مہاجرین نے اپنے خون سے پاکستان کے پودے کو سر سبز و شاداب کیا ۔ مسلم لیگ کے اشاروں پر اس کی نشو و نما کے لئے اپنی عصمتیں اور عزتیں لٹائیں اور حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کا قیام ہماری خانہ بربادی کا باعث بھی ہوا ۔ تاہم ہم نے اس کے قیام کو اپنی ہر مصیبت اور تکلیف پر ترجیح دی ۔ لیکن افسوس اس امر کا ہے کہ گزشتہ ساڑھے آٹھ سال یا نو سال میں جو حکومت بھی بر سر اقتدار آئی اس نے اس بے سرو سامان طبقے سے اچھا سلوک نہ کیا بلکہ اس پر ہر طرح ظلم و ستم روا رکھا ۔ اس نے جس طرح رشوت ستانی میں اضافہ کیا جس طرح بلیک کے نظام کو درہم برہم کیا اور جس طرح لوگوں کے مذہبی عقائد کو ایک دوسرے کے خلاف ابھارا یہ سب کچھ اظہر من الشمس ہے یہ سب واقعات اپنے اندر وہ غم کی ایک طویل داستان لئے ہوئے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں ایک اور چھوٹی سی بات آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ہم مہاجرین کو پناہ گزین کہا جاتا ہے ۔ یہ ایک غلط نظریہ ہے ہم پناہ گزین نہیں بلکہ صحیح معنوں میں مہاجرین ہیں میں دعوے سے کہتا ہوں کہ پاکستان کے پودے نے ہم مہاجرین کے خون سے نشو و نما پائی ہے اور پاکستان کی ترقی اور اس کا عروج بھی ہم مہاجرین کی قربانیوں کی وجہ سے ہی ممکن ہو سکا ہے ۔ اگرچہ یہ سب کچھ مسلم لیگ کے اشاروں پر ہوا ہے تاہم مہاجرین کی قربانیوں کو مسلم لیگ اور پاکستان سے جدا نہیں کیا جا سکتا ۔ اسی

ضمن میں میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں تقسیم ملک کے بعد ہی نہیں بلکہ اس سے پہلے بھی صوبائی مسلم لیگ کا ایک رکن تھا ۔ لیکن افسوس کہ مسلم لیگ جس کی بدولت پاکستان معرض وجود میں آیا اور جس کے لئے ہم نے اپنی عزتیں اور اپنی عصمتیں لٹا دی تھیں اور جس کے معمولی سے اشاروں پر ہم نے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہ کیا تھا جب اسے مہاجرین کی آباد کاری کے مسئلے سے دو چار ہونا پڑا تو ہمیں اسی مسلم لیگ ناعاقبت اندیشانہ پالیسی کی وجہ سے در بدر کی ٹھوکریں کھانی پڑیں اسی مسلم لیگ نے مالکان اراضی اور دیگر زمینداروں کو تو حقوق خود کاشت دلوائے مگر ہم مہاجرین کو آج تک یہ حقوق خود کاشت دلوانے سے قاصر رہی ۔

جناب والا—مسلم لیگ کا کردار جن طریقوں ۔ جن بہانوں اور جن ذرائع سے آج دن ہمارے سامنے نمایاں طور پر آ چکا ہے وہ کسی وضاحت کا محتاج نہیں ۔ ایوان ہذا کے معزز ممبران اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ مہاجرین نے گذشتہ نو سالوں میں کس قدر مصیبتیں اور آفتیں جھیلیں ۔ مگر اس کے عوض ہمیں دو دو ایکڑ اراضی دے کر ٹال دیا گیا اور مہاجرین کو اپنی زیست کا سامان کرنے کے لئے آج تک خود کاشت کے حقوق نہ دلائے گئے ۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ یہاں مقامی لوگ تو خود کاشت کر سکتے ہیں لیکن ہم مہاجر لوگ اس سے بالکل محروم ہیں ۔ جناب والا ۔ جب ایوب کھوڑو صاحب وزیر مال تھے تو انہوں نے یہ اعلان کرایا تھا کہ ماہ ۔ون سے پہلے کسی شخص کو زمین سے بے دخل نہ کیا جائے ۔ خواہ وہ کوئی ایسا شخص ہی کیوں نہ ہو جو بٹائی دینے سے انکاری ہو ۔ جناب والا یہ وہ کارنامے ہیں جن کی بدولت آج ہماری یہ حالت ہے

Mian Muhammad Shafi: On a point of information, sir. When an honourable member makes a palpably false statement what steps the House is going to take ?

Pir Ilahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : This is unparliamentary. Interruptions.

Mr. Speaker : You must withdraw these words.

Mian Muhammad Shafi : I substitute the word by "misleading". But, Sir, what is the remedy to stop such things ?

Mr. Speaker : The remedy lies only in your making a speech and clearing those misunderstandings. There is no other remedy.

مولوی محمد اسلام الدین—جناب والا ۔ ایک معزز رکن نے اس سے پہلے فرمایا تھا کہ یہ میزانیہ جو پیش کیا گیا ہے اس میں سوائے اس کے کہ عہد غلامی کی ایک یادگار ہے اور کچھ معلوم نہیں ہوتا ۔ ساتھ ہی وہ یہ فرماتے ہیں کہ مجھے ڈاکٹر خاں صاحب کی شخصیت پر پورا پورا اعتماد ہے اور مجھے

کلی طور پر ان سے اتفاق ہے میں ان کے اقوال اور افعال کا قائل ہوں ۔ یہ جناب والا پیشتر کہا جا چکا ہے لیکن میں مزید یہ بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ آج وہ ڈاکٹر خان صاحب کی شخصیت کے قائل ہیں ۔ ڈاکٹر خان صاحب کی موجودگی میں اور ان کے زیر قیادت ایسی چیزیں مرتب کرتے ہیں جو درست نہیں ۔ ان کو کلی اختیارات حاصل ہیں اس لئے آپ کا فریضہ یہ ہے کہ جب کوئی برائی دیکھیں تو ڈاکٹر خان صاحب کے نوٹس میں لائیں اور صاف کہہ دیں کہ آپ کی حکومت آپ کے وزیر یا آپ کے فلاں آدمی نے ایسا کیا ہے ۔

قاضی مرید احمد—پوائنٹ آف انفارمیشن ۔ حضور والا میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مولوی اسلام الدین نے میری تقریر کو غلط انداز میں پیش کیا ہے ۔

صاحب سپیکر—یہ پوائنٹ آف انفارمیشن نہیں ۔ اگر اس طریقہ سے مداخلت ہوئی تو کوئی تقریر ختم نہیں ہو سکتی ۔ مولوی اسلام الدین صاحب اگر کوئی غلط چیز پیش کر رہے ہیں اور آپ اس بجٹ کے دوران میں اس کے جواب میں تقریر کر سکتے ہیں تو کہیں یا اپنے کسی دوست سے کہہ دیں کہ وہ اس کی وضاحت فرمائیں۔

I have already said that there is no provision in the rules for raising a point of information. I do not know why Honourable Members are again and again raising points of information. There is no provision. I will not allow them.

دوسرا طریقہ یہ کہ جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے کہ آپ کسی صاحب سے کہہ دیں کہ وہ اسے صاف کر دیں اور اس غلطی کے بارے میں فرما دیں لیکن تقریر کے دوران میں مداخلت نہ کریں ۔

An Honourable Member: Do you know what is the point of Privilege.

Mr. Speaker: Please resume your seat.

Mr. Hashim Gazderi: A member can give a point of personal explanation.

Dr. Khan Sahib: Not during the speech.

Mr. Hashim Gazderi: At the end.

مولوی محمد اسلام الدین— جناب والا ۔ مہاجرین جن اس کو پاکستان کی مضبوطی اور استحکام میں بڑا دخل ہے ان کو آباد کرنے میں اور ان کے حقوق دلانے میں جو کچھ کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ حکومت نے ان کے کلیمز تسلیم کر کے ان کو کاغذات دے دئے ہیں مگر ابھی تک آباد نہیں کیا گیا ۔ اس کے بر عکس یہ ہوا ہے کہ کئی سابقہ وزیروں نے تھل میں اپنے نام چکوک آباد کرائے ہیں ۔ (شیم شیم کی آوازیں) اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو زیادہ سے زیادہ ٹیوب ویل سکیم والی زمینیں الاٹ کر دی ہیں اپنے لئے ، اپنے عزیزوں اور اقربا کے لئے اور سیاسی رشوت دینے کی غرض سے جو کچھ امداد ہو سکتی تھی اس حکومت نے کی ۔ اب ہم نے دیکھ لیا ہے، پرکھ لیا ہے اور ۸ سال کی حکومت کا اچھی طرح سے جائزہ لیا ہے ۔ اس کے بعد میں ایک بات میں واضح کر دینا

ضروری سمجھتا ہوں کہ جس علاقہ سے میں منتخب ہوکر آیا ہوں وہاں میں نے ایک تھانے دار کے خلاف شکایت کی - ڈپٹی کمشنر سے کہا - ایس پی سے کہا - صوبہ مسلم لیگ کے صدر سے کہا اور اس کے بعد چیف منسٹر صاحب سے کہا - اس واقعہ کو آپوزیشن کے ایک معزز رکن نے ہاؤس کے سامنے پیش کر دیا اور میں نے تائید کی لیکن اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا - جناب والا - الحق مراً سچی بات کڑوی ہوتی ہے - جس شخص نے یہ کام کیا تھا خدائے قدوس نے اس پر مقدمہ بنوایا اور آج وہ جیل میں دو سال کی سزا بھگت رہا ہے اس کے علاوہ میں کچھ حقائق آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں لیکن کسی دوسرے وقت عرض کرونگا -

جناب والا - میں نے ذاتی طور پر بڑے تلخ تجربات حاصل کئے ہیں ان کی بنا پر اس ایوان میں آپ کی وساطت سے یہ چیز عرض کر دی ہے - اب چونکہ وقت نہیں اس لئے میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں -

ایک معزز رکن — کیا ان رقبوں کا فیصلہ ہو گیا ہے (شور)

مولوی محمد اسلام الدین— جناب والا - میں یہ بھی واضح کر دوں (شور) -

قاضی مرید احمد — حضور والا - مولوی اسلام الدین صاحب نے اپنی تقریر میں میرے متعلق ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جو بالکل غلط ہیں - میں وضاحت کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک ڈاکٹر خان صاحب کی شخصیت کا تعلق ہے ان کی ذات اس سے بالا تر ہے -

مگر اس کے ساتھ میں نے یہ وضاحت کر دی تھی کہ ان کی پارٹی نے جو رکاوٹیں پیش کیں وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں (شور اور قطع کلامیاں) - آوازیں - وہ تقریر کیوں کر رہے ہیں

He cannot make a speech.

صاحب سپیکر — میں نے ان کو کہہ دیا ہے -

قاضی مرید احمد— حضور والا - دوسرے حضرت مولوی صاحب نے فرمایا ہے کہ جو کچھ ڈاکٹر صاحب کریں اسے صحیح تسلیم کر لیا جائے - حضور والا ایک مچھلی سارے جل کو خراب کرتی ہے (قطع کلامیاں) -

مولوی محمد اسلام الدین — میں نے یہ بالکل نہیں کہا کہ جو کچھ وہ کریں اسے صحیح تسلیم کر لیا جائے ۔

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER): Let me inform honourable members that all his life Dr. Khan Sahib has been acting according to his conscience. You know him too well.

Rana Gul Muhammad Noon : Why not "I"?

Dr. Khan Sahib : Let me also tell you that I have come to this show to remove from Pakistan all these crooks who are a disgrace to Pakistan.

Rana Gul Muhammad Noon : You are a crook.

Dr. Khan Sahib : I repeat "crooks".

Mr. G. Allana : I rise on a point of privilege. I want to know from you as Speaker whether the use of the word "crook" in reference to any member if the House is parliamentary or not.

(At this stage Sardar Abdul Hamid Khan Dasti rose to speak).

Mr. G. Allana : I hope at least the Honourable Ministers know that there cannot be two members on their at one and the same time.

Sardar Abdul Hamid Khan Dasit : I rise on a point of order.

Mr. G. Allana : There cannot be any point of order on a point of order. At least the Ministers should know it.

I ask a simple question of privilege, and I want your ruling on it. It is this. Is the use of the word "crooks" in this Honourable House Parliamentary or Unparliamentary, and if it is unparliamentary, will you then ask the Chief Minister to withdraw it and apologise.

Sardar Bahadur Khan : May I say a word on a point of privilege.

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : Sir, I rise on a point of order.

Voices: Sit down.

Voices from Treasury Benches : He rose earlier.

Mr. Speaker : But he did not catch my eye.

Khan Sardar Bahadur Khan : If you maintain that this word is parliamentary, I maintain that it is not. But apart from that I did not expect a phrase like that to drop from the lipes of an elderly man like the Chief Minister and I beg of him to withdraw it.

Mr. G. Allana : No, I do not beg but I demand as a right that he should withdraw this word.

Khan Sardar Bahadur Khan : If everybody is a crook, it is his duty to reform him.

Mr. Speaker: I have understood the point of privilege. Let me explain. My opinion is that the word "crook" cannot be used in Parliament against any honourable member of this House, but if it is used for crooks generally it is not unparliamentary.

Mian Muhammad Shafi : On a point of order. Can a member of this House whilst sitting on the floor of this House refer to others outside the House ?

Mr. Speaker : Yes.

Mr. G. Allana : Arising out of your ruling, would you then ask the Chief Minister whether by the use of the word "crook" he referred to any honourable member sitting on this side of the House.

Voices from Treasury Benches : No, no.

Mr. G. Allana : I want the Ministers to understand that there are members who cannot be cowed down.

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER): My exact words are I have come to this show to remove all the crooks from Pakistan who are disgrace to Pakistan.

Mr. Speaker : You did not refer to any member of this House.

Dr. Khan Sahib (CHIEFMINISTER): I did not mean anybody, unless he thinks he is a crook.

Mr. G. Allana : It takes a crook to catch a crook.

Mr. Speaker : This is definitely unparliamentary. I direct it be removed from the record.

Pir Ilahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : He must withdraw these words.

Mr. M. H. Gazdar : Are we not all Pakistanis. This House is part of Pakistan. If he says that he does not include the honourable members of this House, it is alright, but if he includes them.

Mr. Speaker : He did not refer to honourable members.

Mr. M. H. Gazdar : But he has not said so.

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER): I did not mean anybody. I said, I have come to this show to remove all the crooks from Pakistan. It does not mean anybody. If anybody thinks so, it is not my fault.

A Member from Treasury Benches : Sir, you have directed Mr. Allana to withdraw his remarks about us. He has definitely called us crooks, while the Chief Minister has only said that he is here to remove the crooks from the entire Pakistan. Do my friends here suggest that there are no crooks in Pakistan.

چودھری فیض احمد—صاحب صدر میں درخواست کروں گا کہ آپ اپنے رولنگ پر نظرثانی فرمائیں اس کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص یہ کہئے کہ crooks سے میری مراد پاکستان کے crooks سے نہیں تھی تو میں یہ عرض کرونگا کہ یہ اسمبلی بھی پاکستان میں ہے لہذا ہم بھی اُن میں شامل ہو جاتے ہیں —

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, on a point of privilege I request you to ask the Chief Minister to make a categorical statement that while he was using the word "crooks" he did not mean any member of this Honourable House.

(Interruptions)

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, I request you to protect the privileges of this honourable house.

Mr. Speaker : Order, order, Please resume your seat. Otherwise I will have to use my powers. I have to preserve order in the House.

Khan Sardar Bahadur Khan : We are law abiding people. Order is maintained in the House.

Mr. Speaker: No member of this House can challenge any decision of the Speaker. If it is not possible to maintain order in this House we can very well adjourn the House.

Mr. M. H. Gazdar : We have not come here to be abused.

Mr. Speaker : The Chief Minister has already said that when he was using the work 'crooks' he was not casting any reflection on any member of the House.

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, you are custodian of the privileges of this House. I would request you to ask him to withdraw these words.

Mr. Speaker : He has already said that he has not used these words in reference to any member of the House.

(Interruptions and uproar)

Mr. Speaker : Order, Order. Please stop interruptions; otherwise I will have to name you and turn you out.

I think the explanation given by the Leader of the House is sufficient and the use of that word did not cast any reflection on any member of this House, but the word 'crook' used by Mr. Allana must be withdrawn.

Mr. M. H. Gazdar : He will not withdraw it unless the Chief Minister makes it clear that he did not use the word for any member of this House.

Mr. Speaker : My ruling is that the Chief Minister's explanation is sufficient and does not bring that word into the orbit of unparliamentary expression. My further ruling is that Mr. Allana's use of that word is unparliamentary and I order him to withdraw it.

Mr. G. Allana : Mr. Speaker, I want to explain myself.

Mr. Speaker : You must withdraw the word.

Mr. G. Allana : I am withdrawing it, but I must be permitted to explain.

Voice : He should first withdraw the word.

Mr. G. Allana : I do, but I must explain it Mr. Speaker, in deference to your ruling I withdraw the word 'crook', but I will explain why I withdraw it. You have explained the reasons that prompted the use of the word 'crooks by the Chief Minister. You have said that he never intended the word 'crooks' for any honourable member of this House. When I used the word, I was under the impression that he was referring to the members of this House. I am satisfied that the use of the word does not reflect on the character of any member of this House. Now, what I have said will only mean that there are crooks outside this House and they have to be set in order to go and see crooks who are outside.

(Interruptions)

Mr. Speaker : Yes Mr. Nasir A. Shaikh.

Mr. Naseer A. Shaikh (SIALKOT DISTRICT) : Mr. Speaker, Sir, my friend Mr. Allana has very ably commented on the Budget and I would not like to go into details, but I must say that I am surprised to find that it has been necessary for the Finance Minister to include such items as capital income under revenue receipts in order to balance his budget. I am certain that Hon'ble the Finance Minister would listen to me dispassionately and try to rectify and avoid in future certain mistakes which in the past the Government have made and if he does so I may be able to make some useful and constructive contribution.

Sir, unless the development programme of our country is taken up seriously and unless it is kept above political issues, I think our country is doomed and, God forbid, doomed for ever.

Sir, I will not take much time of the House, but I must say something about the Thal and I say so from my personal knowledge and experience. It is a matter of common knowledge that the Thal Development Authority was set up with the specific purpose of colonisation. That was the idea but what has actually happened ? The Thal Development Authority took a decision that instead of colonisation, there will be industrialisation. It was thought that industrialisation will automatically result in colonisation. Thus hoping that sugarcane would grow in the Thal in abundance, a sugar mill was put up at Jauharabad and today when all hopes of the Thal Development Authority have

proved false and very small quantity of sugarcane is available, I know that the Managing Agents of the said mills are seeking Government permission to transfer the factory to some other place whose sugarcane is available.

Then, Sir, in spite of the warnings given by the Central Government and in spite of warnings given by others, the Government decided to set up Textile Mills in the Thal Area. Everyone knows that Thal is not suitable for the plantation of cotton on a large scale. Such industries were stated to be set up with a special purpose; to augment the income of Government but if the factories are set up in wrong places and with political purposes in view, naturally there will be no addition to government revenue but loss of revenues. The practice of including income from sale of land in revenue is most dangerous thing to do. If income which is not recurring is included in revenue, certainly you will be in difficulties sometime, if not today. You can deceive people by jugglery of figures, but not for too long.

Sir, I can prove from facts and figures that before partition, areas now included in the province of West Pakistan used to supply annually 1·8 million bales of cotton. After partition everybody tried; legislation was enacted; Central Government gave assurances; the Provincial Governments spent large sums of money on the expansion of cotton crop, but what is the result? The Central Government set the target at 2·5 million bales per annum to be achieved within three years, but nothing has been done so far and the size of the crop remains at most the same as it was at the time of the creation of Pakistan.

Sir, something should be done for agricultural development. That is the backbone of our economy. Unless we take some specific action in this direction, we cannot increase the standard of living of the people. Unfortunately, in the modern civilisation in which we are living, we talk about the 'standard of living of man' but we forget man himself. That is what is happening in our country. Instead of paying due attention to the development programmes and social reconstruction, a major part of the finances is spent for political purposes. Government money which ought to be used on development funds is spent on political issues. If these things are not stopped the country cannot progress. On the other hand this will ruin the country and the nation. What is our international reputation today?. I would make it clear that such things pain me. The very basic object for which the country was set up is being ruined, and so shamelessly. I am not criticising one individual or another. I am saying this in all seriousness. If you allow me I will narrate a لطیفہ in urdu :—

,,ایک پٹھان دعا مانگ رہا تھا ''یا اللہ میرا خرچ بڑھادے کسی میرے جیسے نے کہا ارے بیوقوف تو آمدنی بڑھانے کی کوشش کر ورنہ خرچ کیسے بڑھائے گا اس نے کہا اگر اللہ میرا خرچ بڑھائے گا تو آمدنی بھی ضرور بڑھائے گا۔

I am afraid the policy or atleast the approach of Government to financial matters seem to be the same as that of the Pathan. For Gods sake, change it and do something to increase country's revenue s so that more and more can be spent on development and efforts made to raise the lot of the common man.

Then Sir, in the development programme we have the basic requirements of electricity. The Government has failed completely to do anything for supplying electricity at cheap rates. I know, the responsibility will conveniently be shifted to the Central Government. But what has the West Pakistan Government been doing for the past seven months, after the inauguration of West Pakistan. The responsibility now rests on their shoulders. We will have to start a number of projects. We heard shuch a lot about the "Power and Project Authority" why has this not been set up. Is the party in power too busy with their power

politics? There is no indication that there is a desire for making a serious effort on the part of the Government to take the necessary steps in this direction. They have got political ends in view and want to seize power. It makes little difference, whether the Muslim League is in power or some other party is in power. Let us work. That is what the country wants. It is no use snatching one member from this side to the other and claiming a majority. Improve the country's standard of living. Today a party consists of 151 members. Tomorrow somebody leaves and it may again turn into a minority. If this game of power politics goes on the country will be ruined. We cannot be sure of the future because the moral values of our people are wrong. They attach too much importance to Ministries, money and power. Sir, my point is this that unless we make serious efforts to increase our revenues the standard of living of our people can never improve. And this can only be done by following up seriously our development plans.

About Education the Hon'ble the Finance Minister has said that a very big portion of the total income would be spent on Education. Unfortunately my experience is different. I, as a Senator of a University know that the University is always starved of funds. I remember that there was a time when the University was at the point of liquidation because of the lack of funds. We have got to set a strong foundation so that our economy is sound and the standard of living of the people goes up. And that is the only sure way by which the people will forget the lust for power. The lust of becoming Ministers. Because they know that they can misuse development funds. By education, people would not let them misuse development funds.

It is unfortunate that no time was given and I have not even looked at the Budget, not to the extent to which I should have. It is difficult for me to make any detailed comments.

The Hon'ble, the Finance Minister said in his Budget speech that an Enquiry Committee has been set up to go into the future policy of the Thal Development Authority. May I know from the Finance Minister whether that Committee has submitted its report. To my knowledge it has not. Now what is the use of such Committees? Let us work and work hard. Let us make a national determination that so far as the country is concerned, we shall be a nation. The present state of affairs is that one party comes into power today and a few months later another party comes into power. This will ruin the country's interests. One thing more I would like to say; that no Government should interfere with the services.

(**Opposition Benches** : Shame, shame).

It is the services who run the country and it is the politicians who should give the policy. Unfortunately our politicians have no policy. They want to interfere in the work of others. They have no time to attend to nation building activities which is their real duty but they keep themselves busy in the personal affairs of services so as to achieve their political ends. They have political ends in view. They have the lust to become Ministers; therefore services are interfered with. The only thing they are interested in is that 10 or 12 acres of land should be given to such and such M. L. A. to seek his vote. I wish incentive for action of the Minister s should be the raising of standard of living of the people and setting right moral values.

Sir, I would like to repeat that something should be done immediately for the development of electric power in West Pakistan. Power and Project Authority should be set up, secondly serious effort should be made to increase e cotton crop of West Pakistan. If we produce more silver fibre, we would increase our national income.

Sir, there is another method of increasing the revenue and that is to stop wastage, to stop unnecessary expenditure. If you have a certain income and you

do not plan expenditure, the result is wastage. Wastage also comes out of favouritism. There can definitely be a method by which wastage can be stopped and if it has been possible to stop wastage, revenues are bound to go up automatically. On the integration of different provinces into one unit, there have been certain reductions in expenditure but the saving is not enough. If there is no economy in expenditure, if the number of Ministers cannot be reduced, and if the number of Ministers here is more than the total number of Ministers of the former Provinces, you cannot increase revenues. Therefore, I would suggest that to increase revenue one has to increase the income by effective methods, methods which are useful and on which immediate action can be taken because development is likely to take time. You cannot get the results of development overnight but wastage can be stopped forthwith. I know there is wastage of water. No proper steps are taken to have the beat utilisation of our national water resources. Experts are not allowed to apply their mind to such serious problems since their working is interfered with.

These are the points that I wanted to make, Sir, in general and if I get an opportunity again after having studied the budget in more details, I would like to substantiate my general observations by facts and figures.

(Excellent speech hear, hear).

خان صفی اللہ خان (ضلع پشاور) - جناب صدر میں بجٹ پر زیادہ کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں - اس لئے کہ میں figures اور letters سے بہت گھبراتا ہوں یہی وجہ تھی کہ جب میں انٹرنس پاس کر چکا تو مجھے بہت خوشی ہوئی کہ مجھے اس سے نجات ملی - یہ جنکا کام ہے وہ کرینگے میں تو جنرل ایڈمنسٹریشن اور دنیا کی اور دوسری چیزوں کے متعلق کچھ عرض کرونگا - عرض ہے کہ ہم بڑی امیدیں لیکر پرانے پنجاب میں آئے تھے -

Mian Muhammad Shafi :—On a point of order .Sir. He knows that no Province of the Punjab now exists.

خان صفی اللہ خان - آپکو معلوم ہونا چاہئے کہ میں نے پرانا پنجاب کہا تھا - آپ سنتے نہیں آپ کو میری ہر بات خوامخواہ الٹی نظر آتی ہے-

صاحب سپیکر - آپ انکو جواب مت دیجئیے - آپ اپنی تقریر جاری رکھئے -

خان صفی اللہ خان - عرض یہ ہے کہ ہم جب یہاں آئے تو یہ خیال لیکر آئے ہم بہت کچھ سیکھینگے لیکن جو کچھ میں نے دیکھا میں اس پر شرمندہ ہوں - I am ashamed of that عام طور پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ ہم نے عجیب طریقے سے اور مختلف ذرائع سے لوگوں کو اپنانے کی کوشش کی میں آپکی خدمت میں عرض کرونگا کہ مسلم لیگ پارٹی نے

ایسے ایسے کام کئے ھیں کہ اگر میں کہوں تو آپ کو شائد یہ کہنا پڑے کہ سب unparliamentary ھے۔ ایسی چیزیں ھوئی ھیں کہ جنکا میرے خیال میں ھر ایک کو علم ھے خواہ وہ ھم سے ھو ان میں سے ھو یا عوام سے ھو۔ سب جانتے ھیں کون کون سے طریقے اور methods use ھوئے۔ مجھے بھی اسکا علم ھے۔ الانا صاحب نے کہا کہ عوام کا معیار زندگی بلند کرنا چاھئے۔ میں عرض کرونگا کہ انکے ذھن میں یہ نہیں ھے کہ اسکے لئے کیا ابتدائی اقدامات کئیے جائیں البتہ بازار میں قیمت خرید و فروخت کم کرنا تو انکے ھاتھ میں ھے۔ حزب مخالف میں ایسے لوگ ھیں جو بڑے ,,انڈسٹریلسٹ،، ھیں۔ بڑے تجار ھیں۔ جنھوں نے بہت کچھ کیا اور جو ھمارے خون پسینہ سے بنائی ھوئی چیزوں کی دوگنی تگنی قیمت لیتے ھیں چاھئیے تو یہ تھا کہ جو چیزیں ھمکو انگریز کے زمانہ میں جس قیمت پر میسر ھوتی تھیں کم از کم یہ اس قیمت پر ھم کو دیں۔ ایک چیز کی تیاری پر جتنا خرچ ھوتا ھے یہ اس سے کتنا زیادہ منافع لیتے ھیں اگر پچاس فیصدی بھی پرافٹ لیں تو میں دینے کےلئے تیار ھوں کیونکہ ھم اسکے عادی ھو چکے ھیں لیکن اگر یہ محب الوطن ھیں عوام کا انکے دل میں درد ھے تو انہیں دس فیصدی سے زیادہ منافع نہ لینا چاھئے۔ ھمیں اس بات کا اعتراف ھے کہ ھماری طرف عام طور پر وہ لوگ ھیں جو غریب ھیں جو پڑھے لکھے نہیں ھیں جو صحیح معنوں میں منتخب ھو کر آئے ھیں اور اسطرف صرف ایسے لوگ ھیں جو پیسے کے زور سے بھی آسکتے تھے میں یہ نہیں کہتا کہ وہ کون سے ھیں اور کون سے نہیں ھیں مجھے یہ بھی معلوم ھے کہ بہت سے لوگ ایسے ھیں کہ وہ رھتے ھیں ایک جگھہ سے کئی سو میل دور لیکن وہ Select (منتخب) ھو جاتے ھیں ھماری قوم ھم سے توقع کرتی ھے کہ ھم انکی خدمت کریں۔ ذرا غور فرمائیے ایسے لوگ کبھی بھی عوام کی خدمت کر سکتے ھیں۔ کبھی بھی نہیں۔ وہ لوگ جو الیکشن election کے لئے مختلف و نامناسب ذرائع اختیار کرتے ھیں۔ Interruption مداخلت

صاحب سپیکر Please do not interrupt آپ تقریر جاری رکھئے۔

خان صفی اللہ خان — عرض یہ ھے کہ یہ ایک قانونی سقم ھے اور انھوں نے اسے اسوجہ سے نظر انداز کر رکھا ھے کہ کسی شخص کو کسی وقت بھی شامل کر سکتے ھیں اور وہ شخص بعد میں election لڑ سکتا ھے۔

ایک آواز — یہ کسکا قصور ہے -

صاحب سپیکر — آپ اپنی تقریر جاری رکھئے -

خان صفی اللہ خان — میں پہلے عرض کردوں کہ میں سیاست دان نہیں ہوں لیکن یہ مجھے interrupt کرتے ہیں -

صاحب سپیکر — نہیں کوئی مداخلت نہیں کریگا -

خان صفی اللہ خان — ہمیں عوام کی خدمت کرنی چاہئیے میں اپنے حزب مخالف کے بھائیوں سے عرض کرونگا کہ ہمیں لمبی لمبی تقریریں نہیں کرنی چاہئیں اسطرح تقریروں سے ہم عوام کی خدمت نہیں کر سکتے - عوام کی خدمت کرنے کے لئے ہمیں انکے سامنے جانا چاہئیے انکی تکالیف معلوم کرنی چاہئیں اور انہیں دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے -

اب میں کچھ مہاجرین کے متعلق عرض کرونگا - ۱۹۴۷ء کے بعد کے واقعات کا مجھے علم ہے مجھے معلوم ہے کہ کیا خرچ ہوا اور کسطرح خرچ ہوا لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ آجتک آباد نہیں ہوئے - مہاجرین کا مسئلہ سب سے اہم ہے ایک آزاد ملک اسوقت تک آزاد نہیں ہے جبتک اس کے عوام کو سر چھپانے کے لئے جگہ - کپڑا اور کھانے کے لئے روزی مہیا نہ ہو جائے خواہ وہ جو کی روٹی ہی کیوں نہ ہو میں یہ نہیں کہتا کہ پلاؤ زردہ ہو - گو میں دیہات کا رہنے والا ہوں لیکن اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ ہر ایک آدمی کو روٹی خواہ وہ باجرے ہی کی ہو ضرور ملنی چاہئیے لیکن یہ نہ ہو کہ ایک جگہ تو بہت اچھی چیزیں ہوں اور دوسرے فاقوں مر رہے ہوں - یہ نہیں ہونا چاہئیے - جس حکومت کا میں ساتھ دے رہا ہوں میرا فرض ہے کہ اس حکومت کی توجہ اسطرف مبذول کراؤں -

حضور والا — میں نے اس بجٹ کو تھوڑا بہت پڑھا بھی ہے اس میں بہت کچھ درج ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے بہت کچھ کیا جا چکا ہے مگر میں اس سے مطمئن نہیں ہوں - ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے - اس لئے میں ہرگز ہرگز اس بجٹ سے مطمئن نہیں ہوں - اگر وزرائے کرام اس سے مطمئن ہیں تو وہ مجھ کو بھی اطمینان دلائیں - میرے خیال میں انہیں چاہئیے کہ وہ مزید کوشش کرکے اس بجٹ کو better بنائیں -

دوسرے میں ایک اور چیز بھی عرض کرنا چاہتا ہوں - یہاں ایوان میں بعض قبائلی بھی موجود ہیں اور میں خود بھی ایک قبائلی ہوں

اگر چہ مجھے اپنے کاروبار کے سلسلے میں زیادہ تر ادھر رہنا پڑتا ہے تاہم میرا گھر قبائلی علاقے میں موجود ہے۔ اس لئے مجھے قبائلیوں سے قدرتاً ہمدردی ہے۔ ویسے بالعموم مجھے ایوان کے سب طبقوں سے محبت اور ہمدردی ہے لیکن قبائلی لوگوں کے متعلق مجھے یہ احساس ہے کہ وہ بیحد پس ماندہ(Backward) ہیں اور انگریزوں نے اپنی خصوصی مصلحتوں کے باعث ہم قبائلیوں کو دیدہ دانستہ تعلیمی لحاظ سے پس ماندہ رکھا تھا مگر افسوس ہے کہ وہ tendency ابھی تک موجود ہے۔ اس tendency کو چھوڑ کر میں اب قبائیلی لوگوں کو تعلیم یافتہ بنانا چاہئیے۔ اسکے علاوہ ہم قبائیلی لوگ میڈیکل اور طبی سہولت سے بھی محروم ہیں جن سے Settled Areas کے باشندے فیض یاب ہوتے ہیں۔ اگر ہم میں سے کسی کو کوئی زخم آ جائے تو کہا جاتا ہے کہ جانور کا گوشت کھا لو زخم اچھا ہو جائے گا۔ حالانکہ Settled علاقوں کے لوگوں کو انگریزی ادبیات سرکاری خرچ پر سرکاری ہسپتالوں سے سرکاری ڈاکٹروں کے مفت مشوروں پر مہیا کی جاتی ہیں اس سلسلے میں ادویات کی بلیک مارکیٹ کا بھی مجھے احساس ہے اور میں اپنی صوبائی حکومت کی وساطت سے سنٹرل حکومت سے استدعا کرونگا کہ وہ کم قیمت پر ادویات مہیا کرنے کے انتظامات کرے اور قبائیلی علاقوں میں طبی اور میڈیکل سہولتیں بہم پہنچائے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹروں کو بھی ہدایت کرنی چاہئیے کہ وہ خواہ مخواہ پیٹنٹ دوائیں مریضوں کو نہ بتایا کریں کیونکہ اس سے بلیک مارکیٹ بڑھتی ہے اور ادویات کھلی مارکیٹ سے نایاب ہو جاتی ہیں۔ لوگوں کو بھی چاہئیے کہ یونانی دوائیں استعمال کریں اور حکومت کو اس طریقہ علاج کی بھی سرپرستی کرنی چاہئیے اگر چہ اتنا effective نہیں لیکن سستا اور آسانی سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

جناب والا—اب میں آپوزیشن کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ اس کے ممبروں کو چاہئے کہ وہ constructive ideas دیں جن سے نیشن کی تعمیر و ترقی ہو ورنہ تخریبی نقطہ چینی قوم کو بھی تباہ و برباد کر دے گی۔ یہ کام ''شیم شیم،، کہنے ''ہوں ہوں،، کرنے یا ''ہاں ہاں،، کرنے سے نہیں ہوگا۔ بلکہ تعمیری تنقید سے ہو سکے گا۔ آپ حکومت کو ویسے سمجھائیں کہ اس میں فلاں خامی ہے۔ فلاں کمی ہے۔ یہ غلطی ہے۔ وہ نقص ہے۔ فلاں کام یوں کرنا چاہئے وغیرہ وغیرہ۔ اور حکومت کو بھی چاہئے کہ وہ اپنی خامیوں کو مان لے اور اصلاح حال کی کوشش کرے۔ آپوزیشن ہم سے بجا طور پر پوچھ سکتی ہے کہ Why are you sitting on those benches? ہمارا

فرض ہے کہ ہم آپوزیشن کو اطمینان دلائیں ۔ اس وقت دونوں پارٹیاں کوشش کر رہی ہیں کہ اپنے اپنے ووٹوں میں اضافہ کر لیں ۔ اور زیادہ سے زیادہ ممبروں کو اپنی طرف کھینچ لیں یہ کوئی ناجائز بات نہیں ہے ہر پارٹی ایسی کوشش کیا کرتی ہے اس گناہ کے کرنے والے گردن زدنی نہیں قرار دئے جا سکتے بشرطیکہ جائز وسائل اختیار کئے جائیں ۔ میں خود بھی ڈاکٹر خان صاحب کے خلاف ہوا کرتا تھا جبکہ وہ ریڈ شرٹ پارٹی کے ممبر تھے ۔

(رانا گل محمد نون ۔ وہ اب بھی ہیں .....)۔

خان صفی اللہ خان — میں مسلم لیگی تھا اور اب بھی ہوں ۔ میں نے حال میں ہی ری پبلکن پارٹی کو جائین کیا ہے کیونکہ مسلم لیگ پر ایسے لوگوں کا قبضہ ہو گیا تھا جو کہ خود غرض ہیں ۔

(رانا گل محمد نون ۔وہ اب مسلم لیگ چھوڑ گئے ہیں ....)۔

خان صفی اللہ خان — میں نے خواجہ ناظم الدین کی اس وقت مخالفت کی تھی جبکہ انہوں نے مسلم آئیڈیالوجی کی قرار دادیں ایجنڈا پر ہی لیں تھی اس بات کی شہادت چودھری صاحب دیں گے جو کہ پاکستان مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری تھے ۔ لیکن اب میں اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ میرا بڑے بڑے لوگوں میں شمار ہو ۔ بلکہ میں تو ایک ادنیٰ قومی خادم ہونے پر ہی فخر کرتا ہوں ۔ مجھے ڈاکٹر خان صاحب پر اعتبار ہے کہ وہ ایمانداری سے قوم کی خدمت کریں گے ۔

جناب والا ۔ اب میں ایک بات مستورات کے متعلق بھی کہنا چاہتا ہوں ۔ یہاں ایک لیڈی ممبر موجود ہوں گی جن کو میں پوری طرح تو نہیں پہچانتا لیکن ان کی آواز پہچان سکتا تھا ۔ وہ واقعی قومی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں اور دوسری مستورات کو ان کی تقلید کرنی چاہئے جو کہ محض اس لئے پبلک لائف میں داخل ہوتی ہیں کہ (ایک آواز ۔ تاکہ وزیر بن سکیں) ہاں وزیر بھی بن سکیں اور سوسائٹی میں کوئی اونچا اور بلند مقام حاصل کرسکیں ۔ قومی خدمت میں نہیں ان کا دماغی لیول اتنا اونچا ہوتا ہے وہ عوام سے کوئی رابطہ ہی نہیں رکھتیں ۔ بعض شریف آدمی بھی یہی ذہنیت رکھتے ہیں ۔ میں اکیلی خواتین کو الزام نہیں دیتا ۔ مگر میرا مطلب یہ ہے کہ ہمیں اپنا اخلاق بلند کرنا چاہئے ۔ جب تک ہمارا اخلاقی معیار بلند نہیں ہوگا ۔ قوم ترقی نہیں کر سکے گی ۔ معاف فرمائیے گا بجٹ کی جنرل ڈسکشن میں اخلاقی بحث جائز طور پر چھیڑی جا سکتی

ہے - قرون اولیٰ میں مٹھی بھر مسلمانوں نے اپنی اخلاقی برتری کے باعث دنیا جہان پر قبضہ کر لیا تھا - مگر ہم وعدے کر کے خاص طور پر قومی مفاد کے وعدے کر کے منحرف ہو جاتے ہیں - قوم کے نام پر کئے ہوئے وعدوں سے پھر جانا بری بات ہے - اس کی پاداش میں مسلم لیگ کو ذلیل اور برباد کیا جا رہا ہے - مجھے یہ دیکھ کر دکھ ہو رہا ہے کیونکہ میرے ریشے ریشے میں مسلم لیگ کا خون ہے - میرے بدن کے ریشے ریشے میں مسلم لیگ کی ہمدردی کا خون جوش مار رہا ہے - میں اس کو اس قدر ذلیل اور برباد ہوتے نہیں دیکھنا چاہتا تھا مگر میں ری پبلکن پارٹی سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ ان events کا سد باب کرے گی اور ان نقائص کو رفع کرے گی جو مسلم لیگ میں پیدا ہو گئے تھے -

رانا گل محمد نون _ Old wine in new bottles

خان صفی اللہ خان — ایوان میں پرسنل نہیں ہونا چاہئے - مگر جو صاحب مسلم لیگ کی طرف سے اتنا لچکتے اور پھدکتے ہیں انہوں نے خود ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جو اگر ہم جیسے جاہل پٹھان بھی استعمال کرتے تو شاید قابل معافی ہوتے کیونکہ ہمیں نعم البدل کے طور پر بہتر لفظ شاید نہ ملیں مگر ان جیسے قابل اور تعلیم یافتہ اصحاب کو یہ لفظ زیب نہیں دیتے - with due deference to him میری یہ درخواست ہے - وہ منظور کریں یا نہ کریں یہ ان کی مرضی - اگر منظور کریں تو بہت اچھی بات ہے - عرض یہ ہے کہ ہم ری پبلک پارٹی میں کیوں شامل ہوئے ہیں میں اس بات کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا کیونکہ مسلم لیگ میں بہت سے ارکان جو بیٹھے ہوئے ہیں ان کے متعلق میں کچھ کہنا نہیں چاہتا کیونکہ I have got the greatest regard for them یہ انہی سے پوچھنا چاہئے -

اس کے علاوہ میں اپنی بہنوں سے ایک درخواست کرنا چاہتا ہوں اور وہ اس لئے ضروری ہے کہ میں نے اس کی بابت ایک ریزولیشن پیش کیا ہے - ہمیں ان کے بےپردہ رہنے پر ذرا بھر افسوس نہیں بلکہ ہمیں خوشی ہے کیونکہ اس طرح وہ قومی ترقی کے کاموں میں مدد و معاون ہو سکتی ہیں - میں نے خود الور میں دیکھا ہے کہ وہاں خانزادوں راجپوتوں اور میوں کی عورتوں میں بڑا فرق تھا - خانزادوں اور راجپوتوں کی عورتیں کھیتوں میں جا کر کام نہیں کرتی تھیں لیکن ان کے برعکس میوں کی عورتیں ایسا کرنا ضروری سمجھتی تھیں اور وہ کھیتوں

میں جاتی تھیں یہی وجہ تھی کہ میو وہاں زیادہ مالدار تھے - اگر ہماری عورتیں قومی کاموں میں ہمارا ہاتھ نہ بٹائیں تو ہم ترقی نہیں کر سکتے - میں ان کی بے پردگی کا مخالف نہیں ہوں البتہ میں یہ ضرور محسوس کرتا ہوں کہ کلام مجید میں یہ جو آیا ہے کہ وہ اپنی زینت کا اظہار غیر مردوں کے سامنے نہ کیا کریں اس پر ان کو ضرور پابندی کرنی چاہئے - ان چند الفاظ کے ساتھ I resume my seat -

میاں منظور حسن (ضلع گوجرانوالہ) : جناب والا! ہم مشتاق تھے کے بجٹ کے دوران میں ہمیں ان مواعید کے ایفا کا ثبوت مل جائیگا جن کی نسبت ہمارے راست گفتار وزیر اعلے پے در پے اقرار کرتے رہے ہیں - جب وزیر مالیات نہائت محنت سے اپنے لب و زبان سے نوچ نوچ کر الفاظ جدا کر رہے تھے تو ہم یہ سننے کیلئے بے چین تھے کہ کون کون سی نئی راہیں ملک سے بےکاری بیماری اور جہالت دور کرنے کے لئے کھولی جا رہی ہیں لیکن افسوس ہے کہ ہماری یہ خواہش پوری نہ ہو سکی - ڈاکٹر خان صاحب سے جب کسی نے پروہبیشن کی بابت ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ہم صوبہ بھر میں پروہبیشن کو نافذ کر دیں گے - ہماری نگاہیں ڈھونڈتی رہیں کہ اس بات کا ثبوت ہمیں بجٹ کے دوران میں ملے لیکن اس بات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا خیال شاید ممبروں کی تلاش و تگ و دو میں وہ بھول گئے ہیں - اور تو اور ہماری حکومت نے اس صوبہ میں پوست کی کاشت پر زور دینا شروع کیا ہے تاکہ صوبہ میں کچی افیون دستیاب ہو سکے او لوگ زیادہ سے زیادہ افیونی بن سکیں - ہمارے اپنے ضلع گوجرانوالہ میں پوست کی کاشت شروع ہوئی ہے - کیا یہ ہی اسلامی جمہوریت کا ثبوت اور اسلامی حکومت کے قیام کے وعدہ کا ایفا ہے - میں ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت سے استدعا کروں گا کہ وہ ایسے اقدامات کرے جس سے نہ صرف شراب کی ممانعت ہو سکے بلکہ یہاں ہر قسم کے نشے کی پروہبیشن عمل میں لائی جا سکے کم از کم یہ ہونا چاہئے کہ ۲۵ سال تک کی عمر کے کسی آدمی کو شراب کا پرمٹ نہ مل سکے اور اجتماعی اداروں اور کلبوں میں بھی شراب ملنے پر بندش عائد کی جائے - (ایک آواز - جوئے پر پابندی کا کیا خیال ہے) جوئے پر پابندی لگانے سے بعض ارکان پر بھی پابندی لگانی پڑے گی - بہر حال میں وزیر اعلیٰ سے عرض کروں گا کہ جوئے پر بھی پابندی لگانے کے متعلق انہیں اقدامات کرنے چاہئیں -

ہمارے وزیر مالیات نے بڑے زور و شور سے اعلان کیا ہے کہ تعلیم کی نشر و اشاعت کرینگے اور ساتھ ہی متعدد تعلیمی ادارے کھولنے کا وعدہ کیا ہے ۔ اصلاح احوال کے لئے صرف اتنا ہی ضروری نہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ کوشش کی ضرورت ہے ۔ آپ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں تعلیم کے سلسلہ میں جن دس بارہ مدات پر خرچ کا ذکر کیا وہ کافی نہیں بلکہ آپکو چاہئے کہ آپ اس صوبہ میں فی‌الفور جتنے سکول ہیں ان میں ڈبل شفٹ کا انتظام کریں تاکہ آپ موجودہ حیثیت کے مقابلہ میں دگنی تعداد کو تعلیم دینے کے قابل ہو سکیں اور اساتذہ کی میعاد ملازمت کو ۶۰ سال کر کے پینشن کے مفاد کے علاوہ ان کو انشورنس کا فائدہ بھی دیں ہماری حکومت لاکھوں روپے بڑے بڑے روسا کے بچوں کے لئے ادارے کھولنے اور جاری رکھنے پر صرف کر رہی ہے ۔ مثلاً چیفس کالج ۔ گھوڑا گلی کا سکول ۔ یہ ادارے صرف روسا کے بچوں کے لئے جاری ہیں ۔ ہمارا صوبہ اس قدر مالدار نہیں ہے کہ ان بڑے بڑے اداروں پر فراخ دلی سے خرچ برداشت کر سکے اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ براہ کرم ان اداروں کو ان روسا کے حوالے کر دیا جائے جن کے بچے وہاں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور اس طرح روپیہ بچا کر دور دراز علاقوں میں پرائمری سکول کھولے جانے چاہئیں جن سے عوام فائدہ اٹھا سکیں ۔

اس کے علاوہ میں یہ کہوں گا کہ ہمیں چاہئے کہ ہم کتابوں کی نیشنلائزیشن کرنے کا کام شروع کر دیں تاکہ کتابوں کے تجارت سے جو مفاد چند اشخاص یا چند ادارے اٹھا رہے ہیں وہ قوم کو حاصل ہو اور درسی کتابیں لوگوں کو سستے داموں مہیا ہو سکیں ۔ اس طرح اگر کتابوں کی فروخت سے گورنمنٹ کو کوئی نفع حاصل ہو تو وہ تعلیمی اخراجات برداشت کرنے کے لئے صرف ہو سکے گا ۔

تعلیم کے ضمن میں اخراجات کا خانہ جو خالی دکھائی دے رہا ہے وہ ملٹری تعلیم کا ہے ۔ ہمارے ہمسایہ ملک میں سال رواں میں ملٹری تعلیم کے لئے کئی ذرائع اختیار کئے گئے ہیں ۔ وہاں ایک قسم کی کنسکرپشن یا ملٹری تعلیم لازمی کر دی گئی ہے ۔ ایسٹ پنجاب اور پیپسوسٹیٹس میں ہر سکول اور ہر کالج میں ملٹری تعلیم لازمی قرار دے دی گئی ہے ۔ موجودہ مخدوش حالات میں جن کی وجہ سے ہمارے بارڈرز پر کئی اطراف سے حملے ہوتے رہے ہیں ہمارے

لئے لازم ہے کہ ہم ملٹری تعلیم کے لئے اپنے آپ کو تیار کریں اور زیادہ سے زیادہ روپیہ خرچ کر کے ملک کے نوجوانوں میں فوجی روح پھونک دیں ۔

حضور والا ! صحت کے ضمن بھی اس قسم کی پلاننگ کی گئی ہے کہ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس سلسلہ میں بھی کسی گہری سوچ سمجھ سے کام نہیں لیا گیا ۔

ہماری حکومت صرف ایلوپیتھک طریق علاج کی سرپرستی کر رہی ہے ۔ انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ یہ طریق علاج بہت مہنگا ہے ۔ اور اس کی دوائیاں بھی مشکل سے ملتی ہیں ۔ اس لئے اس کی رسائی ہمارے دور دراز دیہات تک نہیں ہو سکتی ۔ اس کے مقابلے میں دیسی طریق علاج بہت سستا اور سہل الحصول ہے ۔ اس لئے چاہئے کہ دیسی طریق علاج کو دیہات میں رائج کیا جائے ۔ دیسی حکیم قلیل مشاہرہ پر آسانی سے دستیاب ہو جاتے ہیں ۔ اگر حکومت انہیں ملازم رکھ کر دیہات میں بھیجے تو دور دراز لاکھوں تک طبی امداد آسانی سے پہنچائی جا سکتی ہے ۔ اس طرح ہم ان گرانبہا اخراجات سے بھی بچ سکتے ہیں جو ہمیں بدیسی ادویہ و درآمد کرنے کے سلسلہ میں برداشت کرنے پڑتے ہیں ۔ اگر ہماری حکومت فوری طور پر ایلوپیتھک طریق علاج کو نہیں چھوڑ سکتی تو ان کے لئے لازم ہے کہ وہ صوبہ میں ایلوپیتھک ادویہ کی تیاری اور فراہمی کا بندوبست کرے ۔ اس کے علاوہ ہماری حکومت نے کینسر ۔ کوڑھ ۔ تپ دق اور دیگر اس قسم کی متعدی اور مہلک بیماریوں کی طرف بہت کم توجہ دی ہے ۔ بالخصوص کینسر اور کوڑھ کی طرف سرے سے کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے ۔

ڈاکٹر خان صاحب عوام سے ہمیشہ یہ کہتے پلے آئے ہیں کہ جب ان کو حکومت کا موقع ملے گا وہ اس انداز سے حکومت کریں گے کہ صوبہ سے بیکاری دور ہو جائے گی ۔ اس لئے ہمیں امید تھی کہ اب وہ بڑھتی ہوئی بیکاری کو دور کرنے کے لئے کوئی دور رس اثرات کے منصوبے پیش کریں گے ۔ لیکن ہمیں یہ دیکھ کر افسوس ہوا ہے کہ ان کی حکومت نے اس طرف قطعاً کوئی توجہ نہیں دی ۔ اس وقت یہاں جو بڑی بڑی صنعتیں ہیں وہ بیسود ثابت ہو رہی ہیں وہ ہماری غربت اور بیکاری کو دور کرنے سے قاصر رہی ہیں ۔ کیونکہ وہ اپنے خود غرض سرمایہ داروں کے ہاتھوں میں ہیں جن کا مقصد

لوٹ کھسوٹ اور زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے علاوہ اور کچھ نہیں ۔ اس لئے ضروری ہے کہ دیہات میں کاٹیج انڈسٹری شروع کی جائے اور دیہات کو خود مکتفی بنایا جائے ۔ اس سے نہ صرف بیکاری رفع ہو جائے گی بلکہ وہاں کے غریب لوگوں کو امدادی ذرائع آمدنی بھی مل جائیں گے ۔

حضور والا ! اس ضمن میں ہماری حکومت کو یہ بھی چاہئے تھا کہ وہ لوگوں کو روزگار بہم پہنچانے کے لئے نئی نئی راہیں تلاش کرتی ۔ اس سلسلہ میں وزیر مالیات کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ہماری جو آبی گذرگاہیں ہیں ان میں نیویگیشن رائج کرنے کی نسبت کبھی کسی نے نہیں سوچا ۔ ماہرین کی رائے میں یہاں بہت سے ایسے دریا ہیں جو اس قابل ہیں کہ ان میں جہازرانی ہو سکے ۔ میرے خیال میں اس طریق سے بیکاری پر شدید ضرب لگائی جا سکتی ہے ۔ اسی طرح چاول اور گنے کی پیداوار کے علاقوں میں rice husk oil اور گنے کے پھوگ سے کاغذ سازی وغیرہ کی اضافی صنعتیں چلائی جا سکتی ہیں ۔ اور ان پر ہماری دیہاتی آبادی کا ایک حصہ پل سکتا ہے ۔ حکومت کو اس قسم کے منصوبے تیار کرنے چاہیں ورنہ خالی وعدوں سے کچھ نہیں ہو سکے گا ۔

حضور والا ! اب میں حکومت کی توجہ مہاجرین کی بحالی کی طرف دلاتا ہوں ۔ زرعی اراضی کی تو اچھی یا بری الاٹمنٹ ہو چکی ہے اس لئے اس کا ذکر بےسود ہے ۔ اب سکنی جائداد کی تقسیم شروع ہے اس کے سلسلہ میں میں حکومت سے یہ عرض کروں گا کہ ہمیں یہ موقف اختیار کرنا چاہئے کہ صرف دس ہزار یا اس سے زائد مالیت کے مکانات کو ہی چھوڑی ہوئی جائداد کے معاوضے میں دیا جائے ۔ اور دس ہزار سے کم مالیت کے مکانات کو بلامعاوضہ مرجودہ مکینوں کے پاس رہنے دیا جائے ۔ کیونکہ ہر حکومت کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی آبادی کو رہنے کے لئے مکانات مہیا کرے ۔ اگر اس موقف کو اختیار نہ کیا گیا تو اس صورت میں آپ غریبوں کو پھر ایک دفعہ جڑ سے اکھیڑ دیں گے ۔ اس کے علاوہ حکومت کو یہ بھی چاہئے کہ جن لوگوں کے کلیمز تسلیم کر لئے گئے ہیں ان سے ان کی موجودہ متناسب جائداد کے کرائے وصول کرنا بند کر دے ۔

حضور والا! وزیر مالیات نے یہ اعلان کیا ہے کہ وہ پٹواریوں

کو پنشن کی سہولت دینے کا ارادہ رکھتے ہیں - میں ان کی توجہ پٹواریوں کی تنخواہ کی طرف دلاتا ہوں جو ایک جونیر گریڈ کے کارک سے بھی کم ہے او ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ وہ کیا کیا کام کر سکتے ہیں - ان کے اختیارات اتنے وسیع ہیں کہ وہ منسٹروں تک کو جائدادوں کے مقدمات میں پھنسا سکتے ہیں - جب ہم ایک طرف پٹواریوں کو اپنے زیادہ اختیارات دیتے ہیں تو دوسری طرف ہمیں ان کے ذرائع آمدنی میں بھی اسی نسبت سے اضافہ کرنا چاہئے - ان کی تنخواہ کا گریڈ کم از کم ان کی ذمہ داری کے گریڈ کے برابر تو ہونا چاہئے -

آخر میں میں حکومت کی توجہ پولیس کے محکمہ کی طرف دلاتا ہوں - اگر ٹریفک پولیس کو دیگر مذہب ممالک کی طرح میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے ماتحت کر دیا جائے تو اس سے نہ صرف حکومت کے خزانے سے بہت بوجھ ہٹ جائیگا بلکہ ٹریفک پولیس کے متعلق دھاندلی کی جو شکایت ہے وہ بھی دور ہو جائے گی - اور محکمہ پولیس ایک غیر ضروری بوجھ سے نجات پا جائے گا - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

سردار محمد جعفر خان گل محمد خان بلیدی (اپر سندھ فرنٹیر ڈسٹرکٹ) : جناب صدر آج جنرل بحث کا موقع ہے - وزیر خزانہ صاحب کی تقریر میں جو سنا گیا ہے وہ اچھا ہے مگر عوام کی جو ضرورتیں ہیں ان کی بابت کچھ نہیں کیا گیا -

یہ درست کہ اس وزارت کو وجود میں آئے ہوئے تھوڑا عرصہ گزرا ہے - اور یہ بجٹ وہی ہے جو ان لوگوں نے پیش کیا تھا جو وزارتوں پر قابض تھے مگر حالات کی نزاکت کے پیش نظر یہ بجٹ پاس نہیں کرا سکے تھے - پہلی وزارتوں نے کوئی کام عوام کی بھلائی کا نہیں کیا - وہ صرف مسلم لیگ کا جامہ پہن کر عوام کو بھڑکا کر اپنا اقتدار حاصل کرتی رہی ہیں - ۱۹۳۶ء سے یہ دیکھا گیا ہے - کہ جو لوگ وزارتوں سے گر جاتے ہیں وہ عوام کو بھڑکا کر دوبارہ اقتدار حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جس طرح موجودہ مخالف پارٹی کر رہی ہے -

جناب صدر محکمہ اریگیشن میں دیکھا گیا ہے - کہ رانجوں کی پچھڑی میں کلیج شاخ ٹیل کلیج شاخ - صالح سائفن اور گوکل

مائینر ان پچھڑیوں کی حالت تمام خراب ہو چکی ہے ۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ جہاں ساڑھے تین ہزار ایکڑ زمین آباد ہوتی تھی وہاں اب دس ایکڑ زمین مشکل سے آباد ہوتی ہے ۔ اب آبادی کم ہونے کے اسباب یہ ہیں کہ گورنمنٹ تو کھدائی کراتی ہے ۔ مگر اس کی پوری طرح دیکھ بھال نہیں ہوتی ۔ کنٹریکٹر اور چھوٹے ملازم آپس میں کھا جاتے ہیں ۔ ان علاقوں میں چھوٹی زمینداریاں ہیں اور یہ زمیندار بھی کاشتکاروں کی طرح ہیں ۔ سندھ میں ابھی تک ۲۸ لاکھ ایکڑ زمین غیر آباد پڑی ہے اور اس بجٹ میں اس کو آباد کرنے کے لئے کوئی سہولت نہیں رکھی گئی ۔ جس سے فائدہ اٹھا کر کاشتکار اسے آباد کر سکیں ۔ آبادکاروں میں یہ طاقت نہیں ہے کہ وہ حق مالکانہ دے کر زمینیں خرید سکیں ۔ حکومت یہ خیال نہیں کرتی کہ بیس پچیس سال کے بعد کوئی شخص حق مالکانہ دے کر یہ زمینیں لینے کے لئے تیار نہیں ہوگا کیونکہ ان میں خرید کرنے کی طاقت ہی نہیں رہے گی ۔ پھر وزیر صاحب کو اتنا بھی خیال نہیں آتا کہ زمین غیر آباد ہونے سے سرکار کو کیا فائدہ ہوگا ۔ اگر یہ زمین بغیر مالکانہ آبادکاروں کو دی جائیں تو اس میں کم از کم مالیہ تو سرکار کو ملیگا ۔ اور اس سے اسے فائدہ ہوگا ۔

افسوس ہے کہ ہماری وزارت میں عوام کے لئے کچھ بھی ہمدردی نہیں لیکن سرکار خود اپنے لئے بھی کوئی فائدے کا کام نہیں کرتی ۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں آباد کار فرقہ پوری طرح تباہ و برباد ہو رہا ہے ۔ آباد کاروں کے لئے کوئی سہولتیں نہیں ہیں۔ اور نہ ان کی امداد کی جاتی ہے ۔ مثلاً ہل چلانے کے بیل گھر کا سامان یعنی لحاف وغیرہ اور کھانے کے لئے خوراک وغیرہ ان کے پاس نہیں ہیں ۔ اگر ڈاکٹر خان صاحب لیڈر آف دی ہاؤس میرے ساتھ چلیں تو میں انہیں اچھی طرح دکھا سکوں گا کہ عوام کی حالت کیا ہے ۔ بھوک کی وجہ سے ان کی عورتوں کو فیکٹریوں میں جا کر کام کرنا پڑتا ہے ۔ جس پر ان کا گذارہ ہوتا ہے ۔ لیکن ان کی مزدوری صرف ایک وقت کی خوراک کے لئے کافی ہوتی ہے اور رات کو ان کے پاس پھر کچھ نہیں ہوتا ۔

صدر صاحب ! ہمارے پڑوسی ملک ہندوستان میں آزاد ہونے کے وقت کلکتہ میں ساٹھ ہزار آدمی بھوک کی وجہ سے مر رہے تھے ۔

مگر گورنمنٹ نے ان کی امداد کی اور ہر سہولت ان کو دی ۔ اور آبادکاروں کو خوراک وغیرہ دی ۔ بات صرف اتنی ہے کہ پڑوسی ملک کے لیڈر اپنے آپ کو عوام کا خادم سمجھتے ہیں اور عوام انہیں اپنا لیڈر تسلیم کرتے ہیں ۔ لیڈر عوام کے لئے کپڑا ۔ ادویات ۔ چینی اور باقی ضروریات زندگی مہیا کرتے رہتے ہیں ۔ اور سستے داموں پر مہیا کرتے ہیں ۔ لیکن یہاں آبادکاروں کو تباہ و برباد کیا جاتا ہے اور عوام کی حالت خراب ہے ۔ آبادکار طبقہ سرمایہ نہ ہونے کی وجہ سے اپنا غلہ ایک ماہ کے اندر فروخت کر دیتا ہے ۔ اور پھر ان کو قیمت بھی کم ملتی ہے ۔ ان کو چھ پیسہ فی من ملتے ہیں اور بیوپاریوں کو نو دس روپے فی من ۔ غرضیکہ آبادکار طبقہ کی حالت دن بدن گرتی جا رہی ہے ۔ اوو نوبت یہاں تک آ گئی ہے کہ امریکہ کی گندم جو وہ سمندر میں پھینکتے ہیں ۔ اور جسکی خیرات ہندوستان نے نہیں لی وہ خیرات پاکستان نے لینا منظور کر لیا ۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ خیرات پاکستان کے لوگوں کے لئے ایک دن کی خوراک بھی نہیں ہوئی ۔

صاحب صدر ! اس کے بعد عرض کروں گا کہ فصل کو کافی نقصان پہنچا ہے ۔ اس لئے عام معافی ہونی چاہئے تھی مگر کچھ معافی نہیں دی گئی ۔ اس لئے زمیندار بھی کاشتکاروں کی طرح تباہ ہو رہے ہیں ۔

اس کے بعد یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دوسرے ملکوں کے لوگ ہوائی جہازوں پر سواری کرتے ہیں ۔ اور ہمارے ملک میں پکی سڑکیں تو کجا کچی سڑکیں بھی نہیں ہیں ۔ آبادکاروں کی بیل گاڑیاں ٹوٹ جاتی ہیں ۔ سندھ میں تو خیر کچھ نہ کچھ ہے مگر اپر سندھ میں ایک سڑک پر گورنمنٹ نے کام شروع کیا ہوا ہے جو گڑھی خیرو سے کاشمور تک ہے ۔ اس میں دس پندرہ برس میں صرف جیکب آباد سے بیکاری واہ تک یعنی ۱۳ میل سڑک بنی ہے ۔ باقی ایسی سڑکیں ہیں جن کے ان کو نام بھی نہیں آتے ۔ وہ یہ ہیں مولاداد ۔ گڈھی خیرو تا داد پور چاچڑ گڈی خیرو تا شحداد کوٹ ۔ گڑھی خیرو تا سنجر بھٹی ۔ رتو دھیرو تا شیرانپور ۔ دودا پور تا جفر آباد ۔ اور اوستہ محمد روڈ بورڈ تو خیال نہیں کرتا مگر لوکل بورڈ بھی ان راستوں کا خیال نہیں کرتا اور نہ ہی روڈز انجینئر یا چیف انجینئر صاحب ان سڑکوں کا خیال کرتے ہیں ۔ غریب آبادکاروں کی بیل گاڑیاں ان سڑکوں پر ٹوٹ جاتی ہیں اور ان پر سے گزرنا مشکل ہوتا ہے ۔ لیکن ان لوگوں میں کوئی

بھی سرمایہ دار نہیں جو ہیڈ کوارٹرز پر پہنچ کر اپنا دکھ سنائے ۔ اور آبپاشی کے موسم میں اور بھی زیادہ مصیبت ہوتی ہے ۔

صدر صاحب ۔ حکومت عوام کی جو خدمت کرتی ہے اسکی کیفیت یہ ہے ۔ ۱۹۳۶ء سے ۱۹۵۶ء تک عوام کی حالت کسی لحاظ سے بھی اچھی نہیں ہوئی ۔ ہمارے پڑوسی ملک نے عوام کی بہت خدمت کی ہے ۔ اور یہ لیڈروں کے رویہ کی وجہ سے ہے ۔ ہمارے لیڈر تو خاص طور پر ملک میں انتشار پیدا کرتے رہتے ہیں اقتدار حاصل کرنے کی غرض سے ۔ جیسا کہ موجودہ مخالف پارٹی عوام کی بہبودی کے لئے نہیں بلکہ اپنے اقتدار کی خاطر وزارت کو گرانے کی کوشش کر رہی ہے ۔

صدر صاحب تعلیم کی یہ حالت ہے کہ ضلع جیکب آباد میں کوئی "ملاں سکول" بھی نہیں ہے ۔ "جبری تعلیم" کی کوشیش کی گئی مگر وہ ناکام رہی ۔ کیونکہ عوام میں اس وقت اتنی بھوک ہے کہ گھر کے تمام افراد مویشی وغیرہ چراتے ہیں اور مزدوری کرتے ہیں تو ایک دن کی خوراک مہیا ہوتی ہے ۔ پھر وہ لوگ کس طرح اپنے بچوں کو پڑھا سکتے ہیں ۔

لڑکوں کو تعلیم دلانے کیلئے سرمایہ چاہیئے ۔ جو ان کے پاس ہے نہیں — جو لڑکے تعلیم حاصل کر لیتے ہیں ۔ وہ تو اپنے لئے سب کچھ کر سکتے ۔ مثلاً یہ کہ وہ ریوالور کا لائسنس لے سکتے ہیں یا بندوق کا لائسنس حاصل کر سکتے ہیں وغیرہ ۔ وغیرہ — یہ سب چیزیں سرمایہ داری سے ہوتی ہیں نہ کہ بھوک اور غربت سے ۔ حالت یہ ہے کہ لڑکے تعلیم حاصل کرنے کی بجائے مویشی چراتے ہیں اور بیچاری عورتیں فیکٹریوں وغیرہ میں سخت قسم کی محنت کرتی ہیں ۔

جناب صدر ! پاکستان معرض وجود میں آیا تو یہاں مسلم لیگ کی وزارتیں بنیں اور بڑے بڑے لوگوں نے کئی طرح سے فائدے اٹھائے مگر عوام کی حالت وہی ہے جو پہلے تھی ۔ اب خان وزارت سے امید کی جاتی ہے کہ وہ ضلع جیکب آباد میں ہسپتال ۔ سڑکوں اور تعلیمی سہولتوں کا خاص خیال رکھے گی اور ان کا خاطر خواہ انتظام کریگی ۔

جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے ضلع جیکب آباد میں کندھکوٹ کے مقام پر صرف ایک گورنمنٹ ہائی سکول ہے ۔ گڑھی خیرو میں بھی ایک ہائی سکول ہونا اشد ضروری ہے ۔

جناب صدر — پولیس کے متعلق میری عرض یہ ہے کہ وہ رشوت لیتی ہے اور چوری چکاری میں بھی کسی حد تک حصے دار نظر آتی

ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے ملازمین کی تنخواہیں بہت کم ہیں ۔ میں وثوق سے کہتا ہوں کہ اگر ان کی تنخواہیں بڑھا دی جائیں تو اس محکمے میں کوئی برائی دیکھنے میں نہ آئیگی ۔

جناب صدر اس وقت حزب مخالف کے لیڈر اقتدار حاصل کرنے کی خاطر انتہائی کوشش کر رہے ہیں ۔ انہیں تو اپنے اقتدار کا خیال ہے مگر عوام کی حالت سدھارنے کی طرف بالکل دھیان نہیں ۔ آخیر عوام کی حالت سدھارنے کیلئے لوگ کہاں سے آئینگے ۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اس صوبے میں چند اشخاص تو خوش ہیں مگر عوام کی حالت روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے ۔ اس لئے میں حزب مخالف کے لیڈر جناب سردار بہادر خاں کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ تو اے ۔ جی ۔ جی بھی رہ چکے ہیں اور انہیں تو عوام کی حالت کا بھی پورا پورا علم ہے اس لئے انہیں چاہئے کہ ذاتی مفاد کو بالائے طاق رکھکر قومی مفاد کے پیش نظر وزارت کے ساتھ مل جائیں اور عوام کی فلاح وبہبود کے کاموں میں حکومت کا ہاتھ بٹائیں۔

شیخ محمد سعید—(ضلع جنگ): جناب والا! یہ بجٹ جو اس ایوان میں پیش ہوا ہے ۔ اس کے ساتھ لوگوں کی بہت سی توقعات وابستہ تھیں ۔ لوگوں کے دلوں میں یہ خیال موجزن تھا کہ اس وزارت نے اور خصوصاً اس کے سربراہ جناب وزیر اعلےٰ نے جو وعدے عوام سے کئے تھے انہیں پورا کرنے کے سلسلے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی ۔ لیکن آج ہم دیکھتے ہیں کہ یہ بجٹ ایک ایسے ماحول میں تیار ہوا ہے جس میں پہلے پہل تو ایسے کسی پارٹی کی اثیر باد حاصل نہ تھی یعنی یہ بجٹ ایک ایسا سطحی بجٹ تھا جو شروع میں ہر پارٹی سے الگ اور علیحدہ نظر آتا تھا ۔ اس کے بعد زمانے نے پلٹا کھایا اور یہ بجٹ One Unit Party کا بجٹ کہلانے کے لئے تیار ہو گیا کہ بعد ازاں جب وقت نے وفا نہ کی تو اس بجٹ کو مسلم لیگ کی طرف واپس آنا پڑا اور یہ کہا گیا کہ یہ بجٹ مسلم لیگ کے تعاون سے پیش کیا جائیگا ۔ لیکن معاملہ یہیں ختم نہیں ہوا ۔ اس کے بعد عین اس بجٹ کے پیش ہونے کے موقع پر وقت نے پھر قلا بازی لگائی اور یہ بجٹ ریپبلیکن پاٹی کو مل گیا اور اس پارٹی کی طرف سے پیش کیا گیا ۔ ہم تنقیدی نقطہ نگاہ سے یہ کہہ سکتے ہیں اگر یہ بجٹ اس پارٹی کا بجٹ مانا جائے تو ہمارے سامنے اس کے ساتھ ہی اس پارٹی کا پروگرام ہونا چاہئے تھا ۔ اس کے ساتھ ہی ریپبلیکن پارٹی کا منشور آنا چاہئے

تھا ۔ اور اس پارٹی کی وہ تجاویز جن پر وہ عمل کرنے والی ہے ملک کے سامنے رکھی جانی چاہیئں تھیں ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ اس پارٹی نے ملک اور قوم کے سامنے نہ تو کوئی پالیسی رکھی ہے اور نہ ہی کوئی پروگرام رکھا ہے ۔ البتہ اس وقت تک جن اصولوں پر یہ پارٹی کار بند نظر آتی ہے وہ یہ ہیں کہ اس ایوان کے ممبران کو ہر قیمت پر خریدا جائے ۔ لوگوں کی خود داری کو کچلا جائے عوام کے ساتھ وعدہ خلافی کی جائے ۔ اپنی جماعت کو پچھاڑا جائے اور اپنے ملک اور قوم سے بے وفائی کی جائے ۔ بعد ازاں جو معاملہ بھی پیش آئے اس کے مطابق سودے بازی کی جائے ۔ جس کو وزارت درکار ہو اسے وزارت دی جائے ۔ جو شخص زمینوں اور مربعوں کی صورت میں رشوت لیکر ساتھ ملے اسے ملایا جائے ۔ غرض ہر وہ حربہ جو کوتاہ اندیشی اور گمراہی پر مبنی ہو استعمال کیا جائے اور اس وزارت کو اس صوبے پر مسلط کیا جائے ۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے چند احباب نے بعض لوگوں کی تلخ نوائی کی وجہ سے چند معمولی چیزوں پر اپنے احباب کو قربان کر دیا ۔ انہوں نے اپنی ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے یہ نہ سوچا کہ وزارتیں کسی پارٹی کی منزل مقصود یا مطمح نظر نہیں ہوا کرتیں ۔ ہمیں ہر کام اور ہر اصول کی کامیابی کیلئے قربانیاں دینی چاہیئں ۔ اور اس کے صلے کے طور پر اگر کوئی عہدہ ملے تو وہ حاصل کرنا چاہیئے ۔ محض وزارت اور دنیا کا رعب و داب حاصل کرنے کی غرض سے کوشش کرنا اپنی جماعت سے بے وفائی کرنے کے مترادف ہے جس کیلئے کسی پارٹی یا کسی قانون کا کوئی ضابطہ اجازت نہیں دیتا ۔

مجھے خوشی ہوتی کہ آج اس ایوان میں وزیر اعلیٰ اپنی راست گفتاری اور بلند کر داری کے ساتھ اپنے رفقاء کار لے آتے ۔ آج وہ وزارت کی بقا کی جد و جہد اور کشمکش میں ہیں ۔ اگر آج وہ ان لوگوں کی وزارت بناتے جو ان کے پرانے سیاسی رفیق تھے تو ہمیں اطمینان ہوتا اور خوشی ہوتی مسلم لیگ کے نظریہ اور پروگرام کے مطابق ری پبلیکن پارٹی نے بھی اپنا پروگرام رکھا ہے لیکن آج سے دس یا بیس برس پہلے عوام کے لئے وہ جو پروگرام پیش کرتے رہے ہیں اور جو منصوبہ بنا رکھا ہے ان کے ساتھ اگر آج وہ لوگ ہوتے جو ان کے رفیق تھے ۔ اگر آج وہی ایوان میں بر سر اقتدار ہوتے اور وزارت بناتے تو ہمیں زیادہ خوشی ہوتی ۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ وہی لوگ جنہوں نے کل اپنی پارٹی سے وفا

نہیں کی اپنے وعدوں کی بھی پرواہ نہیں کی ۔ ڈاکٹر خان صاحب جیسے سادہ نیک اور پاکیزہ کردار والے آدمی کے ساتھ آج اس لئے آ ملے ہیں تاکہ ان کو وزارتوں اور دوسری آسائشوں کی چمک دمک کسی نہ کسی طریقہ سے حاصل ہو ۔ اس سلسلہ میں بہت کو جماعت کی قربانی یا وعدہ کر کے اس کی مخالفت کرنی پڑتی ہے ۔ مجھے حیرت ہوئی ہے کہ آج حزب اقتدار کی طرف سے چند آوازیں بلند ہوئی ہیں کہ مسلم لیگ میں یہ خرابیاں ہیں اس میں یہ عیب ہے یہ قصور ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اصل میں عیب یہ ہے کہ مسلم لیگ نے ملک میں ایک قوم کا نظریہ پیش کیا ہے ۔ مسلم لیگ کا یہ گناہ ہے کہ مسلمانوں کو ایک تہذیب و تمدن کا ایسا گہوارہ دیا ہے جس میں مسلمان اپنی ترقی کر سکتے ہیں ۔ مسلم لیگ نے یہ گناہ کیا ہے کہ آپ کو ایک ملک لے کر دیا ہے ۔ جغرافیائی الگ وحدت بنائی ہے ۔ ضبط پیدا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اور آپ لوگوں کو اکٹھا کیا ہے زبان اور تمدن کے لحاظ سے آپ مختلف تھے اور آج مسلم لیگ کی وجہ سے ایک قوم کی حیثیت سے یہاں بیٹھے ہیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) حضور والا ۔ یہ لوگ آج وہی کچھ کہتے ہیں جو ۲۰ برس پہلے بھی مسلم لیگ کہتی تھی ۔ مسلم لیگ اس لئے خراب ہو گئی ہے اس میں چند ایسے افراد آ گئے ہیں جن کے باعث وہ بد نام ہو گئی آج میں دیکھتا ہوں کہ اس ایوان میں حزب اقتدار میں وہی لوگ موجود ہیں جو بیشتر بھی حزب اقتدار میں رہے ہیں جنہوں نے مسلم لیگ کے نام پر حکومت کی ہے مجھے حیرانی ہے کہ فتح مکہ کے وقت کے ابوسفیانی مسلمانوں کی طرح کے کچھ لوگ ایسی ہی مسلم لیگ میں شامل تھے ۔ جو کمزور ٹانکے کی مانند تھے جن کو دوسرے لوگوں کی مہربانیوں کی وجہ سے وقار حاصل ہوا تھا وہ دراصل اقتدار اور چمک دمک کی وجہ سے ان میں شامل تھے ۔

آج اگر ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت میں جی ایم سید صاحب اور خان عبدالغفار خان صاحب ہوتے تو مجھے خوشی ہوتی مجھے اطمینان ہوتا اگر وہ وزارت کرتے ۔ مگر آج ان کی حیثیت وہ نہیں ہے ۔ جن لوگوں نے قوم کے سامنے کچھ کہا اور اس کے مطابق عمل نہ کیا ایسے افراد لالچی ہیں اور غدار ہیں ۔ جنکے دل میں مسلم لیگ کی عزت نہیں اپنی عزت نہیں ۔ اور جو اب یہ دیکھکر کہ مسلم لیگ میں وزارت نہیں ملتی دوسری جماعت میں چلے گئے ہیں

جس نے حکومت بنائی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ نہ تو ان کے پہلے وعدے سچے تھے نہ بعد کے ۔ انہوں نے مسلسل بے وفائی کی ہے مسلسل جھوٹ بولا ہے ۔ اب ضرورت اس بات کی تھی کہ اپنا کردار پیدا کیا جائے مگر وہ لوگ زبان سے وفادار ہیں اور اس کا دعوے بھی کرتے ہیں ۔ لیکن دراصل ان میں کردار نہیں وہ لالچی ہیں بے وفا ہیں جھوٹے ہیں ۔ وہی لوگ مسلم لیگ کو اس کے گناہوں کی سزا دینا چاہتے ہیں اور اپنے آپ کو مسلم لیگ سے خارج سمجھتے ہیں ۔ آج وہی لوگ وزارتوں پر براجمان ہیں جن کو آج سے چند مہینے قبل ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت نے سرٹیفکیٹ دئے تھے ۔ ایک صاحب ایک صوبہ میں بر سر اقتدار تھے لیکن وہ قومی وحدت کے خلاف تھے وہ ون یونٹ کے خلاف تھے ۔ جن پر مرکز عدم اعتماد تھا اور انہیں برخاست کیا گیا تھا آج ان کو وزارت میں لے کر یہ کہا جاتا ہے کہ آپ کے بغیر حکومت نا مکمل ہے اس کے علاوہ تین چار وزراء اعلےٰ کو بلا قصور برخاست کر دیا گیا ۔ مگر آج ہم دیکھتے ہیں کہ جن لوگوں کی خدمات کو کئی دفعہ مسترد کر دیا گیا آج ان لوگوں سے ہی وزارتیں چلائی جا رہی ہیں ۔ اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ کس طریقہ سے وزارت بنائی گئی اور کس طریقہ سے "بھان متی نے کنبہ جوڑا" ۔ مسلم لیگ آپ کا وہ ادارہ ہے جس نے آپ کو ایک ملک لے کر دیا ہے ۔ وہ لوگ بجائے اس کے کہ اس جماعت میں رہتے دوسری جماعت میں چلے گئے ۔ اگر آپ نے اپنی پارٹی میں پاکستان کے با وقار اور اپنی جماعت کے نیک لوگ لئے ہوتے تو ان لوگوں کی وجہ سے ہمیں خوشی ہوتی ۔ آپ ہمیں اکٹھا کرتے ۔ مگر یہ کنبہ جو بنا ہے اس سے جو جماعت بنی ہے اگر ہم اس کے نظریہ کو پرکھیں اور جانچیں تو میرا خیال ہے کہ ایک شخص بھی ایسا نظر نہیں آئے گا جو ان سے اتفاق کرتا ہو ۔ اگر ری پبلکن پارٹی نے کوئی پروگرام یا منصوبہ تیار کیا ہوتا تو ہم اس پر نکتہ چینی کرتے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جماعت میں اگر خدائی خدمتگار ہوتے یا خاکسار ہوتے تو پھر کچھ کہا بھی جا سکتا تھا اور ہم ان کے پروگرام اور ان کے منشوبہ سے کچھ اخذ کر کے امید کر سکتے تھے کہ وہ اپنے پروگرام کو بروئے کار لائینگے آپ نے ایسے لوگوں سے امیدیں وابستہ کی ہیں جو اپنے ہی لوگوں سے بے وفا رہے ہیں ہمیں ان سے وفا کی ہے امید جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

آپ ان لوگوں سے قوم کے قلوب کو گرمانا چاہتے ہیں اور ان سے اخلاص چاہتے ہیں جن میں اخلاص کا فقدان ہے ۔ ن کے سامنے کوئی لائحہ عمل نہیں میں تو کہتا ہوں

نئی بجلی کہاں ان بادلوں کے جیب/دامن میں
پرانی بجلیوں سے بھی ہے جنکی آستین خالی

وہ لوگ ایسے ہیں جنہوں نے اپنی جماعت کو چھوڑا ہے ۔ اپنی تنظیم کو اور وفا کو چھوڑا ہے ۔ آپ نے ان لوگوں کو قوم اور ملک کی ذمہ داریاں سونپ دی ہیں ۔

اور پھر آپ ہم لوگوں سے ایثار چاہتے ہیں اور یہ خواہش رکھتے ہیں کہ پنجابی ایثار کریں ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ سابقہ پنجاب کے لوگوں نے جہاں اپنی مستقل اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کردیا ہے وہاں انہوں نے اس اسمبلی میں بھی اپنی اکثریت کو اقلیت میں بدل دیا ہے ۔ ہاں ایک بات ہم نے نہیں کی وہ یہ کہ ہم نے اپنے میں سے باشعور اور سمجھدار آدمی آپ کی وزارت میں نہیں جانے دئیے ۔ آپ نے ہمارے غداروں کے ساتھ مل کر ۔ ان لوگوں کے ساتھ مل کر جنہوں نے اپنی عصمت کو بیچا ہے ۔ انہیں ورغلا کر اور ان کو ووٹ پرمٹ اور مربعے دے کر اپنے ساتھ ملایا اور یہ وزارت بنا لی ہے ۔ آپ اس وزارت کو چلائیں اور بڑے شوق سے چلائیں ۔ جو ہر گز نہیں چلے گی ۔ وہ بیچارے نادان آپ کے وعدوں میں آگئے آپ نے ایک ایک کو خریدا ۔ کسی کو روپیہ دیا کسی کو لالچ دیا اور ان کو قابو کیا یہاں کے لکھپتی سرمایہ داران کے پاس جاتے ہیں اور ان کو طرح طرح کے لالچ دے کر اپنے جال میں پھنساتے ہیں اور پھر بڑی شان سے ان کو ایوان میں لے کر آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دیکھئیے ہم ایک شکار مار کر لائے ہیں ۔ ہئیر ہئیر (نعرے اور تالیاں) ۔ انہوں نے وہ روپیہ جو اپنے عوام کا خون چوس چوس کر فراہم کیا ہے وہ اس روپیہ سے وہ ان کو خریدتے ہیں اور پھر بڑے فخر سے دعوے کرتے ہیں کہ دیکھئیے ہمارے ساتھ اتنے آدمی آگئے ہیں آپ کو شرم کرنی چاہئیے اور اس وزارت کو شرم کرنی چاہئیے جو اتنا کہیں سمجھ سکتے کہ وہ لوگ جنہوں نے اپنی جماعت سے وفا نہیں کی جنہوں نے ہم سے غداری کی ہے وہ آپ سے کب وفا کریں گے ۔ میں حیران ہوں کہ وہ لوگ جو پاکستان کے دشمن تھے اور جو ''ون یونٹ،، کے دشمن تھے وہ لوگ اب ملک کے

کس طرح خیر خواہ ہوسکتے ہیں - آج جب کہ کشمیر کا مسئلہ آپ کے سامنے ہے اور پنڈت نہرو اپنے بین الاقوامی وعدوں سے منحرف ہوگئے ہیں اور پھر افغانستان کی سر زمین پر پنجہ تیز کر رہا ہے اور آپ کو دونوں طرف دشمنوں سے ڈر ہے عین اس وقت آپ مسلم لیگ کو ختم کر کے ان لوگوں کو بر سر اقتدار لے آئے ہیں جن میں سے کوئی تو پنڈت نہرو کا دوست ہے اور کوئی کنگ ظاہر شاہ کا دوست ہے- آج ہم نے مسلم لیگ تحزیب کی ہے اور اس جماعت میں انتشار پیدا کیا ہے - معلوم ہوتا ہے آپ اس ملک میں عوام کی حکومت نہیں چاہتے - اپ اس ملک میں جمہوریت نہیں چاہتے - اپ ائین کی حکومت نہیں چاہتے - اپ کو یاد رکھنا چاہئیے کہ اپ نے ابھی ابھی نیا آئین مرتب کیا ہے - ابھی اس کی سیاہی بھی خشک نہیں ہوئی - اپ بلند بانگ دعوے تو بہت کرتے ہیں (تالیاں اور قطع کلامیاں) اپ نے اس ائیں کی حفاظت کے لئے جو حلف اٹھائے تھے اپ نے اس حلف کو فراموش کردیا ہے اور اپنے ائین سے وفاداری کرنے کی بجائے وزارتوں کی وفاداری کر رہے ہیں اور اپنے لئے وزارتیں حاصل کرنے کی خاطر ڈاکٹر خان کا ہاتھ پکڑ رہے ہیں اور ان وزارتوں کی خاطر جماعتی یک جہتی اور اصولوں کو قربان کردیا ہے - حاکم بدھن اگر ایسی وزارتوں کے حصول کے لئے اپ کو پنڈت نہرو کا ہاتھ بھی پکڑنا پڑے تو آپ گریز نہ کریں گے - خضر حیات نے بھی چھ سال اس ملک میں حکمرانی کی لیکن اس نے بھی چھ سال میں وہ کام نہیں کیا جو اپ نے چھ روز میں کرکے دکھلا دیا ہے - میں حیران ہوں کہ یہ سب کچھ کیا ہورہا ہے اخر کسی اصول کے ماتحت کوئی کام ہونا چاہئیے - اپ کسی اصول اور ائین کی پابندی نہیں کررہے - اپ تو محض اپنی ذات کے پابند ہیں - جس قوم کے ہر فرد کو اپ مجاہد دیکھنا چاہتے ہیں اپ نے ان کردار کو تباہ و برباد کردیا ہے ان کو روپیہ دے کر اور طرح طرح کے لالچ دے کر اپ نے ان کی ذہنیتوں کو کچل دیا ہے - اپ کے یہ لچھن ٹھیک نہیں ہیں - خواہ ریپبلکن پارٹی ہو یا مسلم لیگ پارٹی ہو ہمیشہ کسی اصول اور پروگرام کے تحت چلنا چاہئیے - لیکن یہاں صرف وزارتوں کے حصول کے لئے سب کچھ ہورہا ہے - ان کی ذات بھی وزارت ہے ان کی قوم بھی وزارت ہے اور ان کا پیشہ بھی وزارت ہے (تالیاں اور شور) - اور میں حیران ہوں کہ یہ سب کچھ کیا ہ رہا ہے - جن کے خاندان مدتوں سے مسلم لیگ کی خدمت کرتے آئے جنہوں نے اس جماعت کے لئے بڑی بڑی قربانیاں دیں وہ آج اس جماعت سے بے وفائی

کر رہے ہیں میں حیران ہوں کہ نواب زادہ سجاد علی خاں نے بھی ایسے کردار کا مظاہرہ کیا جو ان کے خاندان کی تاریخ میں سیاہ حروف سے لکھا جائیگا ۔ انہوں نے محض چند الاٹمنٹوں کے لئے اپنے خاندان کی تاریخ پر بدنامی کا دھبہ لگا دیا ۔ (اوازیں ۔ یہ غلط ہے) ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ تو ایسا ہے جیسے کہ اہل بیت کو یزید کی بیعت کے لئے مجبور کیا جائے ۔ آپ نے ان کو لالچ دے کر مسلم لیگ چھوڑنے پر مجبور کیا ۔ اگر اپ نے اس قسم کی بددیانتیوں سے حکومت کرنی ہے تو یہ پاکستان جو قوم کا خون بہا کر اور ہزاروں قربانیاں دے کر ہم نے حاصل کیا تھا اور یہ ازادی جو ہم نے حاصل کی تھی سب بے سود اور رائیگاں ثابت ہو گی ۔

The Assembly then adjourned till 8 a. m. on Wednesday the 23rd May 1956.

۲۷۹—۱۰۰۰—۵۶-۱۱-۲۹—ایس جی پی پی ویسٹ پی لاہور

WEST PAKISTAN LEGISLATIVE ASSEMBLY

DEBATES

23rd May 1956

Vol. I—No. 5

OFFICIAL REPORT

22.5.57
LIBRARY

CONTENTS

Wednesday, the 23rd May 1956

	Pages
Starred Questions and Answers	155
Unstarred Questions and Answers	173
Point of Privilege—	
Re-Election of representative from Dir State	173
Re-Availability of record of proceedings	173
Budget—General Discussion	174

Price: Rs. 1-4-0

WEST PAKISTAN LEGISLATIVE ASSEMBLY

FIRST SESSION OF THE FIRST WEST PAKISTAN LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Wednesday, the 23rd May 1956

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore, at 8-00 a.m. of the clock, Mr. Speaker (Chaudhri Fazal Elahi) in the chair.

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER) : May I just point out that some Members were sitting in their seats when the Speaker entered. I think it is against the dignity of this House that things of this sort should happen.

Mr. G. Allana (MUNICIPAL CORPORATION OF KARACHI) : Nothing can be said before the recitation of the Holy Quran.

[*Recitation from the Holy Quran*]

Ruling : Point of Privilege can be raised after the Questions.

Mr. G. Allana : On a point of privilege , Sir.

Mr. Speaker : After questions, please. The business of the House starts after the questions. You can then raise a point of privilege.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

EDUCATIONAL FACILITIES FOR LOCAL PEOPLE AT KARACHI

***25. Mr. G. M. Syed :** Will the Minister of Education be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the local Sindhi inhabitants of Karachi by virtue of their belonging to labour class have been unable to take due advantage of meagre educational facilities provided by the Provincial Government in Karachi ;

(*b*) whether Government have approached the Central Government to fix a quota for local Sindhis in the matter of admissions to the educational institutions run by it ;

(*c*) whether Government have approached the Central Government to fix a quota of scholarships and freeships for the local Sindhis in Karachi educational institutions ;

(*d*) whether Government have formed any trust to provide educational facilities to the local Sindhis in Karachi ;

(*e*) the number of seats, scholarships and freeships reserved for the local Sindhis in each institution run by the Provincial Government in Karachi ;

(*f*) if reply to (*d*) and (*e*) be in the negative, measures Government intend taking to encourage the local people to acquire higher education ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (EDUCATION MINISTER):(*a*) The Central Government, in fact, administers Karachi and the Central Government had doubtless provided large sums of money for education, but obviously the facilities are not adequate. Local Sindhis, like other inhabitants of Karachi, have not been able to secure educational facilities adequately. It is a matter of educational policy not to restrict admissions to schools on the basis of caste, creed or habitation and the Provincial Government does not think that it would be advisable to make any representation to the Central Government on the subject. This covers (*b*) also.

(c) No. The population of Karachi comprises of Punjabis, Sindhis, Pathans, Gujratis, Memons and refugees from all over India. The Provincial Government does not wish to make any suggestion to the Central Government regarding fixing quotas for the Sindhis or any other community resident in Karachi for the award of freeships and scholrships, as it must leave the discretion in this matter to the Central Governm nt who administers the subject.

(d) No. Government does not consider it necessary to establish a Trust to Provide educational facilities for particular communities of this Province. Government will eventually take the matter into consideration and decide the claims of all the inhabitants of the Province for educational facilities on the merits of every case according to its resources.

Mr. G. M. Syed (DADU DISTRICT): Is the Honourable Minister aware that as many as 14 M. L. As. from Karachi are sitting here. I do not see any reason why they should not interfere in the administration of Karachi when their representatives are here.

Minister: It is on account of and under the Act which has been passed by the Central Legislature and over which we have got no control.

Of course, in these circumstances, we can only recommend m tters which the Honourable Member would consider are necessary and which also we feel are within our province to do so. In doing that we will never hesitate.

Mr. G. M. Syed: (DADU DISTRICT): What is the necessity of representatives from Karachi to sit here when they cannot have any voice so far as the City of Karachi is concerned.

Minister: I think I have not been able to make my answer clear to the Honourable Member. Suppose we do anything, we will be considered as trespassers. We cannot pass orders. We can only send recommendations to the Central Government.

Mian Muhammad Shafi (MONTGOMERY DISTRICT): Ask the Central Government to take adequate steps for the incorporation of Karachi into West Pakistan or.....

Minister: If it is in any way helpful to the House, Government will never hesitate to take steps.

Mr. G. Allana (MUNICIPAL CORPORATION OF KARACHI): I understood the Honourable Minister to say that the population of Karachi consists of Punjabis, Sindhis, Pathans, etc. May I know from him whether it is a fact that after the integration of West Pakistan we have decided not to call ourselves as such.

Minister: That is what I wanted to show in my answer.

Mr. G. Allana: Will he then correct the answer and remove the words—"Punjabis," "Sindhis" and "Pathans".

In the last interim elections, we had no interference except that some of the Central Ministers took certain Members of the Assembly in their saloon from Nawabshah to Sukkur and confined them there so that Sanghar Constituency should be safe for certain Members.

It is the duty of Dr. Khan Sahib to see that fair and free elections are held. After all he is the head of the Government and if anything goes wrong, he will be held responsible and not his colleagues.

Now, Sir. I would say something about the staff that has been transferred to this place from the smaller Provinces. They were given promises that they will be given Separation Allowance, Karachi Compensatory Allowance, etc.

Now, what is the position. About 500 clerks and Assistants from the Secretariat have come from Karacni and persons have come from Peshawar also. What is their position. They are subordinates and therefore they have not been able to see Dr. Khan Sahib.

POINT OF ORDER—WHETHER A MEMBER SHOULD BE ADDRESSED BY NAME

Mir Ali Mardan (KHAIRPUR) : On a point of order, Sir. My learned friend has referred to the Chief Minister by name and this is unparliamentary expression. In May's Parliamentary Practice, at page 438, it is said "In order to guard against all appearances of personality in debate, it was formerly the rule in both Houses that no Member should refer to another by name". Therefore the Chief Minister must be addressed not by name but by his designation, by the Office he holds. I would ask the honourable member to refer him not by name but by designation. I want your ruling on this point.

Mr. G. M. Syed (Dadu District) : He has not referred to him by name, but by Office.

Dr. Khan Sahib (Chief Minister) : I am tired of hearing of May's Parliamentary Practice. We are living in a free country and foreign authorities should not determine our actions. We should have our own Parliamentary conventions and traditions. You must do away with all those foreign old conventions. Let any member call me by name, I don't mind.

Begum Shah Nawaz (Lahore District-Women's Reserved Seat) : I would request the Honourable Chief Minister to withdraw his words. If we do away with all the conventions, there cannot be anything but chaos in this House.

Mr. Speaker : The point of order raised is that the member who is making the speech should not refer to members of this House by name. That is not a rule which is strictly adhered to in practice. But I would request honourable members that while making speeches they should avoid the use of personal names. I think when an honourable member is referring to some administrative action taken by a Minister and he takes his name, there should be no objection.

Mr. G. M. Syed : What is your definite ruling.

Mr. Speaker : I have allowed the use of personal names when making speeches during the debate. I think there is no harm in it.

Pir Ellahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : I shall certainly abide by the ruling of the Chair and I shall be happy to avoid all personal names. I hope there will be no recurrence about it.

What I was drawing attention to of the Chief Minister was that the people, these subordinate Government servants, have not been able to come to him. What will be the state of those people whom you gave certain terms, the Central Government, the Provincial Government and everybody else told them that you will be treated very fairly and very liberally and there will be no difficulty about it. What is the position of those people. You have brought those people from there, from Karachi and other places, to here at Lahore. They were serving in their respective secretariats and were not subject to transfer. You shunted them off to other districts and after having so shunted them, their seniority, their allowances and everything has disappeared. The Assistant Secretaries from Karachi who came here were not promoted or given appointments in the Secretariat but superintendents who were already here in Lahore were promoted as Assistant Secretaries. Why all this ? After all when Assistant Secretaries are there, why should promotion go to new men. It should be by seniority and those people who are already there from the former provinces should be promoted. Why should you disturb them, why should you create ill-feelings between the various grades of services. I know that the services do feel it very much, particularly about their seniority. They feel that they are being treated shabily. Therefore I request the Chief Minister to personally look into these matters and give them the proper place. The peon who are getting hardly Rs. 50 per mensem or junior clerks getting 70 to 100 rupees per month, have been brought here and put in Samanabad, a place at a distance of about 5 miles. If they go to office from Samanabad early in the morning, they have to pay 4 or 5 annas as fare. While they return to their place from Office they have likewise to pay 4 or 5 annas as fare. This would mean about Rs. 10 to 15 per month and that from a meagre salary of Rs. 50 or so. This will be a great loss to them. Then they are coming from Karachi and they have nobody there to look after their family and no family accommodation is provided for them here and therefore they cannot bring their family here. How long can you keep them separate from their family. Our Chief Minister is very fond of helping the poor. I would request him to go and see things for himself and help these poor Government servants. These poor people have to maintain two houses. Now a man with Rs. 100 per mensem as pay what can he do. He has to spend here on fare and on his meals etc. and the major part of his pay is spent here on these things. Now what should he send to his family people to maintain them ? What should he send to maintain his children whom he has left behind; what should he send to his wife or his children. He has one house here and one there. If he goes to Karachi they say casual leave will be granted for only 4 days. You cannot get more than 4 days as casual leave for going to Karachi. If he leaves Lahore today he will reach Karachi the next day, after 24 hours; again while coming the same time is lost. Then one has to go early to the station. This means about 3 days are lost in coming and going to Karachi. If he gets only four days casual leave, after spend-

ing so much in railway fare, etc., he will get one day to be with his wife and children. This is prohibitive and most unfair. These are the real difficulties of these people and I request that fair treatment be given to them in all respects. That is what they want; nothing beyond that. This is not only with regard to Karachi people, the same is the case with Peshawar people and Quetta people. This is a general complaint. I am merely voicing their feelings on their behalf and I hope they will be attended to.

Then, Sir, there is the surplus staff. What are you going to do with that surplus staff. Recruitment is going on here. What about that surplus staff. You must employ them first. Your Government and the Central Government have given assurances that small provinces will get their due share. You have promised that Peshawar, Karachi and Quetta divisions will be given their due share. Now you do not call them by their old names of Sind and Frontier, but history will not take away their names. Sind has remained from the beginning and it shall remain there; you can only change the name for the purpose of administration. You must observe the quota that you have fixed for service to different small units. Whenever there is a vacancy, you must fill that quota. You cannot take shelter behind the plea that people are not coming forward. The thing is that the Public Service Commission is here; the heads of departments are here. Whenever there is a vacancy you advertise. Do you expect that people will come from Karachi, or from Quetta or Peshawar at their own expense for interview ? How can the poor people come from this long distance when they are not sure of employment and when there is a possibility that they might be rejected. You must recruit them in the headquarters of the division and the quota must be properly filled. These are not minor things. They are very big things. It is beginning and only smoke is coming and it might burst. You must therefore be careful about this.

Sir, as regards the budget, as I have already pointed out, it is not a poor man's budget and it is unimaginative. It has given no relief. As my friend Mr. Sayed pointed out, the smaller units have not been treated properly. I would draw your attention to Liaquat Medical College at Hyderabad. Sir, about 30 lakhs of rupees were sanctioned last year and work had actually started. Then suddenly that site has been occupied by S. P. R. I sent questions about this three months ago, but they have not been replied. I am told the questions are roaming in the corridors of the Secretariat or are on the way somewhere.

Sardar Abdul Hamid Dasti : You will get replies.

Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : I hope I will get them immediately. We want that all these technical institutions must be encouaraged. If you want that the country should prosper, you must give the people technical education, you must educate the people. You make a resolve that during your term of office you will eradicate illiteracy from West Pakistan. But unfortunately nothing has been done.

Then, Sir, for Thatta hospital a sum of Rs. ten lakhs was reserved last year, but this year I find that it has been omitted. Instead of making provision for new projects you have omitted the old ones also. That is why we feel that we are being neglected. I come from a backward area. I say if you do not want to encourage us, as promised, at least give and continue what was already there.

Then, Sir, there is the case of sanitorium at Kotri. For this there was a provision of 60 lakhs of rupees . That is also not there.

Then there was the proposal of eye hospital at Hyderabad for which 5 lakhs of rupees were required . That has also disappeared.

There was the proposal of training nurses and midwives at Hyderabad; that is also not there.

I would request the Chief Minister to go into the mofussil and find out what equipment there is in the hospitals. They are starving. In fact there is nothing there. In my home village, which is ten miles from Dadu, Bhan Sayedabad and which has a population of two thousand there was a dispensary. There was only one doctor there before partition; he went away and since then there is only a compounder who is discharging the duties of a medical officer. He gives injections and gives prescriptions. Whether the patient dies or survives is none of his concern. Sir, my friend said that Government are opening 122 new dispensaries. I suggest that let them manage the old dispensaries; give them proper equipment, medicines and doctors. Donot, just for the sake of name, open new dispensaries when you cannot properly maintain the old ones.

Then, Sir, in Sind the intention was that every district will have an Arts College. Last year, there was a proposal that at Dadu there will be an Arts College and teachers' training college, but I find that that proposal has also disappeared. It was also proposed that as the present girls school has not got a good building, a suitable school and a hostel for girls will be built at Dadu. This proposal should be treated as urgent.

Another point and the most important point I want to make is about the Education Cess. The Cess was levied on Muslim Zamindars of Sind for the sake of education. I had started it in 1939 and it is still there. I would request that the Education Cess should now be stopped in Sind because it has not been levied in any other Province. If it is not levied in other provinces then why should the Sindhis pay extra two annas per rupee ? That comes to about several lakhs.

Then, Sir, there is another thing. I would request that there should be a uniform system of taxation throughout the Province. In this connection I would like to show to the House the discrimination that exists in taxation:

Now taxation in Sind on *cotton* is thirty rupees per acre, in the Punjab it is 13-8-0. (*Paddy*: Punjab 13 rupees, Sind—20 rupees) (*Wheat* : Punjab 12 rupees, Sind 19 rupees). You can see for yourselves the difference between the two. I would, therefore, request that there should be a uniform policy regarding assessment throughout West Pakistan. We want that we should be equally treated.

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (Minister for Education) : That is being done.

Pir Elahi Bakhsh : With these few remarks I would request that Government may look to all these things as early as possible. With these words I resume my seat.

(At this stage Mr. Speaker left the Chair and Begum Shah Nawaz took it.)

بیگم زینت فدا حسن (راولپنڈی)—جناب صدر و معزز اراکین جب سے پاکستان قائم ہوا ہے اس ملک کے عوام کسی نہ کسی امید پر زندہ رہے ہیں - پہلے آٹھ سال تک ہم سب یہ دعا مانگتے تھے کہ ہمیں ایک آئین نصیب ہو وہ خدا کے فضل و کرم سے ہمیں نصیب ہوا - اس کے ساتھ ہی ہم ایک یونٹ کے لئے دعا کرتے رہے تا کہ ہم میں اتفاق اور یک جہتی پیدا ہو اور ہم پاکستان کے نظریہ کی تکمیل کر سکیں - ہماری وہ دعا خدا نے قبول کی - مجھے یقین ہے کہ یہ دعا عوام کی تھی جو آج خدا نے قبول

کی ہے (نعرہ ہائے تحسین) یہ دعا عوام کے دلوں سے نکلی تھی۔ اس کے بعد ہم نے یہ دعا مانگنی شروع کی کہ خدا تعالیٰ ہمارے رہنماؤں کو ایسی قابلیت اور اہلیت بخشے جس سے وہ ہماری صحیح رہنمائی کر سکیں۔ ہماری وہ ضروریات جو ۸ سال سے نہیں بلکہ صدیوں سے اسی طرح چلی آ رہی ہیں ان کو پورا کیا جائے۔ آپ کو معلوم ہے کہ یونٹ قائم ہونے کے بعد جو واقعات رونما ہوئے ہیں وہ اتنے ہمت افزا نہیں تھے۔ کیونکہ ایک بار پھر پاکستان میں جمود طاری ہوگیا تھا۔ نہ ٹوٹنے والا جمود اور دلوں کو سرد کر دینے والا جمود پھر طاری ہو گیا۔ عوام کی امیدیں ایک خواب کی طرح نظر آنے لگیں۔

جناب والا۔ خدا خدا کر کے ہم اس ایوان میں جمع ہوئے ہیں پرسوں کا دن تو ہمارے لئے بہت ہی اہم دن تھا جب کہ ایک یونٹ کا پہلا میزانیہ پیش کیا گیا۔ کسی صوبہ میں میزانیہ پیش ہونے والا دن ایک اہم دن ہوتا ہے اور ایک غیر معمولی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ پہلا میزانیہ صوبہ سرحد سندھ پنجاب اور دیگر ریاستوں کے میزانیوں کو جمع کر کے پیش کیا گیا ہے۔ اس لئے ہمارے لئے لازم تھا کہ ہم اس میزانیہ کا نہایت غور سے مطالعہ کریں اور ہر پہلو سے تولیں اور جانچیں اور پھر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ بہر حال جن حالات میں ہم اپنا فرض پورا کر رہے ہیں وہ آپ سے پوشیدہ نہیں۔ در اصل نہ تو کوئی شخص میزانیہ پر صحیح طور پر تبصرہ کرنا چاہتا ہے اور نہ ہی کسی کو یہ تاب ہے کہ اس تبصرے کو سنے اور اپنے دل میں جگہ دے تاکہ وہ constructive proposalsجو ہم پیش کرنا چاہتے ہیں انکو ٹھنڈے دل سے سنکر ان پر عملدر آمد کیا جائے لیکن عوام کے نمائندے ہونے کی حیثیت سے اس فضا میں خواہ وہ کیسی ہی کیوں نہ ہو ہمیں اس میزانیہ پر اظہار خیال کرنا چاہئے۔

پچھلے سال آپ کو معلوم ہے کہ نہ صرف سیاسی طور پر ہمارے صوبے میں بد امنی تھی بلکہ ہم کو ایک عظیم سیلاب کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ چنانچہ حالات کچھ اسطرح سے رونما ہوتے رہے کہ میزانیے کا تیار کرنا آسان کام نہ تھا۔

محکمہ مالیات یعنی فنانس ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور خصوصاً چھوٹے عملہ نے اس محنت اور کوشش سے یہ میزانیہ تیار کیا ہے کہ میرے پاس انکے لئے سوائے تحسین کے اور کوئی الفاظ نہیں۔ آپ جانتے ہیں جب حالات ایسے ہوں جیسے کہ ہمارے صوبے میں تھے تو کام کی طرف توجہ

نہیں دی جاتی اور پھر ایک ایسی اہم چیز - جس کی وجہ سے عملہ کے لئے کئی مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں - مجھے خوشی ہے کہ یہ میزانیہ پیش تو ہوا خواہ حالات کیسے ہی تھے - ہمیں یہ امید نہ تھی کہ وہ میزانیہ بنا سکینگے یا ہم سب ایک یونٹ کی حیثیت سے یہاں مل سکینگے اور نہ یہ معلوم تھا کہ اس میزانیے کو دن کی روشنی دیکھنا بھی نصیب ہوگی یا کہ نہیں -

جناب والا - اس یونٹ کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ ہم سب اپنے Resources یعنی اپنے ملک کے تمام وسائل کو ایک جگہ جمع کر کے اس ملک کی اقتصادی ترقی کی بنیاد رکھیں - میرے ذہن میں یونٹ کا سب سے بڑا مقصد یہی تھا -

جناب والا - مغربی پاکستان کا چونکہ یہ پہلا میزانیہ تھا اسلئے بہت سی امیدیں اسکے ساتھ وابستہ تھیں -

مجھے یہ احساس ہے کہ حکومت کو غیر معمولی اخراجات برداشت کرنے پڑے ہیں تاہم جس بچت کی ہمیں امید تھی اور جس تمنا اور امید پر ہم نے یہ سب کچھ کیا تھا اور جس بچت کی خاطر تمام صوبوں کو آکھٹا کیا گیا تھا وہ بچت ہمیں اس میزانیہ میں بہت ہی کم دکھائی دے رہی ہے (Shame - Shame) بہر حال میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ اس بجٹ میں چند ایک خوشگوار پہلو بھی ہیں اور ان میں سے ایک خوشگوار پہلو یہ بھی ہے کہ ایک '' ویلفیر سٹیٹ '' یعنی سماجی بہبود کی ریاست کا بجٹ میں ذکر کرنا آپ نے اس میزانیہ میں ضروری تو سمجھا اور معاشرتی فلاح و بہبود کا خیال رکھتے ہوئے اس صوبے میں ایک نیشنل کونسل کی شاخ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے - جس کے لئے ۵ لاکھ روپیہ کی رقم الگ رکھی گئی ہے - حکومت کی خدمت میں میری مودبانہ عرض ہے کہ وہ نیشنل کونسل تمام ملک کے لئے پہلے ہی کراچی میں قائم ہوچکی ہے اور جس کے لئے حکومت پاکستان نے دس لاکھ روپے کی رقم مختص کی ہوئی ہے - اس کونسل کی میں بھی ممبر ہوں - اس کونسل کی پہلی میٹنگ مارچ میں کراچی میں ہوئی تھی وہاں میں بھی بہت سی امیدیں لے کر گئی کیونکہ آپ کو معلوم ہے کہ میں سیاست دان نہیں ہوں بلکہ میں قوم کی ایک ادنیٰ کارکن ہوں- بلکہ آجکل کی موجودہ فضا میں تو لفظ سیاستدان گالی کے مترادف ہے (تالیاں) — تو میں یہ عرض کررہی تھی کہ میں وہاں یہ امید لے کر گئی کہ یہ کونسل ہمارے رضاکارانہ سماجی کام میں کوئی

مدد دیگی لیکن میں آپ کو بتلا دینا چاہتی ہوں کہ مجھے اس کونسل کے ممبران کا رویہ دیکھ کر مایوسی ہوئی ۔ یہ چیز ہمارے لئے باعث شرم ہے کہ تمام ملک میں سے اس کونسل کی چیئرمین کے فرائض سرانجام دینے کے لئے کوئی پاکستانی عورت نہ ملی ۔ آپ نے ایک غیر پاکستانی عورت کو اس کونسل کا چیئر مین بنایا ہوا ہے (Shame - Shame) ہمارے یہاں امریکی ایکسپرٹ بھی آئے ہوئے ہیں ۔ ہمیں صرف ٹیکنیکل ایڈ وائزرز چاہئیں ۔ سماجی کام کی منصوبہ بندی میں غیر ملکی ماہرین ہمیں گھیرے رہتے ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے جیسے بجائے پاکستان کے ہم امریکہ اور انگلستان کے لئے سماجی بہبود کا کام کرنا چاہتے ہیں ۔ جیسا کہ وزیر اعلی صاحب نے ابھی فرمایا ہے اور میں اس کی تائید کرتی ہوں کہ ہمیں خواہ مخواہ غیر ملکیوں کی ہر چیز میں تقلید نہیں کرنی چاہئیے ہمارے پاس قومی کارکن موجود ہیں اور خصوصاً ہم خواتین عملی کام کرنا چاہتی ہیں لیکن یہاں ہماری رائے کی کوئی وقعت نہیں ہے اور ہم کوئی عملی کام بڑے پیمانے پر سر انجام نہیں دے سکتے ۔ جب تک حکومت کی مدد نہ ہو اگر یہی حالت صوبائی کونسل کی ہونی ہے تو پھر میرے خیال میں ہمیں اس کونسل سے بھی کوئی امید وابستہ نہیں رکھنی چاہئیے ۔

دوسری چیز میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ کمشنریوں میں جو آپ نے ترقیاتی بورڈ قائم کئے ہیں میں اس کی بڑی مداح ہوں اور اس کے لئے آپ نے ۵۰ لاکھ روپیہ کی رقم وقف کی ہے ۔ اگرچہ یہ رقم نہایت قلیل ہے اور سمندر میں ایک قطرے کی حیثیت رکھتی ہے تاہم اس سلسلہ میں کچھ آغاز تو ہوا ہے ۔ آپ کو معلوم ہے ہمارے پاس رضاکارانہ کارکنوں کی کمی نہیں اور نہ ہی جذبات کی کمی ہے ۔ ہمارے اندر دیہی اصلاح کا جذبہ موجود ہے یہ سوشل ورکرز منسٹریوں کی خواہش نہیں رکھتیں اور نہ ہی پارلیمنٹری سیکرٹری بننا چاہتیں ہیں اور ہم کوئی دوسرے عہدے آپ سے لینے کی خواہش نہیں رکھتیں ۔ (تالیاں اور شور) ۔ آپ نے ویلفیر سٹیٹ کا ذکر کر کے معاشرت کی دکھتی ہوئی رگ پر ہاتھ رکھا ہے میں آپ کو یہ بتلا دینا چاہتی ہوں کہ ہماری حالت یہ ہوتی ہے کہ ہم تو کام کر کے تھک جاتی ہیں اور باوجود کام کرنے کے ہم کو دکھ ہوتا ہے جب باہر کے لوگ ہمارے کام کا جائزہ لینے کے لئے آتے ہیں اس وقت ہمیں سخت ندامت

ہوتی ہے جب وہ لوگ ہمارا کام دیکھکر کہتے ہیں کہ آپ بے شک سماجی بہبودی کا کام تو کر رہے ہیں مگر ہمارے ملک میں حکومت نے ہماری یہ یہ امداد کی ہے اور ہمارے ملک میں یہ کام اس طریقے سے ہو رہا ہے غیر ملکیوں کے سامنے ہم اپنی حکومت کو تو کچھ نہیں کہہ سکتے ۔ میرا اپنا یہ حال تھا کہ جب میرے سامنے کام کے بارے میں اگر کوئی دوسرے ملک کا نام لیا کرتا تھا تو مجھے سخت غصہ آ جاتا تھا اور میں کہتی تھی کہ ہمسایہ ملک کی مثال مت دو لیکن آج میں مجبور ہو کر ہمسایہ ملک کی مثال آپ کے سامنے پیش کر رہی ہوں کہ اس نے اس سلسلہ میں کس قدر ترقی کی ہے ۔ آج پاکستان کو بنے آٹھ سال ہو گئے ہیں مگر اس سلسلہ میں کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا ۔ میں اس کے لئے اس وزارت کو الزام نہیں دیتی کیونکہ یہ تو ابھی ہی تشکیل میں آئی ہے لیکن میں یہ ضرور کہونگی کہ آپ پر اب یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ آپ اس کام کی تکمیل کریں ۔ آپ کے کندھے اتنے بڑے ہونے چاہئیں کہ آپ اس بوجھ کو اٹھا سکیں اور اس ادھورے کام کو مکمل کر سکیں ۔ میں چیف منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگی کہ ان پر قوم کی طرف سے یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اس چیز کو دیکھے بغیر کہ کون کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے ایک قومی کارکن کی حیثیت سے ہماری ہمت افزائی کریں (ہئیر-ہئیر) ۔

کوئی حکومت خواہ وہ کتنی مستعد کیوں نہ ہو سماجی بہبود کا تمام کام نہیں سنبھال سکتی ۔ اس کام میں شہریوں کی شرکت ضروری ہوتی ہے ۔ اور حکومت کو چاہئے کہ وہ عوام کو اس نیک کام میں شامل کرے ۔ آپ نے دیہی ترقی کے لئے جو منصوبہ بنایا ہے یہ ایک مبارک قدم ہے اور آپ نے اس میزانیہ میں اس مد کے تحت روپیہ رکھا ہے لیکن میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتی ہوں کہ اگر کوئی سوشل ورکر اس کام میں حصہ لیتا ہے تو آپ اس کی ہمت افزائی کریں ۔ پرائیویٹ efforts کو appreciate کیجیئے ۔ پرائیویٹ efforts کو encourage کیجئے ۔ اگر یہ کام پچھلی منسٹری سے نہیں ہو سکا تو آپ اس کو کرکے دکھلائیے مگر آپ تو جنگ اقتدار میں اسقدر منہمک ہیں کہ آپ اس طرف توجہ ہی نہیں دے سکتے (تالیاں) ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ آپ نے بیوگان کی امداد کے لئے جو پچاس لاکھ روپیہ کی رقم میزانیہ میں دکھلائی ہے یہ

ایک مبارک اقدام ہے اور میں اس نیک اقدام کے لئے وزیر اعلیٰ کو مبارک باد دیتی ہوں لیکن میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگی کہ خدا کے واسطے ان بیوگان کے لئے جن کا کوئی وسیلہ نہیں - جن کے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اور جن کا کوئی پرسان حال نہیں ہے آپ ان کی بہتری و بہبودی کے لئے ضرور کوئی عملی قدم اٹھائیں - اتنا ہی کافی نہیں کہ آپ ایک رقم میزانیہ میں دکھلا دیں اور عملی طور پر کچھ نہ کریں - جیسا کہ token کے طور پر آپ نے آرٹ کونسل — خدمت ادب و دیگر فنون لطیفہ کی ترویج کے لئے کچھ لاکھ روپیہ تو دے دیا ہے مگر ان رقوم سے خاطر خواہ نتائج برآمد ہونے کی بظاہر کوئی امید نہیں - بیوگان کی امداد کے سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ روزانہ لکھوکھا درخواستیں ہمارے پاس ایسی عورتوں اور بچوں کی طرف سے آتی ہیں جو کہ نہ تو بیوہ ہیں اور نہ ہی یتامیٰ ہیں بلکہ معاشرے کے ہاتھوں ستائی ہوئی ہیں وہ جب میرے پاس آتی ہیں تو وہ جائز طور پر مطالبہ کرتی ہیں کہ ان کے گزارے کا کوئی بندوبست کیا جائے مجھے ان سے روزانہ واسطہ پڑتا ہے بہت سی عورتیں کس مپرسی کی حالت میں زندگی بسر کر رہی ہیں - جب وہ درخواستیں لے کر میرے پاس آتی ہیں تو میں انہیں یہی کہتی ہوں کہ میں مجبور ہوں - میں ابھی کوشش کر رہی ہوں - آپ کو معلوم ہے کہ اب ہمارے معاشرے کی حالت بھی کچھ عجیب ہو گئی ہے - لوگ اسلام کی آڑ لے کر دو دو اور تین تین شادیاں کروانے لگے ہیں اور پہلی بیوی کو ان کے بچوں سمیت گھر سے نکال دیتے ہیں اور ان بیچاروں کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا - اس سلسلہ میں میں یہ تجویز پیش کرونگی کہ آپ مجسٹریٹوں کو summary powers دیدیں تاکہ جب کوئی مصیبت زدہ عورت عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائے تو وہ فوراً حکم جاری کر سکیں اور ان کے اور ان کے بچوں کے گزارے کے لئے فوری طور پر کوئی بندوبست ہو سکے - جناب والا یہ مسئلہ نہایت اہم ہے اور اس کی طرف حکومت کو فوری توجہ دینی چاہئیے - اس کے علاوہ ملک میں جگہ بجگہ Widow Homes قائم کرنے چاہئیں جہاں بیوگان اور ان کے یتیم بچے گزر اوقات کر سکیں - اس قسم کے جو ادارے اس وقت چل رہے ہیں اور ان کی طرف بھی حکومت کو مزید توجہ دینی چاہئیے وہاں ان سے سوت کاتنے - نوار بننے اور کھدر کا کپڑا تیار کرنے کا کام لیا جاتا ہے لیکن اب کھدر تیار کرنا اور سوٹ کاتنا بند کر دیا گیا ہے کیونکہ یہ حکومت کی امداد

کے بغیر uneconomic ثابت ہوا ہے۔ بہر حال آپ اس طرف توجہ دیجئیے اور ان بیوگان کی فلاح و بہبود کا خیال رکھئیے۔

آپ نے ایک یونٹ کا صوبہ محض اس لئے بنایا تھا کہ صوبہ اقتصادی طور پر ترقی کرے لیکن مجھے یہ دیکھکر حیرت ہوئی کہ اس میزانیہ میں آپ نے صوبہ کی اقتصادی ترقی کے لئے کسی منصوبہ بندی کا ذکر نہیں کیا۔

منصوبہ بندی کے بغیر کوئی کام پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا۔ وزارتوں میں رد و بدل ہوتا ہی رہتا ہے۔ میں جانتی ہوں کہ وزیر اعلیٰ کی شخصیت بہت بلند ہے۔ لیکن کام تو بہر حال پلیننگ کے ساتھ ہونا چاہئیے۔ صرف شخصیت تمام ملک کی ضروریات پوری نہیں کر سکتی۔ پیداوار بڑھانے کے ذرائع مہیا کرنے چاہئیں۔ لوگوں کے دلوں میں کام کرنے کی خواہش اور جذبہ پیدا کیجئیے۔ یہ سب کچھ منصوبہ بندی سے ہی ہو سکتا ہے۔ ملکی منصوبہ بندی کے لئے پلاننگ بورڈ تو موجود ہے۔ لیکن ون یونٹ کے لئے مخصوص اور علیحدہ منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔اس مقصد کے لئے ایک بورڈ کی تشکیل ہونی چاہئیے۔

ہر سال میزانیہ میں نئے سکولوں کے لئے روپیہ مختص کیا جاتا ہے لیکن جو سکول پہلے ہی چل رہے ہیں میری آپ سے درخواست ہے کہ ان کی طرف بھی توجہ دیں۔ آپ کو شاید معلوم نہیں کہ پرائیویٹ سکولوں میں کس قسم کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ ان سکولوں کے بچوں کے والدین کا روپیہ لوٹا جا رہا ہے۔ مڈل پاس لوگ کالج چلا رہے ہیں۔ ۱۹۵۳ میں میں اس ایوان میں اس کے متعلق بہت جد و جہد کے بعد ایک بل پاس کرانے میں کامیاب ہو گئی تھی اور میں ملک فیروز خان صاحب کی اب تک شکر گزار ہوں کیونکہ انہوں نے میری مدد کی تھی۔ لیکن اس کا حشر یہ ہوا کہ ابھی تک اس پر عمل نہیں ہوا کیونکہ حکومت کے پاس فرصت نہیں ہے۔

میں صحت عامہ کے بارے میں بھی کچھ کہنا چاہتی ہوں۔ مجھے انجمن خواتین کی صدر ہونے کی حیثیت میں بہت کام کرنا پڑتا ہے لیکن میں صحت عامہ کے معاملے میں بھی دلچسپی رکھتی ہوں۔اور آنریری طور پر اس شعبے میں کام کرتی رہتی ہوں۔

خان فقیرا خان جدون—پوائنٹ آف آرڈر۔ عوام یہ خیال کرینگے کہ مستورات بادشاہت کے قابل نہیں ۔ آپ نے محترمہ خاتون کو کئی دفعہ حکم دیا لیکن وہ نہیں بیٹھیں ۔ انہیں بیٹھ جانا چاہئیے ۔ (قہقہہ)

چیئرمین (بیگم جہاں آرا شاہنواز) انہوں نے کہا تھا کہ محترم بھائیوں کو بہت وقت دیا گیا ہے اس لئے میں نے انہیں دو تین منٹ زیادہ دے دئے ۔

بیگم زینت فدا حسن—صحت عامہ کے معاملے میں بہت سا روپیہ ضائع ہو رہا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ مرض کی جڑ کو نہیں پکڑ رہے ۔ میں نے آپ کی خدمت میں کئی تجاویز پیش کی تھیں لیکن آپ نے انہیں درخوراعتنا نہ سمجھا ۔ ڈائیریکٹر و وزیر صحت کی خدمت میں بارہا میں نے عرضداشتیں پہنچائیں۔ لیکن انہوں نے کوئی قدم نہ اٹھایا ۔

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ عوام کسی پارٹی کی شکست سے دل شکستہ نہیں ہوتے اور نہ کسی پارٹی کی فتح پر خوش ہوتے ہیں وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ انہیں روٹی مہیا ہو۔ انہیں کپڑا مہیا ہو اور انہیں رہنے کے لئے گھر مہیا ہو ۔ (نعرہ ہائے تحسین) میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ آپ کام کریں ۔ بہت سا کام پڑا ہے۔ عوام بیچارے فریب خوردہ ہیں ۔ ان کی حالت تو یہ ہے کہ

چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک تیز رو کے ساتھ
پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

قاضی مرید احمد— On a point of privilege

اس طرف سے بجٹ کے متعلق تقریریں کی جا رہی ہیں لیکن جن حضرات کی خاطر یہ تقریریں کی جارہی ہیں ان میں سے یہاں کوئی بھی موجود نہیں ہے ۔ ہم بھینس کے آگے بین بجا رہے ہیں

چیئرمین— آپ بیٹھ جائیے ۔ یہ کوئی point of privilege نہیں ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon** (Multan district) : Sir, it is a convention that when the budget is being discussed, all the Ministers should be in their seats so that the criticism levelled against their departments should be heard by them and they should be in a position to take notes of those criticisms and at the appropriate time they should be in a position to give replies to all the points raised.

Chairman : I cannot compel them to be in their seats but request them.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon**: Madam, with all due respect, during the last budget session of the National Assembly of Pakis-

tan, Ministers were absent and a similar point of privilege was raised by the Awami League. The Speaker compelled the Prime Minister to see that all Ministers shall be present in their seats when the budget was being discussed.

A Member : Madam, the Honourable Finance Minister is there to listen.

Chairman : I cannot compel them but request them. That is the parliamentary practice.

خان فقیر اخان جدون—اس وقت وزیر خزانہ بیٹھے ہوئے ہیں - ہمارے دوست کی نظر کمزور معلوم ہوتی ہے- (شور)-

چیئرمین— آڈر - آڈر -

بیگم ممتاز جمال—محترمہ میں بجٹ کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتی - میں درخواست کرنا چاہتی ہوں اور مجھے امید ہے کہ اس ایوان کے سب ممبر خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں اس پر غور فرمائیں گے- میری گذارش یہ ہے کہ ابھی خاتون ممبر صاحبہ تقریر کر رہی تھیں تو ایک ممبر نے آوازے کسے - یہ مرد کے شایان شان نہیں-

چیئرمین (بیگم جہاں آرا شاہنواز) مہربانی کر کے بیٹھ جائیں - میں اس کی اجازت نہیں دے سکتی - یہ درخواست اپ اپنی تقریر میں کریں -

چوہدری چندو لال سندر داس (لاہور ڈسٹرکٹ مخصوص نشست برائے غیر مسلم)—

صدر محترم—اسلامی جمہوریہ پاکستان کا آئین بن جانے اور مغربی پاکستان کی وحدت کے معرض وجود میں آ جانے کے بعد یہ پہلا میزانیہ تھا جو پرسوں پیش ہوا - میرا خیال تھا کہ وزیر خزانہ نے جب یہ میزانیہ تیار کیا ہو گا تو انہوں نے آئین پاکستان کے Preamble کو زیر غور یقیناً رکھا ہو گا - اس Preamble میں یہ لکھا ہے کہ حکومت اللہ تعالیٰ کی ہے - تو نتیجہ یہ نکلا کہ حکمران وقت اللہ تعالیٰ کا مختار ہے اور اس لئے اس شخص پر جو اللہ کا مختار ہے لازم آتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کو صدق دل سے تلاش کرے - اگر وزیر خزانہ نے میزانیہ تیارکرتے وقت خداوند تعالیٰ کی مرضی تلاش کرکے اس کے مطابق کام نہیں کیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس مختاری میں بد دیانتی کا مرتکب ہوا ہے - محترم صدر میں آپکی وساطت سے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ .....

ایک آواز— وزیر اعلیٰ اس وقت ایوان میں تشریف فرما نہیں ہیں -

چودھری چندو لال سندر داس—اگر وزیر اعالیٰ نہیں ہیں تو جناب وزیر خزانہ تو تشریف رکھتے ہیں -

ایک آواز— جناب والا - معزز ممبر نے ''بددیانتی،، کا .و لفظ استعمال کیا ہے وہ unparliamentary ہے - برائے مہربانی انہیں کہا جائے کہ وہ اس لفظ کو واپس لیں -

چیئرمین (محترمہ بیگم شاہنواز)—آپ ایسے الفاظ استعمال کریں جن سے ہاؤس کی عزت قائم رہے -

Chaudhri C. L. Sunder Das: Sir, I have no intention to hurt the feelings of any one. I belong to a community whose basic religious teaching that we are to practise in life are : Turn thy right cheek when slapped on the left. Go two miles in Begar if made to go only one. If you have two shirts, give one to him, who hath not". So Sir I shall refrain from saying anything which will least injure the feelings of any one. But I shall have no hesitation in telling the truth.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : May I through you request the Chief Minister that he along with his other colleagues try to remain in their seats and listen to the criticism of the hounourable members.

Chairman (Begum Shah Nawaz) : Please sit down. It is a convention which I hope they will follow.

Rana Gul Muhammad Noon : It is an insult to the House that Ministers are not in their seats.

(At this stage Mr. Speaker Ch. Fazal Elahi occupied the chair again).

چودھری چندو لال سندر داس : جناب والا— میں عرض کر رہا تھا کہ بجٹ تیار کرتے وقت آئین پاکستان کے Preamble کو زیر غور رکھنا اشد ضروری تھا - اس Preamble میں آپ نے کہا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی حکومت ہے اور آپ اس کے مختار ہیں - اگر آپ اس کے مختار ہوتے ہوئے بھی اس کی مرضی کے مطابق عمل نہیں کرتے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو آپ کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے اور اللہ ہی اس کا بہتر فیصلہ کرے گا- اس سلسلہ میں میں انجیل مقدس سے ایک مختاری کے متعلق مثال پیش کرتا ہوں -

''ایک آدمی نے پردیس جاتے وقت اپنے گھر کے نوکروں کو بلا کر اپنا مال انکے سپرد کیا اور ایک کو پانچ توڑے دئے - دوسرے کو دو اور تیسرے کو ایک - یعنی ہر ایک کو اسکی لیاقت کے مطابق دیا اور پردیس چلا گیا - جسکو پانچ توڑے ملے تھے اس نے فوراً جا کر ان سے لین دین کیا اور پانچ توڑے اور پیدا کر لئے - اسی طرح جسے دو ملے تھے اس نے بھی دو اور کمائے - مگر جس کو ایک ملا تھا اس نے جا کر زمین کھودی اور اپنے مالک کا روپیہ چھپا دیا - بڑی مدت کے بعد ان نوکروں کا مالک آیا اور ان سے حساب لینے لگا -

جسکو پانچ توڑے ملے تھے وہ پانچ توڑے اور لے کر آیا اور کہا اے خداوند تو نے پانچ توڑے مجھے سپرد کئے تھے ۔ دیکھ میں نے پانچ توڑے اور کمائے ہیں ۔ اس کے مالک نے اس سے کہا اے اچھے اور دیانتدار نوکر شاباش تو توڑے میں دیانتدار رہا ۔ میں تجھے بہت چیزوں کا مختار بناؤنگا ۔ اپنے مالک کی خوشی میں شریک ہو ۔ اور جسکو دو توڑے ملے تھے اس نے بھی پاس آ کر کہا اے خداوند تو نے دو توڑے مجھے سپرد کئے تھے ۔ دیکھ میں نے دو توڑے اور کمائے ۔ اس کے مالک نے اس سے کہا اے اچھے اور دیانتدار نوکر شاباش ۔ تو توڑے میں دیانتدار رہا ۔ میں تجھے بہت چیزوں کا مختار بناؤنگا ۔ اپنے مالک کی خوشی میں شریک ہو ۔ اور جسکو ایک توڑا ملا تھا وہ بھی پاس آکر کہنے لگا اے خداوند میں تجھے جانتا تھا کہ تو سخت آدمی ہے اور جہاں نہیں بویا وہاں سے کاٹتا ہے اور جہاں نہیں بکھیرا وہاں سے جمع کرتا ہے ۔ بس میں ڈرا اور جاکر تیرا توڑا زمین میں چھپا دیا ۔ دیکھ جو تیرا ہے وہ موجود ہے ۔ اس کے مالک نے جواب میں اس سے کہا اے شریر اور سست نوکر تو جانتا تھا کہ جہاں میں نے نہیں بکھیرا وہاں سے جمع کرتا ہوں ۔ پس تجھے لازم تھا کہ میرا روپیہ ساہوکاروں کو دے دیتا تو میں آ کر اپنا مال سود سمیت لے لیتا ۔ پس اس نے حکم دیا کہ اس سے وہ توڑا لے لو اور جسکے پاس دس توڑے ہیں اسے دیدو ۔ کیونکہ جس کسی کے پاس ہے اسے دیا جائیگا ۔ اور اس کے پاس زیادہ ہو جائیگا ۔ مگر جسکے پاس نہیں ہے اس سے وہ بھی جو اس کے پاس ہے لے لیا جائیگا اور اس نکمے مختار کو باہر اندھیرے میں ڈال دو وہاں رونا اور دانت پیسنا ہوگا،، ۔

اس مثال کے بعد میں حکومت کی کار گزاری کی چند مثالیں پیش کرونگا اور حکومت پر چھوڑوں گا کہ وہ فیصلہ کریں کہ وہ کیسے مختار ہیں ۔

جناب والا — اس مسئلہ کے بعد میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وزیر خزانہ نے دیہلی بستیاں بنانے کے پروگرام پر بڑا زور دیا ہے آپ نے صنعت و حرفت کے پروگرام پر بڑا فخر کیا ہے ترقی زراعت کے منصوبوں پر بڑا اترایا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ ان زرعی مزدوروں کی بہبود کو بہت بری طرح نظر انداز کر دیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قیام پاکستان سے قبل جب کہ یہاں ہندو اور سکھ تھے ان دیہاتی زرعی مزدوروں کی حالت بہت بہتر تھی کیونکہ ان دنوں ان غریبوں کو کام تو مل جاتا تھا جس سے وہ اپنا اور اپنے اہل و عیال کا پیٹ پال

سکتے تھے ۔ مگر اب صورت حال یہ ہے کہ وہ غریب بے گھر اور بے زر ہیں اور ان کی بد حالی اور خستہ حالی کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا ۔ یہ وہ زرعی مزدور ہیں جنہوں نے آپ کی دو سو سال سے بنجر پڑی ہوئی زمینوں کو قابل کاشت بنا کر سر سبز و شاداب کھیتوں میں تبدیل کر دیا ہے ۔ مگر ان کی حالت یہ ہے کہ جب وہ دو سال یا چار سال محنت شاقہ کے بعد زمین کو قابل کاشت بناتے ہیں اور اس میں بیج ڈالتے ہیں تو محکمہ آبادکاری کی طرف سے نوٹس آجاتا ہے کہ وہ زمین فلاں کو الاٹ ہو گئی ہے لہذا اس کا قبضہ اسے دے دیا جائے ۔ بات در اصل یہ ہوتی ہے کہ محکمہ مذکور ان غریب مزدوروں کو فرضی چٹیں دے دیتا ہے اور روزنامچوں میں الاٹمنٹ کسی اور کے نام ہوتی ہے ۔ جب محکمہ مذکور یہ دیکھتا ہے کہ زمین قابل کاشت ہو گئی ہے تو مذکورہ بالا نوٹس فوراً جاری کر دیتا ہے اور غریب زرعی مزدور بڑی مایوسی کے ساتھ اپنے گھر واپس آجاتا ہے اور قبضہ کسی اور کا ہو جاتا ہے ۔یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اگر آپ نے ان زرعی مزدوروں کی حالت زار کو بہتر نہ بنایا تو آپ کے پانی کے منصوبے جو آپ اپنی فصلوں کو سرسبز و شاداب بنانے کے لئے تیار کر رہے ہیں یا تیار کر لئے ہیں سب رائگاں جائیں گے ۔ وہ پانی آپ کی جڑوں میں پھر جائے گا ۔

جناب والا— اگر ہمیں کسٹوڈین کی عدالت سے ایک فیصلہ انڈین کرسچین سیوچل انشورنس کمپنی کی عمارت واقعہ میکلوڈ روڈ جائیداد متروکہ نہیں ہے اور اس فیصلہ پر عمل درآمد کے لئے ہم محکمہ بحالیات کے متعلقہ افسران کے پاس جاتے ہیں یعنی ڈپٹی کمشنر بحالیات کے پاس جاتے ہیں ۔ کمشنر بحالیات کے پاس پہنچتے ہیں بلکہ اگر ضرورت پڑے تو ہم وزرا صاحبان تک بھی پہنچتے ہیں مگر سب بے سود ۔ اور آٹھ سال تک غریب عیسائی جماعت کی ملکیت پر غیر قانونی قبضہ کو روا رکھا جاتا ہے ۔

جناب والا—جب محکمہ بحالیات کے نام ہم کسٹوڈین کا حکم نامہ لیکر جاتے ہیں تو اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا اور ہمیں زمین یا مکان پر قبضہ نہیں دلایا جاتا اور صاحب کسٹوڈین بھی وہ جو کہ آج مغربی پاکستان کی عدالت عالیہ کے چیف جسٹس ہیں ان کے فیصلے کی یہ عزت ہوتی ہے تو ہم کیسے یہ توقع رکھیں کہ rehabilitation کرتے وقت آپ کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف موجود ہو گا ۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہمارے ساتھ فیاضانہ سلوک کیا جائے ہم تو فقط یہ چاہتے ہیں کہ ہم

غریبوں کےساتھ صرف انصاف روا رکھا جائے ۔ اور محکمہ بحالیات کی کارگزاری اسی صورت میں قابل تسحین ہو گی اگر اقلیتوں سے ناروا سلوک نہ کیا گیا ۔

جناب والا—زرعی مزدوروں کی حالت کو ہر حال میں بہتر بنانا ہو گا ۔ اس مفلوک الحال طبقہ کو نہ تو کپڑا میسر آتا ہے اور نہ رہنے کو مکان ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ کروڑوں روپیہ بھی دوسرے ترقی کے کاموں پر خرچ کر دیں تو اس کا کوئی فائدہ نہ ہو گا جب تک کہ آپ ان غریب مزدوروں کی حالت کو بہتر نہ بنائیں گے ۔ میں صاف صاف کہہ دینا چاہتا ہوں کہ آپ کو اس وقت تک اپنے میزانیہ پر فخرو ناز نہیں کرنا چاہئے جب تک کہ آپ زرعی مزدور کی حالت کو بہتر نہیں بنا لیتے ۔ آپ ذیلی بستیوں پر بڑا فخر کر رہے ہیں ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ نے زرعی مزدوروں کے واسطے جو آپ کی زراعت کو ریڑھ کی ہڈی کا کام دیتے ہیں زمین نہیں رکھی بس پر وہ بھی اپنی بستیاں تیار کریں تو آپ نے کچھ نہیں کیا ۔ اگر آپ نے ان کے لئے کچھ نہیں کیا تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے اس فرض میں کوتاہی برتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذمہ لگایا تھا ۔ آپ بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ پاکستان میں کھانڈ کے اتنے کارخانے قائم کر دئے گئے ہیں مگر ان غریبوں کی حالت یہ ہے کہ ان کو کھانڈ کا رنگ بھی بھول گیا ہے کہ وہ کیسا ہوتا ہے کیونکہ نہ ان کے پاس پیسہ ہوتا ہے اور نہ وہ کھانڈ خرید سکتے ہیں یہ وہ غریب مزدور ہیں جنہوں نے آپ کی بنجر زمین کو لہلہاتے کھیتوں میں تبدیل کر دیا ہے اور اگر آپ ان کی حالت کو سدھارنے کی سعی سچے دل سے نہیں کرتے تو آپ اپنے فرض میں بڑی بھاری کوتاہی کر رہے ہیں ۔ اور اپ کا مالک حساب لیتے وقت آپ کو کہے گا اے شریر اور سست نوکر تو تھوڑے میں بددیانت نکلا تجھ سے وہ جو تو رکھتا ہے لے لیا جاتا ہے ۔

زرعی مزدوروں کو چھوڑ کر اب میں آپ کی توجہ غیر صنعتی مزدور جو شہر میں رہتا ہے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ آپ نے صنعت و حرفت میں بڑی ترقی کی منصوبہ بندی پیش کی ہے لیکن جو غیر صنعتی مزدور جو کارپوریشنوں ۔کمیٹیوں اور گھروں میں کام کرتے ہیں انہیں آپ نے اس طرح نظر انداز کیا ہے کہ شاید آپ انہیں انسان بھی نہیں سمجھتے ۔ اور یہ کہ میزانیہ میں ان کا کوئی حصہ نہیں غیر صنعتی مزدوروں سے میری مراد ہے وہ غریب خاکروب

اور ماشکی وغیرہ اور گھریلو ملازمین جو آپ کے شہروں میں صفائی کرتے ہیں۔ ماشکی کا کام کرتے ہیں یا گھروں میں ملازمت کرتے ہیں آپ نے ان کی حالت بہتر بنانے کے لئے کچھ بھی نہیں کیا۔ صنعتی مزدوروں پر لاکھوں روپیہ خرچ ہوتے ہیں انہیں کچھ نہ کچھ دیدیا جاتا ہے لیکن یہ غیر صنعتی مزدور جو ہیں ان کے لئے آپ یہ نہیں کر سکتے کہ ان کو جز وقتی کے بجائے کل وقتی ملازم قرار دے سکیں۔ یہ لوگ صبح چار بجے سے لیکر رات کے دس بجے تک کام کرتے ہیں اور پھر آپ ان کو پارٹ ٹائم ملازم (جز وقتی ملازم) قرار دیتے ہیں انکو نہ تو کوئی پنشن دیتے ہیں نہ کوئی بیماری میں امداد کرتے ہیں۔ وہ چھٹی اس وقت جا سکتے ہیں جب وہ اپنی جیب سے ایک آدمی اپنی جگہ پر کام کرنے کے لئے لگادیں ورنہ نہیں—میں عرض کروں گا کہ اگر آپ ان غیر صنعتی مزدوروں کی حالت بہتر بنانے کے لئے کچھ نہ کر سکے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز آپ کے لئے باعث شرم ہوگی میں حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ صنعت و حرفت کا جو حصہ ہے اس میں سے ایک خاص رقم غیر صنعتی مزدوروں کے لئے مخصوص کر دی جائے۔ میں حقائق سے واقف کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے آپ سے کوئی مخاصمت نہیں میں تو آپ کو بھائی سمجھتا ہوں۔ محترم صدر میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ شہروں میں غیر صنعتی مزدوروں کی بستیوں کا عالم یہ ہے کہ ایک مرلہ زمین میں تین تین گھر ہیں آپ نے ذیلی بستیاں بنائی ہیں لیکن ان کے لئے کچھ بھی نہیں کیا کم از کم انہیں بھی اچھے کوارٹر رہنے کے لئے دے دیجئے تاکہ ان کو رہنے کے لئے گھر مل جائیں۔ کمیٹیوں میں غیر صنعتی مزدوروں میں عورتیں بھی ہیں جو صفائی کرنے کا کام کرتی ہیں حالت یہ ہے کہ اگر ایک ملازم عورت حاملہ ہے اور پیدائش کا وقت ہے چھٹی نہیں دی جاتی۔ اگر چھٹی دی جاتی ہے تو اس شرط پر کہ وہ اپنی جگہ کسی اور عورت کو کام کرنے کے لئے بھیج دے اگر وہ ایسا نہیں کرتی تو اس کی چھٹی بغیر تنخواہ کے ہو جاتی ہے اب میں آپ پر یہ فیصلہ چھوڑتا ہوں کہ غیر صنعتی مزدوروں کے ساتھ یہ امتیازی سلوک کیوں کیا جاتا ہے اگر وہ اکثریت سے سماجی تعلق نہیں رکھتے نہ سہی آپ کے خادم تو ہیں آپ کے بزرگوں کی تو انہوں نے خدمت کی آپ کے بچوں کی خدمت کرتے ہیں آپ کی گندگی اٹھاتے ہیں کیا آپ کی آمدنی میں اُن کا یہی حصہ ہے کہ نہ تو انہیں تعلیم کے لئے

کچھ ملے نہ طبی امداد کے لئے - نہ انہیں پنشن دی جا سکتی ہے اور نہ کوئی اور مراعات - محترم صدر صاحب میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بڑا فخر کیا گیا ہے کہ تمام صوبوں کو ملا دیا گیا ہے ہم سرحدی - پنجابی - بلوچی - سندھی سب بھائی اکٹھا بیٹھتے ہیں لیکن میں حیران ہوں کہ اقلیت کے معاملہ میں ان امتیازات کو باقی رکھا گیا ہے جب ٹرانسپورٹ کا سوال آتا ہے اور ہم عیسائی کہتے ہیں کہ ہمیں بھی دو چار بسیں چلانے کے لئے اجازت نامے دے دیجئے ہمارے بھی چالیس پچاس آدمی مل کر کام کریں - ہم آپ کے بچوں کے لئے دعائیں کریں گے تو مجھے کہا جاتا ہے کہ ''تسی کیڑیاں بساں چلاوندے ہوئے سو،، تو میں یہ کہتا ہوں کہ آپ میں سے ۹۰ فیصدی انجن ڈرائیور ہی ہوا کرتے تھے اگر آج ہمیں اس بنا پر ٹھکرایا جاتا ہے کہ ہم اچھوت ہیں تو ہم پوچھتے ہیں کہ ہمیں پاکستان کی تشکیل سے کیا فائدہ پہنچا ہم وہیں پر ہیں جہاں پہلے تھے بلکہ ہماری حالت بد سے بدتر اور بدتر سے بدترین ہوگئی - کیا ہم نے مسلم لیگ زندہ باد کے نعرے اس لئے لگائے تھے، کیا ہم جیلوں میں اس لئے جانے کو تیار ہوئے کہ ہماری حالت بحال سے بد حال ہو اور ہم بد حال سے بے حال ہوں اور آپ کے کان پر جوں بھی نہ رینگے - کیا حصول پاکستان کی جد و جہد میں ہم نے جھوٹے مقدمات کا بار اس لئے برداشت کیا کہ پاکستان کے لئے نعرے کون لگاتا تھا، ہمارے بچوں کے گلے پھٹ جایا کرتے تھے لیکن ان قربانیوں کے باوجود آج ہماری حالت کیا ہے - مسلمان آزاد ہیں ہم وہی غلام کے غلام کاش ہم بھی اس کاروان میں آپ کے شریک سفر ہوتے - ہمیں ساتھ لے لیجئے، آگے نہیں تو پیچھے ہی سہی لیکن اتنا پیچھے نہ چھوڑئیے کہ ہم راستہ ہی بھول جائیں اور راستہ ہی میں بھٹک بھٹک کر بھوک اور پیاس سے - بیماری اور وبا سے مر جائیں اور آپ کے ماتھے پر ہمیشہ کے لئے کلنگ کا ٹیکہ لگ جائے - جناب والا - صوبوں کی یونیفیکیشن ہونے کے بعد ہم بہاولپور پہنچے اور جہاں ٹرانسپورٹ سروس کے روٹ پرمٹ ملتے تھے ہم نے بھی دروازہ پر دستک دی - اور کہا بھائی ہمیں بھی بس کا پرمٹ دیدو، ہمیں کہہ دیا گیا کہ آپ پنجابی ہیں اس لئے آپ کو پرمٹ بہاولپور میں نہیں دیا جا سکتا - میں پوچھتا ہوں کہ آخر یونیفیکیشن سے فائدہ کیا ہوا - پاکستان کے حاصل کرنے کے سلسلہ میں آپ نے قربانیاں دیں ہم نے بھی قربانیاں کیں ہماری نمبر داری چھن گئی جھوٹے مقدمات بنائے گئے - آپ کی تکالیف میں ہم بھی اپنی حیثیت کے مطابق آپ کے ساتھ رہے ہیں، تو پھر ہمیں آپ

یہ کیوں کہدیتے ہیں کہ بہاولپور کیوں آئے پنجاب جاؤ - مجھے یہ شرم آتی ہے کہ میں پوچھتا ہوں جب سب ایک ہیں تو یہ تفریق کیسی - میں اپنے مسلمان بھائیوں سے جو توحید کے ماننے والے ، انجیل کے ماننے والے ہیں توریت اور حضرت مریم مقدسہ کے ماننے والے ہیں وہ ہمارے ساتھ یہ امتیازی سلوک کیوں کرتے ہیں - ہمیں کسی نہ کسی بہانے سے کیوں ٹھکرا دیا جاتا ہے - اور ہمارے جائز مطالبات کو بھی مسترد کر دیا جاتا ہے -

صاحب سپیکر - آپ کے صرف دو منٹ اور باقی ہیں -

مسٹر سندر داس - اگو ہم سے امتیازی سلوک بلاوجہ اس وقت کیا جائے جب کسی مسلمان اور عیسائی کے درمیان جھگڑا ہو تو مناسب نہیں - ہم نے جان و مال سے حصول پاکستان میں آپ کا ساتھ دیا اور آپ کے وفادار ساتھی ہیں - لیکن ہوتا کیا ہے ہمیں نوکری نہیں دی جاتی - جب ہم فوج میں جاتے ہیں تو کہا جاتا کہ ہم ایماندار نہیں ہیں بے ایمان ہیں لہذا تمہیں نہیں رکھا جا سکتا - میں درخواست کرتا ہوں آپ ہمیں ایمانداری سے روٹی کھانے کے لئے تو دیجئے ہم جان دینے کے لئے تیار ہیں، ہم مرنے کے لئے تیار ہیں لیکن ہمارا ساتھ دینے کے لئے کوئی تیار نہیں ہے ہمیں سب کہتے ہیں کہ ہم بے ایمان ہیں ''چور کو چور پہچانتا ہے '' مگر ہم چور نہیں، ہم وفاداری سے آپ کے وفادار ہیں، ہمیں اپنے کاروان میں ساتھ ساتھ لے چلئے آگے نہیں تو کم از کم پیچھے ہی لے لیجئے شاید کوئی پیچھے سے حملہ کرے تو ہم آپ کی جان کی حفاظت کر سکیں میں اس ایوان کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اپنے دلی جذبات کے اظہار کا موقع دیا میں آخر میں اتنا اور عرض کروں گا کہ ہم آپ کے وہ چیتھڑے ہیں کہ جو آپ کے کبھی نہ کبھی کام آ سکتے ہیں - اگر آپ کا کرتا پھٹے تو ہم آپ کے پیوند لگانے میں کام آئیں گے - ہمیں مت پھینکو - میں توقع کرتا ہوں ڈاکٹر خان صاحب حضرت سلیمان کے کہنے کے مطابق اپنے سفید بالوں کی حقارت نہ ہونے دیں گے اور غریبوں اور یتیموں کی بھلائی اور خوشحالی کے لئے کوشش کرتے رہیں گے -

رسول کریم نے ہمیشہ چیتھڑوں کو سنبھالا اور بر وقت ضرورت اپنے کرتا میں پیوند لگا کر ان کو استعمال کیا -

آخر میں اگر آپ نے اپنی اوٹنی پر غریبوں کا بوجھ لادا تو وہ حضرت حلیمہ کی اوٹنی کی طرح آخر سے اول ہوگئی - ورنہ سب سے پیچھے -

(At this stage Mr. Speaker occupied the Chair)

بیگم جی - اے - خان - جناب والا سال رواں کے بجٹ پر رائے زنی کرنے سے پہلے ہمیں یہ امر بھی مد نظر رکھنا ہے کہ یہ میزانیہ دشوار اور غیر معمولی حالات میں بنایا گیا ہے - وحدت مغربی پاکستان کا قیام دوران سال میں ہوا یعنی ۱۴ اکتوبر کو یہ صوبہ معرض وجود میں آیا - صوبہ کے میزانیہ کی تشکیل کا کام لازمی طور پر اس تاریخ کے بعد کیا گیا - انتظامی تبدیلیوں اور دیگر مشکلات کی وجہ سے مختلف محکموں کے اعداد و شمار حاصل کرنے کے لئے بڑی تکلیف ہوئی -

قاضی مرید احمد Point of order میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے جناب والا کوئی معزز ممبر لکھی ہوئی تقریر پڑھ نہیں سکتا - میں دیکھ رہا ہوں کہ بیگم صاحبہ بول نہیں رہی ہیں بلکہ پڑھ رہی ہیں -

Mr. Speaker. Please sit down.

بیگم جی - اے - خان: مختلف علاقوں کے اخراجات اور ان کے مطالبات کو یکسانیت دینا بھی ایک بہت ہی مشکل امر تھا مگر ان مشکلات کے باوجود یہ میزانیہ قابل تحسین ہے - جناب والا - کل کچھ معزز اراکین نے یہ کہا تھا کہ یہ میزانیہ ان وعدوں کو پورا نہیں کرتا جو وحدت مغربی پاکستان کے قیام کے وقت کئے گئے تھے - میں ان حضرات سے یہ کہنا چاہتی ہوں کہ آپ صبر کیجئے - ڈیولپمنٹ کا کام ایک دن میں نہیں ہوتا اس کو وقت لگتا ہے اگر آپ اس میزانیہ میں ان وعدوں کی ایک جھلک بھی دیکھیں تو آپ کو یقین رکھنا چاہئے کہ انشاالله وہ وعدے پورے ہوں گے - آپ نے انگریزی کا ایک مقولہ سنا ہو گا well begun is half done جناب والا - میں نے اس بجٹ کا مطالع ایک عوامی نمائندہ کی حیثیت سے کیا ہے اور یہ دیکھنے کی کوشش کی ہے کہ عوام کے لئے کیا کیا گیا ہے - جناب والا - معاشرتی بہبود کی مجلس شوریٰ کا قیام ایک نیک فال ہے عوام کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے سوشل سروس کے کاموں کو وسیع پیمانہ پر نہایت منظم طریقہ سے چلانا چاہیے - اور یہ کام کوئی حکومت خود نہیں کر سکتی جب

تک کہ عوام اس سے تعاون نہ کریں اور یہ کونسل اس چیز کو دیکھے گی کہ پرائیویٹ آرگنائزیشنز کیا کام کرتے ہیں اور ان میں کس طرح ہم آہنگی پیدا کی جاسکتی ہے اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھے گی کہ اگر ان کی اسکیمیں مفید اور کار آمد ہیں تو انکی حوصلہ افزائی کیسے کی جا سکتی ہے اور انکو مالی امداد کس طرح دی جا سکتی ہے ۔ جناب والا مجھے امید واثق ہے کہ اس کونسل کے قیام سے خدمت خلق کے کاموں کو ہمارے صوبہ میں تقویت پہنچے گی ۔ جناب والا ۔ بیواؤں اور یتیموں کے لئے پچاس لاکھ روپے کی رقم رکھی گئی ہے یہ ایک نہایت مبارک قدم ہے اور اس میں میرا ایک دیرینہ مطالبہ پوشیدہ ہے ۔ میں نے گذشتہ پانچ سال میں تین بار اپنی بجٹ اسپیچز میں یہ مطالبہ دھرایا اور گورنمنٹ کی توجہ اس اہم فریضہ کی طرف دلائی اور ۱۹۵۳ ع میں میں نے اس وقت کے وزیر اعظم ملک فیروز خاں نون کی خدمت میں پانچ سو بیوگان کی دستخط کے ساتھ ایک Memorandum پیش کیا اور اس کے بعد ہی ان کو ایک انڈسٹریل ہوم کی اسکیم بھی دی اس وقت چند قدم اٹھائے گئے لیکن وہ کافی نہ تھے آج مجھے امید ہے کہ اب یہ کام زیادہ اچھی طرح ہو سکے گا ۔ جناب والا کل میرے ایک معزز بھائی نے یہ فرمایا تھا کہ ہم ان لوگوں کو بھیک مانگنا سکھا رہے ہیں ۔ میں ان کے اعتراض کا یہ جواب دیتی ہوں ۔ کہ یہ سکیم ایک جامع منصوبے کے ماتحت چلے گی بیوگان کو نہ صرف وظائف دئے جائیں گے بلکہ ان کو اس قابل بنایا جائے گا کہ وہ ہمارے معاشرے میں ایک بار عزت کی زندگی بسر کر سکیں اور اچھی طرح پنپ سکیں ۔

اس ایوان کے ایک معزز ممبر نے شوگر پر فی سیر ایک آنہ کا ٹیکس لگا کر پچاس ہزار روپیہ حاصل کرنے پر اعتراض کیا ہے ۔ میں ان کو یہ بتانا چاہتی ہوں کہ یہ آنہ ادا کرنے میں کسی کو اعتراض نہیں کیونکہ یہ آنہ ان کو ایک کار خیر میں شریک کرتا ہے ۔ دوسرے میرے معزز بھائی کو یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ اس ٹیکس کا غریب لوگوں پر اثر نہیں ہوگا دیہات میں تو اکثر لوگ گڑ اور شکر استعمال کرتے ہیں ۔ اور شہروں میں اکثر غریب لوگ اپنے حصے کا چینی کا کوٹہ کم ہی

لیتے ہیں ۔ اور اکثر دوسرے لوگ ان کے حصے سے فائدہ اٹھاتے ہیں ۔

اس منصوبہ کو وسعت دینے کے لئے ذکات اکھٹا کرنے کا خیال بہت مبارک ہے لیکن ایک ایسی مشینری قائم کی جائے کہ یہ روپیہ با آسانی جمع ہو سکے ۔ مجھے قوی امید ہے کہ تمام قوم خوشی کے ساتھ اپنی ذکات کی رقوم اس مقصد کے لئے دے گی ۔ میں صوبے کی خواتین کی طرف سے وزیر اعلیٰ کو آپ کے توسل سے اس نیک کام میں پورے تعاون کا یقین دلاتی ہوں ۔

قاضی مرید احمد: پوائنٹ آف پریولیج—

Mr. G. M. Sayed—On a point of order, Sir. Members are getting up on a point of privilege. We have not passed rules for privilege. How can there be a point of privilege if there are no privilege rules ?

(اس مرحلہ پر قاضی مرید احمد صاحب پھر کھڑے ہوئے)

صاحب سپیکر ۔ آپ بیٹھ جائیے ۔ آپ کو اسی چیز سے تو روکا گیا ہے کہ آپ ہر ممبر کی تقریر میں کچھ نہ کچھ رکاوٹ ضرور ڈالتے ہیں ۔ میں دوبارہ یہ عرض کروں گا کہ اگر کوئی ممبر تقریر کر رہے ہوں تو ہاؤس کو حق حاصل ہے کہ وہ ان کی تقریر سن سکے اور اگر کوئی ممبر انکی تقریر میں رکاوٹ ڈالتا ہے تو وہ خود پریولیج کو توڑتا ہے ۔ پہلے وہ پریولیج break کرتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ on a point of privilege (اس مرحلہ پر قاضی مرید احمد صاحب پھر کھڑے ہوئے)

صاحب سپیکر: order please (شور اور بیٹھ جائیے بیٹھ جائیے کی آوازیں)

قاضی مرید احمد: on a point of personal explanation

صاحب سپیکر : ان کی تقریر ختم ہونے دیجئے ۔

بیگم جی ۔ اے ۔ خاں ۔ جناب والا میں آپ کے توسل سے جناب وزیر اعلیٰ سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ بیوہ عورتوں اور یتیم بچوں کی امداد کے لئے جو سکیم بنائی جائے اس سکیم کو اتنا فروغ دیا جائے کہ مغربی پاکستان کے کسی کونہ میں بھی کوئی بیوہ یا یتیم بچہ ایسا نہ رہے جس کو امداد نہ

دی جائے - اس کے علاوہ میری یہ تجویز ہے کہ اس سکیم میں بے آسرا عورتوں کو بھی شامل کیا جائے -

جناب والا - تعلیم بھی عوام کی بنیادی ضرورت ہے- اگرچہ یونیورسٹیوں کے لئے گران قدر رقوم رکھی گئی ہیں - دس لاکھ روپیہ ذہین اور نادار طلبا کو وظائف دینے کے لئے رکھا گیا - ہے بہاولپور اور ایبٹ آباد کے زنانہ کالجوں کو ڈگری کالج بنانے کا بھی مستحسن اقدام ہے - تاہم میں آپ کے توسل سے وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گی کہ وہ تعلیم کو عام اور سستا بنائیں - اس ضمن میں میں عوام سے بھی اپیل کرتی ہوں کہ وہ حکومت سے تعاون کریں اور ہم اس مسئلہ کو اس وقت تک حل نہیں کر سکتے جب تک کہ عوام حکومت کی اس بارہ میں مدد نہ کریں - پس ان کو چاہئے کہ وہ تعلیمی سوسائیٹیاں بنائیں اور ان کے ذریعہ جگہ جگہ تعلیمی ادارے کھولیں - اس کے علاوہ میری یہ بھی درخواست ہے کہ ہماری حکومت کو چاہئے کہ وہ پرائمری تعلیم کو جلد از جلد لازمی قرار دیدے اور اس کے لئے اگر ہمیں ایک ایجوکیشن سیس بھی لگانا پڑے تو کوئی پرواہ نہیں ہے کیونکہ ہمارے لوگ اپنے فائدہ کے لئے ٹیکس دینے کے لئے ہر وقت تیار ہیں -

جناب والا - دیہی امداد کے منصوبہ پر ہماری حکومت گران قدر رقوم صرف کر رہی ہے - یہ بہت قابل تعریف بات ہے - ہمارے دیہاتی بھائیوں کی زندگی کو بہتر بنانا ضروری ہے وزیر خزانہ صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا ہے کہ دیہی امداد کے بارہ میں ۱۰۲۰ افراد نے تربیت حاصل کی ہے - اس میں عورتوں کا نمبر صرف ۱۲۰ ہے - اس لئے میں ان سے استدعا کرتی ہوں کہ عورتوں کو بھی ایسے مواقع بہم پہنچائے جائیں کہ وہ اس تربیت کو زیادہ سے زیادہ حاصل کریں کیونکہ عورتیں خدمت خلق کے کاموں لئے زیادہ موزوں ہوتی ہیں -

جناب والا - ہماری حکومت صحت پر بہت بڑی رقوم صرف کر رہی ہے مگر میری استدعا ہے کہ حکومت کو زیادہ سے زیادہ میٹرنٹی اور چائیلڈ ویلفیر سنٹر کھولنے چاہئیں اور دائیوں کو ٹریننگ دینے کے مراکز میں بھی بہت اضافہ کرنا چاہئے تاکہ ہمارے گاؤں گاؤں اور قریہ قریہ میں عورتوں کو تربیت یافتہ دائیوں کی

خدمات میسر آ سکیں ۔ جناب والا میں آپ کے توسل سے مرکزی حکومت سے بھی درخواست کرتی ہوں کہ وہ ہمارا وہ روپیہ جو وہ غیر ترقی یافتہ علاقوں کی بہبود کے لئے استعمال کرتی تھی وہ ہمیں دے تاکہ ہم وہ روپیہ خرچ کر کے ان علاقوں میں فلاح و بہبود کی سکیموں کو جلد از جلد ترقی دے سکیں ۔ اور اس کے علاوہ جو روپیہ ہم نے سیلاب کی تباہکاریوں پر خرچ کیا ہے اگر وہ پورا نہیں تو کم از کم اس کا تین چوتھائی حصہ تو ہمیں ضرور عطا کرے ۔

اس کے علاوہ میں جناب والا کے توسل سے وزیر اعلیٰ سے یہ بھی درخواست کرنا چاہتی ہوں کہ وہ یہ بھی کوشش کریں کہ عوام کی جو ضروریات زندگی کی چیزیں ہیں ان کی قیمتوں کو کم کیا جائے ۔ مثلاً صنعت کاروں سے کپڑا سستے داموں حاصل کیا جائے تاکہ ہمیں کپڑا جو ہماری ضروریات زندگی میں داخل ہے آسانی سے میسر آ سکے ۔

اب جناب والا میں آپ کے توسل سے اپنے بھائیوں اور بہنوں سے یہ استدعا کرتی ہوں کہ وحدت مغربی پاکستان کے عظیم منصوبہ کو کامیاب بنانے کے لئے ہم سب کو اتحاد و اتفاق کے ساتھ خدمت خلق کی سپرٹ سے کام کرنا چاہئے کیونکہ جتنا پاکستان مضبوط و مستحکم ہوگا اتنا ہی بیرونی حکومتوں میں پاکستان کی ساکھ میں اضافہ ہوگا ۔

Mr. M. A. Khuhro : The delegation of power has gone beyond all limits. Ministers are helpless creatures. They will soon realise it. Where at the most three or four Deputy Inspector-Generals of Police would have been sufficient, there are eleven of them. There is an Inspector-General and two Additional Inspector-Generals of Police; two Chief Engineers and a score of Deputy Engineers. In each department you will find that parties have been created. If you look at their own propaganda pamphlet which they have issued, they admit that the expenditure on General Administration is twelve crores twenty-two lakhs and twenty-eight thousands. Reduction artificially shown is about forty lakhs. That also is dependent upon the reduction arbitrarily materialising. So, actually speaking, by integration the Administration has not benefited. The Administration has become all the more cumbersome and complicated and more expensive. And there is no relief to the tax-payer when you are going to provide every body with rapid promotion. Thd Deputy Commissioner is made Commissioner, Tehsildar, an Extra Assistant Commissioner and so on. How this state of affairs is going to help you I fail to understand.

Now, Sir, the traditions which they are establishing, the conventions they are laying down economic, administrative, cultural and political, are disastrous for this country. What they have done ? Things that have been decided are not implemented. We were going to start a first class Public School in Sind and the Sind Government was to spend forty lakhs of rupees over it. I am sorry only five have been provided in this Budget. Not a single pie is provided in the Budget for the Cultural Board, Sind. We on the other hand in Sind passed an Act providing fifty lakhs of rupees for the Sind Cultural Board which has been in existence for several years.

Abdus Sattar Pirzada : You stopped it.

Mr. M. A. Khuhro : Now we don't find a single penny provided in the Budget.

Mr. Speaker : We have sanctioned it. It is coming tomorrow.

Mr. M. A. Khuhro : It will be incorrect if you say that you have spent twenty crores over Development and Nation-Building Departments. Those are the old expenditures of the Provinces before. How much money can you spare ? You have no money to spend for the devlopments of the country. You have no money for the betterment and improvement of subjects like education, public health and the cultural development of the country.

Now, Sir. why should you give false hopes to the House. We are not sorry whether we are in majority or minority. But you should be there to see that proper traditions are maintained in this country, proper conventions are built, so that your successors should come and quote you. You should be such that one can be proud of and not ashamed of. I am sorry to say that this experiment has so far not been a success. And, Sir, you have to see how long it will take and what methods are to be adopted, is for the Government to see. It is for you to see how to make the unification of West Pakistan a success, economically, politically and in every field. Because you are now in charge of the Government and it is your duty to see that people are satisfied, so that the assurances that you have given to the people and the hopes which the people have cherished are fully realised. It is your duty to see that this experiment becomes a success. Otherwise its failure will be disastrous and you will be responsible for it.

مسٹر غلام مصطفےٰ غلام محمد خان بھرگری (ضلع تھرپارکر) :
جناب صدر۔صوبہ مغربی پاکستان کے پہلے بجٹ پر سب سے پہلے میرے دوست مسٹرجی الانا اور پھر جناب کھڑو صاحب نے یہ واضح کر دیا کہ اگر یہ اس میں دس لاکھ روپے کی بچت دکھائی گئی ہے لیکن درحقیقت اس میں دو کروڑ ۹۰ لاکھ روپے کا خسارہ ہے ۔ اس مزانیہ کی بڑی بڑی کتابیں جو ہمیں پرسوں دی گئی ہیں انکو سمجھنا ایک layman کے لئے بہت مشکل ہے ۔ لیکن جو صاحبان اسکی واقفیت رکھتے ہیں ان پر یہ چیز واضح ہو گئی ہے کہ یہ بجٹ بچت کا نہیں خسارے کا ہے ۔ صاحب صدر ۔ میں یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ بجٹ اس قسم کا کیوں ہے ۔ میرے دوست نے یہ الزام وزیر خزانہ صاحب پر لگایا ہے لیکن وہ بیچارے اس کے متعلق کیا کہہ سکتے ہیں کیونکہ انہیں تو یہ محکمہ سنبھالے دو چار دن ہی ہوئے ہیں ۔

جناب والا۔میرے یہ دوست بھی اگر سرکاری بنچوں پر ہوتے تو پھر بھی بجٹ اسی شکل میں پیش کیا جاتا جس میں اب پیش کیا گیا ہے ۔ بجٹ تو حکومت کے سیکرٹری صاحبان کا بنایا ہوا ہے ۔ یہ بجٹ کسی عوامی ورکر کا بنا ہوا نہیں ہے یا کسی ایسی پارٹی کا بنا ہوا نہیں ہے جو حقیقی معنوں میں عوام کی بھلائی کے لئے کام کر رہی ہو ۔ میری نظر میں تو یہ ایک ایسا بجٹ ہے جسے پنجابی زبان میں کم چلاؤ بجٹ ،، کہا جاتا ہے (ہنسی) اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے سیاست دانوں نے جو پچھلے نو سال سے پاکستان پر حکومت کر رہے ہیں

عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی کام نہیں کیا - بلکہ اقتدار کی جنگیں لڑتے رہے ہیں - اگر آج الف برسر اقتدار ہے تو کل کو اسے نکال کر اس کی جگہ ب کو دے دی جاتی ہے اور پرسوں ب کو نکال کر د کو مسند اقتدار پر سر فراز کر دیا جاتا ہے - عوام ان سیاست دانوں سے بہت تنگ آ چکے ہیں - اب صورت یہ ہو گئی ہے کہ ہمارے عوام کسی پولیٹیکل پارٹی کا نام تک سننا گوارا نہیں کرتے - اس کی کیا وجہ ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ غریب، عوام سمجھتے ہیں کہ ان لوگوں نے پورے ۹ سال تک ان کو دھوکا دیا ان سے جو بھی وعدے کئے ان کو کرسی اقتدار پر بیٹھتے ہی بھول گئے - ہم یہ نہیں کہتے کہ لیگ والے برے تھے اور Republican Party والے اچھے ہیں - ہمیں اس سے کوئی واسطہ نہیں - ہم تو یہ جانتے ہیں کہ ہمارے دکھوں میں - ہماری مصیبتوں اور کلفتوں میں روزافزوں اضافہ ہوتا گیا - ہماری غربت حد سے بڑھ گئی - ہمیں وہ لازمی ضروریات زندگی یعنی عدل و انصاف - علاج اور تعلیم میسر نہیں جو کسی اچھے معاشرے کی ترقی کا راز ہوتی ہیں - انصاف کی ہمیں بالکل امید نہیں - اپنی بیماری کا علاج ہم نہیں کر سکتے اور تعلیم کے زیور سے اپنی اولاد کو آراستہ نہیں کر سکتے کیونکہ پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے یہ عام آدمی کی طاقت سے باہر ہیں -

جناب والا—ہمیں آرام سے بیٹھ کر ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہئیے کہ آخر یہ جو کچھ ہو رہا ہے - ہمارے عوام کی بد دلی اور خستہ حالی میں روز بروز اضافہ کیوں ہوتا جا رہا ہے - ہمارے عوام لیڈرشپ سے بیزار کیوں ہوتے جا رہے ہیں - ہمیں اس کا علاج ضرور سوچنا ہوگا اور معلوم کرنا ہوگا کہ اس صورت حال کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے -

جناب والا—مسٹر کھوڑو نے ابھی ابھی اپنی تقریر میں کہا ہے کہ unification فیل ہو چکی ہے - efficient administration ختم ہو چکی ہے اور merger plan بالکل نہیں چل سکتا یہ ناقابل عمل ہے - انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ لاہور میں بیٹھ کر صوبہ سرحد سے ایکر کراچی تک کام چلانا ناممکن ہے - جناب والا حکومت مغربی پاکستان نے جو Rules of Procedure بنائے ہیں ان سے وزرا صاحبان کو بالکل کھوکھلا اور بے بس کر دیا گیا ہے اس وقت Secretaries کا rule ہے - اور Deputy Secretaries کا rule ہے - یا Commissioners اور Deputy Commissioners کا rule ہے - عوام کا rule تو ختم ہو چکا ہے - کیا میں مسٹر کھوڑو سے دریافت کر سکتا ہوں کہ

میں نے یہ سب خرابیاں جو unification کے بعد اب ان کے نوٹس میں آرہی ہیں اس وقت ان کو نہیں بتائی تھیں جبکہ وہ سندھ اسمبلی میں merger plan ہم سے بزور شمشیر منوا رہے تھے ۔ میں نے صاف صاف الفاظ میں کہہ دیا تھا کہ ون یونٹ میں administration inefficient ہو گی اور عوام کو بجائے فائدے کے نقصان ہی ہوگا۔

حضور والا۔ پاکستان کے معرض وجود میں آتے ہی refugees پاکستان کی سر زمین میں داخل ہونے شروع ہوئے تھے ۔ اور اب ہم نے خود refugees کو پیدا کیا ہے ۔ وہ اس طرح کہ Secretariat کے کارکنوں کو سندھ سے اٹھا کر لاہور میں پھینک دیا ہے اور وہ دربدر پھر رہے ہیں ان کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے ۔ Sind Assembly کے جو ملازمین West Pakistan Legislative Assembly کے Secretariat میں آئے ہیں وہ آج صبح میرے پاس آئے۔ مجھے ان سے معلوم ہوا ہے کہ Separation Allowance جس کے دینے کا ان سے وعدہ کیا گیا تھا اب بند کر دیا گیا ہے اور جتنا الاؤنس وہ پہلے وصول کر چکے ہیں ان سے recover بھی کیا جا رہا ہے ۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں یکم جون کی تنخواہ سے یہ الاؤنس recover کر کے ان کو تنخواہ سے محروم نہ کر دیا جائے ۔ جناب والا یہ غریب کارکنوں کی مشکلات ہیں جن کو ہم نے سندھ سے اٹھا کر لاہور میں بے سہارا اور بے یار و مدد گار پھینک دیا ہے ۔

جناب والا۔ ہمارے ایک منسٹر نے سندھ اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے یہ فرمایا کہ جب ہم سندھ سے پنجاب میں جاتے ہیں تو وہاں ہماری کوئی عزت نہیں ہوتی ۔ مگر unification کے بعد جب ہم سندھ سے لائلپور جائیں گے تو ہماری بڑی عزت ہو گی ۔

Mian Muhammad Shafi: On a Point of Order, Sir. Can the honourable member discuss the merits of one Unit ?

Mr. G.M. Bhurgri: Yes, Sir, I can discuss the merits of one Uult.....

Mr. Speaker: My ruling is that in the course of the general discussion on the budget, such matters can be discussed as have a bearing on the general administration.

مسٹر غلام مصطفےٰ غلام محمد خاں بھرگری۔ جناب والا۔ اگر آج ایک ممبر لیگ کے بنچوں سے اٹھکر دوسری طرف کے بنچوں پر آ بیٹھتا ہے تو یہ اس کی مرضی کی بات ہے اور اسکی اپنی کنونشن ہے۔ آزاد ملک میں ہر ایک ممبر کو اس امر کی آزادی ہونی چاہئے کہ وہ جس پارٹی میں چاہے داخل ہو جائے ۔

جناب والا— ملک میں جو بد دلی پھیلی ہوئی ہے مسلم لیگ کو اس سے بری الذمہ قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ کیونکہ پاکستان کے قیام سے لیکر اب تک مسلم لیگ ہی وہ organisation ہے جو سنٹر میں اور صوبوں میں پاور میں رہی ہے ۔ مگر اب اس کا زوال شروع ہو چکا ہے ۔ مشرقی پاکستان میں مسلم لیگ election کے بعد اپنی طاقت کھو بیٹھی اور مغربی پاکستان میں (election) سے پہلے ہی اپنی طاقت کھو بیٹھی ہے اور اب opposition benches پر بیٹھی ہے ۔ میں مسلم لیگ والوں سے اپیل کرونگا کہ وہ اب sportsman spirit کا مظاہرہ کریں ۔ یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ مسلم لیگ ہی ہمیشہ برسر اقتدار رہے ۔ اگر یہ ضروری تھا تو Constitution میں amendment کروائی جاسکتی تھی کہ مملکت پاکستان کا صدر ''مسلم'' کی بجائے ''مسلم لیگی'' ہو ۔ اور Prime-Minister صرف مسلم لیگی ہی ہو ۔

جناب والا— مسلم لیگی خود ہی ڈاکٹر خان صاحب کو آگے لائے کیونکہ وہ عوام کو تو اپنا منہ دکھانے کے قابل نہ رہے تھے ۔ اور یہ کہا گیا کہ یہ شخص ملک میں fair elections کرائے گا اور democracy جسکو ہم ختم کر چکے ہیں یہ اس کو revive کریگا اور یہ بھی کہا گیا کہ اگر یہ شخص ون یونٹ کا وزیر اعلیٰ بنے تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ انہوں نے پاکستان کے وزیر اعظم کو یقین دلایا کہ اگر ڈاکٹر خان صاحب کو وزیر اعلیٰ بنا دیا جائے تو مسلم لیگ والوں کو کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ مگر جناب والا جب ون یونٹ بن گیا تو ان لوگوں نے آہستہ آہستہ ان کے پاؤں کاٹنے شروع کئے اور لاہور آ کر ایک resolution پاس کر دیا کہ صوبے کا وزیر اعلیٰ صرف مسلم لیگی ہی ہونا چاہئیے جناب والا میں آپ کو پوری ایمانداری سے کہتا ہوں کہ پنجاب کے عوام اور سندھ کے عوام ڈاکٹر خان صاحب کو ہی West Pakistan کا Chief Minister چاہتے ہیں ۔ میں صوبہ سرحد میں تو نہیں گیا مگر مجھے امید ہے کہ وہاں کے عوام بھی یہی چاہتے ہیں ۔ یہ عوام کی خواہش ہے عوام ایسا چاہتے ہیں آپ لوگ ایسا چاہیں یا نہ چاہیں عوام صحیح ہیں یا غلط میں یہ نہیں کہتا۔انکو یہ امید ہے کہ یہ ایک شخص ہے جس سے ہمارا کچھ بھلا ہو سکتا ہے۔

میں یہ بتا رہا ہوں کہ لوگ یہ کیوں چاہتے ہیں کیا اس واسطے چاہتے ہیں کہ ان لوگوں نے جو پاور میں رہے ہیں نو برس سے ان لوگوں نے جمہوریت کی بیخ و بنیاد اکھیڑ کر رکھدی ہے۔

مسٹر گل محمد راٹھا—ان لوگوں نے نہیں۔

غلام مصطفےٰ غلام محمد خاں بھرگڑی—ان لوگوں نے عوام کے دل و دماغ سے الیکشن کا تخیل تک نکالدیا—وہ سمجھتے ہیں کہ ممکن ہے وہ جو بوڑھا شخص ادھر بیٹھا ہوا ہے ایک دفعہ پھر شاید ہمکو رائیٹ (حق) دلادے۔

ایک آواز— شاید —شاید

مسٹر غلام مصطفےٰ غلام محمد خاں بھرگڑی—انہیں شک ہے کہ شاید اس خرابی میں وہ بھی کوئی اصلاح نہ کر سکے لیکن اگر امید کا کوئی سہارا ہے تو وہی ذات ہے اسکو ثابت کرتا ہے کہ وہ لوگوں کی خواہشات کو پورا کر سکتا ہے یا نہیں میں اپنے بھائیوں کو اسوقت بھی یہی صلاح دونگا کہ یہ وقت نہیں ہے کہ آپ لوگ انکو شخصی و ذاتی زاویہ نگاہ سے دیکھیں۔ آپ دیکھئے کہ جب ویسٹ پاکستان کی اسمبلی بنی تھی تو مسلم لیگ نے دعویٰ کیا کہ ۲۳۵ یا ۲۳۶ ممبران مسلم لیگ کے فارموں پر دستخط کر چکے ہیں میرے پاس صحیح اعداد و شمار نہیں ہیں لیکن اب ۲۳۵ میں سے ۱۳۵ رہ گئے ہیں کوئی چلا گیا ہے یا کوئی نہیں چلا گیا ہے مجھے اس سے غرض نہیں میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ آپ دیکھیں اور جدھر موقع ملے چلے جائیں—ڈاکٹر خاں صاحب جنہیں آپ ہی لوگ لائے ہیں وہ یقیناً ایک ایسی ذات ہے جو جلد سے جلد جنرل الیکشن دلا سکتی ہے اور جنرل الیکشن جسقدر جلد ہو سکے بہتر ہے— لیکن free اور fair ہوں — یقین جانیے جبتک سب لوگوں میں کوئی co-operation نہ ہو کوئی بھی چیز یہاں نہیں ہو سکتی میں آپکو یہ بات بتا دوں کہ جبر سے لوگوں سے کوئی چیز منوائی نہیں جاسکتی میرے دوست جناب مسٹر محمد ایوب کھوڑو نے صوبہ سندھ پر عوام کی مرضی کے خلاف یہ چیز (وحدت، مغربی پاکستان) ٹھونس دی—عوام کو اپنی مرضی ظاہر کرنے کا موقع دیجیئے— وہاں ریفرینڈم کرائیے تاکہ عوام اپنی مرضی کا اظہار کر سکیں۔

ایک آواز—کیا آپ نے اپنے لیڈر سے پوچھا ہے؟

مسٹر غلام مصطفے غلام محمد خاں بھرگری—یہ میرے لیڈر نہیں ہیں —میرے لیڈر یہ بیٹھے ہوئے ہیں— جی-ایم سید کی طرف اشارہ کرتے ہوئے (شور و غل)

صاحب صدر — آرڈر آرڈر—

مسٹر غلام مصطفے غلام محمد خاں بھرگری—مجھے افسوس ہے میرے دوست چاہے کچھ بھی کہیں بات یہ ہے کہ آپ لوگوں سے کوئی بات جبراً نہیں منوا سکتے— کوئی بھی نہیں منوا سکتا—میرا یہ خیال ہے آپ لوگوں سے کوئی چیز جبراً نہیں منوا سکتے—آپ تو کیا انگریز تک نہیں منوا سکے— اگر آپ عوام پر کوئی چیز زبردستی ٹھونس دیں تب بھی آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ عوام کے پاس جائیں— جبتک کسی اسکیم میں لوگوں کا تعاون آپکو حاصل نہ ہوگا — جبتک لوگوں کا آپکے ساتھ co-operation نہ ہوگا آپ کامیاب نہیں ہو سکتے—

Mr. Speaker : Your time is now over.

Mr. G. M. Bhurgri : I have to say so many things. I have not stated even one-eighth of what I had to say. I have to say something which is very important. We have suffered so much that even two days will not be sufficient to ventilate our grievances.

Mr. Speaker : You can move a cut motion and then speak on it.

Mr. G. M. Bhurgri : I want only two minutes.

Mr. Speaker : No. your time is over.

(At this stage Mr. Speaker left the Chair and Begum Shah Nawaz occupied it).

بیگم سروری عرفان اللہ : جناب والا - میزانیہ کا پیش ہونا قوم اور ملک کے لئے بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے - قوم کی آرزوئیں ، امیدیں اور تمنائیں اس سے وابستہ ہوتی ہیں - وہ منتظر رہتے ہیں کہ آخر اس میزانیہ میں ہماری فلاح و بہبود کے لئے ہمارے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے کیا کیا چیزیں پیش کی گئی ہیں اور خصوصاً اس نئی پارٹی سے جن کے نئے تخیلات نئے اصحاب اور نئے جذبات اور نئی چیزیں ہیں ایوان کو بہت کچھ امیدیں وابستہ تھیں - تو صاحب میرا تو یہ خیال ہے اور آپ حضرات یہ سوچتے ہونگے جس کا مختلف اوقات میں اظہار خیالات فرمایا گیا ہے کہ یہ لوگ دنیا کو جنت ارضی بنادیں گے - میں نے بڑے شوق سے بجٹ کا مطالعہ کیا لیکن وقت بہت کم تھا بجٹ پیش ہونے سے تھوڑی دیر پہلے بجٹ ملا تاہم سب کو افسوس ہے کہ اس نئی پارٹی نے جس کے

وہ بلند خیالات وہ احساسات وہ جذبات ہیں لیکن ان جذبات اور خیالات اور احساسات کے باوجود وہ فرسودہ بہ قول شخصے فرسودہ پارٹی مسلم لیگ جو پرانی ہوچکی دقیانوسی ہوچکی . . . .

ایک آواز سیکنڈ ہینڈ ہوچکی۔

بیگم سروری عرفان اللہ : جی ہاں سیکنڈ ہینڈ ہوچکی ہے آپ لوگوں کے کہنے کے مطابق ۔ اب میں نے ایمانداری سے یہ محسوس کیا کہ اس بجٹ کا اس بجٹ سے کوئی مقابلہ نہیں ہو سکتا میں نے اس میں کوئی بھی اسکیم ایسی نہیں دیکھی جس میں عوام کی فلاح و بہبود اور ان کے معیار زندگی کو بلند کرنے، تعلیمی سہولتیں مہیا کرنے یا طبی امداد مہیا کرنے کے لئے آپ لوگوں نے کوئی خاص توجہ دی ہو ۔ کوئی خاص اسکیم دی ہو ۔

حضور والا ۔ اس برصغیر کی تحریک آزادی جس میں حصول پاکستان کی جد و جہد بھی شامل تھی اس بنا پر جاری ہوئی تھی کہ عوام اغیار کی محکومی سے تنگ آ چکے تھے وہ سیاسی آزادی حاصل کر کے اپنی معاشی حالت کو بہتر بنانے کے آرزومند تھے ۔ ان کے دلوں میں آزادی کی تڑپ تھی اور ان کا خیال تھا کہ اس برصغیر کی سیاسی آزادی کے بعد معاشی عدل کی بنا پر ایک نئے معاشرے کی تشکیل کی جائے گی جہاں وطن ایک ہوگا ۔ مذہب ایک ہوگا ۔ ذہنیت ایک ہوگی ۔ جہاں وطنی ۔ مذہبی اور یک جہتی کے باعث تمام اعزہ و اقربا ہم آہنگی کے ساتھ ایک سازگار ماحول میں زندگی بسر کریں گے مگر ع

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

خیال تو یہ تھا کہ یہاں ہمیں کسی تکلیف کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم نے جو حسین خواب دیکھا تھا اس کی تعبیر الٹی نکلی ۔ یہاں روز بروز امیر امیر تر ہوتے چلے جا رہے ہیں اور غریب غریب تر معاشرے کی ہمواری کا یہ عالم ہے کہ ایک طبقے میں دولت کی ریل پیل اور ضروریات زندگی کے سامانوں کی فراوانی اور ارزانی ہے مگر دوسرے طبقے میں گرانی اور سخت جانی کا دور دورہ ہے ۔ ایک طرف فلک بوس محلات ہیں تو دوسری طرف تنگ و تاریک جھونپڑیاں ۔ کیا یہ انصاف ہے ؟ (ہرگز نہیں ہرگز نہیں کی (آوازیں) ایک آواز آپ بھی تو بنگلے میں رہتی ہیں) مگر وہ بنگلہ میرا اپنا نہیں ہے ۔

جناب والا۔ میں جن لوگوں کی حالت زار کا نقشہ پیش کر رہی تھی یہ وہی عوام ہیں جنہوں نے حصول پاکستان کے سلسلے میں بڑی سے بڑی قربانی دینے سے دریغ نہ کیا تھا۔ جنہوں نے اپنا گھر بار۔ کاروبار۔ عزت اور جان و مال غرض سب کچھ آزادی کی تڑپ میں قربان کر دیا تھا۔ بھائی بھائی سے جدا ہوا۔ بہن بھائیوں سے بچھڑ گئی۔ ماں بچوں سے محروم ہوگئی۔ عورتیں بیوہ بن گئیں۔ اور محض اس لئے کہ آزادی کی دولت سے مالامال ہوں گی مگر ان عوام کا آج کیا حال ہے؟ وہ روٹی کپڑے اور مکان کے محتاج ہیں اور روز بروز غریب سے غریب ہوتے چلے جا رہے ہیں خود زندگی کی ضروریات کی گرانی ہو شربا اور دشوار گذار ہے۔ ایک طرف عالی شان عمارتوں اور کارخانوں کی تعداد دوگنی اور چوگنی ہوتی چلی جا رہی ہے مگر غریب عوام کو اس نیلی چھت کے نیچے سر چھپانے کو کوئی جگہ بھی میسر نہیں ہے۔ ایک طرف بھوک اور تشنگی جلوہ افروز ہے تو دوسری طرف فلک بوس عمارتیں ہیں۔ میں عرض کروں کہ عوام جو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہیں وہ عیش و عشرت کے طالب نہیں۔ انہوں نے جانی اور مالی قربانیاں دی تھیں مگر آج وہ نان شبینہ کے محتاج ہیں۔ زندگی کی ابتدائی ضرورتیں روٹی کپڑا اور مکان بھی ان کو میسر نہیں۔ ان کا جذبہ حب الوطنی۔ سیر چشمی اور بے نیازی ایک آہنی قلعہ ہے مگر مجھے اندیشہ ہے کہ اب ان کی بے نیازی discontentment میں تبدیل نہ ہو جائے۔ اب ان کی بے کسی اور بے بسی کا یہ عالم ہے کہ اقتصادی زبون حالی کے باعث ان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے اور چھلک پڑنے کو تیار ہے۔

حضور والا — اب میں آپ کے سامنے مہاجرین کے مسئلہ پر روشنی ڈالوں گی جن کو آپ پناہ گیر کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ انہی پناہ گیروں کی ہمت سے آپ کا یہ پاکستان عالم وجود میں آیا تھا مگر میرا یہ کہنا اس نقار خانے میں ایک طوطی کی آواز سے زیادہ حیثیت نہیں رکھے گا۔ اس لئے میرا ان کی حمایت کرنا قطعاً کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ بہر حال میں کہوں گی کہ ہماری حکومت نے ان کی آبادکاری کے لئے کوئی پروگرام chalk out نہیں کیا۔ میں خود مہاجرین

کی نمائندہ ہوں اس لئے میں اپنا یہ فرض سمجھتی ہوں کہ مہاجرین کے مسئلے کو آپ کے سامنے پیش کروں ۔ ان کی حالت بے حد نازک ہے اور ان کی دل ہلا دینے والی داستان آپ کی طبع نازک پر گران گذرے گی اور پھر

ع کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک

(نعرے ہائے تحسین) لیکن بہر حال آپ بھول چکے ہوں تو میں یاد دلادوں کہ یہ مہاجرین ہی تھے جنہوں نے مالی او جانی قربانیاں دے کر پاکستان حاصل کیا تھا ۔ مائیں بچوں سے بچھڑ گئیں ۔ ان کا گھر بار لٹ گیا اور ان کا سرمایہ حیات لوٹ لیا گیا ۔ لیکن حصول پاکستان کے بعد اب وہ روٹی کپڑے اور مکان کے بھی محتاج ہیں ۔ کیا یہ انصاف ہے ؟ اگر یہ انصاف ہے تو ہمارے ملک کا خدا حافظ (آوازیں خدا ہی ہمارے ملک کا حافظ ہے) بہر حال یہ میرے دل کی پکار ہے

ع گر قبول افتد زہے عزو شرف

یعنی کلیمز کا تنازع ۔ خدا را اسے finalise کیجئے اور مستقل الاٹ منٹین کر دیجئے ۔ بہر حال مجھے خوشی ہے کہ ہمارے وزیر مہاجرین خود بھی مہاجر طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ پارٹیشن کے بعد یہاں آ کر مقامی بن چکے ہیں (شور) مجھے افسوس کہ مجھے سردار عبدالرشید کا confusion ہوگیا ۔ اسلئے I with draw this بہر حال میں درخواست کروں گی کہ مہاجرین کی حالت نازک مرحلے تک پہنچ چکی ہے ۔ یہ حد سے زیادہ توجہ کے قابل ہے ۔ یہ جانی اور مالی قربانیاں کر چکے ہیں ۔ اب کوشش کیجئے کہ یہ آباد ہوجائیں اور فارغ البال ہو کر پاکستان کی خدمت میں مصروف ہو جائیں ۔

حضور والا — اب میں تعلیم کے مسئلہ کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں پاکستان میں تعلیم اور صنعت و حرفت کا معیار بے حد پست ہے کچھ عرصہ سے پہلے ٹرکی کا ملک بھی حصول آزادی کے بعد ایسی ہی پستی کے عالم میں تھا ۔ مگر ان لوگوں نے تعلیم کو فروغ دیا اور قوم کو ترقی کے اوج کمال تک پہنچا دیا حتیٰ کہ اب وہ صنعتی اور تعلیمی لحاظ سے یورپ کے ممالک کے

ہم دوش ہے ۔ ٹرکی کو یہ بلند مقام تعلیم کی بدولت حاصل ہوا ہے ۔ اب اس کا شمار دنیا کے متمدن ترین ممالک میں ہوتا ہے ۔ لیکن میں پاکستان کے ارباب اختیار کی توجہ اس اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ دنیا میں جو قوم بھی آج اوج ترقی پر پہنچی ہے وہ طاقت ور ہونے کی بنا پر نہیں بلکہ تعلیم کی بدولت اس مرتبے کو پہنچتی ہے ۔ وہ اخلاقی طاقت اور کردار کی قوت کے باعث آسمان شہرت پر آفتاب بن کر چمکی ہے ۔ لہذا ہمیں تعلیم کے ذریعے قوم کے افراد کے اخلاقی معیار کو بلند کرنا چاہئے اور ان کی سیرت و کردار کو پختہ بنانا چاہئے ۔

تپ دق ، ملیریا اور دوسری امراض کے مارے ہوئے لوگوں سے آپ جسمانی یا دماغی جد و جہد کی کیا توقع کر سکتے ہیں ۔ آپ یقین مانئے کہ یہ لوگ کسی کام کے ثابت نہیں ہوں گے ۔ میں سمجھتی ہوں کہ خواہ یہ تعلیمی میدان ہو یا صنعتی یا تجارتی اگر ہمارے ملک کی یہی رفتار رہی تو مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں ہم خدانخواستہ دنیا کی دوڑ میں پیچھے نہ رہ جائیں ۔

خان فقیرا خان : آن اے پوائنٹ آف آرڈر ۔ بیگم صاحبہ غریبوں کی نمائندہ ہیں ان کو بولنے کے لئے آدھا گھنٹہ اور دے دیا جائے ۔

بیگم سروری عرفان اللہ : وہ کسی کام کے نہیں رہیں گے اور وہ پیچھے رہ جائیں گے مجھے اندیشہ ہے کہ خدا نخواستہ صیب دشمنان کہیں ان کا بھی ایسا ہی حال نہ ہو ۔ محترمہ چیرمین صاحبہ کسی ملک میں چند افراد کا خوش حال اور مطمئن ہونے کو ملک کا خوش حال اور مطمئن ہونا نہیں کہا جا سکتا ۔ ہم کسی ملک کو خوش حال اور مطمئن اس وقت تک نہیں کہہ سکتے جب تک کہ اس ملک کے افراد جسمانی اور دماغی طور پر قابل فخر اور اور قابل عزت نہ ہوں ۔ آپ دیکھئے کہ شہروں اور دیہات میں لوگ حیرت انگیز ماحول میں تربیت پاتے ہیں اگر یہ اس طرح رہا اور یہ لوگ بھی اس طرح رہے اور ان کی تعلیم اور انکی صحت اور ان کی صفائی پر توجہ نہ دی گئی تو آپ یقین کیجئے

کہ یہ لوگ قابل فخر شہری نہیں بن سکیں گے بلکہ یہ قابل ندامت بنیں گے۔ یہ ان کا قصور نہیں۔ ہم انہیں مورد الزام قرار نہیں دیتے کیونکہ ان کے ذرائع آمدنی اتنے محدود ہیں کہ وہ کر ہی کیا سکتے ہیں۔ اور نہ ہی ان میں یہ استطاعت ہے کہ وہ کوئی سکول قائم کریں اور نہ ہی ان کے لئے کوئی سکول کھولا گیا ہے۔ ان کی حالت کیا ہے۔ وہ بیچارے غریب ایسے ہیں کہ ان کے پاس کھانے کو روٹی نہیں اور تن ڈھانکنے کو کپڑا نہیں۔ وہ اپنے بچوں کو کون سے سکول میں پڑھا سکتے ہیں اور کیا تربیت دے سکتے ہیں مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکومت . . .

مسٹر چیرمین (بیگم شاہنواز : Two mimutes more

بیگم سروری عرفان اللہ Five mimutes more اگر یہی حالت رہی تو ان بیچاروں کو مصیبت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ دیہات کے مسئلہ ہی کو لے لیجئے۔ ہمارے ملک کے ۸۰ فیصدی باشندے دیہات میں رہتے ہیں جو ناداری۔ عسرت۔ تکلیف۔ بیچارگی اور اوہام پرستی کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور ان کی طرف کوئی توجہ مبذول نہیں کی جاتی۔ انہیں روشنی دکھانے والا کوئی بھی نظر نہیں آتا۔ آپ یقین کیجئے کہ اگر ان بیچاروں کے لئے آپ نے طبعی امداد۔ تعلیمی مراکز۔ چائیلڈ ویلفیر سنٹر اور موبائیل ڈسپنسری کا منظم نظام قائم نہ کیا تو ہمارے لئے بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میرے بھائی جس اکثریت کی نمائندگی کرتے ہیں وہ زراعت کرتی ہے۔ مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ باوجود اس کے وہ تمام دن کام کرتے ہیں اور ان کے بچے اور ان کی بیویاں سبھی ان کے ساتھ مل کر مزدوری کرتے ہیں لیکن شام کو ان کے پاس اتنا بھی نہیں ہوتا کہ جس سے وہ اپنا پیٹ پر کر سکیں یا تن ہی ڈھانپ لیں۔ دنیا زراعت میں بہت ترقی کرچکی ہے اور بہت زیادہ بڑھ چکی ہے لیکن ہمارے لوگ ابھی فرسودہ طریقے ہی استعمال کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگرچہ ہمارے لوگ محنت بھی کرتے ہیں لیکن پھر بھی انہیں کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ میں حکومت سے درخواست کرتی ہوں کہ خدا را . . . .

مسٹر چیرمین : آپ کا وقت ختم ہوگیا ہے۔

Bugum Sarwary Irfanullah. I am representative of 9 lakhs of women. Therefore, kindly give me two minutes more.

Mr. Chairman. This is no point of order.

خان فقیرا خان: آن اے پوائنٹ آف آرڈر - بیگم صاحبہ نہایت اعلیٰ تقریر کر رہی ہیں - از راہ کرم ان کو پانچ اور منٹ دیجئے -

Mr. Chairman : This is no point of order.

بیگم سروری عرفان اللہ : بہر حال میں حکومت سے درخواست کروں گی کہ وہ انہیں زرعی اصلاحات کے طریقے بتائیں اور انہیں بتائیں کہ دوسرے تہذیب یافتہ ممالک میں کون سے طریقے استعمال کئے جاتے ہیں - آپ یقین کیجئے کہ یہ چیز ہے جس پر قوم کی تعمیر ہو سکتی ہے یہی چیز ہے جو پاکستان کا استحکام قائم رکھ سکتی ہے - اس وقت جو لیل و نہار ہیں ان سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان کی دھجیاں اڑ کے رہ جائیں گی - پاکستان کے لئے جنہوں نے اتنی قربانیاں دی ہیں وہ بیچارے تو کف افسوس مل کے رہ جائیں گے - جو لوگ سرمایہ دار ہیں - جن کی عالیشان عمارتیں ہیں انہوں نے تو چارٹرڈ پلین کا پہلے ہی سے انتظام کر رکھا ہوگا اور وہ ان میں اپنے سارے خاندان کو بٹھا کر فوراً محفوظ مقام پر پہنچ جائیں گے - ہمارے پاس کیا ہے - ہمارے پاس کچھ نہیں سوائے اسلام اور ایمان کے - اسی کے سہارے پر ہم جی رہے ہیں -

محترمہ میں کچھ تھوڑا سا جماعت کے متعلق بھی عرض کرنا چاہتی ہوں - جہاں تک جماعت کا تعلق ہے اعداد و شمار سے اس کی عظمت نہیں ہوا کرتی بلکہ افراد کے کردار پر اس کی عظمت ہوا کرتی ہے (خوب خوب) we beleive in quality and not in quantity بہت سے قوی ہیکل اشخاص ہیں - ممکن ہے کہ بہت سے لحیم اور جسیم انسان ہوں لیکن آپ یقین کیجئے کہ اگر ان کا کردار بلند نہیں ہے تو دنیا کے نزدیک وہ خس و خاشاک سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے - اگر ایک کردار کا بلند انسان دشمنوں میں بھی بیٹھتا ہو تو وہ دشمنوں میں بھی اپنی عظمت کو برقرار رکھ سکتا ہے - لیکن ایک حقیر کردار کا انسان جہاں بھی جاتا ہے وہ اپنے لئے ذلت اور رسوائی کے سامان پیدا کرتا ہے - کچھ صاحبان

جو ادھر سے ادھر چلے گئے ہیں ان کے نام آپ یقین رکھیں تاریخ میں سیاہ روت میں لکھے جائیں گے (خوب خوب) جناب محترمہ بڑی بڑی کرسیوں پر بیٹھ جانے سے کوئی عظمت نہیں بڑھ جاتی - لوگ جانتے ہیں - لوگ پہچانتے ہیں اور لوگ پرکھتے ہیں - اب وہ زمانہ گزر گیا کہ لوگوں کو علم نہ ہو کہ عزت کیسے ہوتی ہے - آپ جو کردار کے چھوٹے ہیں ان بہنوں کی مثال لیجئے - ان بہنوں سے سبق سیکھئے - میرے خیال میں ان بہنوں کی عظمت بہت بلند ہو چکی ہے -

(اس مرحلہ پر صاحب اسپیکر کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے)

چمکتی ہوئی چیز ہمیشہ برقرار نہیں رہا کرتی - ہاں یہ ضروری ہے کہ آپ ایک پارٹی میں ہوں - اور آپ کی عظمت اس میں ہے کہ ایمانداری اور خلوص کے ساتھ اس پارٹی میں ہوں -

صاحب سپیکر - آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے -

بیگم سروری عرفان اللہ : صرف دو منٹ-پارٹی کوئی بری چیز نہیں - ایک ملک میں کئی پارٹیاں ہوتی ہیں لیکن میرے دل میں تو ان کی عظمت ہے جو ایک پارٹی میں ایمانداری اور خلوص سے یقین رکھتے ہیں - لیکن ان لوگوں کی عظمت ہو کرسیوں کی وجہ سے ہے جو ادھر سے اٹھ کر ادھر چلے گئے ہیں آپ یقین رکھئے کہ ان لوگوں نے پاکستان میں اپنی عظمت کو ختم کر دیا ہے - انہوں نے اپنے آپ کو فناہ کردیا ہے - ان کرسیوں پر بیٹھ کر وہ کیا کر سکتے ہیں - یہ کیا چیزیں ہیں - اصل انسان تووہ ہوتا ہے جو sincere ہوتا ہے اور ایمانداری پر یقین رکھتا ہے - میں عرض کروں گی جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکی ہوں کہ پارٹی کی عظمت افراد کے اعداد و شمار پر موقوف نہیں ہوتی بلکہ ان کے کردار کی عظمت اور بلندی پر موقوف ہوتی ہے - اعداد و شمار کوئی حقیقت نہیں رکھتے - بہت سے لوگ ہمارے ساتھ رہے ہیں - بہت سے ہمارا ساتھ چھوڑ گئے ہیں - لیکن میں بخدا ایمانداری سے محسوس کرتی ہوں کہ اگر چند کردار والے لوگ ہمارے ساتھ رہ جائیں تو وہ اس سے کہیں اچھا ہے کہ بہت سے بے کردار ادھر رہیں - جنہیں کل جانا ہے وہ بیشک آج چلے

جائیں - (تالیاں) - جناب عالی مجھے افسوس ہے کہ وقت کی قلت کے باعث مجھے خواتین کے مسائل کے متعلق کچھ کہنے کا موقع نہیں ملا -

Rana Gul Muhammad : Sir, just give me five minutes. You have been kind enough to allow certain members more than fifteen minutes today. I will ask you to give at least five minutes today.

Some Members: No. No.

Mir Abdul Qayuum : Before I start my speech, I have been provoked to say a few words about the remarks made by my friend Mr. Khuhro. He has said certain things about the members on this side the old and the new. I do not accept his charge and I say that we are not all good people in this side. I do not say that we are all perfect, but let me assure him that we shall, whether we rise or fall, whether we win or lose, never resort to what is known as "Khuhrosim" (hear, hear).

Another word about his commitment. He gave an elaborate explanation on the point of commitment of the Muslim League about Dr. Khan Sahib.

Mr. M. A. Khuhro : Not Muslim League, but individuals.

Mir Abdul Qayuum: Alright, individuals that is still better. As individuals, you made a commitment against the integrity, against the discipline of your party. Your party discipline should have required that a non-Muslim Leaguer was not to be accepted as a leader. You made that mistake at that time. You went against the interests of your party. You, as a matter of fact, confessed before the whole world that no Muslim Leaguer is fit enough to lead the One Unit in West Pakistan (hear, hear).

As individuals, you made that confession and then what did you do later on ? You said, "No, it should be a Muslim Leaguer"; and the explanation you have offered today makes your position much worse (shame, shame). You are discredited in the country : you are discredited among the people.

Mr. Khuhro has made certain statements such as this that he is bound by the party and that party is greater than the individuals and what has the party done to him. As he said, he tried his best to persuade the members of the party to honour that commitment, but his party rejected him, flouted him.

So I say that fairness is on this side of the house rather than on yours. It will be the verdict of the House tomorrow.

Then, Sir, a word about my very old friend, Mian Muhammad Shafi. He was very heroic in his peroration and put questions to both sides. Frankly speaking, he has always been an enigma to me and to many others. One has not been able to understand as to what he is. All that I have been able to find out today and he stands committed by it is that he is an 'Arain'. The two persons whom he has referred in his speech one Chandhri Muhammad Ali and the other Mehar Muhammad Sadiq are both 'Arains'. This is what is common between these gentlemen. So that is his summum bonum of politics.

Mian Muhammad Shafi : Sir, on a point of order.

Mr. Speaker: Do not take notice of what he says; only take care of what you say.

Mir Abul Qayuum : Then, Sir, about the speeches made by the Muslim League members on the floor of this House, I really congratulate some of the gentlemen having made very good speeches not only from the point of view of language; but also from the point of view of ideas. It was my privilege to have listened to some of the speeches. In this connection, I desire to mention the speeches of Mr. Allana, Begum Tahira Agha and Mr. Nasir A. Shaikh(hear, hear).

They were really good speeches. The budget was analysed very cleverly in them; but with all their good words and eloquence, I must say that they produced a good deal of smoke and a good deal of thunder but there was very little of fire in them. In fact, they tried to cloud the issue and my friend Mr. Allana of doubtless ability was only talking about certain technical points. He mainly attacked the form of the budget and said very little about the substance. From that point of view, the budget speech of the Finance Minister made when introducing the budget estimates was the best.

I say that this budget is most vulnerable from a very important point and that is not mentioned by any of the speakers on the Opposition side. I can only say this in this respect: they belong to the aristocracy, they belong to the feudal sections; they are the rich people who have replaced the British bureaucracy. Ever since the creation of Pakistan, these gentlemen have taken hold of the Government or it was handed over to them and they have done in all these nine years whatever they have liked in the field of politics, in the field of economics and in the field of social life. Sir, this budget is nothing new. This budget is a sort of a rubber-stamp of the old budget. It is just like the same budget which has been presented and passed by any Muslim League Ministry. You will find it almost exact replica of those budgets. Likewise whatever colour these gentlemen may have, they may be sitting on the Opposition Benches, they may be sitting on the Government Benches, they will certainly have the same principles, the same habits and manners, which they had before. A leopard does not change his spots. So also these gentlemen, whatever Benches they may occupy, will continue to possess the same mentality and there will be no change in it. They cannot change so quickly. So my submission before the House is that these members may be sitting on this side or that side, on the Ministerial Benches or on the Opposition Benches, the masses cannot expect anything from them for the present, we cannot expect anything from them unless and until there is a revolution in this country, an ideological revolution. Unless this thing happens and there is a change in the mentality of the people, nothing can be expected from these people, and this change can only be brought about by the people themselves. These gentlemen will not be able to do anything for the masses particularly in the economic field. I am reminded of a wellknown saying of Mr.Thomas Paine, that great revolutionary figure of the 18th Century. He has written in his book which was written after the French revolution when the royalty was mishandled and killed in the public, when there was a hue and cry all over the European countries, then this Mr. Thomas Paine wrote these gentlemen, the aristocratic class, are crying for the plumage but are forgetting the dying bird. The "dying bird" to which I am drawing the attention of the House is the masses who come nowhere. You may go forward and appeal to them in the name of Pakistan, in the name of Islam, in the name of Quran and Sunnahs on your lips, but let me assure you that all this has nothing to do with the masses. Nothing is done for the good of the masses. Then what difference does it make who comes in the saddle, who comes to occupy the Gadi of ministership. I do not want to waste the time of the House to show what the Muslim League has been doing and what others have been doing, but I will make one submission. There is a difference between the Repulican Party on this side and the Muslim League Party on that side. In one thing we differ and that difference is a big one. That difference is that we are being led by a man of admitted integrity and my friends on that side have granted and admitted it.

Mian Muhammad Shafi: One swallow does not make a Summer.

Mir Abdul Qayuum: This gentlemen who is the Leader of our Party, I know him for the last 20 years. He has shown his character in various fields of life. I need not go into the details of his past. I may tell you that this person has very recently, without your representation, without any

representation from the Opposition, without any resolution coming from any side, removed, rather I should say kicked away the Safety Laws today.

Mr. Speaker : The honourable member's time is over

سید غلام مصطفٰی شاہ خالد گیلانی (ضلع راولپنڈی): جناب والا ! میں میزانیہ زیر بحث کو محض الفاظ کی شعبدہ بازی تصور کرتا ہوں اور اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ اس میزانیہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرنا وقت کو ضائع کرنا ہے۔ میں وزیر خزانہ کی خدمت میں ہدیہ تہنیت و تبریک پیش کرتا ہوں کہ جب وہ اس ایوان میں و دت مغربی پاکستان کا میزانیہ پیش کر رہے تھے تو ان کی ٹانگیں لرز رہی تھیں کیونکہ ضمیر ان کا ساتھ نہیں دے رہا تھا۔ اس لئے کہ ایک یونٹ کے مخالفین میں ان کا اس مقام پر شمار ہوتا ہے کہ جہاں آج ہزار پردے بھی ڈالے جائیں تو ان کی شخصیت کو چھپایا نہیں جا سکتا —

جناب والا ! مجھے اس سے قطعاً سرو کار نہیں کہ کچھ لوگ ادھر چلے جا رہے ہیں اور کچھ لوگ ادھر چلے آ رہے ہیں — ان کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ

ملت سے کرکے صاف کنارا کھسک گئے
کرسی نے جس طرف بھی پکارا کھسک گئے
ووٹنگ ہوئی جو ختم تو یاران تیز گام
گا گا کے اپنا چوم چکارا کھسک گئے

ارباب صاحب نہیں ہیں۔ بہر حال میرا خطاب ان سے ہے کہ

ہم کو فریب انکو دغا سب کو جل دیا
یاروں کو دے کے لارے پہ لارا کھسک گئے

جناب والا ! اب میں آزاد قبائل کے حضرات سے مخاطب ہوتا ہوں — انہوں نے یہ شکوہ کیا تھا کہ ہم پنجاب میں بہت سی توقعات لے کر آئے تھے — اور مغربی پاکستان کی اسمبلی میں بہت سی بلند امیدیں لے کر آئے تھے — لیکن یہاں آکر ہم نے ایک مچھلی مارکیٹ دیکھی ہے جہاں ایک ہنگامہ ہاؤ ہو ہے اور سوائے ''شیم شیم،، کے اور کوئی آواز سنائی نہیں دیتی۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں بڑی مایوسی ہوئی ہے۔ اب ہم چلے جائیں یا کیا کریں ؟ میں ان سے مخاطب ہوں کہ نہ صرف ہم بلکہ پاکستان کے آٹھ کڑوڑ مسلمان آزاد قبائل کے

باشندوں کی 'جن کے آپ ترجمان ہیں، خدمات جلیلہ کا بصدق دل سے اعتراف کرتے ہیں —

آپ پاکستان کے جانباز اور پاسبان تصور کئے جاتے ہیں — آپ کی عزت ہمارے دلوں میں اتنی ہے جو بیان سے باہر ہے — آپ نے کشمیر کے سلسلے میں جو قربانیاں دیں اور جس جذبے کا اظہار کیا وہ ہم کبھی نہیں بھول سکتے — لیکن جس بیباکی کے ساتھ آپ اس حکومت کے ساتھ شامل ہوئے ہیں کیا یہ واقعی آپ کی ضمیر کی آواز کے عین مطابق ہے؟ مجھے امید ہے کہ آپ میری اس تلخ نوائی سے خفا نہ ہونگے — کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک حقیقت ہے اور میں اسے ایمانداری سے دہرا رہا ہوں — یہ مقام جہاں آپ آکر بیٹھتے ہیں یہ نہ تو آپ کا صحیح مقام ہے اور نہ ہی یہ آپ کے شایان شان ہے — آپ کا صحیح مقام تو وہ تھا جس پر آپ آزاد قبائل کے ایک آزاد گروپ کی حیثیت سے بیٹھتے اور اس پارٹی بازی کی غلاظت میں پھنسے بغیر اس معزز ایوان میں اپنی آزاد حیثیت کا مظاہرہ کرتے — مگر افسوس کہ آپ ضرات پشاور سے چلنے سے پہلے ہی پارٹی بازی کی غلاظت میں پھنس گئے جس سے آپ لوگوں کی اس آزادی کو جو آپ نے آج تک قائم رکھی ہے سخت نقصان پہنچا ہے — میں وثوق سے کہتا ہوں کہ اگر آپ اپنا وہ بلند مقام جو آپ کو آج تک حاصل رہا ہے اس ایوان میں آکر بھی برقرار رکھتے تو آپ کی اس طرف سے بھی تعریف ہوتی اور اس طرف سے بھی — آپ نے ریپبلیکن پارٹی میں شامل ہوکر اپنے آپ کو بیحد نقصان پہنچایا ہے —آخر یہ ریپبلیکن پارٹی ہے کیا ؟ ڈاکٹر خان صاحب کی اس پارٹی پر تو یہ مثال صادق آتی ہے کہ

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا

آپ کے اس اقدام سے آپ کی روایات اور آپ کی آزادی کی ہرگز تعریف نہیں کی جاسکتی — جناب والا — اب میں ڈاکٹر خان صاحب سے مخاطب ہوتا ہوں — جس دن سے وہ برسراقتدار آئے ہیں یا لائے گئے ہیں اسی دن سے وہ اس بات کا ڈھنڈورہ پیٹ رہے ہیں کہ میں پاکستانی ہوں اور صحیح معنوں میں محب وطن ہوں — لیکن میں ڈاکٹر خان صاحب کی حب‌الوطنی کو خوب جانتا ہوں — میں سمجھتا ہوں کہ خان عبدالغفار خان اور ڈاکٹر خان صاحب کی حب‌الوطنی میں کوئی فرق نہیں — جناب والا — جن عناصر کی منظم سازش کی بنا پر ڈاکٹر خان صاحب کو برسراقتدار لایا جا رہا ہے اور جن لوگوں کو پاکستان

کی حب الواطنی کی سزادی جارھی ھے ان کا یہ اقدام نہ صرف ایک یونٹ کے خلاف ھے بلکہ پاکستان کے ساتھ صریح غداری کے مترادف ھے —

ھمیں دھمکیاں دی جارھی ھیں — میں یہ بات واضح کردینا چاھتا ھوں کہ آج تک نہ ھمیں انگریز ڈرا سکا ھے اور نہ ھی کانگرس کا دور — مجھے وہ زمانہ بھی یاد ھے جب ڈاکٹر خان صاحب صوبہ سرحد کے وزیر اعلےٰ تھے — جب کہ وھاں کا بچہ بچہ سرخ پوش تھا اور مسلم لیگ کے مخالفین کا دور دورہ تھا لیکن اس کے باوجود ڈاکٹر خان صاحب کی انتہائی کوششیں ناکام رھیں اور بالاخر مسلم لیگ کامیاب ھوئی —

جناب والا — مجھے ان سیاسی لوگوں سے کوئی سروکار نہیں جو آج ادھر آجاتے ھیں اور کل ادھر چلے جائینگے — میں ڈاکٹرخان صاحب کے متعلق صرف یہ عرض کرونگا کہ جب ڈاکٹر صاحب موصوف بر سر اقتدار لائے گئے تو ھمیں اس کا راز نہ بتایا گیا لیکن عم وقتی طور پر خاموش رھے — فقط ھمیں اس قدر بتایا گیا کہ ڈاکٹر صاحب نے اپنا نظریہ بدل لیا ھے — اور ان کے وجود مسعود سے مسئلہ کشمیر — افغانستان اور بھارت سے تعلقات اور ھماری دفاعی قوت بڑھانے میں مدد ملے گی — مگر جب حقیقت سامنے آئی تو معلوم ھوا کہ ڈاکٹر خان صاحب کا تو پنڈت نہرو کے ساتھ قارورہ سلا ھوا ھے جس کا نتیجہ یہ ھوا کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کے برسراقتدار آنے سے لے کر آج تک ھندوستان کی بزدل فوجیں اکتیس بار ھماری سرحدوں پر حملے کرچکی ھیں — جس سے ان کے حوصلے اور بھی بڑھ رھے ھیں — یہی وہ ھندوستانی فوجیں ھیں جن کو مرحوم لیاقت علی خان کے ایک مکے نے تمہیں نہس نہس کر کے رکھ دیا تھا حالانکہ اس وقت نہ ھمیں امریکہ کی حمایت حاصل تھی اور نہ کسی اور ملک کی — آج ھندو کا حوصلہ بلند ھے — اور آج عبدالغفار خان کی تقریریں کابل — دھلی اور ماسکو سے نشر کی جاتی ھیں — مگر ھماری حکومت ٹس سے مس نہیں ھوتی — میں اس معزز ایوان کے سامنے ایک حقیقت بیان کر رھا ھوں — اگر اس میں کسی قسم کی غلط بیانی ھو تو آپ بیشک مجھے پھانسی کے تختے پر لٹکا دیں — افسوس تو اس امر کا ھے کہ خان برادران میں سے ایک بھائی اگر ایک بات کہتا ھے تو دوسرا اس کے برعکس خیالات کا اظہار کرتا ھے — ان لوگوں نے عجیب طوطے مینا کی کہانی بنائی

ہوئی ہے ایک بھائی برسر اقتدار اور دوسرا اس کے خلاف باتیں بناتا پھرتا ہے —

جناب والا یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ مسلم لیگ چوروں کی جماعت ہے — یعنی مسلم لیگ کے مخالفین نے ایک عجیب قسم کی گنگا جمنی شروع کر رکھی ہے — مگر میں سچ عرض کرتا ہوں کہ مسلم لیگ کا نام ہمارے ذہن میں پاکستان کے تحفظ اور استحکام کے تخیل کو تازہ کر دیتا ہے — میں آپ کو وثوق سے کہتا ہوں کہ مسلم لیگ، جماعت اسلامی اور جمیعت علمائے پاکستان کا یہ فیصلہ ہے کہ دراصل یہ آفتیں ہمارے اوپر مخلوط انتخابات ٹھونسنے کی غرض سے نازل ہورہی ہیں — مگر ہم ہرگز ایسا نہ ہونے دینگے — اگر مخلوط انتخابات کے متعلق کوئی کارروائی دو قوموں کے نظریے کے خلاف کی گئی تو ہم اسے ہرگز قبول نہ کرینگے (تالیاں) میں تو ڈاکٹر خان صاحب کے اقتدار کو عذاب الہی اور اپنے اعمال کی سزا کا موجب سمجھتا ہوں — کیونکہ اگر ہم صحیح معنوں میں آزاد ہوتے تو آج ہم اس قسم کی خچر پچر حرکتیں نہ کرتے — لہذا اب ہمیں کسی شخص پر اعتماد نہیں کیونکہ بے پندے کے لوٹوں پر کیا اعتماد کیا جائے جو آج ادھر ہیں اور کل ادھر —

جناب والا — جب سے ڈاکٹر خان صاحب وزیر اعلے ہوئے ہیں انہوں نے جمہوریت کے اور آزادانہ انتخابات کا نعرہ لگانا شروع کیا ہوا ہے — میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جن آنکھوں نے راولپنڈی اور لائلپور کے میونسپل انتخابات اور سپیکر کے انتخاب کا تماشا دیکھا ہے وہ ان سے غیر جانبداری اور انصاف کی کیسے توقع کر سکتے ہیں ؟

جناب والا — اب میں ان کی وطن دوستی کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں — ڈاکٹر خان صاحب میرے لئے باعث عزت اور احترام ہیں — لیکن ان کے طرز عمل سے اب مجھے یقین ہوگیا ہے کہ وہ پاکستان کو اکھنڈ بھارت میں تبدیل کرنے پر تلے ہوئے ہیں — چنانچہ پٹوری شاہ آئے دن ان کے پیغامات وغیرہ لے کر ملک کے اندر باہر آتا جاتا ہے — اور بعض اوقات ان کی سی-آئی-ڈی کا کام بھی کرتا ہے —

جناب والا — ڈاکٹر خان صاحب فرماتے ہیں کہ میں جمہوریت کا علمبردار ہوں — میں ان سے پوچھتا ہوں کیا جمہوریت یہی ہے جس کا مظاہرہ موچی دروازہ کے باہر ہوا — جس کا مظاہرہ دولتانہ کے

مکان پر اور باغ جناح میں کیا گیا — ان دو تین موقعوں پر جس غنڈہ گردی کا مظاہرہ ہوا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ موجودہ حکومت غنڈوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے — میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ڈاکٹر خان صاحب نے جمہوریت کی مٹی پلید کر دی ہے — جب سے وہ اس کرسی پر بیٹھے ہیں مغربی پاکستان میں جمہوریت کا بیڑا غرق اور ٹھنڈی سڑک — کیا یہی طریقہ ہے لوگوں سے ووٹ لینے کا — کیا مسلم لیگ کو جلسہ کرنے سے روک کر آپ عوام میں ہردلعزیز بن سکتے ہیں ؟ ہرگز نہیں — اگر مسلم لیگ کے خلاف ڈاکٹر خان صاحب کے وزراء کی کوٹھیوں میں سازشیں ہوتی ہیں اور مسلم لیگ کے لیڈروں کو جلسہ کرنے سے روکا جاتا ہے تو کوئی بات نہیں — مگر کیا آپ کے نزدیک یہی جمہوریت ہے — آپ کو چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا چاہیئے — میں آپ کو متنبہ کرتا ہوں کہ مسلم لیگ جلسے کریگی اور کرتی رہیگی اور پاکستان کی سلامتی پر ہرگز آنچ نہ آنے دیگی —

جناب والا — ڈاکٹر خان صاحب فرماتے ہیں کہ ہم سیفٹی ایکٹ منسوخ کر رہے ہیں — کیوں نہ منسوخ کریں — الیکشن قریب آ رہا ہے جس کے لئے سرخ پوشوں پر سے پابندیاں اٹھانا ضروری ہیں — ان قوانین کی زد آپ کے بھائی پر بھی تو پڑتی ہے اس لئے بھی ان کی تنسیخ ضروری ہے —

جناب والا — ڈاکٹر صاحب ایک مستند ایم — بی — بی — ایس ڈاکٹر بھی ہیں — ان کا صحیح مقام تو کسی میونسپلٹی میں یا کسی دوسرے ہسپتال میں ہے جہاں وہ لوگوں کا علاج معالجہ کر سکیں — اور لوگ آپ کے تجربے اور فن سے فائدہ اٹھا سکیں — آپ کا مقام وزارت کی کرسی ہر گز نہیں —

ظلم تو یہ ہے کہ فائلوں کے انبار لگے ہوئے ہیں اور کچھ کام نہیں ہو رہا ۔ ان کا لباس دیسی ہے اور زبان ولایتی — کبھی کہتے ہیں کہ ون یونٹ بنائیں گے کبھی کہتے ہیں ہم اسے توڑ دیں گے — کبھی کچھ کہتے ہیں اور کبھی کچھ — کبھی کہتے ہیں پارلیمنٹری سیکریٹری اور ڈپٹی منسٹر نہیں رکھے جائیں گے مگر اب کہتے ہیں کہ ان کی ضرورت ہے — حقیقت یہ ہے کہ ان کے قول و فعل میں ایک تضاد نظر آتا ہے —

صاحب سپیکر : آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے —

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی : اچھا جناب — کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے —

میجر جنرل جمالدار خاں : (قبائلی علاقہ ملحقہ ضلع کوہاٹ)

جناب صدر — میں قبائلی علاقہ کا نمائندہ ہوں اور پہلی بار اسمبلی میں تقریر کر رہا ہوں — (مداخلت)

پیشتر اس کے کہ میں اپنے قبائلیوں کی ضروریات کے متعلق کچھ عرض کروں میں دو باتوں کو صاف کرانا چاہتا ہوں — پہلی تو یہ ہے کہ آیا مجھے chair کو address کرنا ہے یا کسی اور کو —

صاحب سپیکر : chair کو —

میجر جنرل جمالدار خان : دوسری بات یہ ہے کہ اگر میں تھوڑا سا زیادہ وقت لے لوں تو مجھے یقین ہے کہ آپ مجھے اجازت دے دینگے اور اگر آپ اجازت نہیں دے سکیں گے تو آپ کے حکم کی تعمیل کروں گا —

صاحب سپیکر : پھر کسی موقع پر آپ کو اور وقت دیا جائے گا —

میجر جنرل جمالدار خان : جناب صدر — اس ایوان میں کسی ممبر نے کہا تھا کہ ڈاکٹر خان صاحب کی پارٹی میں سندھ اور پنجاب کے عوام شامل ہیں لیکن انہیں شک ہے کہ صوبہ سرحد کے عوام شامل نہیں ہیں — میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر سندھ اور پنجاب میں ۹۰۹۹ فیصدی لوگ ان کے ساتھ ہیں تو فرنٹیر میں ۱۱۰۰ فیصدی ہیں —

ایک معزز ممبر : آپ کو بھی منسٹر بنا دیا جائے گا —

میجر جنرل جمالدار خان : اگر خدا نے چاہا تو —

جناب صدر — جس وقت ون یونٹ بنایا گیا تھا اس وقت یہ خیال تھا کہ پس ماندہ علاقوں کو ترقی دی جائے گی — مجھ سے کئی دفعہ پوچھا گیا کہ قبائلیوں کا اس کے متعلق کیا خیال ہے میں نے اپنے خیال کا اظہار کئی بار کیا ہے اور اب میں یہاں بھی ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم ابھی کچھ نہیں کہہ سکتے — ہمارا خیال

تو اس کے نتیجہ پر ظاہر ہو گا — ہمیں ایسی باتوں کی ضرورت نہیں اور نہ ہی پرواہ ہے — ہمیں ایسی نرم نرم باتوں کی ضرورت نہیں بلکہ ٹھوس باتوں کی ہے — ہم نے تو عمل دیکھنا ہے اور پھر اس کے نتائج کو دیکھنا ہے — جہاں تک قبائلیوں کا تعلق ہے وہ دل و جان سے ون یونٹ کے ساتھ ہیں —

اس کے بعد میں چند اور باتیں عرض کروں — اگر آپ غور فرمائیں تو ان پر فوراً عمل کیا جا سکتا ہے — سب سے پہلے میں کھانے کی چیزوں کے متعلق عرض کرتا ہوں — یہ چیزیں سابقہ پنجاب کے علاقوں میں زیادہ تھیں لیکن چند سالوں سے میں نے دیکھا ہے کہ حالت کچھ اور ہے — میں نے انسان کو آئل کیک کھاتے دیکھا ہے — اگر free movement of goods ہو تو میں امید کرتا ہوں کہ ایسی نوبت نہیں آئیگی — میری خواہش ہے کہ عوام کو کھانے کی اشیاء سستے داموں مہیا کی جائیں تاکہ غریب سے غریب آدمی بھی بآسانی خرید سکے —

کپڑے کے متعلق میں industrialists سے خاص طور پر عرض کروں گا کہ وہ ناجائز profiteering نہ کریں اور اتنی قیمت وصول کریں جو نہایت موزوں ہو تاکہ ہر شخص خرید سکے — مجھے کپڑے کے ایک کارخانہ میں جانے کا اتفاق ہوا — میزبان نے افسران کے سامنے ایک کپڑے کے متعلق کہا کہ یہ بارہ آنہ فی گز ہے حالانکہ local market میں اس وقت وہی کپڑا —/۱۲/۲ فی گز کے حساب سے ملتا تھا — کیا یہ ظلم نہیں ؟

ایک معزز ممبر : آپ کے چیف منسٹر صاحب موجود ہیں —

میجر جنرل جمالدار خان : اس وقت یہ چیف منسٹر نہیں تھے —

اب جناب صدر میں سکولوں کے متعلق کچھ عرض کروں گا — ہمارے ہاں سکولوں میں چار جماعتیں ہیں اگر پہلی دو کنڈر گارٹن کی جماعتیں بھی ان میں شامل کریں تو کل چھ جماعتیں ہو جاتی ہیں۔ اب ان چھ کلاسز میں صرف دو استاد تعلیم دیتے ہیں ۔ آپ خیال فرمائیں کہ ایک استاد تین کلاسز کے طالب علموں کو کس طرح پڑھا سکتا ہے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ استادوں کی تعداد زیادہ کی جائے ورنہ حالت یہ ہو جائیگی کہ

بچے نہ تو باپ دادا کے راستے پر جا سکیں گے اور نہ نئے راستہ پر چل سکیں گے —

جناب صدر— ہماری دوسری ضروریات یہ ہیں۔ کہ ہمیں سروسز میں جگہ ملنی چاہئے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ سروسز میں زیادہ تعلیم کی ضرورت ہوتی ہے مگر ہمارا علاقہ ایسا ہے جہاں لوگوں کی تعلیم میٹرک تک ہے اور وہ مقابلہ نہیں کر سکتے۔ لیکن اگر انہیں موقع ملے اور آپ انہیں قبول کریں تو مجھے یقین ہے کہ ہمارے علاقہ کا کوئی میٹریکیولیٹ جلد سے جلد اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر مقابلہ کر سکتا ہے اور میں اس کا ذمہ لیتا ہوں۔ ہمارے ہاں سکولوں کی تعداد زیادہ کرنی چاہئے ۔ ہمیں خوشی ہوگی اگر حکومت فی‌الحال دو کالج کھول دے ۔ اس کے علاوہ سڑکوں کے متعلق عرض کروں گا کہ وہاں مزید سڑکیں بنائی جائیں تاکہ آمد و رفت میں آسانی ہو۔ ہسپتال کھولے جائیں اور ان کے لئے ڈاکٹر بھیجے جائیں کیونکہ ہسپتال دیکھنے کے لئے نہیں ہونگے ۔ جب تک ڈاکٹر نہیں ہوں گے ہسپتال بیکار ہوں گے فی‌الحال Mobile Dispensaries ہی کھول دی جائیں ۔ جناب صدر— ہمارے علاقہ میں زمینیں تو ہیں مگر Irrigation کا کوئی انتظام نہیں سو اس کے لئے حکومت کو چاہئے کہ کوئی بندوبست کرے ۔ نیز وہاں فیکٹریاں چلائے اور علاقہ کو صحیح طور پر ترقی دے ۔ میں ہاؤس سے اپیل کرتا ہوں کہ ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کشمیر کی خاطر جہاد کیا ہے اور اتنی قربانیاں دی ہیں آپ آج ہمارے لئے قربانیاں کریں ۔ ہماری ضروریات کو پورا کریں اور بجٹ میں ہمارے لئے اخراجات دکھائیں تاکہ اس علاقے کی حالت بہتر ہو سکے۔

اب میں چند ایک General comments پیش کروں گا ۔ میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہاؤس میں اپوزیشن کا ہونا ضروری ہے اپوزیشن ہاوس کی ماسٹر ہوتی ہے اور Treasury Benches کام کرنے والی ہوتی ہیں ۔ صحیح طور پر گائیڈ کرنا اپوزیشن کا کام ہے۔ اس لئے اپوزیشن Constructive ہونی چاہئے Destructive opposition نہیں ہونی چاہئے Constructive opposition ملک کی خیر خواہ ہوتی ہے ۔ Destructive opposition میرے خیال میں ملک کی دشمن ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر خانصاحب پر بھی کافی حملے ہوئے ہیں ۔ میں ان کی بابت صرف ایک دو الفاظ کہنا چاہتا ہوں کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر خانصاحب نے پچھلے زمانے میں بہت سی قربانیاں کی ہیں مگر وہ تمام مٹی میں مل گئی ہیں ۔ آپ دیکھئے کہ اس عمر میں بھی وہ ملک کی خاطر قربانی کے لئے آپ کے سامنے

آگئے ہیں - میں کہتا ہوں کہ ان کی وہ قربانیاں مٹی نہیں ہیں- وہ اپنی قربانیاں جاری رکھ رہے ہیں اور جو کام انہوں نے انگریز کے زمانے میں کیا ہے انشاء اللہ وہ اسے جاری رکھینگے -- (تالیاں) --

اس کے علاوہ اپوزیشن کی طرف سے یہ سوال اٹھایا گیا ہے کہ ادھر والوں نے گڑ بڑ کر کے ان کے ممبران کو اپنے ساتھ ملا لیا ہے -- میں کہتا ہوں کہ یہ ان کی غلطی ہے یہ گڑ بڑ انہوں نے ہی کی ہے -- ادھر والوں نے نہیں کی -- پھر یہ کہا جاتا ہے کہ وزارت خریدی جاتی ہے - میں کہتا ہوں کہ ارباب نور محمد خان نے وزارت کو اسی لئے لات مار دی تھی کہ ان کا یہ خیال تھا کہ مسلم لیگ اپنی پالیسی تبدیل کر لیگی لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ اس کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تو انہوں نے اپنا فیصلہ بدل لیا -- وہ مسلم لیگ کے نام پر نہیں آئے تھے بلکہ پالیسی کے نام پر آئے تھے (قطع کلامیاں اور شور) -- (ایک آواز -- پیر زادہ صاحب کے متعلق بھی کچھ ارشاد فرمائیں-- قطع کلامیاں)--

پھر جناب والا ممبران کو غدار کہا جاتا ہے -- میں اس کے متعلق یہ کہنا چاہتا ہوں کہ فرض کیجیئے ایک تالاب ہے اور اس کو نہانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور اگر اس تالاب کا پانی گندہ ہو جاتا ہے تو کیا یہ نہانے والے کا فرض نہیں ہے کہ وہ اسے صاف کرے اسے صاف کرنا نہانے والے کا کام ہے - پھر جناب والا نواب زادہ سجاد علی خان کے متعلق بھی یہاں بہت کچھ کہا گیا ہے کہ ان کے خاندان نے مسلم لیگ کے لئے اس قدر قربانیاں کیں مگر انہوں نے اس جماعت کو چھوڑ دیا -- میں نے عرض کیا ہے کہ مسلم لیگ کا صرف نام ہی رہ گیا ہے لیکن اس کی اب کوئی پالیسی نہیں ہے اور جس پالیسی پر اس کی بنا رکھی گئی تھی وہ اب باقی نہیں رہی-اس لئے ہمیں اب نام سے غرض نہیں ہے ہمیں اب کام کی ضرورت ہے -- اس لئے جناب والا ان لوگوں کو غدار کہنا غلط ہے --

پھر جناب والا -- ادھر تو یہ الزام لگائے جاتے ہیں کہ ممبران خریدے جا رہے ہیں-- جناب صدر میں یہ عرض کرتا ہوں کہ میرے دو ساتھی جو قبائلی علاقہ کے تھے وہ لاہور آئے -- انہوں نے پہلے کبھی لاہور دیکھا نہ تھا وہ آپوزیشن والوں نے قابو کرلئے اور ہمیں ان کے ساتھ بات کرنے کا موقع نہ ملا (آوازیں یہ غلط ہے (شور) ان کو یہاں قبائلی لوگوں نے بھیجا تھا کہ وہاں جاکر کوئی سکیم پیش کریں

جس سے ان کو کوئی فائدہ پہنچے — پھر جناب صدر انہوں نے قریشی صاحب پر Flattis Hotel میں حملہ کیا اور الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ لوگ غدار ہیں یہ سب گڑ بڑ انہوں نے ہی کی ہے ہماری طرف سے کوئی گڑ بڑ نہیں ہوئی —

Sardar Muhammad Ayyub (DISTRICT RAHIM YAR KHAN): Mr. Speaker, Sir, while appreciating the announcement made by the Honourable Chief Minister a little while ago, I am constrained to remark that this announcement has come a bit too late. What is the reason that this wisdom has dawned upon the Honourable Chief Minister this morning only. I quite agree with my Honourable friend Khalid Gilani that necessary steps have to be taken since a large majority of the people have joined the Republicans party.

The Honourable the Chief Minister has very cleverly and craftily acted upon the famous maxim: Charity begins at home. I am quite certain that the world at large is looking at the background of the actions that he has just now taken and is not going to give him any credit for this.

(اس مرحلے پر مسٹر محمد ایوب خان انگریزی کی بجائے اردو میں تقریر کرنے لگے) سال رواں کے میزانیہ سے جس پر اس ہاؤس میں سیر حاصل بحث ہو رہی ہے — یہ امر پورے طور پر ثابت ہو چکا ہے — کہ یہ بجٹ ایک ایسا بجٹ نہیں ہے کہ جس پر سرکاری بنچز پر بیٹھنے والے حضرات فخر کر سکیں — میں اس سے بھی ایک قدم آگے جا کر یہ کہونگا کہ یہ ایسا بجٹ ہے کہ اگر اس کو کسی کالج یا کسی سکول کے طلبا کے سامنے آسان زبان میں پیش کیا جائے تو وہ اس کو باہر پھینک دیں گے — یہاں ایسا کیوں نہیں ہوا — اس کی وجہ یہ ہے کہ اس بجٹ پر آنریبل سردار دستی صاحب جیسے چابک دست اور حساب دان مستقل وزیر کے ہاتھ لگ چکے ہیں (حزب مخالف کی طرف سے تالیاں) اور حال ہی میں چیف منسٹر صاحب نے یہ کام ایک دوسرے بے مہار کے ذمہ کیا ہے — سردار رشید صاحب کو فنانس کا چارج ملے ہوئے غالباً تین چار دن ہی ہوئے ہونگے۔ میں اس بجٹ کی تمام تر کمزوریوں کی ذمہ داری ان کے سر پر نہیں ڈالونگا مگر انہوں نے شائد اس امید پر بجٹ کو پیش کرنا قبول کیا کہ ان کی متین اور سنجیدہ صورت دیکھ کر اور ان کی شرمیلی مگر دلپزیر مسکراہٹ کے باعث ممکن ہو سکتا ہے یہ ہاؤس کے چند ممبران اس بجٹ کو پسند فرمائیں — (حزب مخالف کے طرف سے تالیاں)

جناب والا—اسی طرح اس بجٹ سے بھی ایک بد تر بجٹ بہاولپور میں ہمارے سابق چیف منسٹر سید حسن محمود صاحب نے رو کر اسمبلی میں منظور کرایا تھا — (حزب مخالف کی طرف سے تالیاں) جناب والا— میری دانست میں اس بجٹ کی تمام خرابیوں کی تمام تر ذمہ داری چیف منسٹر

صاحب کے کندھوں پر پڑتی ہے — مگر آپ جب اس چیز کا تجزیہ کریں گے کہ وہ اس تمام عرصہ میں ووٹوں کی تلاش میں دربوزہ گری کرتے رہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ وہ اپنے نکمے نا اہل دیانت اور امانت کے دشمن وزیروں کے حلف اٹھوانے میں مشغول رہے ہیں (حزب مخالف کی طرف سے تالیاں) تو ایسی صورت میں یہ ذمہ داری ان کے کندھوں پر اور بھی زیادہ آتی ہے — مجھے افسوس ہے کہ اس وقت چیف منسٹر صاحب ہاؤس میں تشریف فرما نہیں ہیں— مجھے بہاولپور کے پسماندہ علاقے کی طرف سے چند ایک نہایت ضروری گذارشات انکی خدمت میں پیش کرنی تھیں — اگر وہ اس وقت کہیں نزدیک تشریف فرما ہوں تو میں مشکور ہونگا کہ وہ ہاؤس میں تشریف لا کر ایک پسماندہ علاقے کا حال بنفس نفیس سن لیں —

جناب والا— زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ پچھلے الیکشنوں کے چند دن بعد خاصی تعداد میں بہاولپور کے ایم—ایل—اے صاحبان کراچی میں جناب چیف منسٹر صاحب سے ملے — انہوں نے بہاولپور کے دیگر حالات کے متعلق تذکرہ کرتے ہوئے یہ گذارشات ان کی خدمت میں پیش کیں کہ ان کے علاقہ سے ایک ایم—ایل—اے صاحب اس کوشش میں ہیں کہ جس طریق سے بھی ہو سکے وزارت کی کرسی کو ہتھیا لیا جائے اور ان کی خدمت میں یہ عرض کیا گیا کہ اگر ہم آپ کو بر وقت اس چیز کی اطلاع نہ دیں تو ہم اپنی قوم اور ملک سے غداری کرینگے کہ وہ ایم—ایل—اے بہاولپور میں اور سارے پاکستان میں بد دیانتی-رشوت ستانی-بد نظمی اور اقربا پروری میں یکتا ہو چکا ہے (حزب مخالف کی طرف سے آوازیں —ہئیر— ہئیر اور حزب حکومت کی طرف سے قطع کلامیاں) جناب والا— شاید یہ بات آپ کے علم میں ہو کہ بہاولپور میں پچھلے تین چار سال میں جو پر آشوب وقعات ہوئے انکے متعلق بہاولپور کے چند صاحبان نے ایک سو بانوے(۱۹۲) الزامات کی صورت میں ایک درخواست سینٹرل گورنمنٹ کو پیش کی تھی — جس پر تحقیقات کے لئے ایک ایڈوائزری کونسل مقرر ہوئی تھی — جہاں تک مجھے معلوم ہے اس کونسل کی رپورٹ میں ہمارے سابق عالی مرتبت و عالی شان چیف منسٹر صاحب کو ان الزامات سے بری نہیں کیا گیا تھا — بلکہ انہوں نے اپنی فائلوں میں لکھا تھا کہ چیف منسٹر صاحب ان میں سے اکثر و بیشتر الزامات کے مرتکب ہوئے ہیں (حزب مخالف کی طرف سے ہئیر ہئیر) اس کے متعلق میں زیادہ نہیں کہنا چاہتا مگر اتنا کہونگا کہ جب ڈاکٹر خ نصاحب کو یہ بتایا گیا

تو انہوں نے فرمایا کہ میں ان دنوں پاکستان کا وزیر مواصلات تھا — میں نے مخدوم زادہ کے خلاف تحقیقات کا تمام ریکارڈ خود دیکھا ہے اور سید حسن محمود کو بھی پتہ ہے کہ مجھے ان تمام حالات کا علم ہے آخر میں ڈاکٹر خانصاحب نے کہا تھا کہ آپ یقین رکھئیے —

He said : "You rest assured that such a corrupt and dishonest man will have no place in my Cabinet". I now make bold to ask the Chief Minister as to what were the reasons which prompted him to take these dishonest and corrupt persons in his Cabinet ? What were the reasons that he had to go against the wishes of an overwhelming majority of the resprentatives of Bahawalpur State.

Mr. Speaker : Your time is over.

علامہ رحمت اللہ ارشد (ضلع بہاولپور) جناب صدر— میں میزانیہ پر اپنی معروضات پیش کرنے سے پیشتر ڈاکٹر خان صاحب کو ان کے اس اعلان پر جو موصوف نے سیفٹی ایکٹ کے بارے میں کیا ہے ہدیہ تبرک اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں — انہوں نے اس ملک کے عوام الناس کی بڑی دیرینہ خواہش کو پورا کرنے کا وعدہ فرمایا ہے - میں یہ اعتراف کرتا ہوں کہ سیفٹی ایکٹ کی تنسخ کے سلسلہ میں صاحب موصوف کے متعلق جن بدگمانیوں کا اظہار کیا جارہا ہے میں ان کو صحیح نہیں سمجھتا — لیکن میں یہ کہونگا کہ جب تک سیاسی نظر بندوں کو رہا نہیں کیا جاتا جب تک اخبارات پر سے پابندیاں نہیں اٹھائی جاتیں (جیسا کہ میرے دوست میاں محمد شفیع صاحب نے بھی مطالبہ کیا ہے) اس وقت تک اس اعلان سے مفید نتائج برآمد نہیں ہو سکتے - اس لئے میں جناب ڈاکٹر خانصاحب سے مطالبہ کرونگا کہ تمام سیاسی نظربندوں کو رہا کر دیا جائے — اخبارات سے پابندیاں اٹھالی جائیں — تقریر اور تحریر کی آزادی کی ضمانت دی جائے — اگر ایسا نہ کیا گیا تو لوگ یہ کہنے پر مجبور ہونگے کہ۔

تم کسی بات میں افسوس نہ پورے اترے
نہ وفائیں تمہیں آئیں نہ جفائیں آئیں

جناب والا—اگر ناگوار خاطر نہ ہو تو میں یہ عرض بھی کرونگا کہ سیاسی رشوت کے دور کو جو انہوں نے شروع کر رکھا ہے بند کردیا جائے — مجھے یا عام آدمی کو اس سے کوئی بحث نہیں کہ اس ہاؤس کے اندر کونسی پارٹی فتح حاصل کرتی ہے اور کونسی پارٹی شکست کھاتی ہے — اگر مسلم لیگ مر جائے تو شاید مجھ سے زیادہ خوشی کسی کو بھی نہ ہوگی — جو کچھ لیگ والوں نے اپنے دوستوں اور

اپنے رفقا کو سکھایا تھا وہی رفقا اور دوست اب ان کے سامنے دھرا رہے ہیں — اب انہیں ذرا صبر و تحمل سے کام لینا ہوگا — یہ ان کی گزشتہ آٹھ سال کی بد اعمالیوں اور بے ضابطگیوں کی سزا ہے — خود لیگ والوں نے لوگوں کو یہ بتایا ہے کہ کرسی کو سلام کرو اور اب اگر یہی مطالبہ ان سے کیا جارہا ہے تو کوئی بری بات نہیں —

حضور والا— میں ڈاکٹر خانصاحب کی خدمت میں بھی عرض کروں گا کہ وہ Politics کو گندا نہ کریں وہ سیاست کو گندا نہ کریں — میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ انہوں نے سیاسی رشوتوں کے ساتھ — سیاسی لالچوں کے ساتھ — وزارتی عہدوں کے ساتھ اور روٹ پرمٹوں کے ساتھ — عارضی اور غیر مستقل قسم کی اکثریت بنالی ہے — مگر ان کو یہ یقین ہر گز ہرگز نہیں کرنا چاہئیے کہ یہ اکثریت ان کے ساتھ رہے گی — جناب صدر یہ فرزندان سیاست اگر اپنی مادر سیاست کو چھوڑ سکتے ہیں تو کیا وہ ایک لمحہ بھر میں ڈاکٹر خانصاحب کا ساتھ نہیں چھوڑ سکتے جن کے ساتھ ان کی دوستی اور اقرار وفاداری بالکل تازہ ہے— اس کے بعد میں چند چیزیں میزانئے کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں —

جناب والا عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ ملک کا میزانیہ ملک کی معاش اور معشیت کا آئینہ ہوتا ہے — لیکن مجھے افسوس ہے کہ یہ میزانیہ جو ایک متزلزل اور غیر محکم وزارت نے پیش کیا ہے اس کی عکاسی نہیں کرتا کہا جاتا ہے کہ یہ میزانیہ جناب ممتاز محمد خان دولتانہ کے تبرکات میں سے ہے — یہ بھی کہا جاتا ہے کہ میزانیہ خان عبدالرشید کی قابلیت کا شاہکار ہے — میں نہیں کہتا کہ اس کا ذمہ دار کون ہے — مجھے تو یہ دیکھنا ہے کہ میزانیہ جس شکل میں پیش کیا گیا ہے اس میں ملک کی مشکلات کا کوئی حل موجود ہے یا ملک کے عوام الناس جس مصیبت میں گرفتار ہیں اس کا کوئی علاج بتاتا ہے — سب سے پہلا اور بڑا مسئلہ بے روزگاری کا مسئلہ ہے - اس کے ساتھ ساتھ روٹی اور کپڑے کا مسئلہ بھی بڑی اہمیت کا حامل ہے - جناب صدر اس معزز ایوان کے معزز اراکین اس کھلی ہوئی حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ فاقہ مست قوم اپنے ملک کی مدافعت اور حفاظت نہیں کر سکتی -اور ملک کی دفاعی ضروریات کو پورا نہیں کر سکتی - اس میزانیہ میں بے روزگاری کا کوئی حل تلاش نہیں کیا گیا —

جناب والا — وزارتی بنچ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین پر بڑا فخر و ناز کرتے ہیں — مگر مجھے تو اسلامی جمہوریہ کا نشان تک نہیں ملتا ؛

کیونکہ یہ اسلامی مملکت لوگوں کی روٹی اور کپڑے کی ذمہ داریاں قبول نہیں کرتی — اگر کوئی شخص عوام سے یہ کہے کہ حکومت لوگوں کی روٹی اور کپڑے کی ضمانت نہیں دیتی اور ان کے جائز مطالبات کو پورا نہیں کرتی اس لئے حکومت عوام سے ٹیکس وصول کرنے کی مجاز نہیں تو آپ اس شخص کو شرعی اور اسلامی نقطہ نگاہ سے ایسا کہنے سے روک نہیں سکتے — اگر کوئی اسلامی سلطنت لوگوں کی ضروریات زندگی کی کفیل نہیں ہوتی تو وہ سلطنت اسلامی زکواۃ وصول کرنے کی حقدار نہیں ہوتی — یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اگر کوئی حکومت قوم کی مشکلات کا حل تلاش کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے تو پھر وہ مشکلات ہی اس حکومت کو حل کر دیتی ہیں — آپ کو مسلم لیگ سے نہیں ڈرنا چاہئے — وہ آپ کو ختم نہیں کر سکتی — آپ کی اپنی مشکلات ہی آپ کی حکومت کو ختم کر دینگی —

جناب والا ۔ میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو کھڑے ہو کر انتہائی سستی شہرت کے لئے یہ کہدیتے ہیں کہ بڑے زمینداروں سے زمین چھین لو اور دوسروں کو دیدو میں اُن میں سے بھی نہیں ہوں کہ کہوں کہ بڑے زمینداروں کی زمینوں کی محافظت کرنی چاہئے میرا مسلک یہ ہے اور میں یہ کہتا ہوں کہ شریعت اسلامی اور اسلامی آئین کے ماتحت ایک کمیشن مقرر کر دیا جائے جو بیٹھکر اس بات کا فیصلہ کرے کہ اسلامی آئین کے تحت کتنی زمین ایک آدمی کو رکھنی چاہئے اور کتنی زمین قوم کی مع شرتی بہبود کے لئے تقسیم کر دینی چاہئے یہ میرے اپنے خیالات ہیں کسی دوسرے پر اس کی پابندی نہیں ہے آپ اس بات کو چاہیں قبول کریں یا نہ کریں ۔
(شور و غل)

صاحب صدر - آرڈر ! آرڈر !

علامہ رحمت اللہ ارشد - میرا خیال یہ ہے آپ کس آدمی سے زمین لینا چاہتے ہیں تو بتائیے ۔

(قطعی کلامی)

علامہ رحمت اللہ ارشد - بتائیے آپ کتنے کام شریعت کے مطابق کرتے رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ کسی کو اس بات کا موقع نہ دیا جائے کہ وہ شریعت کے خلاف یا پاکستان کے اسلامی جمہوریہ بننے کے بعد

عوام کی شہری آزادی کی ضمانت کو ختم کر دے ۔ میرا مسلک اس معاملے میں صرف یہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ شریعت اسلامی کا کوئی قانون ایسا مفلس نہیں ہو سکتا جس کے اندر ایسے امور کے لئے کوئی حل موجود نہ ہو ۔ اس بجٹ کے اندر جناب والا ایک آنہ فی سیر کے حساب سے کھانڈ پر جو سرچارج لگایا گیا ہے اور پھر اس کے ساتھ پچاس لاکھ روپے سے ایک محتاج خانہ کھولا گیا ہے یہ ایک نیک قدم ہے لیکن میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ یہ پچاس لاکھ روپہ سے جو محتاج خانہ کھلے گا یہ دوسری بات ہے کہ ملک کی ضروریات کے لئے کتنا مفید ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس پچاس لاکھ روپے کا فنڈ قائم کرنے کے لئے وزیروں کی تنخواہوں سے کتنا لیا گیا ہے میری جیب سے تمام روپیہ لے لیجئے اور غریبوں میں تقسیم کر دیجئے لیکن گذشتہ آٹھ نو برس میں یہ ہوتا چلا آیا ہے کہ آپ لوگوں سے ٹیکس لیتے ہیں انکم ٹیکس لیتے ہیں دوسرے ٹیکس لیتے ہیں غرض کہ سب کچھ کرتے ہیں کیا یہ تمام روپیہ غریب لوگوں کی بھلائی پر خرچ کرتے ہیں ؟ ہمارا آپ سرمایہ لے لیتے ہیں لیکن غریب تک آپ اسے پہونچاتے نہیں یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ مزدور اور سرمایہ دار کی تقسیم کی شدت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے امیر امیر سے امیر تر اور غریب غریب سے غریب تر ہوتا چلا جا رہا ہے یہ حالات کسی ملک کے لئے بہتر نہیں ہوتے ہیں ۔ مغربی پاکستان کو ایک وحدت بنانے کے سلسلہ میں مختلف وزرا عوام کے سامنے بڑے بڑے بلند دعوی کیا کرتے تھے کہا جاتا تھا کہ جب وحدت مغربی پاکستان وجود میں آ جائے گی تو یہاں دودھ اور شہد کی نہریں چل نکلیں گی چھوٹے صوبوں کو رعایات دی جائیں گی ان کو مراعات دی جائیں گی ۔ میں اپنے فرائض کی ادائیگی میں خیانت نہیں کرنا چاہتا میں پوری ایمانداری سے یہ محسوس کرتا ہوں اور اس ہاؤس میں کہنا چاہتا ہوں کہ ایک یونٹ جب بنا تھا تو چھوٹے صوبوں کے لوگ اس پر دل سے راضی نہ تھے یہ ایک واقعہ ہے ۔ لیکن میں مسٹر جی ۔ ایم ۔ سید کی اس تجویز کے ساتھ متفق نہیں ہوں کہ اس ایک یونٹ کو توڑ دیا جائے ۔ قاضی نے نکاح پڑھا دیا ہے اس کو طلاق نہیں دینی چاہئے ۔ یونٹ بن گیا ہے اب اس کو کامیاب بنانا چاہئے اور اس کی کامیابی کی ضمانت کی صورت صرف ایک ہو سکتی ہے کہ جس علاقہ کو جو حق پہنچتا ہے اسے اس کا حق

دے دیا جائے - اب میں دو منٹ کے اندر ان مسائل کا ذکر کرتا ہوں جن کا تعلق بہاولپور سے ہے

صاحب صدر - ایک منٹ -

علامہ ارشد- جناب عالی جو - مانگنے کا طریقہ ہے میں اس طرح مانگ رہا ہوں - میں نہایت افسوس کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ وحدت مغربی پاکستان کے مسئلہ میں کہا گیا تھا کہ قوانین میں ہم آہنگی ہوگی لیکن صورت حال اس کے بالکل بر عکس ہے قوانین میں یکسانیت نہیں ہے میں امید کرتا ہوں کہ وزارت اس معاملے میں توجہ کرے گی صاحب صدر میں آپ سے مخاطب ہوں اور آپ کے توسل سے ایوان سے مخاطب ہوں - صاحب صدر دوسرا مسئلہ مہاجرین کا مسئلہ ہے جسے اس بجٹ میں بالکل بھلایا نہیں گیا ہے اور میں کہ سکتا ہوں کہ بہاولپور کے مہاجرین کی حالت دوسرے علاقوں کے مہاجرین کی حالت سے زیادہ خستہ ہے وہ تمام دوسرے علاقوں کے مہاجرین سے زیادہ خستہ حال اور پریشان ہیں - اور نہایت افسوس کی بات ہے کہ وزیر خزانہ کی تقریر کے اندر انہیں پناہ گیر کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے غالباً کسی نے ترجمہ غلط کیا تھا اور وزیرخزانہ نے اسے ویسے ہی کہ دیا - یہ پناہ گیر نہیں ہیں یہ مہاجرین ہیں - میں درخواست کرونگا کہ آپ انہیں جس قدر جلد ہو سکے آباد کیجئے اور انہیں مستقل الاٹمنٹ کیجئے - آپکی پارٹی پاور اور سیاست روزانہ بدلتی رہتی ہے - صبح کچھ رات کچھ - ایک رات میں انقلاب آ جاتا ہے - آج ایک جماعت بن رہی ہے تو کل دوسری - ایک ٹائم آتا ہے ایک الاٹمنٹ دیا جاتا ہے دوسرا آتا ہے وہ اس کا الاٹمنٹ منسوخ کرکے دوسرے کو دے دیتا ہے یہ سلسلہ کبھی ختم ہونا چاہئے - اب میں بہاولپور کے اندر بہاولپور کے ملازمین کی ملازمت کے سلسلہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں وحدت مغربی پاکستان کے قیام کے بعد بہاولپور سے سرکاری ملازمین کی ایک پلٹن تقریباً چار سو میٹرک فیل کلرک لاہور بھیجدئے گئے اور بلاتکلف میٹرک پاس ۳۰۰ کلرک لاہور سے بہاولپور بھیجدئے گئے یہ آپ کا حسن تدبر تھا میں گورنمنٹ سے کہونگا کہ وہ چوٹے ملازمین جو بہاولپور میں کام کر سکتے ہیں اور سرکاری دفاتر میں لئے جا سکتے ہیں انہیں واپس بھیجدیا جائے ورنہ انہیں بریشانی ہوگی ان کی پریشانیاں ختم نہ ہوں گی جناب والا بہاولپور کے ساتھ یقیناً تعلیم کی مد میں فیاضی برتی گئی ہے - مجھے خوشی ہے کہ جناب عبدالحمید خاں دستی اب محکمہ تعلیم میں تشریف لے آئے ہیں یہاں تعلیم کے اندر یہ فیاضی برتی گئی ہے کہ دو کالج کھولے گئے ہیں ایک انٹر میجیٹ کالج پہلے ہی تھا

میں شکر گذار ہوں لیکن سردار عبدالحمید خاں دستی سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے بہاولپور کے جامعہ عباسیہ کے لئے بھی کچھ کیا ہے جو اس علاقہ میں مذہبیت کو قائم رکھنے کے لئے واحد ادارہ ہے میں ان سے یہ عرض کرونگا کہ میں ایک مرتبہ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر ویسے بھی بتلا چکا ہوں میں آخر میں کیونکہ وقت ختم ہو گیا ہے یہ عرض کرتا چاہتا ہوں کہ یہاں لاہور میں مزارعین اور چھوٹے مالکان کے لئے تمام پارٹیوں کا ایک جلسہ ۱۷ اپریل کو ہوا تھا جس میں مسلم لیگ عوامی لیگ جماعت اسلامی آزاد پاکستان پارٹی ۔ کسان مزدور پارٹی اور دوسری سب جماعتوں کے لوگ بھی موجود تھے اس میں ایک قرارداد پاس کی گئی تھی میں اس قرارداد کی طرف برار توجہ دلا چکا ہوں میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اس پر توجہ دینا چاہئے کیونکہ چھوٹے مزارعین کا اضطراب سارے ملک کا اضطراب ہے سرمایہ داری اس ملک میں نہیں چل سکتی ۔

مسٹر محمد اسلم خاں ہزارہ (مسلم) ۔ جناب صدر ۔ اس سے پہلے بجٹ پر میرے معزز دوستوں نے بہت کچھ کہا ہے ۔ کئی نے اس کی تائید کی ہے اور کئی نے اس کی مخالفت کی ہے ۔ جناب والا میں اس بجٹ کو balanced بجٹ تو نہیں بلکہ surplus بجٹ کہوں گا ۔ وزیر مالیات نے انتہائی پیچیدہ حالات کا مقابلہ کیا ہے ۔

جناب والا ۔ گورنمنٹ نے باوجود گونا گون مشکلات اور دشواریوں کے رفاہ عامہ کے کاموں کی طرف توجہ مبذول کی ہے اور بجٹ میں گراں قدر رقوم محکمہ تعلیم۔ محکمہ صحت عامہ ۔ محکمہ زراعت ۔ محکمہ صنعت و حرفت کے لئے وقف کی ہیں ۔ چنانچہ بجٹ پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے پتہ چل جائے گا کہ تعلیم کے لئے ۹۳ لاکھ روپے صحت کے لئے ۳۹ لاکھ روپے زراعت کے لئے ۹۷ لاکھ صنعت و حرفت کے لئے ۱۸ لاکھ روپے کی رقوم مخصوص کی گئی ہیں ۔ پچھلے سال کے مقابلے میں یہ سب رقوم زیادہ ہیں ۔ ان سب باتوں کے باوجود جنرل ایڈمنسٹریشن کے اخراجات میں ۳۹ لاکھ روپے کی کمی اور تخفیف بتلائی گئی ہیں ۔ جناب والا اس حساب سے صاف طور پر عیاں ہوتا ہے کہ جہاں تک One Unit کی پوزیشن کا تعلق ہے اس کے عمل میں آنے کی وجہ سے ایک طرف تو اخراجات نظم و نسق میں معتدبہ کمی واقع ہو گئی ہے دوسری طرف منفعت بخش محکمہ جات پر زیادہ رقوم

خرچ کی جا رہی ہیں - اس لئے یہ الزام قطعاً غلط اور بے بنیاد ہے کہ یونٹ بننے کے بعد اخراجات بڑھ گئے ہیں اور اس سے کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچا - اعداد و شمار کے ملاحظہ سے صاف ظاہر ہے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے اخراجات کم ہو گئے ہیں اور یہ محض یونٹ کی وجہ سے ہے ورنہ خرچ میں اتنی کمی کیسے ہو سکتی تھی اور پھر منفعت بخش اور رفاہ عامہ کے محکموں کے لئے مزید روپیہ کہاں سے آ سکتا تھا ؟ یہ لوگوں کے فلاح بہبود کا کام یونٹ کی وجہ سے ہی کئے گئے ہیں البتہ نئی گورنمنٹ اور نئی پارٹی کی کوشش بھی قابل تعریف ہے -

اس کے علاوہ یونٹ کی برکت سے مختلف صوبوں کے لوگوں کے دلوں سے Narrow mindedness نکل رہی ہے اور وہ اب سب کے سب بھائی بھائی بنتے چلے جا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ہمارے بجٹ میں انتظامیہ کا خرچ کم ہو گیا ہے اور فلاح و بہبود کے کاموں پر زیادہ روپیہ خرچ ہونے لگا ہے - نئی حکومت نے ۵۰ لاکھ روپے مہاجرین کی آبادکاری کے کام کے لئے رکھے اور ..... کے لئے مزید ۶۵ لاکھ کی رقم رکھی ہے - اس کے علاوہ کیپیٹل خرچ کے لئے ۲ کروڑ اور ۲ لاکھ روپے الگ رکھے گئے ہیں - میں یہاں یہ بھی عرض کرونگا کہ گذشتہ ۹ سالوں میں اب تک مہاجرین کو آباد نہیں کیا گیا بلکہ ان کی آبادکاری کا مسئلہ ابھی تک کھٹائی میں پڑا ہوا ہے مگر نئی گورنمنٹ نے ابھی سے کوشش شروع کر دی ہے کہ مہاجرین کو آباد کر دیا جائے ا حضور والا ایوان خود ہی اس جماعت کی کار کردگی کو سراہے گا - جس نے مہاجرین کی آبادکاری کی طرف توجہ مبذول کی ہے - یہ بھی ملاحظہ فرمائیے کہ حصول پاکستان کے سلسلے میں مہاجرین نے کتنی بڑی قربانیاں دیں یہ بے چارے ہندوستان کے اقلیت والے صوبوں مثلاً یو پی - سی - پی وغیرہ سے آئے ہیں انہوں نے وہاں ۱۰۰ فی صدی ووٹ پاکستان کے حق میں دیئے پھر وہ مہاجرین اپنا سب کچھ لٹا کر یہاں پہنچے لیکن مسلم لیگ والوں نے یہاں ان سے کیا سلوک کیا اور ان کی خدمات کا کیا اعتراف و احساس کیا کہ ابھی تک ان کو آباد بھی نہیں کیا - در اصل انہوں نے اپنے خون سے پاکستان کی کھیتی کو سینچا - اپنا کاروبار قربان کر دیا مگر ہماری مسلم لیگی گورنمنٹ نے ۹ سال کے طویل عرصے میں ان کے لئے کیا کیا ہے ؟ جب

مسلم لیگ والوں نے خود کچھ نہیں کیا تو اب ری پبلیکن پارٹی کو تو کام کرنے کا چانس دیں - اس عرصے میں مہاجرین مسلم لیگ سے متنفر ہو گئے ہیں اور ساری قوم مسلم لیگ سے متنفر ہو گئی ہے - پہلی مسلم لیگ اچھی تھی اسی میں حضرت قائد اعظم پیدا ہوئے تھے اس جماعت کے لوگوں کو چاہئے تھا کہ ان کا نام عزت سے الگ رہنے دیتے اور نئی پارٹیاں Economic basis پر بننے دیتے - کسی جمہوری ملک میں one پارٹی نہیں ہوتی اگر ہو تو وہ ڈکٹیٹر شپ ہوگی - آپ ٹرکی کی مثال لیں جس کی آزادی کمال اتاترک نے حاصل کی تھی مگر اب ٹرکی میں بھی کمال کی پارٹی کی بجائے جلال بایار کی پارٹی بر سر اقتدار آ گئی ہے - لیکن پاکستان میں مسلم لیگ ہر دوسری پارٹی کو غدار اور اس کے لیڈر کو ٹریٹر کہنے لگی ہے اور اس کے ممبروں کو برا بھلا کہتی ہے - حالانکہ اقتصادی بنیادوں پر نئی پارٹیوں کا وجود میں آنا لازمی ہے - جناب والا مسلم لیگ نے عوام کے ساتھ بہت سی بے انصافیاں کی ہیں - انہوں نے کرائے کے ٹٹوؤں کی مدد سے ووٹ جیتے یعنی مربعے دے کر دوکانوں مکانوں اور کارخانوں کی الاٹمنٹیں کر کے ووٹ حاصل کئے (ایک آواز: آپ خود بھی مسلم لیگی تھے) لیکن میں انڈیپنڈنٹ ٹکٹ پر مسلم لیگ کا مقابلہ کر کے کامیاب ہوا تھا (نعرہ ہائے تحسین) آپ شاید بھول گئے ہیں لوگوں نے مربعے لے لے کر رشوتیں لے لے کر مسلم لیگ کو ووٹ دئے تھے - آپ شاید بھول گئے ہیں - ہوش میں آئے سابقہ وقت کو یاد کیجئے جب مولانا ظفر علی خاں ہمارے علاقے میں آئے تھے ....

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : On a point of privilege, Sir. An honourable member has cast aspers on, on an other honourable member of this House. He said "kerai ka tattoo". Is it parliamentary or unparliamentary?

Some Honourable Members : Not at all.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: That the Honourable Member should utter such remarks is surely an indignity of a Member of this House.

خان محمد اسلم آف ہزارہ - جناب والا - میں نے کرائے کے ٹٹو ان لوگوں کو کہا ہے جنہوں نے مربعے لے کر اور الاٹ منٹیں لے لے کر ووٹ دئے - میں نے ایوان ہذا کے کسی معزز ممبر کے متعلق تو یہ الفاظ نہیں کہے -

صاحب سپیکر آپ کے دو منٹ باقی ہیں -

خان محمد اسلم خان - جناب والا اس جماعت میں ایسے لوگ بھی ہیں جن پر پروڈا کے ماتحت مقدمات چلنے چاہئیں تھے انہوں نے سیاسی رشوت دیکر اپنے آپ کو ان سے بچایا - اگو وہ سچے نہیں اور ان کے خلاف لگائے گئے الزامات جھوٹے تھے تو ان کو چاہئیے تھا کہ وہ ان مقدمات کو لڑتے اور ملک کی عدالت عالیہ میں اپنی صفائی پیش کرتے وہ چونکہ جھوٹے اور dishonest اور corrupt تھے اس لئے انہوں نے ملک کی دولت کو خوب چوسا - لیکن وقت آئیگا کہ ہم ان باتوں کو اچھی طرح جانچیں گے - ہم کبھی انہیں فراموش نہیں کریں گے - ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ ایران کے وزیر اعظم سے کیا ہوا اور فاروق سے کیا سلوک کیا گیا انہیں بھی اسی طرح سزا دی جائیگی - آج وہ ہم کو کہتے ہیں کہ ہم ملک کے وفادار نہیں ہیں جناب والا لاہور پاکستان کا دل ہے اسی لاہور میں انہوں نے جو کچھ کیا وہ سب کو معلوم ہے- انہوں نے اس شہر میں لوگوں پر گولیاں چلوائیں - بوڑھے لوگوں اور معصوم بچوں پر مظالم ڈھائے گئے - یہ ان کا کردار ہے اور انہوں نے یہ کس لئے کیا ؟ خواجہ ناظم الدین کو نکالنے کیلئے اور ان کی جگہ خود وزیر اعظم بننے کیلئے

These are their selfish ends for which they live. I tell them that time will certainly come when they will get their due reward.

سالار محمد اسلم خان (کوہاٹ)-جناب والا میں سب سے پہلے اس ہاؤس سے معذرت چاہتا ہوں کہ باوجود اس کے کہ میں اردو میں بول سکتا ہوں پھر بھی میں پشتو میں بولوں گا- (آوازیں- نہیں آپ اردو ہی میں تقریر کریں)- نہیں - میں یہ فیصلہ کر چکا ہوں کہ میں پشتو میں ہی بولونگا - میری ضمیر نے یہ فیصلہ کیا ہے - اس کی وجہ بھی میں بتا دینا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ممبر صاحبان کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ جس زبان کو وہ سمجھ یا بول سکتے ہوں اس میں وہ تقریر کریں - مجھے بھی اپنی مادری زبان سب سے پیاری معلوم ہوتی ہے اس لئے میں اسی زبان میں اپنی تقریر کرونگا -

جناب عالی - میں آپ کی وساطت سے اپنے خیالات کا اظہار اس معزز ایوان کے سامنے کرتا ہوں - یہاں پر میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جو کچھ ہوا ہے وہ ہو گیا ہے- اور جو کچھ

ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا۔ میں اس کی کچھ پرواہ نہیں کرتا ۔ مجھے اس ایوان سے اہم توقعات ہیں اور میرا خیال ہے کہ اس جگہ جو میرے پٹھان بھائی بیٹھے ہیں وہ مجھے اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ میں تقریباً پندرہ سال ڈاکٹر خانصاحب کے ساتھ ساتھ رہا ہوں اور اب آٹھ سال سے مسلم لیگ میں کام کر رہا ہوں میں مسلم لیگ کا ایک دیانتدار خادم ہوں۔اور جو کچھ مسلم لیگ نے قوم کی خدمت کی ہے میں اس پر فخر کرتا ہوں جناب اسپیکر صاحب میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کرتا ہوں کہ جس طرح آنریبل ڈاکٹر خانصاحب نے بذریعہ اخبارات اعلان فرمایا تھا کہ الیکشن جلد منصفانہ اور آزادانہ طور پر کرائے جائیں گے ۔ مجھے ان سے یہی توقع ہے کہ جو الیکشن ان کی زیر نگرانی ہوں گے وہ منصفانہ اور آزادانہ طور پر جلد ہونگے اور ہر ایک کو اپنی مرضی کے مطابق ووٹ دینے کی پوری پوری آزادی ہوگی ۔ خواہ وہ اپنا ووٹ جس پارٹی کو دینا چاہیں ۔ دیں ۔ جمہوری ملک میں ہر پارٹی کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ اپنی پارٹی کا نصب‌العین اور منشور عوام کے سامنے رکھکر الیکشن لڑیں ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ آج ملک کے سامنے بالخصوص مغربی پاکستان کے سامنے یہ ایک بہت اہم سوال درپیش ہے ۔ جس کا فیصلہ ہمارے رہنماؤں نے کرنا ہے ۔ الیکشن کرانے سے پہلے میں حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ غیر مبہم الفاظ میں اس امر کی وضاحت کرے ۔ کیونکہ مجھے وہ زمانہ بھی یاد ہے کہ جب الیکشن کے زمانے میں ڈاکٹر خان صاحب در بدر پھرا کرتے تھے ۔ تو وہ بجائے انفرادی طور کے اپنی پارٹی کا نصب‌العین اور اقتصادی پروگرام کو سامنے رکھکر ووٹ کا مطالبہ کیا کرتے تھے ۔ اس سلسلے میں ان کو چاہئے کہ وہ اپنی پارٹی سے یہ معلوم کرے کہ وہ بھی آزادانہ انتخاب چاہتے ہیں یا نہیں ۔ اگر ان کو یہ طریقہ پسند نہ ہو تو پھر میری رائے میں اس اسمبلی کو ختم کر دیا جائے ۔ تاکہ ہم سب اپنے اپنے گھروں کو چلے جائیں ۔

جناب والا ۔ میں محترم ڈاکٹر خان صاحب کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں میں نے ان کے ساتھ ملکر کام بھی کیا ہے ۔ میں ان کے اخلاص کو بخوبی جانتا ہوں ۔ کہ وہ ایک بہت مخلص انسان ہیں ۔

جناب والا ۔ اس ہاؤس میں جتنی تقاریریں ہوئی ہیں ان میں مجھے مسٹر جی ۔ ایم ۔ سید کی تقریر بہت پسند آئی ہے ۔ کیونکہ انہوں نے اپنی تقریر کے دوران میں کسی کا نام مینشن Mention نہیں کیا

تھا ۔ میں صرف یہ عرض کرونگا کہ آئندہ الیکشن جن پر مغربی پاکستان کی بنیاد رکھی جائیگی ۔ کن اصولوں پر کرائے جائینگے ۔ کیونکہ اگر بنیاد مستحکم نہ ہوگی تو پھر مغربی پاکستان کا حشر یقیناً اس شعر کے مصداق ہوگا ۔

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

جناب والا ۔ میں ڈاکٹر خان صاحب کو بڑے احترام اور قدر کی نظروں سے دیکھتا ہوں ۔ آئندہ الیکشن کے بارے میں جو سوالات اٹھائے جائینگے تو ان میں سب سے پہلے سوال زمینوں کے متعلق اٹھایا جائیگا ۔ میرا اس سے کوئی خاص مدعا نہیں کہ آیا کوئی پارٹی زمینداری سسٹم اڑاتی ہے یا کاشتکاروں کو زیادہ مراعات دیتی ہے ۔ مجھے اس سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ۔ لیکن میں ہر پارٹی پر اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اس بات کا فیصلہ کریں کہ الیکشن کے بعد زمینداروں کے ساتھ ان کا کیا رویہ ہوگا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں دونوں پارٹیوں سے اس بات کی وضاحت اس لئے چاہتا ہوں کہ آنے والے الیکشن میں ہر ایک پارٹی حصہ لیگی ۔

جناب والا ۔ اس وقت ملک صنعت کی طرف بڑھ رہا ہے ۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ صنعت کے متعلق منصوبے تیار کرے ۔ تاکہ ملک صنعتی میدان میں پیش پیش رہے ۔ بجٹ کے متعلق اس ایوان میں بہت نکتہ چینی کی گئی ہے ۔ اور یہ الزام لگایا گیا ہے کہ اس میزانیہ میں ملک کا اقتصادی خاکہ اچھی طرح پیش نہیں کیا گیا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بجٹ موجودہ حکومت کی طرف سے پیش ہوا ہے ۔ مگر اس کو بنانے والے سرکاری ملازمین ہیں ۔ اور ری پبلکن پارٹی کی سرپرستی میں بنایا گیا ہے ۔ حالانکہ اس پارٹی نے اپنا کوئی منشور اور پروگرام ابھی تک عوام کے سامنے نہیں رکھا ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ عوام کی بہتری اور بہبودی کو سیاستدان ہی اچھی طرح جانتے ہیں ۔ سرکاری ملازمین کا کام سیاستدانوں کے پروگرام کو چلانا ہے ۔ سرکاری ملازمین ۲۵ ، ۳۰ سال ملازمت میں گزار دیتے ہیں ۔ اور یہ انکی سکینڈ نیچر Second Nature ہو جاتی ہے کہ وہ سیاستدانوں کے پروگرام کو چلائیں ۔ اس لئے یہ بجٹ خارج از بحث ہے ۔ اس سے زیادہ اہم مسئلہ مہاجرین کی آبادکاری کا ہے ۔ حکومت نے ابھی تک اس مسئلے کو حل کرنیکا کوئی خاص طریقہ اختیار نہیں کیا ۔

جناب والا ۔ آپ میں بنیادی چیز ٹیکسیشن Taxation کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میری یہ رائے ہے کہ ٹیکس ان لوگوں سے وصول کیا جائے جو دینے کے قابل ہوں ۔ میرے خیال میں اگر ایک شخص کے پاس کھانے کو روٹی پہننے کو کپڑا اور رہنے کو مکان میسر ہو تو اس سے زیادہ اگر اس کے پاس کچھ ہو تو وہ گورنمنٹ اس سے وصول کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہوگا ۔ لیکن یہاں تو ان لوگوں سے بھی ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جس کے پاس کھانے کو بھی نہیں اور ٹیکس بھی I direct لگا کر پیسے وصول کئے جاتے ہیں ۔ جیسے کہ حکومت نے چینی پر ایک آنہ فی سیر ٹیکس لگا دیا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر حکومت ٹیکس لگانا چاہتی ہے ۔ تو پھر Direct ٹیکس کیوں نہیں لگاتی ۔ اس سلسلہ میں حکومت کو اپنی پوزیشن کی وضاحت کرنی چاہئے ۔ کہ حکومت کے پاس پیسے نہیں ہیں ۔ اس لئے یہ ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ مگر یہاں پر تو حکومت کپڑے اتارتی ہے اور غریب کے پیٹ پر direct ٹیکس لگا رہی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد اب میں ایک اہم مسئلہ یعنی Development کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اس ملک میں Development کسطرح ہوگی ۔ پہلے پہل ڈاکٹر خان صاحب کا یہ نعرہ ہوا کرتا تھا کہ ہم ملک سے انگریزوں کو نکالینگے ۔ انگریز تو اب چلے گئے ہیں اب تو تعمیری پروگرام کا وقت ہے ۔ اس لئے حکومت کو چاہئے کہ وہ کوئی تعمیری منصوبے تیار کرے اور ملک میں اقتصادی حالت کو بہتر بنائے ۔ اور تعمیری کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے انجینئرز Engineers مہیا کرے ۔ تاکہ وہ اسکیمیں بنائیں اور اسطرح سے ملک کی ترقی ہو سکے ۔ میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے یہ عرض کرونگا کہ ڈاکٹر خان صاحب نے فرمایا ہے کہ انہوں نے سیفٹی ایکٹ کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ سب سیاسی قیدیوں کو بھی رہا کریں ۔ نیز سرخ پوش اور دیگر سیاسی پارٹیوں پر سے بھی پابندی ہٹا لیں تاکہ وہ بھی آئندہ الیکشن میں آزادانہ طور پر طبع آزمائی کر سکیں ۔

(MR. HABIBULLAH KHAN ROSE TO SPEAK.)

An Honourable Member : Sir, on a point of order. He has already spoken yesterday.

Mr. Speaker : I have called upon him to speak, he has not Spoken on the budget. Yes, please speak.

خان حبیب اللہ خان (مالا کنڈ کے زیر حفاظت علاقہ میں مشمولہ قبائلی علاقے) (پشتو)

جناب صدر - اس سے قبل معزز ممبر مسٹر غلام مصطفیٰ گیلانی صاحب نے فرمایا ہے - کہ آزاد قبائل ایک آزاد گروپ کی حیثیت سے بیٹھتے - اور اس پارٹی بازی کی غلاظت میں آکر نہ پھنستے - مگر یہاں آکر وہ پارٹی بازی کی غلاظت میں پھنس گئے - ان کو چاہئیے تھا - کہ وہ آزاد بیٹھتے - اور ساتھ ہی انہوں نے ہماری کشمیر کی خدمات کو سراہا - جس کے لئے میں ان کا مشکور ہوں - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں - کہ ہم نے مسلم لیگ کی خدمت کشمیر سے زیادہ کی ہے - مگر میں ان سے یہ پوچھتا ہوں - کہ مسلم لیگ نے اپنی آٹھ سالہ حکومت کے دوران میں ہم قبائل کو ہماری ان خدمات کے صلہ میں کیا دیا ہے ان آٹھ سال کے عرصہ میں قبائلی کو مسلم لیگ والے دلاسے دیتے رہے - اور خالی تسلی پر ہمیں خاموش کرایا جاتا رہا - آپ ہمیں یہ بتائیں کہ مسلم لیگ کی حکومت کے دوران میں کسی حد تک ہمارے بچوں کو تعلیم جاری رکھنے کے لئے سہولتیں دی گئی ہیں - آپ سب کو اچھی طرح سے علم ہے - کہ ہمارا علاقہ بہت غریب ہے - اور تقریباً یہاں کی آبادی ۴۰ لاکھ کی ہے اس ۴۰ لاکھ کی آبادی میں سے کل دو لڑکوں کو کنگ ایڈورڈ کالج لاہور میں Seats دی گئی ہیں کیا یہ ہمارے ساتھ انصاف کیا ہے - ہم ڈاکٹر صاحب کو اچھی طرح سے جانتے ہیں- وہ ایک قوم کے دیرینہ کارکن ہیں - اور ہم ان کے جھنڈے کے نیچے اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ ہمیں ان کی ذات گرامی سے امید ہے - کہ ہماری مزید ترقی کیلئے ضرور کچھ نہ کچھ کرینگے - اور کراچی میڈیکل کالج کیلئے بھی ہمارے لئے داخلہ کا بندوبست فرمائینگے - اسکے علاوہ اب میں ہاؤس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - جناب عالی ! یہاں اس ہاؤس میں کل ممبران کی تعداد ۳۱۰ ہے - مگر اسکے برعکس ہمارے قبائل کے جرگہ میں تقریباً ایک ایک ہزار کے قریب آدمی ہوتے ہیں - جس طرح پر یہاں اپوزیشن ہے وہاں پر بھی اپوزیشن پارٹی ہوتی ہے اور ہر ایک پارٹی کا جدا جدا پارٹی لیڈر ہوتا ہے - مگر وہاں پر ہر دو پارٹیاں اپنے اور اپوزیشن کے لیڈر کا پورا پورا احترام کرتے ہیں - مگر یہاں پر یہ ڈرامہ دیکھکر مجھے افسوس ہے - کہ تعلیم یافتہ ہوتے ہوئے لیڈر آف دی ہاؤس کی بھی بے عزتی کرنے سے گریز نہیں کرتے - مجھے اپکی اس تعلیم یافتہ ہونے پر افسوس آتا ہے - آپ ہمیں جو کچھ کہیں -

فکر نہیں ۔ کم از کم لیڈر آف دی ہاؤس کا تو احترام کریں ۔ اب میں اپنے علاقہ کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔ جناب عالی مالاکنڈ میں گورنر صاحب اور دوسرے افسران گاہے ، گاہے تشریف لائے ۔ ہم نے ان کے آگے اپنی پسماندگی کا رونا رویا ان سے جرگوں کی صورت میں اپیلیں کیں کہ ہمارے علاقہ کی بہبود اور میعار تعلیم کو بڑھانے کے لئے مناسب بندوبست کیا جائے ۔ مگر ابھی تک ان کے کان تک ہماری ان آوازوں کا کوئی اثر نہیں ہوا ۔ اور نہ ہی ہمارے علاقہ میں کسی قسم کا تعمیری کام کیا گیا ہے ۔ اور نہ ہی ہماری باوجود بڑی کوششوں کے وہاں پر ہسپتال کا خاطر خواہ بندوبست کیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ میں ان سے ایک اور چیز دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ آیا مسلم لیگ کو بنگال میں جو شکست ہوئی ہے ۔ اس میں بھی کیا ان قبائلیوں کا قصور ہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔ کہ مہمند ایجنسی خیبر ایجنسی ۔ کرم ایجنسی ۔ وزیرستان اور ساؤتھ (جنوبی) وزیرستان میں آپ نے ہمارے لئے اپنے دور حکومت میں کیا کیا ہے ؟ یہی وہ وجوہات ہیں ۔ کہ جسکی وجہ سے ہم آپ سے نا امید تھے اور ڈاکٹر خان صاحب کے جھنڈے کے نیچے جمع ہوئے ۔ کیونکہ ہمیں ان سے انصاف کی امید ہے ۔ اور مجھے یقین ہے ۔ کہ ہمارے ساتھ ان کے عہد حکومت میں پورا پورا انصاف کیا جائے گا ۔

قاضی عبدالحلیم اثر ۔ (مالا کنڈ) جناب والا ! میں جو کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اس کے تین حصے ہیں ۔ پہلا حصہ تمہیدی ہے اور باقی دو حصے اسی تمہید پر مبنی ہیں ۔ تمہید یہ ہے کہ بحیثیت ایک پٹھان کے اور ایک پشتون کے میں ڈاکٹر خان صاحب کو قوم کا لیڈر سمجھتا ہوں ۔ اور ان کی عزت کرتا ہوں ۔ اور ان کے بھائی کر بھی ان کے گذشتہ کارناموں کی بدولت عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور میں جو کچھ کہوں گا وہ ذاتیات سے بالاتر ہو کر واقعات اور حقائق کی بنا پر کہوں گا ۔

جناب — والا گذارش یہ ہے کہ بد قسمتی سے اس ہاؤس کے ممبر اس چیز کو بھول گئے ہیں کہ دنیا میں ہمیشہ ایک نظریہ کی لڑائی دوسرے نظریہ سے ہوا کرتی ہے ۔ اور ہر وہ آدمی جس کے ہوش و حواس قائم ہوں ۔ ایک نظریہ کو صحیح سمجھتے ہوئے اس نظریہ کے پیچھے چلتا ہے ۔ میں آپ کی توجہ اس امر پر دلانا چاہتا کہ سابقہ متحدہ

ہندوستان میں ہندؤں اور مسلمانوں کی لڑائی نہیں تھی ۔ بلکہ اصل بات یہ تھی کہ ہندؤں کا نظریہ متحدہ قومیت اور وطنیت کا تھا اور مسلمانوں کا نظریہ اسلامیت کا نظریہ تھا ۔ ان دونوں نظریوں کی لڑائی تھی ۔ وہ لڑائی مسلمانوں نے جیت لی ۔ اور ہندؤں کے متحدہ قومیت کے نظریہ نے شکست کھائی ۔ بد قسمتی سے یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان ایک جغرافیائی خطہ کا نام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان نام ہے مسلمان قوم کے نظریہ اسلامیت کا ۔ جناب والا علت پہلے آیا کرتی ہے اور معلول بعد میں آیا کرتا ہے ۔ اسلامیت کا نظریہ پہلے وجود میں آیا اور پاکستان کا وجود بعد میں آیا ۔ میں خصوصیت سے جناب جی ۔ ایم سید کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں جن کا نیاز مجھے ۱۹۴۰ء سے حاصل رہا ہے ۔ بد قسمتی سے جناب ممدوٹ صاحب ، جنہیں میں ایک عرصے تک قائداعظم کا متبنیٰ سمجھتا رہا ہوں ، تشریف نہیں رکھتے ۔ ورنہ میں ان کی توجہ بھی ادھر دلاتا ۔ میں عرض کروں گا کہ آپ بھول گئے ہیں کہ ہم نے یہ لڑائی ہندؤں کے ساتھ نہیں لڑی بلکہ ہندؤں کے نظریہ کے ساتھ لڑی ہے ۔ تو جب ہمارا نظریہ ہندو کے نظریہ پر غالب آ گیا اور اس کو شکست دے دی تو اس موقع پر آنجہانی مہاتما گاندھی نے جو الفاظ کہے تھے میں ان کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ کانگرس کے مفاد کی خاطر کانگرس سے بغاوت کردو ۔ اس وقت کانگرس پارٹی کی ورکنگ کمیٹی نے پاکستان کا ریزولیوشن منظور کر لیا تھا ۔ اب کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ممبر اس کی مخالفت نہیں کر سکتے تھے لیکن ہمارے صوبہ میں خان عبدالغفار خان نے کانگرس کے مفاد کی خاطر کانگرس کے مخالف ہو کر ایک نیا نظریہ نکالا جس کا نام پختونستان ہے ۔ پختونستان کا نظریہ نسلیت پر مبنی ہے ۔ اور یہ پاکستان کے اسلامی نظریہ کے مقابلہ میں چھوٹے پیمانے پر ایک وطنیت کا نظریہ تھا ۔ یہ نظریہ اس لئے سامنے لایا گیا کہ وہ بحیثیت کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ممبر ہونے کے وطنیت کے نعرے پر سامنے نہیں آ سکتے تھے ۔ اس لئے وہ وطنیت کا ایک چھوٹا سا متصوبہ لے کر سامنے آئے ۔ جناب والا میرا اور ان کا یہی سیاسیات اور نظریہ کا فرق ہے ورنہ میں ڈاکٹر خان صاحب کا اتنا ہی احترام کرتا ہوں جتنا کوئی چھوٹا پٹھان اپنے بڑے پٹھان کا کر سکتا ہے۔ لیکن ہمارا اختلاف نظریہ کا ہے ۔ ہمارے اس اسلامیت کے نظریہ کے خلاف جو بھی نظریہ ہمارے سامنے آئے گا چاہے وہ وطنیت کا ہو یا ہندو قومیت کا نظریہ

ہم اسے قبول نہیں کریں گے کیونکہ وہ پاکستان کے نظریہ کے خلاف جاتا ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہم کسی ایسے آدمی کے پیچھے چلنے کے لئے تیار نہیں ۔ جو کوئی دوسرا نظریہ پیش کرے ۔

جناب والا ۔ میرے دل میں جی۔ایم سید صاحب کے لئے اتنا احترام ہے کہ جس کا حساب نہیں ۔ ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ دیکھیں کہ اینٹی یونٹ فرنٹ اور پختونستان میں کیا فرق ہے ۔ آپ ٹھنڈے دل سے غور کیجئے اگر یونٹ کا منصوبہ ناکام ہو جاتا ہے تو ٹھیک ہے کہ سندھ کا صوبہ پھر معرض وجود میں آ جائے گا ۔ لیکن ساتھ ہی پختونستان بھی عالم وجود میں آ جائے گا جس کا نظریہ پاکستان کے نظریہ کے برعکس ہے ۔ جناب والا میں عرض کروں گا کہ پختونستان کا یہ نظریہ سب سے پہلے اس وقت سامنے آیا جب وزارتی مشن ہندوستان میں آیا ۔ اس وقت تین پارٹیاں اس کے سامنے آئیں ۔ ایک کانگرس پارٹی تھی ۔ دوسری مسلم لیگ پارٹی اور ایک پارٹی تھی آل انڈیا کمیونسٹ پارٹی ۔ کمیونسٹ پارٹی کے سیکرٹری پی۔این۔جوشی نے ایک پروگرام تیار کیا جس میں ہندوستان کو سترہ صوبوں میں تقسیم کرنے کی تجویز تھی ۔ اس میں پی۔این۔جوشی نے پختونستان کا فارمولا سب سے پہلے پیش کیا تھا ۔ ادھر مہاتما گاندھی نے لسانی لحاظ سے تامل تلنگو وغیرہ بولنے والے صوبوں کی تقسیم تو منظور نہ کی لیکن انہوں نے فرمایا کہ اگر پٹھان پختونستان مانگتے ہیں تو دیدو ۔ کیا حرج ہے اس لئے کہ وہ چاہتے تھے کہ اس نظریہ کے خلاف ایک نظریہ پیدا کیا جائے جو پاکستان کا اسلامیت پر مبنی نظریہ تھا ۔ اب جناب والا اس نظریہ کو افغانستان نے اپنا لیا ہے ۔ اور آپ کو معلوم ہوگا کہ ماسکو ریڈیو سے اعلان کیا گیا ہے کہ روس نے پختونستان کے فارمولے کو منظور کر لیا ہے ۔ اور وہ اس کی تائید کرتا ہے ۔ (ایک ممبر ہم نے نہیں سنا) ۔ مجھے افسوس ہے کہ آپ نے نہیں سنا ۔ جو لوگ سیاسیات پر نظر رکھتے ہیں ۔ ان سے کوئی بات پوشیدہ نہیں رہتی ۔ جناب والا مجھے علم ہے ۔ کہ میرے قبائلی علاقہ میں کیا سرگرمیاں ہو رہی ہیں ۔ اس علاقہ میں ہندوستان کا پانچ لاکھ روپیہ روزانہ خرچ ہو رہا ہے قیام پاکستان کے بعد ہندوستان کا قبائل پر پانچ لاکھ روپیہ روزانہ خرچ ہو رہا ہے ۔ پھر افغانستان میں قبائلی علاقوں کے لئے ایک الگ وزارت بنائی گئی ہے جس کے ماتحت اٹھائیس محکمے ہیں اور جس کے چھوٹے کارکن سب کے سب ہندو ہیں ۔ جناب والا ۔ غالباً آپ کو علم ہوگا کہ افغانستان اور روس کے باہمی معاہدے کے

بعد روس کا بنا ہوا اسلحہ قبائلی علاقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (آوازیں۔یہ بالکل غلط ہے۔ ایسا ہرگز نہیں ہوا۔) جناب والا۔جب ۱۹۲۱ء میں سوویٹ روس سے تیس ہزار روپے لا کر وزیرستان میں پہنچائے جا سکتے تھے تو آج اسلحہ بھی پہنچایا جا سکتا ہے۔ اگر آپ اس سے انکار کریں تو یہ آپ کی مرضی۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ قبائلی علاقے میں افغان مفسدین بدستور کام کر رہے ہیں اور پاکستانی علاقے میں ان کی سرگرمیاں جاری ہیں۔

جناب والا۔ آپ اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ افغانستان والے ۱۹۲۱ء کے معاہدے سے انکاری ہیں اور ڈیورینڈ لائن کو تسلیم نہیں کرتے۔ اگر افغانستان کی حکومت کی طرف سے پاکستان کے اندر اس قسم کے معاہدوں کی تردید کی جا رہی ہے تو پاکستان کے اندر پشتونستان کے نظریے کی صورت میں کام کیا جا رہا ہے اور اس نظریے کا ہم خیال بنانے کے لئے قبائلیوں میں کافی کام کیا جا رہا ہے (آوازیں اور شور)۔

جناب والا۔ اگر آپ افغان لوگوں کی طرف سے شائع شدہ پشتونستان کے نقشے کو دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس میں سندھ اور کراچی بھی شامل کیا گیا ہے۔ افغانستان اور ہندوستان کے جو معاہدات ہوئے ہیں وہ آپ کے پیش نظر ہونے چاہیئے۔ ہمیں ان چیزوں پر کڑی نظر رکھنی چاہیئے کیونکہ ان حکومتوں کی طرف سے قبائلی علاقے میں جس پیمانے پر کام ہو رہا ہے اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ جہاں آپ نے اس بجٹ میں قبائلی علاقے کی ترقی وغیرہ کے لئے ایک لاکھ اٹھارہ ہزار روپیہ رکھا وہاں ان حکومتوں نے اٹھارہ کروڑ روپیہ رکھا ہے۔ (ایک آواز۔ تو کیا آپ زیادہ روپیہ لینا چاہتے ہیں)۔

جناب والا۔ اب میں آپ کے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قبائلی علاقے کی ترقی اور تعمیر کے لئے جو پروگرام بنایا گیا ہے اس پر گذشتہ چند سالوں سے عملدرآمد ہو رہا ہے۔ یہ ایک ایسا لائحہ عمل ہے جس سے مجھے یہ خدشہ پیدا ہو گیا ہے کہ اس سے ایک تو ہماری مشکلات میں اضافہ ہوگا اور دوسرے ہماری حالت ہرگز نہ سدھر سکے گی۔

جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے

میرے متعلق افغان ریڈیو نے یہ براڈ کاسٹ کیا کہ اس شخص کا وجود غیر ضروری ہے۔ اسے قتل کیا جائے۔ چنانچہ مجھ پر تین بار قاتلانہ حملے ہوئے۔ (تالیاں) اور فروری ۱۹۵۲ء میں کابل کے ایک رسالے میں ایک مضمون میرے خلاف شائع ہوا جس کو دیکھ کر صوبہ سرحد کے ایک شخص سردار فیض محمد نے مجھے بتایا۔ میں نے کہا کہ میں جو کچھ کہتا یا کرتا ہوں پاکستان کے استحکام کے لئے کرتا ہوں۔ میں اپنی سرگرمیاں چھوڑ کر پاکستان کے ساتھ غداری نہیں کر سکتا۔ میں اپنے یہ الفاظ پھر دہراتا ہوں کہ کابل ریڈیو متواتر میرے خلاف پراپیگنڈا کر رہا ہے لیکن مجھے اس کی کوئی پروا نہیں۔ میری گزارش تو صرف اتنی ہے کہ قبائلی علاقے کے مسائل خواہ کچھ بھی ہوں۔ اگر وہاں پشتونستان کا پراپیگنڈا کامیاب ہو جاتا ہے اور ادھر یونٹ کا مخالف محاذ کامیاب ہو جاتا ہے تو اس صورت میں صوبہ سرحد کی کیا حالت ہوگی۔ مجھے اس بات سے کوئی تعلق نہیں کہ آپ کا پروگرام کیا ہے۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ سیاست اور اقتصادیات کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ آپ کی سیاست آپ کی اقتصادیات کی تابع ہے جس سے میرے دوست ممدوٹ صاحب زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں مگر قبائلی علاقے میں سیاست ان کی اقتصادیات کے ماتحت نہیں بلکہ ان کی اقتصادیات ان کی سیاست کے ماتحت ہیں۔ میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ آج قبائلی علاقے کی سیاست بالکل تباہ ہو رہی ہے اور اس تباہی کی وجہ بیرونی دخل اندازی ہے۔ میری باتیں آپ کو تلخ تو ضرور لگیں گی لیکن خدا کے لئے ان سے خفا نہ ہوں۔ یہ حقائق پر مبنی ہیں۔ آپ قبائلی علاقوں کی اصلاح کی پوری کوشش کریں اور اپنی پوری طاقت اس پر صرف کر دیں تاکہ افغانستان کی ناپاک سازشیں کامیاب نہ ہونے پائیں۔

خان نور محمد خان (باجوڑ) (پشتو) جناب والا عرض یہ ہے کہ یہ قبائل کا نمائندہ نہیں ہے۔ اگر یہ قبائل کا نمائندہ ہوتا تو ہماری طرح یہ بھی علاقہ غیر (قبائلی علاقہ) میں سکونت پذیر ہوتا۔ یہ تو پشاور میں رہتا ہے۔ اور اس کا نام بھی قاضی عبدالحلیم نہیں۔ بلکہ قیمور ہے۔ یہ نام یعنی قیمور نواب دیر نے اس کا رکھا ہے جن کا یہ شخص جاسوس ہے اور جس جاسوسی کے عوض میں اسے صرف مبلغ ۴۰ روپے نواب دیر کی طرف سے ماہانہ مشاہرہ ملتا ہے۔ نیز یہ پٹھان ہرگز نہیں ہے۔ یہ در اصل ذات کا حجام ہے۔ اس جاسوسی کے علاوہ اس کا گذارہ ایک

معمولی اخبار پر ہے جو کبھی شائع ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا اور جس کی قیمت محض چھ پیسے ہوتی ہے ۔ ایسے ہرگز قبائلی علاقہ یعنی باجوڑ کا نمائندہ نہیں کہا جا سکتا ۔ اگرچہ وہ یہ دعویٰ رکھتا ہے کہ وہ وہاں کا رہنے والا ہے تو ایسے چاہیئے کہ ہماری طرح وہاں جا کر رہے ۔ وہ ایسا ہرگز نہیں کر سکتا ۔ لہذا ہمارے علاقے یعنی باجوڑ کی دوسری سیٹ ہر لحاظ سے خالی ہے اور مہربانی کرکے اس علاقے سے ہمیں دوسرا صحیح نمائندہ بھجنے دیا جائے کیونکہ یہ قیمور بالکل ہمارا نمائندہ نہیں ہے ۔

خان عبدالجبار خان—یہ ہرگز قبائلی نہیں ہے یہ پشاور میں رہائش رکھتا ہے وہاں پر اخبار بیچتا ہے ۔

قاضی عبدالحلیم ۔ جناب والا یہ یہی الفاظ کابل ریڈیو والے کہ رہے ہیں ۔

The Assembly then adjourned till 8 a. m. on Friday the 25th May, 1956.

281 PLA—1,000—31-1-57—SGPWP Lahore

WEST PAKISTAN LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

25th May, 1956

Vol. I—No. 7

OFFICIAL REPORT

West Pakistan
22-5-57
LIBRARY

CONTENTS

Friday, 25th May, 1956

	Pages
Starred Questions and Answers	301
General Discussion on the Budget	316

WEST PAKISTAN LEGISLATIVE ASSEMBLY

FIRST SESSION OF THE FIRST WEST PAKISTAN LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, 25th May 1956

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore, at 8 a.m. of the clock, Mr. Speaker (Chaudhri Fazal Elahi) in the Chair.

(*Recitation from the Holy Quran*).

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. G. M. Bhurguri : On a point of information.

Sir, I had put question No. 93 on 22nd to the Minister of Industries and he had made a definite statement hat he will give the reply after two days. May I be permitted to put the question again for the information of the Honourable Minister.

Mr Speaker : Yes.

TANNED LEATHER

***93. Mr. Ghulam Mustafa Ghulam Muhammad Khan Bhruguri :** Will the Minister of Industries be pleased to state:—

(*a*) the total requirement of tanned leather in the Khairpur and Hyderabad Divisions;

(*b*) the quantity of leather tanned locally in the above-mentioned Divisions;

(*c*) quantity of tanned leather imported into these divisions every year from abroad and other divisions giving figures separately;

(*d*) the steps Government intend taking to make the above two divisions self-sufficient in the matter ?

Alhaj Najamuddin Leghari (Minister for Industries, Commerce and Labour) : (*a*) The total requirements of tanned leather in Hyderabad and Khairpur Divisions are as follows :—

Type	Hyderabad	Khairpur	Total	REMARKS
Chrome	56,00,000	18,00,000	74,00,000	Sq. Ft.
Other Tanned Leather ..	20,00,000	24,00,000	44,00,000	Lbs.

(*b*) Their production is as follows:—

Type	Hyderabad	Khairpur	Total	REMARKS
Chrome	24,00,000	1,00,000	25,00,000	Sq. Ft.
Other Tanned Leather ..	8,00,000	17,00,000	25,00,000	Lbs.

(c) Imports are as follows:—

Type	Hyderabad	Khairpur	Total	Remark
Chrome	32,00,000	17,00,000	49,00,000	Sq. Ft.
Other Tanned Leather ..	16,00,000	3,00,000	19,00,000	Lbs.

Separate figures of imports from abroad and other Divisions are not readily available. It can be stated however that due to restricted import licences the imports from abroad are insignificant.

(d) An Institute of Leather Technology has been set up at Gujranwala to train men from all over the Province in this trade. An officer from the former Sind Directorate of Industries has been trained in United Kingdom in Leather Technology. It is hoped that these steps will help to increase the production of leather in the two Divisions.

ESTABLISHMENT OF DEVELOPMENT DEPARTMENT

*33. **Mr. G. M. Sayed :** Will the Minister for Development be pleased to state:—

(a) whether they have appointed any Board or Committee for the purpose of planning; if so, the personnel of this Committee and whether any Development Schemes have been prepared by the Committee so far ;

(b) whether any schemes have been sanctioned by the Government;

(c) whether any schemes are awaiting the sanction;

(d) whether any schemes have already been completed ?

Kazi Fazlullah Abedullah (Minister of Development): (a) No Board or Committee has been appointed by the Government for the purpose of planning. This responsibility devolves on the Council of Ministers as a whole, assisted by the Department of Development and Irrigation. However, the Hon'ble Member must be aware that the Provincial Government set up Development Boards, on the divisional and district level, for the purpose of coordination between different departments and in order to achieve a balanced development of the areas in the charge of the Divisional and Deputy Commissioners, at the time of Integration. The function of these Boards is to watch and review the progress of development schemes and to help in removing bottlenecks which may be encountered in the actual implementation of schemes. Development Schemes for inclusion in the 5-Year Plan had been submitted by the various Provinces of West Pakistan before Integration and were under the consideration of the Planning Board, Government of Pakistan, for some time. The 5-Year Plan has been published for eliciting public opinion. It will be the Provincial Government's objective to make the National Plan a success and in pursuance of that objective it is possible that a separate organisation may be set up shortly in order to coordinate activity and to ensure that the targets laid down in the new Plan are achieved with the maximum speed. The interests of planning are, therefore, not being overlooked.

(b) and (d). The Honourable Member may go through the Budget and Budget Speech which contain full information about the schemes which have been sanctioned by the Government as well as important schemes which were completed last year.

(*c*) At any given time, certain schemes would be under preparation with the different departments of Government, consistent with the general pattern of the Five Year Plan. Sanction depends upon the technical feasibility or otherwise of different schemes coupled with the availability of funds. If the field of his interest is indicated by the Member, it will then be possible to prepare a list of schemes awaiting sanction.

Mr. G. M. Sayed : (Dadu District) : Sir, will the Minister let us know if the development schemes were prepared by officials only and not by non-officials.

Minister : That is true.

Mr. G. M. Sayed : What was the reason, the reason for depriving non-officials from taking part in the preparation of schemes ?

Minister : I think this is a question which my predecessor should have been called upon to answer. All that I can say is that in future we shall try to enlist support of some of the non-official members also in formulating these plans.

Mr. G. M. Sayed : May I know whether he is prepared to appoint a Board in which non-officials will be included.

Minister : I have already said, Sir, that Government are agreeable to that arrangement.

Mr. G. M. Sayed : When is the Government going to appoint this Board ?

Minister : Very shortly.

Mr. G. Allana : What does the Minister mean by saying that Government will try to 'enlist' the support of non-officials. Does he mean to say that the support of non-officials will not be forthcoming ?

Minister : Sir, I have already made a categorical statement that non-officials will be on that Board.

IRRIGATION OF BET BADSHAHPUR OF GUJRAT DISTRICT

***147. Chaudhri Sai Muhammad :** Will the Minister of Development and Irrigation be pleased to state—

(*a*) the time since when permission to bring under plough the 'Bet' of Badshahpur, in the Phalia Tehsil of the Gujrat District is being solicited and the reasons for not permitting it to be brought under cultivation uptill now;

(*b*) the quantity of canal water received by village Badshahpur;

(*c*) the average quantity of water received by other villages of this Tehsil from the perennial canals;

(*d*) if the water supplied to 'Bet' of Badshahpur is less than the average water-supply in this Tehsil, the reasons for levying the same rate of water charges on the 'Bet' which is levied on lands in receipt of higher water-supply;

(*e*) whether the Government intend ensuring either full supply of water to cultivators of this village or to realise water charges from them rigidly in proportion to the water supplied to them ?

Kazi Fazlullah Abedullah (Minister of Development and Irrigation) :

(الف) جنوری ۱۹۵۴ء سے یہ تجویز انتظامی طور پر منظور ہو چکی ہے اور نہر کا کام تفصیلی تخمینہ کی منظوری اور رقم کی دستیابی کے بعد شروع ہوجائیگا۔

(ب) مختلف سرکلوں کے لئے پانی کا تخمینہ مقدار مقرر شدہ ہے جس کی آبپاشی کا انحصار سالانہ منظور شدہ آبادی اراضی پر ہے۔

(ج) بادشاہ پور گاؤں کا ملحقہ علاقہ ''باڑ'' سرکل میں آ جاتا ہے اور اس علاقہ میں تناسب سیرابی ۸۰ فیصدی منظور شدہ ہے اور پانی ۳٫۳ ۳٫۳ کیوسک فی ایک ہزار ایکڑ دیا جاتا ہے۔

د) آبیانہ آراضی آبپاشی پر وصول کیا جاتا ہے۔

(ہ) اگر پانی کی مقدار نسبتاً کم ہے تو آبیانہ اور سیراب شدہ اراضی بھی اسی لحاظ سے کم ہوگی۔

چوہدری غلام رسول تارڑ۔ کیا وزیر متعلقہ فرمائینگے کہ بیٹ کیا ہے اس کی کیا صفت ہے اور کس چیز کو کہتے ہیں۔

Minister for Development & Irrigation—This does not arise out of this.

Mr. Speaker. Disallowed.

CONSTRUCTION OF SYPHON UNDER RAJBAH KAKOWAL OF MINOR BHIKHI IN DISTRICT GUJRAT.

***148. Chaudhri Sai Muhammad :** Will the Minister of Development and Irrigation be pleased to state :—

(*a*) the total area of canal irrigated land in village Bhikhi in the Phalia Tehsil of the Gujrat District;

(*b*) the area out of it which is affected by water-logging;

(*c*) whether it is a fact that the rain water accumulates in this area resulting in damage to the crops and houses;

(*d*) whether it is also a fact that this water was pumped out in 1955 at the request of the residents of this area;

(*e*) whether the Government intend boring Tube-wells in this area;

(*f*) whether the residents of this village have repeatedly requested the Government to construct a Syphon under Rajbah Kakowal and Minor Bhikhi for draining out rain water from this area ; if so, whether the Government intend to accede to their request ;

(*g*) whether Government have chalked out any alternative scheme in this connection, if so, its particulars ?

قاضی فضل اللہ (وزیر ترقیات و آبپاشی)۔

(الف) ۶۰۷۸۳ ایکٹر قابل آبپاشی ہیں اور گذشتہ تین سال سے متواتر ۸۲۶۶ ایکٹر کی آبپاشی ہو رہی ہے۔

(ب) قریباً دو سو ایکڑ جو سیراب کی ہوئی اراضی کے مقابلہ میں بہت کم ہے۔

(ج) بارش کا پانی اس علاقہ میں عام طور پر اکھٹا نہیں ہوتا ۔ ۱۹۵۵ء میں غیر معمولی بارش کے باعث اس تمام علاقہ میں صرف ۱۹ء۶۳ ایکڑ میں پانی جمع ہوگیا تھا جس کی گہرائی صرف ۳ء۱ فٹ تھی ۔ صرف ۵ء۳۳ ایکڑ فصل کا نقصان ہوا تھا مگر کسی عمارت کو کوئی نقصان نہیں پہونچا تھا ۔ یہ سب گذشتہ سال ہی کا واقعہ ہے کہ وہاں پانی جمع ہوگیا اور اس کا نکاس کرنا پڑا ۔

(د) ہاں ۱۹۵۵ء میں ۱۹ء۶۳ ایکڑ سے پانی پمپ کے ذریعہ نکالا گیا ۔

(ہ) نہیں ۔

چوہدری غلام رسول ٹارڑ ۔ کیا حکومت کا ارادہ ہے کہ علاقہ موضع بھکھی سے بارش کا پانی نکالنے کے لئے راجباہ کاکو وال اور مائنر بھکھی کے نیچے سائیفن لگانے کا انتظام کیا جائے ۔

Minister. Sir, I do not follow.

Mr. Speaker. Is Government prepared to make arrangements to drain out the rain water?

Minister. If it is necessary, we will do it.

INSTALLATION OF TUBE-WELLS ALONG SIDE THE LOWER JHELUM CANAL

***149. Chaudhri Sai Muhammad :** Will the Minister of Development and Irrigation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that due to the installation of tube-wells along side the bank of *Lower Jhelum Canal* the level of water of the wells situated in villages Haria, Badshahpur, Noorpur Peran and Mahjhi of the Gujrat district has considerably gone down rendering these wells useless;

(*b*) whether the affected cultivators have asked the Government for the supply of water from these tube-wells; if so, the date by which the Government intend to supply water from these tube-wells, if not the reasons therefor ?

Kazi Fazlullah : (Minister of Development of Irrigation):

(*a*) Due to tube-wells, the water level has dropped in the sub-soil but it has not reached the original sub-soil water level. This has improved the condition of soils which were getting water-logged and these tube-wells are meant for this purpose.

(*b*) The water is being put into the canal to make up the shortage already existing. No application has come to notice for the supply of water locally. For the present it is proposed to meet the existing liability.

چوھدری سعی محمد ۔ کیا وزیر متعلقہ یہ فرما سکتے ھیں کہ ٹیوب ویل لگنے سے جن گاؤں میں کنوؤں کا پانی اتر گیا ھے وھاں کے لوگوں نے حکومت کی خدمت میں درخواستیں دی ھیں کہ ھمیں کاشتکاری کے لئے پانی مہیا کیا جائے ؟

(**Minister** We are not aware of it. But if any complaint is received, I will look into it.

چوھدری غلام رسول تارڑ ۔ میں وزیر متعلقہ کی توجہ سوال کے حصہ (ب) کی طرف دلانا چاھتا ھوں جس میں یہ دریافت کیا گیا ھے کہ جو ٹیوب ویل لگائے گئے ھیں ان سے متاثرہ کاشتکاروں کو کب پانی دیا جائےگا ۔

وزیر ترقیات ۔ میں سمجھا نہیں آپ سوال کو repeat کر دیں ۔

چوھدری غلام رسول تارڑ ۔ میں آپ کی توجہ سوال کے حصہ (ب) کی طرف دلانا چاھتا ھوں جس میں ٹیوب ویل سے ان کاشتکاروں کو پانی سپلائی کرنے کے متعلق دریافت کیا گیا ھے جن کے علاقوں میں کنوؤں کا پانی نیچے اتر گیا ھے ۔

وزیر ۔ میں نے پہلے عرض کیا ھے کہ اگر کوئی ایسی شکایت موصول ھوئی تو گورنمنٹ اس کی طرف توجہ کرے گی ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : May I ask the Minister whether any sub-soil survey was made before the tube-wells were installed and was any estimate made that how much cusecs of water can be pumped without substantially affecting the water level in that area ?

Minister : I need notice for that.

PRIMARY AND SECONDARY SCHOOLS IN THE PROVINCE

***32. Mr. G. M. Sayed :** Will the Minister of Education be pleased to state—

(*a*) the number of primary schools in each district of the Province ;

(*b*) the number of Secondary Schools in each district of the Province ;

(*c*) the number of high schools in each district of the Province

(*d*) the total number of students in primary schools in each district of the Province as on 1st March 1955 ;

(*e*) the total number of students in Secondary Schools in each district of the Province as on 1st March 1955;

(*f*) the total number of students in high schools in each district of the Province as on 1st March 1955 ;

(*g*) *per capita* expenditure on primary and secondary education respectively in each district of the Province ;

(*h*) whether Government intend taking action to provide free education for all citizens

(*i*) whether there are any short term plans under consideration to raise the level of education of the people of backward areas to that of the people of Lahore Division ?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (Minister for Education) : (*a*) to (*h*) The information required is not readily available.

Government is, however, fully conscious that our country is backward in the sphere of education, but its efforts are restricted by the limited resources at its disposal. Primary education is free and Government hopes to increase the number of primary schools as its resources permit. The policy of the Government is to increase the number of schools as rapidly as possible ;

(*i*) Education is a gradual process and its growth depends upon a variety of factors, including the number of school-going children, the desire on the part of parents to educate them, the availability of resources and public enterprise. It is very difficult to say how long it would take for the backward areas to improve. In view of these factors some areas must be comparatively more advanced than the rest. It is however, the policy of Government, in allocating funds, to give special consideration to backward areas. In pursuance of this policy, Government is raising two boys college to the degree standard at Kohat and Bannu and two girls colleges at Abbotabad and Bahawalpur to the degree standard and making provision for teaching of Science at Quetta. Similarly, suitable provision has been made for the expansion of primary and secondary education in these areas.

I may add that statistics have been asked for. But these statistics are so much scattered over the whole of the Province that in spite of our best efforts, in spite of telephonic messages we could not get them in time. I gather from the trend of the question that the idea is to find out the percentage of our educated public as well as the expenditure that is being incurred. I have asked the Department to prepare a plan of all these points. I agree and that part is not in any way debatable that we have not reached the goal but in order to do that Government, according to its resources, is trying their utmost to achieve what possibly can be achieved in the shortest possible time. I can, however, give the Honourable Member a little bit of information so far as the backward areas are concerned. Compulsory primary education is being extended to three taluqas of the former Sind Province. In addition to that we are immediately opening fifteen primary schools in Nara Tehsil of Khairpur. Forty primary schools in the Quetta division as against an average of ten to twenty previously. Forty Primary Schools will be opened in Peshawar region as against twenty previously. So far as Secondary Schools are concerned this is only a short-term plan. But after visiting these places and after getting information from these places if we find that there is a greater necessity and more schools are to be opened Government will take care that they are opened. So far as the Secondary Schools are concerned, Hyderabad region will have three new High Schools. Quetta region will have three lower Middle Schools. They will be raised to Middle Schools.

Mr. Muhammad Ayub Khuhro : What about Khairpur Division ?

Minister : Fifteen primary schools shall be opened immediately.

Mr. Muhammad Ayub Khuhro : What about the High Schools ?

Minister : At present there is none. But if we find that there is necessity, certainly arrangements will be made. So far as Kohat and Bannu are concerned, each district is to have a degree College. At Abbotabad and Bahawalpur we are opening Girls Colleges and in Quetta Division we are introducing a Science College.

Mr. Speaker: If the answer is not ready, you may say so but do not make a speech.

Minister : A part of it is ready.

Mr. Speaker: No speech is permitted. You can only answer the question. If the reply is not ready you may say so. But no speech is permitted.

Sardar Muhammad Zafrullah : The Honourable Minister said that he had made frantic efforts to get the answer. Then what are the reasons that answer to this question has not been given ?

Minister : I thought I made it clear that the statistics to be collected are so large and so many—they are to be collected from every primary school and the Government schools in the remotest villages. Therefore, I said that we could not collect them in so short a period despite all our efforts.

Pir Illahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : I draw the attention of the Honourable Minister to the suggestion as to whether Government intend to take action to provide free education to all citizens ? This does not require any statistics to be collected; therefore, this is only a question of policy. I would also like to know as to whether Government are prepared to give free education to all the citizens upto the secondary stage ?

Minister : Upto primary—that is what I said. But if our resources so allow and we find that we are able to reach that standard, we will certainly do that.

Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : The Honourable Minister has referred to three high schools to be opened in Hyderabad Division. May I know the names of the places where these are to be opened ?

Minister : I do not know because the scheme is still a plan. The places where these schools will be opened, will be fixed after consultation with the local officers and the local notables.

Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : Honourable Minister knows that half of the year is almost over, and I do not know how long will it take them to decide about the location of the schools. I think the year will go out before the consultation is over.

قاضی مرید احمد ۔ کیا وزیر تعلیم صاحب اس سوال کے حصہ (h) کے متعلق فرمائیں گے کہ گورنمنٹ کا ارادہ کس درجہ تک مفت تعلیم دینے کا ہے ؟

وزیر ۔ میں نے بتایا ہے کہ پرائمری سکول تک مفت تعلیم دینے کے متعلق ہم نے فیصلہ کر لیا ہے ۔

قاضی مرید احمد ۔ کیا ہائی کلاسز تک مفت تعلیم دینے کا ارادہ ہے ؟

وزیر ۔ اگر خدا نے توفیق دی تو ۔

حاجی شیر محمد—کیا وزیر تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ ہر ضلع کی آبادی کے مطابق پرائمری یا سیکنڈری سکولوں کی تعداد مقرر کرنے کے متعلق گورنمنٹ کے پاس کوئی پروگرام ہے۔ اگر ہے تو کیا ہے اور کب تک اس پر عمل کیا جائے گا۔ اگر نہیں تو کیوں نہیں ؟

صاحب سپیکر- یہ ضمنی سوال نہیں ۔ یہ تو نیا سوال ہے ۔

حاجی شیر محمد - میرے سوال کا پہلا حصہ ضمنی ہے۔

صاحب سپیکر - اس وقت اس سوال کا جواب تیار نہیں ہے۔ جب تیار ہو جائے گا تو ہاؤس میں پیش کردیا جائے گا ۔

حاجی شیر محمد ۔ کب تک تیار ہوجائے گا ؟

صاحب سپیکر - اس سیشن میں تیار ہوجائے گا ۔

مسٹر غلام محمد خاں محمد ہاشم خان وسن ۔ کیا وزیر تعلیم بتائینگے کہ ضلع سانگھڑ میں ہائی سکول اور ڈگری کالج کھولا جائے گا یا نہیں ؟

وزیر - میں دریافت کر کے بتاؤں گا کہ وہاں یہ ہو سکتا ہے یا نہیں ؟

ALLOTMENT OF EVACUEE LAND TO REFUGEES

***84. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar :** Will the Minister of Law be pleased to state :—

(*a*) the number of refugees land owners who have not been allotted any evacuee land in the Province of West Pakistan so far although their claim forms have been verified ;

(*b*) the particulars of the evacuee land available for disposal of pending claims of these refugee land owners, if now such land is available the action Government intend to take in order to provide land to them ?

Syed Jamil Hussain Rizvi (Minister for Rehabilitation and Law, West Pakistan) :

(*a*)	No. of claims registered	1,315,765 claims
	No. of verified claim forms pending settlement..	179,866 claims
(*b*)	Area available for allotment undor the Rehabilitation Resettlement Scheme.	6,030,5 65 acres (gross)

2. Details of the number of claims referred to in (*a*) above are as follows:—

	No. of claim forms registered	*No. of verified claims pending settlement*
Former Punjab	1,213,122	78,380
Former Bahawalpur	67,719	67,042
Former Sind	33,815	33,390
Former Khairpur	588	583
Former N.-W.F.P.	389	381
Former Baluchistan	92	90
	1,315,765	179,866

3. As regards part (*b*) the gross area reported to be still available is made up as follows:—

	Acres
Former Punjab	3,123,133
Former Bahawalpur	833,027
Former Sind	1,604,612
Former Khairpur	32,809
Former N.-W.F.P.	430,987
Former Baluchistan	5,997
	6,030,505

So far as the former Punjab is concerned, it should be explained that of the total evacuee area of 6,661,133 acres, an area of 3,538,000 acres has been allotted under the Rehabilitation Resettlement Scheme but the balance area of 3,123,133 is not entirely available for allotment as this comprises of 571,138 acres of ghair mumkin land (not ordinarily allotable) and various areas of Trust land, occupancy land, land of evacuees mortgaged with locals, etc. All such categories have been excluded for allotment under the Scheme. Unfortunately however, details of the area involved in each case are not available. Similarly in the remaining units of the former Bahawalpur, Khairpur, Sind, N.-W. F. P. and Baluchistan, States Union certain categories of land have been excluded and will not be available for allotment. It is, therefore, emphasised that the area reported under (*b*) above is the gross area un-allotted at present but will not be available for allotment in to.

چودھری غلام رسول تارڑ—کیا جناب وزیر متعلقہ بائیں گے۔ آیا حکومت ان مہاجرین میں کراؤن لینڈ تقسیم کرنے کے لئے تیار ہے .ن کو ابھی تک زمین نہیں دی گئی۔

وزیر۔ ابھی متروکہ اراضی ختم نہیں ہوئی اس لئے کراؤن لینڈ تقسیم کرنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر متروکہ اراضی باقی نہ رہے تو پھر حکومت کو اس بات پر کوئی اعتراض نہ ہوگا کہ ان میں کراؤن لینڈ دیا جائے۔

Sheikh Mahbub Ilahi : Is the Honourable Minister aware that the Crown land is being sold rapidly. By the time we come to give that land to the Refugees no Crown land will be left.

Minister : I have given the assurance that as the evacuee land available is far in excess of the claims registered, therefore he should not worry about the Crown land.

Sheikh Mahbub Ilahi : You have also said that if the evacuee land is in any way less, you will give it out of the Crown land. So I pointed out that the Crown land is being sold away very rapidly and nothing may be left available for allotment to refugees. Will you kindly issue orders that for the time being it should be postponed.

Minister : I will pass off the sentiments of the Honourable Member to the Government.

Rana Gul Muhammad Noon : May I know from the Honourable Minister whether the refugees are to be termed as "Muhajirs" or "Panahgirs"?

Minister : I think the Honourable Member is very much mistaken. Either he has not read the question or he has not heard the answer. This question does not arise from that.

Rana Gul Muhammad Noon : In the budget speech the Minister for Finance has referred to "Muhajirs" as "Panahgirs". We want to know what is the exact term which the Government intend to use with regard to "refugees".

Minister : The law which has been enacted mentions the word "refugee". You may term him what you please.

Mr. G. Allana : May I know from the Honourable Minister what is the Urdu translation of the word "refugee" by Government.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : I want to know from the Government what is the exact term they want to use in Urdu with regard to "refugees". Whether thay want to term them as "Panahgirs" or "refugees". It is a very important matter.

Mr. Speaker : Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : We feel insulted if our brothers should be termed "Panahgirs".

REHABILITATION OF REFUGEES

***98. Mr. Ghulam Mustafa Ghulam Muhammad Khan Bhurguri :** Will the Minister of Law and Rehabilitation be pleased to state—

(*a*) the total expenditure incurred by the former Government of Sind on rehabilitation of refugees in the former Province of Sind up to October 1955 ;

(*b*) whether the Government have asked the Central Government to pay this sum to the Provincial Government; if so, the correspondence with the Central Government may kindly be laid on the Table of the House ;

(*c*) if the answer to (*b*) above be in the negative, the steps Government intend to take to secure the financial interests of the Province ?

Mr. Jamil Hussain Rizvi : (Minister for Law and Rehabilitation) : I am sorry that the trouble with regard to this question is the same.

مولوی محمد اسلام الدین—کیا وزیر متعلقہ فرمائینگے کہ غیر ممکن رقبہ جس کا انہوں نے حوالہ دیا ہے وہ حقیقتاً موجود ہے ؟

وزیر قانون و بحالیات—جی ہاں ۔ یہ رقبہ کاغذات مال کے اندراج کے مطابق قطعی طور پر درست ہے —

قاضی مرید احمد—کیا وزیر بحالیات فرمائینگے کہ جو ممبران اسمبلی ۱۱ ایجرٹن روڈ لاہور میں رہ رہے ہیں وہ بھی پناہ گیر ہیں اور ان پر جو خرچ ہورہا ہے کیا وہ صوبائی حکومت برداشت کر رہی ہے یا مرکزی حکومت ؟

Minister : I do not follow the question. Will you kindly repeat it ?

قاضی مرید احمد—جناب والا میں نے دریافت کیا تھا کہ ممبران اسمبلی جو وہاں رہائش پذیر ہیں وہ رفیوجی ہیں یا پناہ گیر ہیں اور کیا ان کا خرچ حکومت برداشت کر رہی ہے

وزیر قانون و بحالیات—یہ قطعی طور پر غلط ہے کہ ممبران اسمبلی ۱۱ ایجرٹن روڈ میں رہتے ہیں ان کا خرچ حکومت برداشت کر رہی ہے — میں ایسا کہنے والوں کو چیلینج کرتا ہوں کہ وہ یہ ثابت کریں۔ مجھے افسوس ہے کہ معزز ممبران اس قسم کی allegations کرنے سے پہلے اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کرتے —

رانا غلام صابر خان—میں قاضی صاحب کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ وہ ممبران چندے پر وہاں رہ رہے ہیں (قہقہہ) —

سردار بہادر خان—جناب والا چیف منسٹر صاحب نے کہا تھا کہ ہمیں May's Parliamentary Practice اور اس قسم کی دوسری Parliamentary Procedure کی کتابوں کو discard کردینا چاہیئے کیونکہ ہم اپنی قومی روایات قائم کرنا چاہتے ہیں ۔ اس بیان کی روشنی میں کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ سوالات کے جوابات بھی National Language میں دئیے جائیں تا کہ سب ممبران سمجھ سکیں —

وزیر قانون و بحالیات—جناب والا میں آئندہ سوالات کے جوابات اردو ہی میں دیا کروں گا ۔ جناب والا یہ سوال پہلے Revenue Minister کو mark کیا گیا تھا مگر دراصل یہ مجھے mark ہونا چاہئیے تھا ۔ اس لئے اس کا جواب حاصل کرنے کے لئے اس کو سندھ دیر سے بھیجا گیا ۔ اس کے جواب کا انتظار ہے ۔ وصول ہونے پر معزز ممبر کی خدمت میں عرض کر دیا جائے گا — جناب والا—اسی طرح ایک سوال کا جواب جو پہلے موصول نہیں ہوا تھا اب موصول ہو گیا ہے اور معزز ممبر کو بتا دیا جائیگا ۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ جن سوالات کے جوابات ابھی تک موصول نہیں ہوئے ان کے جوابات اسی سیشن میں ممبران متعلقہ کو پہنچا دئیے جائینگے —

REFUGEES REHABILITATION

*100. **Mr. Ghulam Mustafa Ghulam Muhammad Khan Bhurguri :** Will the Minister of Law and Rehabilitation be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that before establishment of One Unit the Central Government had undertaken to bear 50 per cent expenditure incurred by the Provincial Government on rehabilitation of refugees in the former Province of Sind ;

(*b*) the amount the former Sind Provincial Government have spent up to October 1955 on the rehabilitation of refugees and the amount paid by the Central Government against this expenditure ;

(*c*) the time by which the balance is intended to be recovered from the Central Government ;

(*d*) whether it is a fact that Central Government has failed to carry out its promises regarding the payment of 50 per cent of the expenditure incurred on the rehabilitation of refugees; and if so, whether the correspondence with the Central Government on the subject can be laid on the Table of the House ;

(*e*) the measures Government intend taking to recover from the Central Government its share towards this expenditure ?

Syed Jamil Hussain Rizvi : (Minister of Rehabilitation) : I am very sorry, the same trouble about the reply as mentioned before (not ready).

DRUGS SCARCITY

***99. Mr. Ghulam Mustfa Ghulam Muhammad Khan Bhurguri :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether the Government have approached the Central Government to fix a separate quota of import licences of drugs for the dealers of the two Divisions of Hyderabad and Khairpur; if so, the papers in this regard may kindly be laid on the Table of the House ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the negative, the reasons therefor ;

(*c*) the action Government propose taking for obtaining drugs import licences for the dealers belonging to these and other backward divisions of the Province

میر علی احمد خان تالپور (وزیر صحت) — (الف) جی نہیں —

(ب) چونکہ ادویات کے درآمدی لائسنس کا معاملہ مرکزی حکومت کے دائرہ اختیار میں ہے اس لئے عام حالات میں صوبائی حکومت مرکز کے اختیاری معاملات میں دخل دینے کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔

(ج) اگر اس قسم کے تاجروں سے متعلق مخصوص حقائق صوبائی حکومت کے سامنے پیش کئے گئے تو ہم مرکزی حکومت کی امداد حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے۔

مسٹر غلام مصطفيٰ غلام محمد خان ٻرگڙي :— خبر نہ آهي تہ ليسن ڪڏهين ملن ٿيستائين تہ بيمارن کي نقصان ٻهچندو. ان لاءِ اوهان سينٽرل گورنمينٽ جو ڏيان ڇڪايو آهي ؟

میر علی احمد تالپر:- ہر ممکن کوشش کنند س .

مسٹر غلام مصطفیٰ غلام محمد خان پرگڑی :- اسان رپریزینٹیشن ڈیون تہ ان جو کو تدارک ٹیندؤ؟

میر علی احمد تالپور—جب پوری طرح سے اسے صوبے کے م کی طرف سے پیش کیا جائے گا۔

CATTLE LIFTING IN THE DIVISIONS OF HYDERABAD AND KHAIRPUR

***18. Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah :** Will the Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the entire agricultural population of the Province depends on its cattle for purposes of cultivation and supply of milk ;

(*b*) whether it is a fact that cattle lifting is rampant in the Province in general and in the Divisions of Hyderabad and Khairpur in particular ; and if so, the action Government intend to take to stop it ?

Dr. Khan Sahib : (Chief Minister) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. Cattle lifting is fairly common in the riverain tracts of the Province particularly in Hyderabad and Khairpur Divisions. Instructions have been issued to the Police from time to time for intensifying action against cattle lifters. They have also been asked to organize raids on Patharis within their jurisdiction and take punitive action against the Patharidars.

Khan Sardar Bahadur Khan : In Urdu, Sir.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon :** In Urdu, Sir.

Mr. G. M. Sayed : He cannot dictate the House that it should be in Urdu.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** He should practice what he preaches.

(*Interruptions*)

Mr. Speaker : Order, Order. Please sit down.

Dr. Khan Sahib : (Chief Minister) English is allowed in the House. I want to tell them that it is action which counts.

صاحب صدر سوالات کے متعلق یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ اگر کوئی صاحب کسی سوال کا جواب اردو میں لینا چاہیں تو وہ اردو میں لکھ کر دیں روز روز اس پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

Mr. G. M. Sayed : Is the Honourable Minister aware that about 20 years back, a Cattle Lifting Committee was appointed and they had made some recommendations, which were not carried out by Government ?

Dr. Khan Saheb (Chief Minister) : I have no knowledge of that Committee, but I assure the Honourable Member that I am going to take special action in this case and see that this trouble is eliminated from Sind. (Applause).

Mr. G. M. Sayed : Is the Chief Minister aware that it was one of the suggestions of that Committee that if the matter is left to the Police, it cannot be solved and that the police have failed to stop cattle lifting. The Committee had also recommended that special course be prescribed for it and there were also some other practical suggestions.

Dr. Khan Saheb (Chief Minister) : I agree with the Honourable Member in some of the points. The previous Ministry's actions in Sind were such that there was practically no administration.....

(*Interruptions*)

Mr. M. A. Khuhro : This is a false statement.

Dr. Khan Saheb (Chief Minister) : I have been trying my best to change the situation.

(*Interruptions*)

قاضی مرید احمد جناب والا

Dr. Khan Saheb : Sit down.

قاضی مرید احمد—جناب والا میں آپ کی custody میں ہوں اور وزیر اعلیٰ کو یہ حق نہیں پہنچ سکتا کہ وہ مجھے اشارہ کر کے کہیں سٹ ڈاؤن -

Mr. G. Allana : Sir, let him withdraw it in good grace.

Mr. Speaker : Order, Order.

Dr. Khan Saheb : (Chief Minister) : I went in one case to Mirpur Sakro where I found that not only the police but even the civil servants were involved in the case and I took action in the matter. What you call 'Patharidar' is the real culprit and we are reducing the powers of patharidar. You will see that this evil will be eliminated.

Qazi Murid Ahmad : جناب والا (Interruptions) Point of Privileges.

Mr. G. M. Sayed : Sir, I brought to your notice that rules have still got to be framed and there can be no point of privilege.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon**:The Rules of Procedure are there and according to those Rules of Procedure we have certain privileges.

صاحب سپیکر—دقت یہ ہے کہ آپ اسپیکر کے کہنے پر بھی نہیں بیٹھتے-

Dr. Khan Saheb : —They must obey the Speaker.

Point of privilege **قاضی مرید احمد** — جناب والا میرا یہ ہے کہ میں جب ایک سپلیمنٹری سوال کی لئے اٹھا تھا تو وزیر اعلیٰ صاحب نے بالکل اسی طرح جس طرح پولیٹیکل ایجنٹ tribal area کے پاس کسی پٹھان کو کہتا ہے مجھے کہا sit down میری جناب سے یہ نہایت مودبانہ گذارش ہے کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں - مجھے حق ہے کہ میں انہیں وہ الفاظ واپس لینے کے لئے مجبور کروں—

صاحب سپیکر—(ڈاکٹر خان صاحب سے) آپ نے ان کو یہ کہا ہے کہ بیٹھ جاؤ ؟

ڈاکٹر خان صاحب—مجھے افسوس ہے—

صاحب سپیکر—(قاضی مرید احمد سے) وہ کہتے ہیں مجھے بہت افسوس ہے میں نے یہ کہا ہے—

ایک آواز—ان سے کہیے کہ اپنے الفاظ واپس لیں-

ڈاکٹر خان صاحب—میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں-

صاحب سپیکر —انہوں نے اپنے الفاظ واپس لے لئے ہیں- اب میں ایک رولنگ دینا چاہتا ہوں-

صاحب سپیکر-میں پھر یہ بات دوبارہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ما سوائے اس ایک پوائنٹ آف پرولیج(point of privilege) کے کہ معزز اراکین جو تقاریر ایوان کے اندر کرتے ہیں ان تقریروں کے سلسلہ میں کسی کے کہنے پر کوئی قانونی کاروائی ان معزز اراکان کے خلاف نہیں کی جا سکتی مزید کوئی استحقاق و تحفظ ممبران کو حاصل نہیں ہے۔ لہذا اس (privilege) پرولیج کے ما سوا اور کوئی (point of privilege) پوائنٹ آف پرولیج ایوان میں پیش نہیں کیا جا سکتا — ایوان کے اندر کی گئی تقاریر کے سلسلے میں ممبران ہر قسم کی قانون کی گرفت سے محفوظ و مامون ہیں — اگر اس سلسلہ میں کسی معزز رکن کو شکایت ہو کہ ایوان کے اندر کی گئی کسی تقریر کے سلسلے میں کوئی قانونی کارروائی ان کے خلاف کی جارہی ہے تو وہ مجھے مطلع کریں میں فوراً مناسب نوٹس لوں گا— اس کے سوا اور کوئی پوائنٹ آف پرولیج (point of privilege) پیش نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی کوئی پوائنٹ آف انفارمیشن یا پوائنٹ آف سب میشن(point of information or point of submission)وغیرہ پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے آئیندہ اگر میری اس وضاحت کے با وجود کوئی ایسا پوائنٹ پیش کیا گیا تو مجھے افسوس کے ساتھ اعتراض کنندہ معزز رکن کو فوراً بٹھا دینا پڑے گا—

قاضی مرید احمد—پوائنٹ آف آرڈر- جناب والا- پچھلے پانچ سال سے ہمارا تجربہ ہے کہ جب کسی معزز رکن نے کسی دوسرے معزز رکن کے خلاف کوئی غلط یا ناجائز بات کہی یا ناشائستہ کلمات استعمال کئے تو ایوان کے ممبران نے پوائنٹ آف پرولیج اٹھا کر ازالہ کرانے کی کوشش کی اور صاحب سپیکر ان امور کو منظور فرماتے رہے مگر ۱۹ مئی کے بعد ایسے تمام استحقاق ختم کر دئیے گئے ہیں اور اب ہر قسم کے غلط الفاظ استعمال کرنے کی عام اجازت ہو گئی ہے۔

صاحب سپیکر—اگر کسی ممبر کو شکایت ہو کہ کسی دیگر ممبر نے اس پر ڈائرکٹ attack کیا ہے یا اور کوئی ایسی بات کہی ہے جو قابل اعتراض ہے تو وہ اسے میرے نوٹس میں لا سکتے ہیں اور میں یقیناً اس بات کا نوٹس لونگا لیکن کوئی پوائنٹ آف پرولیج پیش نہیں کیا جا سکتا —

شیخ ظفر حسین—کیا تمام رولز آف پروسیجر کو خیر باد کیا جا چکا ہے ؟

صاحب سپیکر۔ رولز اف پروسیجر تو موجود ہیں۔

شیخ ظفر حسین۔ ہمیں دیکھئے۔

صاحب سپیکر۔ ایوان کی لائبریری سے حاصل کیجئے یا اگر خلاف ضابطہ باتوں پر آپ کو اصرار ہے تو موچی دروازہ چلے جائیے۔

(سرکاری بنچوں کی طرف سے قہقہے اور صدائے احتجاج)

شیخ ظفر حسین۔ حضور والا ہم تو آپ کو ہی مجسم موچی دروازہ سمجھتے ہیں۔ (آپوزیشن کی طرف سے قہقہے)۔

صاحب سپیکر۔ آرڈر آرڈر میں اس ایوان کو موچی دروازہ نہیں بننے دوں گا۔

(Interruptions and uproar)

پیشتر اس کے کہ بجٹ پر عام بحث کی اجازت دی جائے میں یہ بھی عرض کروں گا کہ جو لوگ بار بار پوائنٹ آف آرڈر یا پوائنٹ آف پرولیج اٹھاتے رہتے ہیں ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ آجر آن کی ان مساعی جمیلہ کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ ما سوائے اس کے کہ تقریر کرنے والے ارکان کا مقررہ وقت ضائع ہو جائے۔

مجھے معلوم ہے کہ دونوں پارٹیوں کی طرف سے ایسی کوششیں ہوتی ہیں اور دونوں کا وقت ضائع ہوتا ہے۔ چونکہ آج عام بحث ختم ہو جائیگی اس لئے جن اصحاب کو وقت دیا جائے ان کا وقت ضائع کرنے کی کوشش نہ کیجیئے۔ آج ویسے بھی کارروائی ۱۲ بجے تک ہی رہے گی اس کے بعد sitting جاری نہیں رکھی جائیگی کیونکہ آج جمعہ ہے۔ اس لئے میں معزز اراکین سے اپیل کروں گا کہ غیر ضروری سوالات سے اجتناب کریں۔ آپوزیشن کے لیڈر کو ایک گھنٹہ وقت دیا جائیگا باقی وقت وزارت کے حصے میں آئیگا۔ اس طرح عام بحث کے پہلے تین دنوں میں آپوزیشن نے پانچ گھنٹے وقت لیا اور دوسری آپوزیشن پارٹیوں مثلاً عوامی لیگ وغیرہ نے مزید دو گھنٹے وقت لیا۔ گورنمنٹ کو بہت تھوڑا وقت ملا یعنی کل تین گھنٹے اور ۵۰ منٹ ملے ہیں اس لئے میں ایک بار پھر عرض کروں گا کہ مقررہ وقت کو غیر ضروری امور اور سوالات میں ضائع کرنے کی کوشش نہ کریں۔

Mr. G. Allana : (Municipal Corporation of Karachi) : On a point of order, Sir. Mr. Speaker, Sir, I think a very important constitutional point arises out of what you have said. In my humble opinion you have completely circumscribed the privileges of the House by, I will not say hasty decision, but certainly.

Mr. G. M. Sayed : This is a speech. Sir, he is making a speech.

Mr. G. Allana : That is for the Chair to decide. In view of a very critical situation arising out of your observations I hope, Sir, that you will give me a patient hearing. I think that a mere ruling or a decision of the Chair cannot set limitations on the privileges of the House. The privileges of the House are determined by the Rules of Procedure and it will be wrong to say that there are no Rules of Procedure. The Rules of Procedure are there. If they are not, let us walk out. No demands can be put before the House unless there are the Rules of Procedure. If you admit that there are Rules of Procedure then the question of privileges is defined in the Rules of Procedure and a mere ruling of the Speaker cannot set any limitations.

Mr. Speaker : There are Rules of Procedure which I am following. I will take decisions according to the Rules, but will not take lessons from you.

Mr. G. Allana : Nor shall we follow un-constitutional orders.

Mr. Joshua Fazal ud Din (Lyallpur District) : Sir, I have consulted the Rules of Procedure. Rule 37 says :

A motion on a question of privilege suddenly arising is entitled to immediate precedence over all other business.

But, Sir, from your ruling I find that privilege to you means only a personal privilege, the privilege of a member. So far we have learnt that privileges are of two types-personal as well as privileges of the House. May I know how you are going to defend the privileges of the House ? I am prepared to concede that so far as the privilege of a member is concerned it means that if a member is speaking no other member should interfere. But what about the privileges of the House. As far as the privileges of the House are concerned what is your ruling on that point.

Mr. Speaker : About other privileges I can say that Rules have yet to be framed by the Assembly.

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ (ضلع ملتان)—جناب والا اگلے وقتوں کی ایک خوشگوار رسم اور ایک لطیف روایت مجھے یاد ہے کہ جب نئے سال کا میزانیہ گزرے وقتوں میں پیش کیا جاتا تھا تو ایوان کو ہر طرف سے ہدیہ تبریک پیش کیا جاتا تھا —جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کی یہ ریت ہے کہ آج کل ہمارے ہاں اگر کوئی روائت بنتی ہے تو بننے کے ساتھ ہی جان توڑ دیتی ہے — مگر مجھے قدامت پسند سمجھئے اور اجازت دیجیئے کہ میں اس ہدیہ تبریک کی پیش کش کو اپنی طرف سے آج بھی باوجود موجودہ تلخی کے اور باوجود اس بدلتے زمانہ کے پیش کروں —(خوب خوب) جناب والا میں سب سے پہلے اپنے پرانے دوست اور مہربان ڈاکٹر خانصاحب کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں — میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہر طرح سے مبارکباد کے مستحق ہیں کیونکہ میری نظر میں گذشتہ دنوں میں کمال شعبدہ بازی سے انہوں نے کچھ ایسے معجزے کئے ہیں (خوب خوب) اور میں وہ ایسے معجزے ایک ایک کر کے آپ کی خدمت میں گنوانا چاہتا ہوں اور پھر انہیں اپنی طرف سے اور اپنی حیران شدہ قوم کی طرف سے ہدیہ

تبریک پیش کرنا چاہتا ہوں —جناب والا ایک ایسے شخص کو دیکھیئے — ایک خضر صورت شخص جس نے دوبارہ سیاسیات میں قدم رکھتے ہوئے یہ فرمایا کہ میرا مقصد حیات یہ ہے کہ میں بغیر کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوئے— بغیر کسی سیاسی الجھنوں میں پڑتے ہوئے — میں ہر ایک کا ہوتے ہوئے— نان پارٹی مین کی حیثیت سے ملک کی خدمت کروں گا اور جناب والا چند دن بعد انہوں نے اپنے پٹارے سے جس طرح کہ ایک جادوگر اپنے پٹارے سے کبوتر نکالا کرتا ہے اسی طرح انہوں نے ایک نہیں دو نہیں کتنی ہی پارٹیاں نکالیں اور جب وہ ان کو پوری طرح استعمال کرلیں گے اور ان کا رس چوس لیں گے تو پھر انہیں اسی پٹارے میں بغیر کسی خوف و خطرہ کے دوبارہ داخل کرلیں گے — میں سمجھتا ہوں کہ یہ سیاسی معجزہ ہے کہ ایک شخص جس کا اعلان یہ ہو کہ وہ ہر پارٹی کا ہمدرد و ہمراز ہے، وہ ایسا کام کرے اور پھر بھی دنیا میں چلتا پھرتا نظر آئے —

جناب والا ان کا دوسرا معجزہ یہ ہے کہ پندرہ اگست ۱۹۴۷ء کو وہ شخص جو پاکستانی جھنڈے کو سلامی دینا اپنی منزلت اور قدر کے منافی سمجھتا ہو (شیم شیم کی آوازیں) وہ پندرہ اکتوبر ۱۹۵۰ء کو یہ کہتا ہے کہ میرے علاوہ پاکستان کی حکومت کو کوئی اور چلا نہیں سکتا۔ جناب والا میں یہ نہیں مانتا کہ ڈاکٹر خان صاحب جیسے سلجھے ہوئے سیاست دان اور ڈاکٹر خان صاحب جیسے مانے ہوئے دانش مند نے اپنا نظریہ بدل لیا ہے۔ میں ان کے متعلق ایسی غلط رائے قائم نہیں کر سکتا۔ مگر شائد ایسا نہ ہو کہ ان کا نظریہ تو وہی ہے اور ان کے خیالات تو وہی ہیں مگر جو کام ۱۹۴۷ء میں وہ جھنڈے کو سلامی نہ دیتے ہوئے پورا نہ کر سکے وہ اپنی موٹر پر اسی جھنڈے کو لگا کر اسی کام کو آج پورا کرنا چاہتے ہیں (خوب خوب) یہ ان کا ایک اور معجزہ ہے —

جناب والا انکا تیسرا معجزہ یہ ہے کہ انہوں نے یہ اعلان فرمایا اور یہ بار بار ببانگ دہل اظہار کیا کہ ان کا مقصد حیات یہ ہے اور وہ یہاں اس لئے آئے ہیں کہ پختونستان کا مقابلہ کریں (اس مرحلہ پر پچھلے بنچوں پر شور ہو رہا تھا)

صاحب سپیکر—خاموشی سے سنئے—(کئی آوازیں) آرڈر پلیز —

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ—ہر طرف بزرگ بیٹھے ہیں ہم سب کو اپنے خیالات کا اظہار کرنا ہے لیکن ایوان کا ادب ملحوظ

رکھنا چاہئے اگر کوئی باتیں دوسری طرف سے ہوتی ہیں تو ہمیں ان کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کا مقصد حیات———

وزیر تعلیم—(سردار عبدالحمید خان دستی) کیا لفظ شعبدہ باز پارلیمنٹری ہے

Mian Mumtaz Muhammad Khan Dauitana (Multan District)—I withdraw it. But will you give me a substitute for it. (Laughter)

Minister for Education—Substitute is Mian Mumtaz Muhammad Khan. (Laughter)

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ—جناب صاحب صدر اس شخص کو کیا کہئے کہ جو جیسا زمانہ آئے جیسے حوادث پارٹی کو پلٹیں لیکن وہ وہیں کا وہیں کھڑا رہے اور مستقل وزیر کا درجہ حاصل کرے - میں اسے شعبدہ باز نہیں کہوں گا بلکہ مستقل مزاج کہوں گا—(خوب خوب) تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کا مقصد حیات یہ تھا کہ میں پاکستان کی سلامتی کو قائم رکھوں گا— میں پختونستان کے فتنہ کو ملک سے ہٹادوں گا—یہ ان کا اعلان تھا—مگر اس اعلان کے کرنے کے ساتھ ہی ان کا پہلا کام یہ تھا کہ انہوں نے پختونستان کے سب سے بڑے داعی کے متعلق یہ فرمایا کہ پاکستان میں وہ سب سے زیادہ دیانت دار آدمی ہے بلکہ وہ ایسا شخص ہے کہ جس نے بے انتہا کرم فرمائیاں پاکستان کے لوگوں پر فرمائیں اور انہوں نے ہماری جنگ آزادی کو واحداً فتح کیا—ایک ایسا شخص جو پختونستان کے بانی کے متعلق یہ رائے رکھتا ہو جو ان کے نظریہ کو دیانت دارانہ نظریہ سمجھے—جو ان کے نظریہ کو پاکستان کی آزادی کی جد وجہد کی تکمیل سمجھے تو جناب والا مجھے فرمائیے کہ وہ کس طور سے—کس دیانت داری سے پختونستان کا مقابلہ کر سکے گا—اور حیرت یہ ہے کہ ایسے اشخاص جو ایسی باتیں کرتے ہیں انہیں ایسی باتیں کرنے دی جاتی ہیں اور ان کو پھر بھی کوئی کچھ نہیں کہتا—یہ ان کا تیسرا معجزہ ہے اور میں شعبدے کا لفظ استعمال نہیں کرتا—

جناب والا ڈاکٹر خان صاحب نے چوتھا ضروری کام جو اپنے ذمہ لیا وہ یہ تھا کہ میں ون یونٹ بنانے والوں میں سے ہوں اور ون یونٹ میرا سب سے اولین مقصد ہے بلکہ انہوں نے یہاں تک فرمایا کہ ون یونٹ میرے علاوہ کوئی چلا نہیں سکتا—مگر ساتھ ہی معجزہ یہ دیکھئے کہ اپنے کمالات پر پورا یقین دلانے کے لئے اور اپنی خود

اعتمادی جتانے کے لئے انھوں نے تمام ون یونٹ کے مخالفوں کو اپنے ساتھ ملالیا ہے— (خوب خوب) —وہ اپنے پر اتنی خود اعتمادی رکھتے ہیں کہ وہ ون یونٹ بنانے والوں کو تو علیحدہ کرتے ہیں اور کمال یقین کے ساتھ وہ ون یونٹ کو چلائیں گے تو ون یونٹ کے مخالفین سے مل کر چلائیں گے —یہ چیز بھی ڈاکٹر خان صاحب کو ہی نصیب ہوئی ہے—

پھر جناب والا ڈاکٹر خان صاحب نے ایک اور بہت بڑا کام کیا ہے— جو کام اس ایوان میں یا بساط سیاست پر ہوتے ہیں ان کی کوئی اہمیت ہے — آج جو لوگ ایک پارٹی میں ہوتے ہیں تر دوسرے دن وہ اس میں نہیں رہتے— مگر ڈاکٹر خان صاحب نے ایک مستقل عظیم کام کیا ہے کہ وہ ہمارے تاریخی نظریات میں انقلاب لے آئے ہیں —

ڈاکٹر خان صاحب نے کہا تم تاریخ نہیں جانتے-میں تمہیں بتاتا ہوں - پاکستان بنانے والے تم نہیں تھے - وہ اور لوگ تھے - وہ عبیداللہ سندھی اور عبدالغفار خان تھے - انھوں نے ایسا کرشمہ دکھایا کہ وہ لڑے تو مسلمانوں کے خلاف - انھوں نے تباہ تو پاکستان کو کیا - وہ برسرپیکار تو قائد اعظم سے رہے - وہ مستحکم تو ہندو سامراج کو کرتے رہے - مگر انھوں نے پاکستان بنا دیا اور مسلمانوں کی جنگ آزادی جیتنے والے ہو گئے - یہ تاریخ کا نیا نظریہ ہے جو اب ہمارے سامنے آیا ہے - قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ اور خان لیاقت علی خان مرحوم نے پاکستان نہیں بنایا - پاکستان ان کانگریسی مسلمانوں نے بنایا ہے جو ملت سے کٹ کر دشمن سے مل گئے تھے - (نالیاں) - ڈاکٹر خان صاحب کہتے ہیں کہ یہ لوگ پاکستان کی لڑائی لڑنے والے اور پاکستان کی آزادی کے معمار تھے - وہ پاکستان کے خلاف لڑنے والوں کے لئے انقلابی کا لفظ استعمال کرتے ہیں -

اور حضور والا سب سے بڑا معجزہ جو ڈاکٹر خان صاحب نے پیش کیا وہ یہ ہے کہ وہ لاہور اور دیگر مقامات پر جلسوں میں جب کوئی پرانا فرسودہ قدامت پسند بھولا بھٹکا پرانی غلط فہمی میں الجھا ہوا اپنی قسمت کا مارا قائد اعظم زندہ باد کا نعرہ لگاتا ہے تو وہ اسے کہتے ہیں ,,شخصی نعرے مت لگاؤ،، لیکن اگر پشاور میں پاکستان مردہ باد اور پختونستان زندہ باد کے نعرے لگائے جائیں تو وہ کہتے ہیں کہ دیانتدارانہ اختلاف رائے کو برداشت کرنا چاہئے - اگر لاہور میں میرے قائد اعظم کے متعلق زندہ باد کے نعرے لگائے جائیں تو وہ شخصی نعرے ہیں - وہ نہیں لگنے چاہئیں - (مسلم لیگی بنچوں کی طرف سے قائد اعظم

زندہ باد اور پاکستان زندہ باد کے پر جوش نعرے) جناب والا میرے خیال میں یہ بھی ان کا ایک معجزہ ہے۔ کیونکہ اگر آج سے چار سال یا دو سال یا دو مہینے پہلے کوئی شخص ایسی شخصیت کش پالیسی اختیار کرتا جو آج ڈاکٹر خان صاحب اختیار کئے ہوئے ہیں تو شاید اس شخص کے لئے اس ملک میں کوئی جگہ نہ ہوتی۔ مگر آج ہمارے ملک کو اس نہج پر چلایا جا رہا ہے۔ ہماری آئیڈیالوجی کو اس طرح تباہ و برباد کیا جا رہا ہے کہ وہ نعرے جن کے زور پر ۱۹۴۷ میں پاکستان بنا تھا آج وہ نعرے ممنوع اور مکروہ ہیں۔ (شیم-شیم)۔

جناب والا ۔ ان کا ایک اور معجزہ دیکھئے۔-پاکستان کا وہ آئین جو نو سال میں مرتے مرتے مشکلات کا سامنا کرتے کرتے مصائب سے نبرد آزما ہوتے ہوئے بنا تھا ۔ اس وقت جب یوں معلوم ہوتا تھا کہ اس ملک کا آئین کبھی بنے گا ہی نہیں ۔ چودھری محمد علی اس مرد مجاہد نے اپنی قابلیت سے اسے مکمل کیا ۔ مگر یہ آئین جو نو برسوں میں مکمل ہوا ہے ڈاکٹر خان صاحب نے اپنی معجزہ طرازی سے اسے نو ہفتوں میں ختم کرکے رکھ دیا ہے۔ انہوں نے اس آئین کی ہر شق کو برباد کیا ۔ مجھ سے کہا جائیگا یہ خان صاحب کا کام نہیں آئین پر انہوں نے ضرب نہیں لگائی بلکہ مال روڈ کے پیر مغان اور رند ہزار شیوہ کا یہ کام ہے۔ مگر میں ان سے کہونگا کہ معجزہ کرنا ڈاکٹر خان صاحب کا کام ہے معجزہ سے ذاتی فائدہ اٹھانا اوروں کا کام ہے ۔ (تالیاں)۔

پھر جناب ڈاکٹر صاحب کا ایک اور کرشمہ دیکھئے ۔ ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں ۔ ''میں سیاسی دیانتداری کا علمبردار ہوں ۔ مجھے اور کسی چیز میں دلچسپی نہیں ۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ غلط باتیں نہ ہوں'' ۔ اگرچہ پچھلے چند سالوں میں ,جناب والا، آپ کے ساتھ میرے تعلقات اتنے قابل رشک نہ تھے مگر اسی لاہور میں ہم نے پاکستان کی لڑائی اکٹھے لڑی تھی ۔ خضر حیات کا مقابلہ ہم نے اکٹھے کیا تھا ۔ آپ جانتے ہیں کہ سیاسی بد دیانتی کا یہ مظاہرہ ان دنوں بھی نہ ہوا تھا جو ڈاکٹر خان صاحب کے عہد میں اب ہوا ہے ۔ جناب والا جس بے رحمی سے افسروں کو اب بدلہ گیا ہے گزشتہ سات سال میں اسکی مثال نہیں ملتی ۔ پچھلے سات ہفتوں میں جس طرح افسروں کو مرعوب کیا گیا ۔ جس طرح ان پر دباؤ ڈالا گیا ۔ جس طرح انہیں لوگوں کے دروازوں پر کھڑا کیا گیا کہ انکے ووٹ لے دوگے تو تم اپنی جگہ پر

مقرر رھوگے ورنہ نہیں ۔ اسے سب جانتے ھیں ۔ سیاسی دیانتداری کے اس علمبردار نے اپنے سیاسی رفقائے کار سے جو دیانتداری برتی ھے وہ بھی ایک معجزہ سے کم نہیں ۔

پھر حضور والا انہوں نے فرمایا تھا کہ انکا پہلا کام اس صوبہ میں آزاد اور منصفانہ انتخابات کرانا ھے ۔ اسکے سوا انکا اور کوئی کام نہیں ۔ وہ صرف صحیح الیکشن کرانے آئے ھیں ورنہ سیاست سے انہیں کوئی تعلق نہیں ۔ اگر یہ انکی خواھش ھوتی تو وہ میری پہلی تجویز مان لیتے ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ انہیں تمام پاکستان کا الیکشن کمشنر مقرر کر دیا جائے تاکہ وہ تمام پاکستان میں آزاد اور منصفانہ الیکشن کرا سکیں مگر جناب بر سر اقتدار آنے کے بعد انہوں نے جو پہلا الیکشن کرایا ھے وہ آپ کے سامنے ھے ۔ جو شخص تین سو کا الیکشن منصفانہ نہیں کرا سکتا وہ ساڑھے تین کروڑ کا الیکشن کیسے منصفانہ کرائے گا ۔

صاحب سپیکر ۔ آپ کونسے الیکشن کی بات کر رھے ھیں

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ ۔ آپ جو سمجھ لیں ۔

جناب والا ڈاکٹر صاحب ایک مضبوط شخصیت کے مالک ھیں ۔ کم از کم ھمارے دشمن انہیں ایسا ھی سمجھتے ھیں ۔ ابھی پچھلے دنوں پنڈت نہرو نے انکے اور انکے بھائی کے متعلق یہ کہا تھا They are men of heroic mou چاھئے تھا کہ پنڈت نہرو کا مقصد پورا کرنے کے لئے ھی ڈاکٹر خان صاحب کی عزت برقرار رھتی ۔ مگر انہوں نے اپنا ۷۰ سال کا طلسم ۳۰ دن میں توڑ ڈالا ۔ ھمیں ان سے یہ توقع نہ تھی ۔ ابھی چند دن ھوئے مجھے ایک ذمہ دار شخص نے جس کا نام میں یہاں ظاھر کرنے سے قاصر ھوں یہ کہا تھا

There is not even the vestige of an administration in West Pakistan

اگر ڈاکٹر خانصاحب نان پارٹی میں ھوتے جیسا کہ وہ فرماتے ھیں تو وہ ایک ڈیڑھ اینٹ کی الگ پارٹی بنا کر اپنی گذشتہ روایات کو اس طرح تباہ و برباد نہ کرتے ۔ آج پورے پاکستان میں کسی ایک شخص کو بھی انکے متعلق یہ توقع نہیں کہ وہ آزاد اور منصفانہ الیکشن کرائینگے ۔

مگر جناب والا باوجود ان معجزوں کے میں سمجھتا ھوں ڈاکٹر خان صاحب نے کچھ کارھائے نمایاں بھی کئے ھیں ۔ وہ بہت بڑے بت شکن ثابت ھوئے ھیں ۔ محمود غزنوی سے بھی بڑے ۔ کیونکہ انہوں نے خود اپنا بت توڑ ڈالا ھے ۔ (نعرہ ھائے تحسین) ۔ یہ وہ سومنات ھے

جس نے خود اپنا سر اتار دیا ہے۔ (مزید نعرہ ہائے تحسین)۔ اس سے زیادہ کیا کرشمہ ہو سکتا ہے۔ یہ بہت بڑا کارنامہ ہے جناب والا۔ کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ ہمارا ملک سیاسی اور اخلاقی لحاظ سے ایک پسماندہ ملک ہے۔ ہمارے لوگ سادہ لوح ہیں۔ جب تک انہیں بار بار تجربے نہیں ہونگے۔ جب تک سالہا سال کے بنے ہوئے بڑے بڑے بت نہیں ٹوٹینگے اس وقت تک ہمارے لوگوں کو سیاسی شعور نہیں آئیگا۔ اسلئے ڈاکٹر صاحب نے آج ہمارے عوام کو نیک و بد کی جو تمیز بخشی ہے یہ بہت بڑا کام کیا ہے۔

چمن پہ گزری سو گزری مگر یہ کیا کم ہے
کہ فاش ہو گئے جھوٹی بہار کے آئین
چمن پرستوں کو مژدہ چمن کی لوٹ کے ساتھ
الجھتا جاتا ہے کانٹوں میں دامن گلچیں

اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑا کام ہے۔ اپنے آپ کو بے نقاب کر دینا خود اپنے بت کو توڑ دینا۔ دنیا کو دکھا دینا کہ غلط راستے سے مڑ جاؤ اور مجھ کو مت پوجو۔ یہ بہت بڑا کام ہے۔

جناب والا ڈاکٹر صاحب نے ایک ایسی خدمت سرانجام دی ہے جو واقعی ڈاکٹر صاحب کی سب سے بڑی خدمت ہے اور جو میں سمجھتا ہوں کہ اس طرف بیٹھے ہوئے دوستوں میں سے کوئی سر انجام نہیں دے سکتا تھا۔ یہ سب سے بڑی خدمت انہوں نے مسلم لیگ کی کی ہے، انہوں نے اس مسلم لیگ کو جو پچھلے سات آٹھ سال سے فرسودہ ہو چکی تھی جو اپنے پرانے طریقوں او روایات کو بھول چکی تھی۔ جو غلامی کی گود میں لیٹ چکی تھی۔ جو سلطنت کی باندی بن چکی تھی۔ آج ڈاکٹر صاحب کی واحد شخصیت نے اسے پھر راہ عمل پر لا کھڑا کیا ہے (نعرہ ہائے تحسین) جناب والا مسلم لیگ لاکھ بری سہی۔ مگر اس میں ایک بات ہے اور وہ یہ کہ پاکستان کی دوستی اور پاکستان کی محبت مسلم لیگ کے خون کا جزو لاینفک بن چکی ہے (نعرہ ہائے تحسین) میں یہ نہیں کہتا کہ حب الوطنی ہمارا واحد ٹھیکہ ہے۔ میں یہ نہیں کہوں گا کیونکہ مسلم لیگ تو ناکام رہتی اگر وہ حب الوطنی کو صرف اپنے تک محدود رکھتی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ ہماری یا مسلم لیگ کی اجارہ داری ہے۔ مگر یہ ضرور کہوں گا کہ حب الوطنی ہمارا واحد

مقصد حیات ہے ۔ اور جناب والا مسلم لیگ کے اس حب الوطنی کے جذبہ کو فروغ دینے کی جس قدر ضرورت ملک کو آج ہے پہلے کبھی نہ تھی ۔ آج اس ملک پر اغیار کی یلغار ہے ۔ ملک میں انتشار ہے اور ملک کی باگ ڈور ان ہاتھوں میں ہے جنہوں نے ۱۹۴۷ میں پوری جدو جہد کی کہ پاکستان نہ بنے ۔ جن کی دوستی ملک کے دشمنوں کے ساتھ ہے اور جن کی دشمنی ملک کے دوستوں کے ساتھ ہے ۔ ملک آج ایک گھیرے میں ہے ۔ ایک نرغے میں ہے اور اس نرغے سے اس ملک کو وہی جماعت نکالے گی جس نے پاکستان بنایا تھا (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا ۔ مسلم لیگ کی تطہیر کے لئے بھی ڈاکٹر صاحب نے بہت بڑا کام کیا ہے مسلم لیگ کو جاہ پروری سے ۔ مسلم لیگ کو حکومت کی ضرورت سے مسلم لیگ کو عہدوں کے لالچ سے ان سب چیزوں سے ڈاکٹر صاحب کی جدو جہد نے آزاد کر دیا ہے ۔ مسلم لیگ کو انہوں نے صحیح راستہ بتایا ہے کہ ملک کو مجھ سے بچاؤ ۔ جناب والا مسلم لیگ کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ مسلم لیگ کو کسی نے نہیں بنایا ۔ مسلم لیگ کو مسلمان قوم کے جذبات نے بنایا ہے اور کسی نے نہیں بنایا مگر مسلم لیگ نے بہتوں کو بنایا ہے ۔ جناب والا مسلم لیگ نے کسی کو نہیں بگاڑا ۔ لیکن مسلم لیگ کو بہتوں نے بگاڑا ہے ۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ جماعت جسے قائد اعظم نے بنایا اور مضبوط کیا وہ جماعت لاکھ بری سہی مگر اس نے حب الوطنی کو کبھی نہیں چھوڑا ۔ اس کی پاکستان دوستی پر آپ کبھی ایک لحظہ کے لئے بھی بد گمانی نہیں کر سکتے ۔ آج سب سے زیادہ ضرورت اس حب الوطنی کے جذبہ کو فروغ دینے کی ہے اور اس حب الوطنی کے جذبہ کے بغیر مغربی پاکستان اور مشرقی بنگال اکٹھے نہیں رہ سکتے ۔ اس جذبہ کے بغیر مغربی پاکستان ایک نہیں رہ سکتا ۔ اس کے بغیر ہندو اور ظاہر شاہ کا مقابلہ نہیں ہو سکتا ۔ آج اسی جذبے کی ضرورت ہے جس کو مسلم لیگ نے اپنایا ہے ۔ اور مسلم لیگ کے علاوہ کوئی اور ایسی جماعت پیدا نہیں ہو سکتی جو اس جذبہ کی صحیح اور واضح عکاسی کرتی ۔

اس کے علاوہ جناب والا اور بھی خدمت کی ہے ڈاکٹر صاحب نے ۔ انہوں نے یہ خدمت کی ہے کہ انہوں نے ملک میں جمہوریت کو پاش پاش کر کے رکھ دیا ہے ۔ لیکن انہوں نے جمہوریت کی روایات کو توڑ کر ۔ آئین کو ایک کاغذ کا پرزہ سمجھتے ہوئے اس کو چیر پھاڑ کر

نہ صرف ہم میں بلکہ عوام الناس میں جمہوریت کی رفاقت کے لئے ایک بلند پایہ جذبہ پیدا کر دیا ہے ۔ اور میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس جذبہ کے ماتحت ہم جان تک دے دیں گے ۔ اور ملک میں خالص جمہوری روایات کے لئے آخری دم تک لڑیں گے (نعرہ ہائے تحسین) اور میں عرض کروں گا کہ یہ صرف ہمارا کام ہی نہیں بلکہ اس کے لئے مسلم لیگ اپنا دست تعاون بلکہ اپنا دامن دریوزہ گری ہر سیاسی پارٹی کے سامنے پھیلاتی ہے ۔ باقی مقاصد مختلف ہو سکتے ہیں ۔ اور چیزوں میں اختلاف ہو سکتا ہے مگر ہم اس معاملہ میں ہر پارٹی سے تعاون کی بھیک مانگیں گے ۔

For the purpose of democracy, let us forge a united front.

جمہوریت کی خاطر ہم سب پارٹیوں سے تعاون کرینگے ۔ ہم سب سے مل کر اس کام کو کرنے کے لئے تیار ہیں (نعرہ ہائے تحسین)۔

جناب والا ۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک اور ضرورت کی طرف ہماری توجہ دلائی ہے ۔ آپ جانتے ہیں ۔ کہ ہر ملک میں جمہوریت کے لئے ایک چیز لازمی ہوتی ہے اور وہ ہے پارٹی سسٹم مگر وہ کہتے ہیں کہ ہم پارٹی سسٹم کو مغربی قسم کی جمہوریت کے ڈھب پر یہاں نہیں چلانا چاہتے ۔ ہم خوش ہیں کہ ڈاکٹر خان صاحب اس وقت اسکے لئے کوشاں ہیں کہ وہ ایک آزد قسم کی جمہوریت بنائیں جس کا مغربی جمہوریت ۔ اسکی روایات ۔ اور May کے بتائے ہوئے قواعد سے کوئی تعلق نہ ہو ۔ اور اس میں اس قسم کی فضول چیزوں کا کوئی ذکر نہ ہو ۔ وہ یہ نیا سسٹم پیش کرنا چاہتے ہیں لیکن جب تک وہ پیش نہیں ہوتا اس وقت تک میں سمجھتا ہوں کہ مغربی جمہوریت اور پارٹی سسٹم کے بغیر کام نہیں ہو سکتا ۔ مگر انہوں نے یہاں پارٹی سسٹم کو جڑوں سے اکھاڑنے کی کوشش کی ہے ۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک رات میں اپنی پارٹی بنائی اور دوسرے دن اسے دنیا کے سامنے پیش کر دیا ۔ جاہ و منصب کے لالچ میں غول کے غول ان کے گرد جمع ہو گئے ۔ اس ڈھب سے لوگ آئے کہ جیسے چوہے کے سامنے cheese رکھی جائے تو وہ بھاگا آتا ہے او جب cheese کو دوسری طرف رکھ دیا جائے تو اس طرف بھاگا جاتا ہے ۔ لیکن ابھی تک انہوں نے کوئی پروگرام نہیں بنایا ۔ کوئی پلیٹ فارم پیش نہیں کیا ۔ کوئی راستہ نہیں بتایا ۔ کہتے ہیں کہ میں نے مسلم لیگ کے مخالف پارٹی بنائی ہے لیکن مسلم لیگ کے لیڈر

چودھری محمد علی سے تعاون کروں گا ۔ کہتے ہیں میرا پروگرام نہیں ہے لیکن وزارتیں تقسیم ہو رہی ہیں ۔ او ہر بری بات کا راستہ دکھایا جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارا ملک تباہ و برباد ہو رہا ہے ۔ میں جانتا ہوں کہ ہمارے عوام میں سیاسی یگانگت اور پختگی پیدا نہیں ہوئی اور پہلی صورت یہ ہے کہ پارٹی سسٹم کو مضبوط کیا جائے ۔ جناب والا ڈاکٹر صاحب کا سب سے بڑا کام یہ تھا کہ انہوں نے لوگوں کو اپنی پارٹیوں کا غدار بنایا ۔ اپنی پارٹی میں غداروں کو ملایا ۔ ان کی تعریفیں کی ۔ ان کو لالچ دیا ۔ ان سے بڑے بڑے وعدے کئے ۔ مجھے اس بات کا قطعاً افسوس نہیں اور نہ پرواہ ہے وہ جتنے آدمی چاہیں ادھر لے جائیں ۔ قائد اعظم نے پاکستان کی جدو جہد کے دوران میں فرمایا تھا کہ صرف ایک نحیف آدمی اور ایک ٹائپ رائٹر کی ضرورت ہے ۔ ہمیں اس کی پرواہ نہیں کہ کون لوگ اور کتنے لوگ آپ کے ساتھ ہیں لیکن ملال اس بات کا ہے کہ آپ جمہوریت کی روایات کو پامال اور تباہ و برباد کر رہے ہیں ۔ لیکن یقین جانئیے آپ نے جو سلسلہ شروع کر رکھا ہے یہ الٹا آپ ہی پر اثر انداز ہوگا ۔ یہ سانپ آپ ہی کو ڈسنے والا ہے ۔ جناب والا مجھے ڈاکٹر صاحب کے متعلق یقین ہے کہ یہ جو کچھ ہو رہا ہے یہ سب ان کے اپنے دماغ کی اختراعیں نہیں ہیں ۔ مگر انہوں نے اپنے دماغ کو مغلوج کرکے اغیار کے ہاتوں میں سونپ دیا ہے ۔

جناب والا ۔ پہلا ہدیہ تبریک تو میں پیش کر چکا ۔ اب دوسرا ہدیہ تبریک میں نہایت خلوص دل سے اس شخص کو پیش کرونگا جن کی میرے دل میں بڑی عزت ہے اور جن سے میں نے سیاست میں بھی بہت کچھ سیکھا ہے ۔ وہ جی ۔ ایم ۔ سید صاحب ہیں جنہوں نے نہایت چستی اور غضب کی چابکدستی سے اپنی پارٹی سمیت اس پارٹی کے ساتھ بیٹھ کر جسے پارٹی کہتے ہوئے مجھے تکلیف ہوتی ہے اس طرف بیٹھ کر ایک یونٹ کا بیڑا غرق کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ ہم سے یہ کہا جاتا ہے کہ مسلم لیگ میں بہت سی خامیاں اور خرابیاں ہیں ۔ اس کا انداز فکر غلط اور فرسودہ ہے ۔ اچھا ایسا ہی سہی ۔ میں مانتا ہوں کہ ہم نے ملک کے لئے کچھ نہیں کیا ۔ پاکستان تو غلطی سے بن گیا جسے آپ سمیٹ

لینگے ۔ ہماری نہ تو کوئی حیثیت ہے اور نہ ہی ہم نے آج تک اس کے لئے کچھ کیا ہے مگر ڈاکٹر خان صاحب کی پارٹی یہ کہتی ہے کہ وہ ایک یونٹ کے حامی ہیں ۔ اور ادھر جی ۔ ایم سید صاحب فرماتے ہیں کہ ایک یونٹ کو مٹانا ہمارا واحد مقصد حیات ہے ۔ میں ان کے اس جذبے کی قدر کرتا ہوں ۔ غالباً اس لئے جی ۔ ایم ۔ سید صاحب نے ڈاکٹر خان صاحب کو اپنے تعاون کی پیش کشش کی اور ایک یونٹ کے دعویداروں میں شامل ہو گئے ۔ مگر ہم جانتے ہیں کہ جی ۔ ایم ۔ سید صاحب نے کیوں اتنی جلدی ڈاکٹر صاحب کی پارٹی کو اپنے تعاون کی پیش کشش گر دی ۔ اس لئے نہیں کہ ایک یونٹ کو کامیاب بنایا جائے بلکہ اس لئے کہ اس یونٹ کو آسانی سے ختم کیا جا سکے ۔ میں بھی خیال کرتا تھا کہ آخر جی ۔ ایم ۔ سید صاحب ڈاکٹر خان صاحب کے ساتھ مل کیسے گئے ۔ وجہ ظاہر ہے ۔ مسٹر جی ۔ ایم ۔ سید میرے نزدیک ایک پختہ کار اور دیانتدار سیاستدان ہیں ۔ انہوں نے جو رویہ بھی اختیار کیا اپنے نظریے کی بنا پر کیا ۔ اتنا تو وہ بھی جانتے ہیں کہ آج اگر ڈاکٹر خان کی پارٹی زندہ ہے تو وہ صرف ان کے پیروں کے طفیل زندہ ہے ۔ وہ جانتے ہیں کہ یہ یونٹ ان سے نہیں چلے گا ۔ کیونکہ ان کی اسے چلانے کی نیت ہی نہیں ۔ مگر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اسے بالاخر وہی لوگ چلائینگے جنہوں نے اسے بنایا ہے (تالیاں) جی ۔ ایم سید صاحب سمجھتے ہین کہ لوگ بالکل اندھے ہیں اور وہ حقیقت حال سے آگاہ نہیں ۔ مگر میں اپنے عوام کو آگاہ کرتا ہوں کہ وہ جی ۔ایم ۔ سید اور ڈاکٹر خان صاحب کی نیک نیتی سے بالکل متاثر نہ ہوں ۔ اور ان کی کسی چال میں نہ پھنسیں ۔

جناب والا ۔ اب میں یہ بات قدرے لکنت سے کہتا ہوں کہ میں ایک یونٹ کا اب بھی طرفدار ہوں ۔ جناب والا ۔ ایک یونٹ کس لئے بنایا گیا ۔ اس لئے کہ ملک میں اتحاد قائم ہو گا اور عوام کی خوشحالی میں اضافہ ہوگا ۔ لیکن آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ یونٹ بنانے والوں نے کس طرح اس کے پرزے پرزے کر کے بکھیرنے کی کوشش کی ہے ۔ کس طرح ملک کی سیاسی زندگی کو مکدر بنایا گیا اور کس طرح ملک کی سیاست کو غنڈوں کے حوالے کیا گیا ۔ میں یہ بات ہاؤس کے متعلق نہیں کہتا بلکہ اس سے باہر کے حالات کے متلق عرض کر رہا ہوں اور جس طریق پر صوبے کی ایڈمنسٹریشن چلائی جا رہی ہے

وہ بھی آپ کے سامنے ہے۔ ڈاکٹر خان صاحب کو یاد ہوگا کہ کہ اس زمانے میں جب کہ مجھے ان کے ساتھ کچھ عرصہ کام کرنے کا موقع ملا تو میں نے ان سے بھی عرض کی تھی کہ جس طرپق پر ہماری ایڈمنسٹریشن چلائی جا رہی ہے اس کے لئے ہم اپنے عوام کے سامنے کوئی جواز پیش نہیں کر سکتے۔ مگر اس کے باوجود آج آپ دیکھتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب کی مصروفیات اور دیگر کاموں کی وجہ سے صوبے کی ایڈ منسٹریشن بالکل تباہ و برباد ہو چکی ہے۔ اگر ہماری ایڈمنسٹریشن نوکر شاہی کے ہاتھ میں ہوتی تو وہ کسی حد تک تسلی کا موجب ہو سکتی تھی۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی ایڈ منسٹریشن ان کے وزیروں کے ہاتھ میں ہے اور نوکر شاہی کے ہاتھ میں اس کا بہت کم حصہ ہے۔ نہ ادھر کوئی مربوط طریقہ ہے اور نہ ہی ادھر کوئی واضح راستہ ہے جس کی بدولت لوگوں کی تکلیفوں کا ازالہ کیا جا سکے۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ایڈ منسٹریشن کی مشینری کا ڈھانچہ بالکل ٹوٹ چکا ہے۔

جناب والا۔ تیسری بات جس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یونٹ بنانے کے مقصد سے متعلق ہے ایک یونٹ بن جانے پر ہمارا خیال یہ تھا کہ ملک میں ایک متحدہ لیڈر شپ پیدا ہو جائیگی۔

مگر یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوتا نظر نہیں آتا۔ میں اب بھی سمجھتا ہوں کہ ایک یونٹ کامیاب ہو کر رہیگا۔ یہ بات میں اپنے طور پر یا چھپا کر نہیں بلکہ ببانگ دھل کہتا ہوں کہ یہ ایک یونٹ کا منصوبہ انشا اللہ کامیاب ہو کر رہیگا۔

جناب والا۔ آج ہماری مخالفت کیوں کی جاری ہے۔ آج جی۔ ایم۔ سید صاحب ہمارے ساتھ کیوں تعاون نہیں کرتے۔ وہ ہمارے ساتھ کیوں نہیں بیٹھے۔ وجہ یہ ہے کہ وہ جانتے ہیں کہ اگر ہم بر سراقتدار آ گئے تو شاید مغربی پاکستان کی یہ وحدت کامیاب ہو جائے گی۔ اس لئے انہوں نے اپنا تعاون ڈاکٹر خان صاحب کو پیش کیا ہے۔ ہم تو کشتہ ہیں اس محبت اور اس یگانگت کے جس سے ہم نے اندھا دھند ایک یونٹ کی تکمیل کے لئے کوشش کی۔ آج اگر ہمارے رہنما چودھری محمد علی صاحب یہاں ہوتے تو میں ان سے کہتا کہ اس ہال میں ان لوگوں کی حالت ملاحظہ ہو۔

بجرم عشق توام می کشند و غوغا ایست
تو نیز بر سر بام آ کہ خوش تماشا ایست

جناب والا - ابھی مجھے ایک اور مبارک باد پیش کرنا ہے مگر معلوم نہیں وہ کس کو پیش کروں - آیا وہ مباک باد میں جی - ایم سید صاحب کو دوں یا ان فرسودہ اور رجعت پسند اقتصادی اجارہ داروں کو جو صوبے کی اقتصادی اجارہ داری کے ساتھ سیاست پر بھی قبضہ جمانا چاہتے ہیں - میں جی - ایم سید صاحب کے نظریے سے بخوبی واقف ہوں اور اس سے سو فیصدی متفق ہوں کہ پاکستان کے قیام و استحکام کا دارو مدار عوام کی خوشحالی پر ہے - میں یہ بھی جانتا ہوں کہ جب تک ہمارے اقتصادی نظام میں بنیادی تبدیلیاں نہ کی جائینگی ہمارا ملک کبھی خوشحال نہیں ہو سکتا - مگر ملک کے استحکام اور عوام کی خوشحالی کے متعلق یہ نظریہ رکھنے والے جی - ایم سید صاحب آج خود کس راہ پر گامزن ہیں - افسوس کہ آج انہیں ایسے رفقائے کار ملے ہیں جو اس صوبے بھر کے اقتصادی اجارہ دار ہیں اور جن سے آپ کا نظریاتی اختلاف ہے - مگر اس کے باوجود آپ اس پارٹی کو استحکام بخشنے پر کیوں مجبور ہیں جس کی موت و حیات آپ کے ہاتھ میں ہے - خدا معلوم جی ایم - سید صاحب جو اقتصادی انقلاب کے حامی ہیں ان کو دھوکہ دے رہے ہیں یا اقتصادی اجارہ دار وقتی طور پر ان کی حمایت حاصل کرنے کے لئے انہیں دھوکہ دینے میں کامیاب ہوئے ہیں - تاہم میں ایک بات ضرور کہونگا کہ ان سے تعاون کرنے سے پیشتر سید صاحب کو ان فرسودہ لوگوں کے اس ظلم و ستم کو ضرور پیش نظر رکھنا چاہیئے تھا جو وہ عوام کی اپنی اقتصادی اجارہ داری میں جکڑنے کے لئے روا رکھتے رہے ہیں - اس امر کے تجزیئے کے بعد انہیں فیصلہ کرنا چاہیئے تھا کہ انہیں کس پارٹی کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے اور کس کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیئے -

جناب والا - چونکہ ابھی میرے بہت سے دوستوں نے تقریریں کرنا ہیں - اس لئے میں ایک آخری مبارک باد اپنے محبوب ملک پاکستان اور اپنی ملت کو پیش کرتا ہوں - خدا کا شکر ہے کہ ملت اس ملک کی پیہم خدمت کے بعد ابھی تک مفلوج نہیں ہوئی - بلکہ بدستور کوشاں ہے - آج ہم ایک صحیح راہ پر گامزن ہیں اور متمنی ہیں کہ ہمارے ملک کو صحیح سیاست نصیب ہو - ہم کوئی منصب یا عہدہ نہیں چاہتے - کیونکہ اگر ہمیں اس کی خواہش ہوتی تو ہم ڈاکٹر خان صاحب کے ساتھ تعاون کرتے - اگر ہمارا مطمح نظر صرف یہی ہوتا تو دنیا کی کوئی طاقت آج مسلم لیگ کو اس چیز سے محروم نہ کر سکتی تھی -

اگر آپ اجازت دیں تو میں عرض کروں کہ مسلم لیگ نے بالکل صحیح فیصلہ کیا ہے انہوں نے لڑائی کا راستہ اختیار کر لیا ہے اور اب چاہے کتنا ہی عرصہ لگے وہ اس جذبہ کے ماتحت اپنے راستہ پر گامزن رہیں گے ۔ بقول چرچل ۔

We will fight on land we will fight on sea we will fight on the beaches we will fight in the lanes.

سید مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی—جناب والا ان کی نسبت یوں ہے ۔

گ گلینسی خ خضر ۔ گ گرمانی خ خان ۔

میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ—جناب والا میں جانتا ہوں کہ جب ہم اس جذبہ کے ماتحت لڑیں گے تو ہمارے راستہ میں بے حد مشکلات آئیں گی مگر ہم اس اسمبلی میں یا اس سے باہر لوگوں کو صحیح راستہ بتائیں گے اور یہ امر ان پر واضح کریں گے کہ تباہ حالی کی اصلی وجوہات کیا ہیں ۔

کل سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب نے حب الوطنی کے جذبہ کے ماتحت جس سازش کا ذکر کیا تھا وہ سازش پاکستان کی بنیادوں کو برباد کردیگی کیونکہ اس سازش کے ماتحت آپ پاکستان کی حکومت پٹیل اور نہرو کی پالیسی پر چلا رہے ہیں

ایک ممبر—ہم پاکستان کو ہرگز ہرگز تباہ نہیں ہونے دیں گے ۔

میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ—یقیناً ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے ۔ اس کے لئے ہم لوگوں کو پوری طرح آگاہ کریں گے اور اپنے وطن کو ہر قسم کے خطرات سے بچانے کی کوشش کریں گے ۔ میرے دل میں قبائلی علاقہ کے پٹھانوں کی بے انتہا قدر ہے ۔ انہوں نے جلیل القدر خدمات سرانجام دی ہیں اور مجھے امید ہے کہ آج بھی وہ لوگ پاکستان کی حفاظت کے لئے سب سے بڑا کام اور سب سے بڑی قربانیاں کر دکھائینگے ۔ جب وقت گزرے گا تو انکو اپنی صحیح ذمہداریوں اور وفاداریوں کا احساس ہو جائیگا ڈاکٹر خان صاحب نے ہماری صحیح نبض نہیں دیکھی مگر ہم نے دیکھ لی ہے اور ہم جانتے ہیں کہ وہ ہمارے دوست ہیں ۔ ہم اپنا کام جاری رکھیں گے اور اگر ہمیں پانچ سال تک دس سال تک یا بیس سال تک کام کرنا پڑے گا تو ہم نہیں گھبرائیں گے بلکہ ہم اپنی لڑائی جاری رکھیں گے ۔ عوام کو ہر حال میں مطمئن کریں گے اور اس ملک میں ایک نئی جان پیدا کریں گے ۔

جناب والا میں نے اس قسم کے ایک مشکل مرحلہ پر ایک شعر پڑھا تھا جب کہ اس ملک پر باہر سے ہندوؤں نے یلغار کی تھی - میں وہ شعر اس وقت پھر پڑھکر اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں -

لے چل ہاں منجھدار میں لے چل ساحل ساحل کیا چلنا
اور تو میرا فکر نہ کر میں خوگر ہوں طوفانوں کا

مسٹر جی ایم سید — جناب صدر - میرے پرانے دوست میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے جو کچھ میرے متعلق فرمایا ہے اور میری نسبت اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اس میں انہوں نے میری تعریف کی ہے - اس لئے میں ان کا شکر گزار ہوں لیکن انہوں نے کچھ ایسی باتیں بھی کی ہیں جن کا جواب دینا میں ضروری سمجھتا ہوں ایک بات انہوں نے یہ کہی تھی کہ میں اپنے دائیں بائیں دیکھوں کہ کون کون اصحاب بیٹھے ہیں چنانچہ میں نے دیکھا ہے اور میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ میرے ایک طرف تو خان بہادر کھوڑو صاحب ہیں اور دوسری طرف گھمن صاحب ہیں -

(تالیاں اور قہقہے)

پیر سید غلام شاہ (کرم ایجنسی) : صدر صاحب - میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ آیا آپ مجھے کچھ کہنے کی اجازت دیں گے یا نہیں - مگر اب جب کہ آپ نے حکم دیا ہے تو میں کچھ عرض کروں - میں ایک مہمان نواز آدمی ہوں - جب میں ادھر آیا تھا تو میرے پاس ایک صاحب آئے - میں ان کے ساتھ چلا گیا وہ مجھے ایک بنگلے پر لے گئے اور مجھ سے کہا کہ آپ ہمارے مہمان ہیں اور ہمارے پاس ہی رہیں گے اس وقت میں وہاں بیٹھ گیا اور ان سے پوچھا کہ ہمارے بھائی کہاں ہیں - انہوں نے کچھ جواب نہ دیا بلکہ یہ کہا کہ آپ ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں ہم آپ کو ہر قسم کی امداد دیں گے اور عزت دیں گے صدر صاحب - قبائلی لوگ بہادر ہیں وہ خود اپنی حفاظت کر سکتے ہیں انہیں کسی کی امداد کی ضرورت نہیں - ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کے متعلق بہت سی باتیں یہاں کہی گئی ہیں - مگر انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا - میں افسوس کرتا ہوں کہ میں یہاں نہیں تھا ورنہ میں خود جواب دیتا - صدر صاحب - ہم ادھر آئے ہیں تو کسی روپیہ کے لئے نہیں اور نہ ہی کسی جائداد کے لئے بلکہ صرف پاکستان کی خدمت کے لئے آئے ہیں -

سردار بہادر خان صاحب نے کہا ہے کہ میں نے روپے کے لالچ میں ان کا ساتھ چھوڑ دیا ہے لیکن یہ بالکل غلط ہے۔ میں تو اتحاد کی خاطر پاکستان کی بہتری کے لئے اور قومی خدمت کی غرض سے ادھر آیا ہوں اور میں قومی خدمت کی غرض سے پاکستان کی حمایت کرونگا اور ان کا یہ الزام غلط ہے کہ میں کسی لالچ کے لئے ادھر آیا ہوں میں قوم کی خدمت اور پاکستان کی حمایت میں ادھر آیا ہوں اور میرے پاس اس کا ثبوت ہے۔

وزیر مہاجرین (سید جمیل حسین رضوی) : جناب والا۔مجھے امید ہے کہ وہ حضرات جن کے متعلق مجھے چند واقعات آپ کی وساطت سے ہاوس کے سامنے پیش کرنے ہیں اگر وہ ہاوس میں موجود نہیں تو lobbies میں ضرور وہ ان واقعات کو سن لینگے۔میں اس قسم کا آدمی نہیں ہوں کہ خواہ مخواہ کسی کی تضحیک و تحقیر کے لئے من گھڑت یا جھوٹ موٹ واقعات پیش کر دوں۔میں جناب والا کی وساطت سے اس معزز ایوان میں دو شخصیتوں کے متعلق واقعات پیش کرنا چاہتا ہوں اور ان کے متعلق پھر کوئی نظریہ قائم کرنا آپ کا کام ہے۔(شور اور قطع کلامیاں)۔

قاضی مرید احمد : On a point of order, Sir جناب والا میرا پوائنٹ آف آرڈر جناب یہ ہے کہ جو صاحب تقریر کر رہے ہیں وہ ضابطہ کی رو سے سپیکر صاحب کی طرف منہ کریں (قطع کلامیاں)۔

وزیر مہاجرین۔ میرا خطاب محض سپیکر صاحب سے ہے لیکن اگر یہ واقعات بعض حضرات کو تکلیف دہ ثابت ہوں تو میں مجبور ہوں۔ توجناب والا۔ میں یہ عرض کرنے لگا تھا کہ پاکستان قائد اعظم مرحوم نے حاصل کیا لیکن ان کے بعد اس کی باگ ڈور ان آدمیوں کے سپرد ہوئی جن میں سے جناب میاں صاحب بھی تھے۔فسادات ختم ہونے کے بعد جب ہم یہاں آئے تو ہمارا یہ خیال تھا کہ ہم نے جو قربانیاں دیکر یہ ملک حاصل کیا ہے اس میں ہمارے لئے آسائشیں مہیا کی جائینگی لیکن یہاں آکر یہ دیکھا گیا کہ وہ اور ان کے ساتھی متروکہ جائیداد کو ناجائز طور پر ہضم کرنے میں مشغول ہیں اور مہاجرین کی قطعی طور پر کوئی پرواہ نہیں کی گئی (shame, shame) (قطع کلامیاں۔) اس کے علاوہ ان کی سب سے بڑی کوشش یہ رہی کہ نواب ممدوٹ صاحب کو جو اس وقت صوبہ کے چیف منسٹر تھے کسی نہ کسی طرح شکست دی جائے۔وقت کا تقاضا تو یہ تھا کہ کیمپوں میں جا کر مہاجرین کی خبرگیری کی جاتی اور ان کے بسانے کے کام میں

پوری جانفشانی سے کام لیا جاتا مگر وہ اس وقت کوٹھیوں میں بیٹھکر یہ منصوبے بنا رہے تھے کہ کس طرح نواب صاحب کو وزارت عظمیٰ سے اتارا جائے—آپ سب جانتے ہیں کہ نواب صاحب نے مسلم لیگ کے لئے کیا کیا قربانیاں دیں۔ وہ مسلم لیگ کے ایک پرانے کارکن تھے لیکن ان لوگوں سے مجبور ہو کر انہیں بھی کنج تنہائی میں بیٹھنا پڑا۔ (shame, shame) اس کے بعد ۱۹۵۱ میں جو الیکشن کرائے گئے اور جس طریقے سے مسلم لیگ کے ٹکٹ تقسیم کئے گئے اور جو جو بے اعتدالیاں ہوئیں وہ آپ حضرات جانتے ہیں میں کہتا ہوں کہ آپ مسلم لیگ کے قاتل ہیں—اگر آپ ذرا بھی اپنے ان سابقہ افعال کی طرف غور کریں جو شروع سے لے کر آپ نے اب تک کئے ہیں تو مسلم لیگی کہلاتے ہوئے آپ کو ان افعال پر شرم آنی چاہئیے اور عرق انفعال میں ڈوب جانا چاہئیے (تالیاں) (shame, shame) میں اس مرحلہ پر جناب سے معافی چاہونگا اگر میں صاف گوئی سے کام لے کر ایسے واقعات آپ کے سامنے پیش کروں جن سے ان کے سابقہ اعمال روشن ہو جائینگے—صاب صدر ان لوگوں نے میری منتین کی اور کہا کہ مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے لوگوں کو بھی ٹکٹ دیا جائیگا اور زبردستی گھر سے میری درخواست لے گئے لیکن جناب ہوا یہ کہ ایک چوتھی جماعت سے بھاگے ہوئے ٹھیکیدار کو لیگ کا ٹکٹ دیدیا گیا میں نے اس چیز کی پرواہ نہ کی اور میں نے بطور انڈی پنڈینٹ امیداوار کے الیکشن لڑا—پھر یہ مسلم لیگ کے ٹھیکیدار میری منتین کرتے رہے اور آخر مجھے دو ورقہ معافی نامہ بھیجا گیا کہ غلطی ہوئی ہے آئندہ ایسی غلطی نہ ہوگی اور مجھے پھر شمولیت کرنی پڑی مگر ان پر وہی ہوس سوار تھی اور وہ متروکہ جائیدادوں سے فائدہ اٹھانے میں مشغول رہے اور میں بالکل الگ ہو کر اپنا کام کرتا رہا—اس کے بعد بہت سے واقعات میں سے میں صرف دو واقعات آپ کی خدمت میں پیش کرونگا کیونکہ وقت کم ہے اور میں کوشش کرونگا کہ چند الفاظ میں ان چند واقعات کو بیان کر دوں (قطع کلامیاں)—جناب چیف جسٹس مسٹر محمد منیر اور مسٹر جسٹس ایم—آر—کیانی کی رپورٹ کے اس حصہ کا میں حوالہ دینا چاہتا ہوں جس میں انہوں نے ان حضرات کے متعلق اپنے خیالات قلمبند فرمائے ہیں اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ عوام کی یادداشت کمزور ہے اور وہ ان واقعات کو بھول گئے ہیں تو وہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں—انہوں نے ارشاد فرمایا ہے—

''مزید برآں ہمارا خیال یہ ہے کہ مسٹر دولتانہ نے ان فائلوں کے متعلق جو ان کی خدمت میں بغرض اطلاع پیش ہوتی تھیں جو موقف ظاہر کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ یہ فائیلیں محض بغرض احترام ان کی خدمت میں پیش نہ کی جاتی تھیں کہ وہ وزیر انچارج تھے۔ ان کے پیش کرنے کا مقصد یہ تھا کہ وہ صورت حالات سے مطلع رہیں اور انہیں اس کارروائی کا بھی علم رہے جو کہ جاری تھی تا کہ اگر وہ اس کارروائی کو نا کافی یا ضرورت سے زیادہ سمجھیں تو اس کی ترمیم یا تنسیخ کر دیں۔ ''خود مسٹر دولتانہ نے بھی،، مسلم لیگ کے عظیم الشان اثر۔ اس کی ساکھ اور اس کی تنظیم کو بروئے کار لانے کی کوشش نہ کی جو اس شورش کے دوران میں بالکل جامد اور شل اور ابتر ہو رہی تھی،، —

''جب احراریوں نے دیکھا کہ ان کے جلسے ممنوع کئے جا چکے ہیں اور بعض احراریوں کے خلاف مقدمات بھی دائر ہو چکے ہیں تو انہوں نے ایک نکہ دیکر اپنی آزادی خرید لی۔ انہوں نے ایک بیان جاری کیا کہ نہ انہوں نے کبھی آج تک تشدد کی تلقین کی ہے نہ آئندہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ حکومت کو معلوم تھا کہ انہوں نے تشدد کی تبلیغ کی ہے یا کم از کم ان کی تقریروں کا اثر یہی ہوا ہے لیکن حکومت نے یہ جانتے ہوئے بھی ان کے بیان کو اس طرح قبول کر لیا کہ گویا احراریوں نے معافی مانگ لی ہے حالانکہ صرف پندرہ روز پیشتر جب مسٹر انور علی نے ان سے معافی مانگنے کو کہا تھا تو انہوں نے انکار کر دیا تھا۔ حکومت کو خوب معلوم ہے کہ ایک صحیح قسم کا معافی نامہ کیونکر حاصل کیا جاتا ہے۔ چنانچہ انہوں نے ۲۸ فروری کو مولانا اختر علی خان سے ایسا معافی نامہ حاصل کر ہی لیا تھا لیکن احرار کے معاملے میں ایک ایسا بیان جس سے ان کی عزت اور ان کے اعتبار میں ذرہ بھر کمی بھی نہ ہوتی تھی بہت بڑی کامیابی قرار دیا گیا اور ان کو اجازت دی گئی کہ وہ شوق سے تقریریں کریں۔ وزیر خارجہ کو گالیاں دیں۔ وزیراعظم کو رسوا کریں اور شائستگی کے خلاف الفاظ استعمال کریں۔ اس تمام دوران میں مسٹر دولتانہ کو ان کے افسر بار بار یاد دلاتے رہے کہ احرار اپنے قول و قرار کی پابندی نہیں کر رہے ہیں۔ لیکن ان افسروں نے خود بھی کسی کارروائی کی تجویز پیش نہ کی۔ یا تو انہیں علم تھا کہ ان کی یاد داشتوں کا کوئی اثر نہیں یا انہیں یاد داشتیں لکھنے کی عادت پڑ گئی تھی۔

جناب والا—یہ واقعات تھے جو دولتانہ صاحب کی وجہ سے ہمارے ملک میں رونما ہوئے —

(قطع کلامیاں)

جناب والا— میں آپ کی خدمت میں مودبانہ التماس کرتا ہوں کہ جناب میاں صاحب نے اپنی تقریر میں خواہ کتنے ہی غلط الزامات عائد کئے ہم نے انہیں اطمینان سے سنا لیکن یہ صحیح واقعات کو سننے کی تاب نہیں رکھتے —(تالیاں) — اس دور کے بعد مارشل لانافذ ہوا —لاہور کی گلیوں میں مسلمانوں کا خون بہایا گیا — کچھ دیر کے بعد وہ پھر اس کوشش میں مصروف ہو گئے کہ کسی نہ کسی طرح ہم اس گئی ہوئی طاقت کو حاصل کریں — چنانچہ جب مرکزی حکومت نے یہ دیکھا کہ پھر وہی پرانا دور آنے والا ہے تو وہ اس امر پر مجبور ہو گئی کہ ایک ایسی شخصیت کو آگے لایا جائے جو اس قسم کی سازشوں سے بالا تر ہو —اس کو میاں صاحب اور ان کے ساتھیوں نے لبیک کہا اور ڈاکٹر خان صاحب کو کنج تنہائی سے لا کر اپنا لیڈر منتخب کیا — مجھے افسوس ہے کہ تین اپریل کو اسمبلی کے کمیٹی روم میں میاں صاحب نے ڈاکٹر خان صاحب کے حق میں تقریر کی اور جب ان کو شکست ہوئی تو میاں صاحب کو ان سے زیادہ برا کوئی نظر نہ آیا —یا تو یہ اس دن جھوٹ بول رہے تھے یا آج جھوٹ بول رہے ہیں (تالیاں) انہیں حکومت کی گدی حاصل نہ ہوئی جس کو حاصل کرنے کے لئے وہ ہر جائز و ناجائز کارروائی کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں — نتیجہ یہ ہوا ہے کہ لوگوں نے ملک کو پھر ان ہاتھوں سے بچا لیا جن کی وجہ سے ایک دفعہ یہ تباہی میں پڑچکے تھے اور آئندہ تباہی میں پڑنے کا احتمال تھا—میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ ہمارے ملک کو بنانے کے معنی غالباً، بگاڑنے والے کے ہیں— اس زمانہ میں جو الاٹمنٹیں ہوئیں مجھے بطور وزیر مہاجرین ان کا علم ہے اور میں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ میں اس سلسلے میں مناسب کارروائی کروں گا — مثال کے طور پر میں ایک بڑی ہستی جو اس وقت زب مخالف کے لیڈر ہیں کے متعلق حقائق بیان کروں گا — میرے دل میں ان کے لئے بڑی قدر و منزلت تھی — میں سمجھتا تھا کہ وہ بڑے سیدھے سادے نیک اور بڑی اچھی شخصیت کے مالک ہیں — میں ان کا بڑا مداح تھا ۔ لیکن میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب یہ واقعات میرے سامنے آئے جو میں آپ کی وساطت سے ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں— آپ

حیران ہوں گے کہ اتنے نیک اور معزز رکن نے تین سو ایکڑ زمین اپنے بیٹے اور اپنی بیگم کے نام تھل میں حاصل کی جوکہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۵۲ء کے حکم میں انھیں دی گئی تھی — اس کی قیمت ۷۰ روپے فی ایکڑ تھی اس کا ابتدائی خرچ ۹ روپے فی ایکڑ کے حساب سے تھا یعنی انھوں نے دوھزار سات سو روپیہ ادا کیا — اس کی شرائط یہ تھیں کہ اس اراضی کو ٹیوب ویلز کے ذریعے آبپاشی کیا جائے گا ۔ تو ٹیوب ویل لگائے گئے ان کی ایک چوتھائی قیمت انھوں نے ادا کی باقی تھل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے ادا کی ۔ پھر ایک نہر جو وھاں سے چھ میل کے فاصلے پر بہ رھی تھی اپنے اثر و رسوخ سے اپنی اراضیات کے اندر لایا گیا — اس کے علاوہ اس اراضی کے اندر ایک پاور ھاؤس لگایا گیا جس پر تین لاکھ پانچ ھزار روپیہ خرچ ھوا — یہ خرچ اس حکومت نے برداشت کیا جو ان کی اپنی تھی — اس کے بعد ایک سو کلوواٹ سے ۱۴۰ کلوواٹ بجلی مہیا کی گئی اس کا خرچ دو لاکھ پچیس ھزار روپے ھو چکا ھے ۔ آج تک اس پر کل خرچ پانچ لاکھ تیس ھزار روپیہ کیا جا چکا ھے ۔

Mr. M. A. Khuhro :—Who was he ?

Syed Jamil Hussain Rizvi: Sardar Bahadur Khan, Leader of the Opposition.

Sardar Bahdur Khan: Sir, I make an offer that let there be a judicial enquiry into this case.

صاحب سپیکر :— آپ تشریف رکھئے ۔ آپ بعد میں اس کا جواب دے سکتے ھیں ۔

Syed Jamil Hussain Rizvi: That will be made. You do not worry.

سید جمیل حسین رضوی— یہ زمین ۸۰ حصوں میں تقسیم کی گئی ھے — اس میں ۸۰ ٹیوب ویلز لگائے جانے ھیں—ھر ٹیوب ویل کے لئے پندرہ کلوواٹ بجلی کی ضرورت ھو گی —پاور ھاؤس پر چودہ لاکھ پچیس ھزار روپیہ اور ٹرانسمیٹر پر بائیس لاکھ چھ ھزار روپیہ خرچ ھونا مطلوب ھے — اب حکومت نے اس پر روپیہ خرچ کرنا بند کردیا ھے —

حضور والا—کاش یہ زمین ان مہاجرین کو دی جاتی جو آج روتے ھوئے میرے دفتر میں آتے ھیں (تالیاں) —کاش حزب اختلاف کے لیڈر یہ محسوس کرتے کہ جب تک ایک مہاجر بھی غیر آباد ھے میرے جیسے شخص کو ھرگز یہ ق حاصل نہیں کہ اس طرح زمین حاصل کرے (تالیاں) ۔

ایک معزز رکن—آپ ھی مہاجرین کو آباد کردیں—

سید جمیل حسین رضوی— میں آباد کروں گا اور آباد کر کے دیکھاوں گا —اس سے پہلے میرے دوستوں نے کوششیں کیں لیکن وہ اپنی کوششوں میں کیوں ناکام رہے ؟ اس لئے کہ اس قسم کے بڑے آدمیوں نے مہاجرین کے حقوق غصب کئے —میں حیران ہوں کہ آج یہ پاکستان کے اور آزادی کے بڑے علمبردار ہیں — اور بھی کئی ایسے حضرات یہاں موجود ہیں جنھیں اقتدار حاصل تھا — انھوں نے ایسا کیوں نہ کیا—میں میاں صاحب کے متعلق ایسا ہرگز نہیں کہوں گا لیکن ان کے .موروں نے ہندوؤں کے مال میں سے بہت کچھ حاصل کیا ہے — میں ان کے متعلق صرف یہ کہوں گا کہ ڈاکٹر صاحب کو اپنا لیڈر تسلیم کرنے کے بعد کیوں ان کو لیڈر ماننے سے انکار کردیا — کیا انھوں نے یہ دیکھ لیا کہ یہ مرد مجاہد اس قسم کی نوازشیں نہیں کرنے دے گا—(تالیاں) کاش حزب مخالف کا کوئی ممبر یہ بتا سکے ہم نے کسی شخص کا ووٹ اصل کرنے کے لئے کسی کے حق میں کوئی نوازش کی ہو — جو لوگ ان کی پہلی چالوں سے واقف ہیں انھوں نے ان کی آئندہ چالوں سے بچنے کے لئے اس مرد مجاہد کی رہنمائی قبول کی ہے —

جناب والا — کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب نے قائداعظم زندہ باد کہنے سے روکا - یہ لوگ جھوٹ بولتے ہوئے ذرہ برابر شرم نہیں کرتے - میری موجودگی میں جناب ڈاکٹر خان صاحب نے متعدد بار قائداعظم زندہ باد کہا - یہاں تک کہ اگر لوگوں نے ڈاکٹرخان صاحب زندہ باد کہا تو ڈاکٹر صاحب نے ان سے کہا کہ اللہ اکبر اور قائداعظم زندہ باد کہو - کیا وہ لوگ بیوقوف ہیں جو ڈاکٹر خان صاحب کے حق میں نعرے لگاتے ہیں - نہیں وہ بڑے زیرک اور بڑے دانا ہیں - جناب والا — میں تین تاریخ کی voting کے بعد میاں صاحب کے پاس ہی بیٹھا تھا - میں نے کہا میاں صاحب یہ کیا ہو رہا ہے - آپ کے جمورے کیا کر رہے ہیں - تو کہنے لگے رضوی صاحب آپ یقین رکھیئے کہ ہم ہی جیتیں گے - ڈاکٹر خان صاحب ہی جیتیں گے - اس وقت انھوں نے ڈاکٹر خان صاحب کے حق میں تقریریں کیں - ان کے لئے canvassing کی لیکن یہ سب ریا کاری تھی - مگر جناب والا - ریاکاری سے ملک نہیں چلا کرتے - اگر میاں صاحب ڈاکٹر خان صاحب کو خطرناک سمجھتے تھے یا ان کو پاکستان کے مفاد کے خلاف سمجھتے تھے تو ان کا فرض اولین تھا کہ وہ تین اپریل کو کھڑے ہو کر اس کا اعلان کرتے - اگر وہ ایسا کرتے تو مجھے بڑی مسرت ہوتی — جناب والا — میں میاں صاحب

کو یقین دلاتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے ممبران ان کی چالوں سے کسی غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہو سکتے — جناب والا — وقت کی کمی ہے ورنہ میں ان باتوں پر مزید روشنی ڈالتا —

سردار بہادر خاں — صاحب صدر — میں ان واقعات کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جن کا حوالہ رضوی صاحب نے ابھی ابھی دیا ہے —

صاحب سپیکر — آپ صرف انہیں باتوں کا جواب دیں جو آپ کے متعلق وزیر متعلقہ نے کی ہیں —

سردار بہادر خاں — بہتر جناب - میں صرف انہیں باتوں کا جواب دونگا —

جناب والا — یہ حقیقت ہے کہ ۱۹۵۲ء میں ٹیوب ویل سکیم کے تحت میں نے اپنے نام پر صرف ایک سو پچاس ایکڑ زمین لی تھی - اس زمین کی قیمت ۵۰ روپے فی ایکڑ ہے - اس کی پہلی قیمت نو روپے فی ایکڑ کے حساب سے میں نے جمع کرائی - میں نے چوتھا حصہ قیمت ٹیوب ویل کا جمع کرا کر وہاں ٹیوب ویل لگایا اور بقایا انہوں نے قرضے پر لگوایا جناب والا یہ بھی حقیقت ہے کہ جس وقت میں منسٹر ہوا تو میں نے مسٹر اکرام الحق کو ایک خط لکھا کہ میرا جتنا روپیہ آپ کی وساطت سے اس کام پر خرچ ہوا ہے اس روپیہ میں سے میں تیسرا حصہ forego کرنے کو تیار ہوں اور دو حصے روپیہ آپ یا کوئی اور شخص دینا چاہے تو دے کر لے لے - میں نے یہ اس لئے لکھا کہ اس وقت میں اس حکومت کا وزیر تھا میں اس وقت بھی اعلان کرتا ہوں کہ میں نے جو کچھ خرچ کیا ہے میں اسے forego کرتا ہوں اور حکومت کو اختیار دیتا ہوں کہ وہ یہ زمین refugees کو الاٹ کر دے - مگر صاحب صدر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بہتر ہو گا کہ اگر میں نے کوئی بھی غلطی کی ہے تو اس کو طشت از بام کیا جائے - میرے نزدیک یہ ایک بڑی ضروری چیز ہے — جناب والا جن جن لوگوں نے وہاں زمین لی ہے وہ رو رہے ہیں اور میں ذاتی طور پر آپ کا بڑا ممنون ہونگا اگر آپ مجھے اس زمین پر مزید خرچ کرنے سے بچالیں اس کے ساتھ ہی ساتھ میں امید کرتا ہوں کہ جناب چیف منسٹر صاحب اس معاملے میں judicial inquiry کرائیں گے اور مجھے ملزم کی حیثیت سے پیش کریں گے تاکہ میں اپنی پوزیشن واضح کر سکوں —

مخدوم زادہ سید حسن محمود (معاشرتی بہبود و بلدیات) : جناب صدر — ابھی ابھی ہم نے اپوزیشن بنچوں سے ایک بہت بڑے سیاسی لیڈر کی تقریر سنی - جسمیں انہوں نے معجزے کا ذکر کیا -

پہلے زمانوں میں نبی لوگوں کی ہدایت کے لئے آتے تھے ۔ مگر موجودہ زمانے میں سیاسی نبی آتے ہیں ۔ میرے جیسے سیاستدان اس انتظار میں رہتے ہیں کہ دیکھیں کون سا نبی اپنے آپ کو حقیقی تصور کرتے ہوئے یہاں آتا ہے اور پیغام حق سناتا ہے ۔ ہم نے غیروں کے معجزے سنے مگر ان پر ہمیں یقین نہ آیا ۔ لیکن البتہ اس معجزے کا میں ضرور قائل ہوں جو اس وقت میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ نے اپنی تقریر کے ذریعہ اس ہاؤس میں پیش کیا ہے ۔ وہ معجزہ کیا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ وہ شخص جو کچھ عرصہ پہلے ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت میں وزیر رہ چکا ہو اور جو بارہا تقریریں کر چکا ہو کہ وحدت مغربی کستان کے اندر صرف ڈاکٹر خان صاحب ہی ایک ایسا شخص ہے جو ملک اور قوم کو مضبوط اور مستحکم کر سکتا ہے اور جو جگہ جگہ یہ کہتا پھرتا رہا ہو کہ ڈاکٹر خان صاحب ہی وحدت مغربی پاکستان کو چلا سکتے ہیں آج وہی شخص ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت سے نکل کر بغیر کسی شرم وحیا کے اور بغیر کسی اخلاقی تقاضوں کے یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب پاکستان اور قوم کے بدترین دشمن ہیں (وزارتی بنچوں کی طرف سے شیم شیم کی آوازیں) ۔

جناب والا — مجھے بحیثیت پنجاب کا ہمسایہ ہونے کے ہمیشہ میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ کی عزت مطلوب تھی ۔ اور ہم نے ایک دورے کے ساتھ شیروشکر ہو کر الیکشنوں میں ایک دوسرے کی مدد بھی کی ۔ پنجاب کے لوگوں نے ان کے متعلق مجھے بہت سے واقعات سنائے اور مجھے ان کی سیاسی چالوں سے اور دوسرے سیاسی ہتھکنڈوں سے آگاہ کیا ۔ لیکن مجھے کبھی بھی یقین نہ آتا تھا کہ میاں صاحب اس طرح کے ہوں گے ۔ جناب والا ہمارا خیال تھا کہ وحدت مغربی پاکستان کے وجود میں آجانے کے بعد اور چھوٹے چھوٹے صوبہ جات کو مدغم کردینے کے بعد جب ہم اس اسمبلی میں آئیں گے تو ہم میں اتحاد ہوگا ۔ ہم میں یگانگت ہو گی مگر افسوس کہ جب ہم لاہور میں آئے تو ہم نے ایسا نہ پایا ۔ بلکہ ہم نے لاہور آتے ہی وہ ڈرامہ دیکھا جو ہم پہلے کراچی میں بھی دیکھ چکے تھے ۔ جب ہم کراچی میں تھے تو میاں صاحب کی طرف سے ہمیں پیغام پر پیغام آتا تھا کہ ہم سب کو میاں صاحب سے مل کر کام کرنا چاہئے ۔ لیکن میں نے ایک ہی جواب دیا تھا کہ جب تک میاں صاحب کے اپنے دوست اور رفقا ان پر یقین نہ کریں گے ان پر اعتماد نہ کریں گے ہماری بات چیت فضول اور عبث ہوگی —

جناب والا — Constituent Assembly کی dismissal کے بعد جو حالات یکے بعد دیگرے پیدا ہوئے وہ اس نقشے کی کڑی تھے جو میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ کے ذہن میں محفوظ تھا ۔ وہ نقشہ کیا تھا وہ یہ تھا کہ جب مغربی پاکستان کا یونٹ منصہ شہود پر آ جائے تو کوئی ایسا پولیٹیکل لیڈر میدان سیاست میں نہ رہے جو ان کا مقابلہ کر سکے ۔ اس مقصد میں کامرانی حاصل کرنے کے لئے انہوں نے باری باری ایک ایک حکومت کو توڑوایا اور توڑوانے کے بعد جب انہوں نے دیکھا کہ ون یونٹ کے Interim Cabinet کی تشکیل ہونے لگی ہے تو وہ سب سے پہلے اس میں شامل ہوئے — کیا میں میاں صاحب سے جو اپنے آپ کو اصول پرست کہتے ہیں دریافت کر سکتا ہوں کہ اس وقت ان کی اصول پرستی اور ان کے جذبہ حب الوطنی کہاں تھے ۔ اس وقت ان کے وہ لیگی اصول کہاں تھے جن کا آج بڑی شد و مد سے ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے میاں صاحب خاموشی سے اس وزارت میں سب سے پہلے اس لئے شامل ہو گئے تھے کہ ان کا پروگرام پایہ تکمیل تک پہونچتا نظر آ رہا تھا ۔ کامیابی و کامرانی ان کو سجدہ کرتی نظر آرہی تھی ۔ میاں صاحب کا سابقہ سیاسی نقشہ صرف مغربی پاکستان کی جغرافیائی حدود تک محدود نہ تھا بلکہ وہ تو سارے پاکستان کی سیاست پر بادلوں کی طرح چھا جانے کے لئے تجویز کیا گیا تھا ۔ انہوں نے کراچی میں عوامی لیگ کے ساتھ ۔ یونائیٹڈ فرنٹ کے ساتھ ۔ نظام اسلام پارٹی کے ساتھ گٹھ جوڑ کرنا شروع کیا ۔ ان پارٹیوں کو پنجاب کے سیاسی حالات سے پوری طرح آگاہی نہ تھی ۔ مگر جب ان کے سامنے میاں صاحب کا تیار کردہ نقشہ آیا تو وہ سر جوڑ کر بیٹھے اور صلاح و مشورہ کیا کہ اس سے کیسے بچا جا سکتا ہے — جناب والا — ہم نے جو کچھ دو اپریل کو لاہور میں دیکھا وہ کوئی نئی چیز نہ تھی یہ جو کچھ ہونے والا تھا اس کا اندازہ ہم نے کراچی کی سر زمین پر بھی لگا لیا تھا —

انہوں نے یہ نقشہ باندھا کہ مغربی پاکستان پر قطعی طور پر کسطرح حاوی ہوا جاسکتا ہے ۔ سندھ میں الیکشن ہو رہا ہے میاں صاحب جاتے ہیں اور ٹھہرتے ہیں میرے محترم دوست کھوڑو صاحب کے یہاں ۔ میر صاحب جیتتے ہیں اور کھوڑو صاحب بھی جیتتے ہیں ۔ میاں صاحب میر صاحب کو ٹیلیفون یہ کرتے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کھوڑو صاحب کیسے جیتے آپ ٹھہرتے ہیں وہاں (کھوڑو کیساتھ) اور عہد و پیمان ہوتے ہیں دوسرے کیساتھ ۔ جناب والا یہ چیزیں

چھپی نہیں رہ سکتیں ۔ چنانچہ جب انہوں نے یہ تمام نقشہ باندھ لیا تو ہم نے اس پر غوروفکر کیا اور ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ اگر ملک میں صرف ان چند اشخاص کو حکومت کرنی ہے تو لوگوں کو دھوکے میں مبتلا رکھنے کی کیا ضرورت ہے ہم نے اپنے لیڈر سے عرض کیا لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ موصوف نے میری گذارشات پر توجہ نہیں کی کیونکہ وہ خود مخلص آدمی ہیں لہذا وہ کبھی بھی یہ توقع نہیں رکھ سکتے تھے کہ میاں صاحب اس حرکت پر اتر آئینگے ۔ مجھے وہ دن یاد ہے جب ہم کھانے پر موجود تھے اور انہوں نے کہا تھا جناب آپ مجھے ہدایت کر دیتے ۔ جس پر ڈاکٹر صاحب نے کہا تھا ۔

"I will give a chance to Mian Sahib. I will see that he works right."

وہ لیڈر ہیں وہ الفاظ یاد کریں اور دیکھیں وہ نقشہ سامنے آیا کہ نہیں جسکے متعلق ہم چار ماہ پہلے کہہ چکے تھے ۔ اسکے بعد ہم نے ان سے درخواست کی۔۔۔۔

(Interruptions)

یہ الزام غلط ہے کہ میں نے کبھی بھی وزارت کی خواہش کا اظہار کیا ۔ میرا لیڈر اسکا گواہ ہے میرے رفقا اسکے گواہ ہیں میں نے وزارت کے لئے کبھی تگ و دو نہیں کی جب انکی خدمت میں یہ کہا گیا کہ جناب آپ ان پر پورا اعتماد نہ کریں اور ایسی تدابیر اختیار کریں کہ آپ انکی مذموم حرکات کا سد باب کر سکیں تو انہوں نے کہا کوشش کرنے دیجئے ۔ مجھے وہ دن بھی یاد ہے جب کراچی میں ڈاکٹر خان صاحب نے انکی اور چار پانچ لیڈروں کی موجودگی میں اپنی اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ وہ اپنی وزارت کو ''ایکسپینڈ'' کرنا چاہتے ہیں تو انہوں نے وزیراعظم سے کہا تھا کہ اگر آپ وزارت ''ایکسپینڈ'' نہ کرینگے تو ہم اپنی طرف سے یقین دلاتے ہیں کہ مسلم لیگ پارٹی کی جو میٹنگ بلائی گئی ہے اس میں وہ انکو پوری Support دینگے ۔ اسکے بعد وہ جسطرح وزارت کی تشکیل کرنا چاہیں کریں اجازت ہے ۔ ڈاکٹر خان صاحب نے اس وقت کہا تھا آپ جو بھی لیڈر چنیں گے میں اسکے تحت کام کرنے کو تیار نہ ہونگا اس پر موصوف سے کہا گیا کہ آپ کو اسکے تحت کام کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن جب یہاں ۲ تاریخ کو مسلم لیگ پارٹی کی میٹنگ ہوئی اور اسمیں جو ڈارمہ کھیلا گیا وہ آپ سبکو معلوم ہے میں میاں صاحب سے ایک بات کہونگا آپ جو مبارکباد دے رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ مسلم لیگ کو تقویت حاصل ہو گی میں حیران ہوں کہ میں آخر انکو کیا

مسلم لیگ کی تباہی پر مبارکباد دوں ۔ انہوں نے اس ایوان میں تقریر اور تقریر میں یہ کہا کہ میری ذاتی رائے اب بھی یہ ہے کہ ڈاکٹر خاں صاحب کو وزیر اعلیٰ ہونا چاہیئے اسوقت تک انکا پرانا کردار انکے پرانے اعمال، سیاسی رویے، انکے دماغ میں نہیں بیٹھے تھے کیونکہ وہ تازہ تازہ انکی وزارت میں موجود تھے لیکن دو تاریخ کے بعد وہ یہ کہتے تھے میرا نظریہ نہیں بدلا ہے لیکن میں پارٹی کے فیصلہ کا پابند ہوں میں کہتا ہوں وہ خود مستقل مزاج نہیں وہ سیاسی طور پر دیانت دار نہیں بلکہ وہ شعبدہ بازی کرتے ہیں ۔

ایک آواز — شعبدہ بازی کا لفظ واپس لیجئے ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود: شعبدہ بازی کے الفاظ میں واپس لیتا ہوں ۔ دو تاریخ کو ایک طرف چودھری عزیزالدین ہاوس کے آنریبل ممبر یہ ریزولیشن لاتے ہیں کہ مشروط طور پر ڈاکٹر خان صاحب وزارت کی تشکیل کریں جب انہیں یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب مشروط طریقہ پر چلنے کو تیار نہیں ہیں تو انکے پاس کوئی چارہ کار نہ تھا سوائے اسکے کہ اپنے آدمی کو کھڑا کرکے اپیل کردی پریذیڈنٹ الیکٹ (منتخب) ہوچکا ہے ڈھاکہ میں موجود ہے اور اسکی عدم موجودگی میں اسکے صلاح و مشورہ کے بغیر یہ سب کچھ کیا گیا ۔ کیا انہوں نے یہ نہیں کہا تھا کہ مسلم لیگ کی بقا ۔ وحدت پاکستان کی بقا اس میں ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب چیف منسٹر رہیں ۔ ڈاکٹر خان صاحب no party آدمی تھے انہوں نے پارٹی وغیرہ نہیں بنائی تھی انہوں نے ہمیشہ کہا کہ میں no party man کی حیثیت سے کام کرونگا لیکن انہوں نے اپنے وعدوں سے وفاداری نہ کی اپنے وعدوں کے خلاف چلے گئے اور میرے حزب مخالف کے لیڈر جو اسوقت موجود ہیں ان سے میں واضح طور پر کہنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ ریزولیوشن منظور ہو جاتا . . . . .

حضور والا ! ہمیشہ ہماعتیں انسانوں سے بنا کرتی ہیں اور انسان اپنے کردار کی پختگی اور بلندی سے عظمت حاصل کرتا ہے — آج آپ دعویدار ہیں کہ فقط مسلم لیگ ہی ہر عظمت کی حامل ہے — آج آپ دعویدار ہیں کہ آپ حضرت قائداعظم کے جانشین ہیں — آج آپ دعویدار ہیں کہ قائد ملت کے صحیح جانشین آپ ہی ہیں لیکن میں آپ کو صاف اور واشگاف

الفاظ میں یہ نہ بتادوں کہ آپ ان کے جانشین ہونے کے ہرگز ہرگز مستحق نہیں ہیں مسٹر چرچل سے ایک دفعہ کہا گیا کہ آیا ہٹلر بڑا آدمی ہے یا نپولین بڑا تھا تو آپ نے فرمایا :—

People compare Nepoleon with Hitler but I do not venture to do so, because I do not want to insult the dead.

اس طرح میں کہوں گا کہ آپ حضرت قائد اعظم کی جانشینی کے ہرگز مستحق نہیں جب قائد اعظم کے ہاتھ میں مسلم لیگ کی باگ ڈور تھی تو انہوں نے یہ پاکستان کا ملک حاصل کیا تھا مگر آپ کردار کی بنا پر اس وراثت کے حق دار بن رہے ہیں پہلے ویسا کردار تو پیدا کیجئے محض زبان دعویٰ دران کرنے سے تو استحقاق ثابت نہیں ہو سکتا ۔

حضور والا ! جہاں تک ڈاکٹر صاحب کے ''نان پارٹی مین'' ہونے کا تعلق ہے میں اس امر کی شہادت دے سکتا ہوں کہ وہ واقعی ''نان پارٹی مین'' رہنا چاہتے تھے اور کسی پارٹی کو معرض وجود میں نہیں لانا چاہتے تھے مگر جب مسلم لیگ اپنے وعدوں پر قائم نہ رہی، جب مسلم لیگ نے آپ کی عزت پر ہاتھ ڈالنا چاہا—جب مسلم لیگ نے قبل از وقت جنرل الیکشن کے لئے اڈے قائم کرنے شروع کر دیئے اور اس غرض سے افسران کو استعمال کرناچاہا اور یوں ایڈ منسٹریشن کی مشینری کے ذریعے جنرل الیکشن کو Manipulate کرنا چاہا تو ڈاکٹر خان صاحب نے اس امر سے انکار کردیا کہ ان کے کندھوں پر بندوق رکھ کر مسلم لیگ اپنے عزائم پورے کرے کیوں کہ ڈاکٹر صاحب نے اپنی دوراندیشی سے فوراً بھانپ لیا کہ مسلم لیگ کی ناجائز کارروائیوں کے لئے میں خود ہی مجرم گردان لیا جاوں گا ، تب انہوں نے عوام کی بھلائی اور بہتری کے لئے ایک نئی پارٹی بنانے کا اعلان کیا اور آج ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ اس پارٹی کے آئین یا منشور کا بہت جلد اعلان کر دیا جائے گا اور وہ صحیح معنوں میں عوام کی خدمت کے لئے ہوگا (نعرہ ہائے تحسین) ۔ آج یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب اینٹی پاکستانی ہیں مگر کل جب وہ ان کے وزیر اعلیٰ تھے اور ان کی کمر پر مہر ثبت کرتے تھے تو اس وقت ان کو کیوں یہ چیز دکھائی نہ دی کیا جب آپ ان کی کیبینٹ میں تھے تو ڈاکٹر صاحب اچھے تھے مگر جب یہ صاحب ان کی کیبینٹ میں نہ رہے تو ڈاکٹر صاحب پاکستان کے دشمن بن گئے؟ (آوازیں : انہیں پارٹی نے نا منظور کر دیا تھا) ۔

جناب والا —آج وہ بار بار جناب جی۔ایم۔سید سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے مقام کو پہنچانیں اور دیکھیں کہ وہ کہاں کھڑے ہیں تو کیا جب کل کھوڑو صاحب نے اپنی تقریر میں ون یونٹ One Unit کو condemn کیا تھا اور کہا تھا کہ ون یونٹ برباد ہو گیا ہے تو اس وقت یہ صاحب کیوں خاموش رہے ؟ آج وہ حب الوطنی کے کشتہ ہونے کے دعویدار ہیں— میں واقعی ان کو کشتہ سمجھتا ہوں مگر ابھی تو وہ اور بھی کشتہ بنیں گے ہمیشہ کشتہ آگ میں رہنے کے باعث تیز سے تیز تر ہوتا جاتا ہے — اس لئے وہ ابھی بہتر تر بہتر کشتہ بننے والے ہیں —

جناب والا — آج یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ مغربی پاکستان میں جمہوریت کو پاش پاش کر دیا گیا ہے— کیا میں یہاں بہاول پور کے الیکشن کا حوالہ دوں (اپوزیشن کی طرف سے طنزاً تالیاں) میاں صاحب کہتے تھے کہ Agreed list کے مطابق مغربی پاکستان کے الیکشن ہوں گے یعنی مسلم لیگ —عوامی لیگ اور جماعت اسلامی کو الگ الگ نمائندگی دی جائے تو گویا انہوں نے خود ہی جمہوریت کو اپنے ہاتھوں ذبح نہیں کیا تھا— کیا اس وقت حب الوطنی یاد نہیں تھی— اس لئے انہوں نے لاہور اور کراچی سے بہاول پور میں مختلف پارٹیوں کو چٹھیاں لکھیں کہ فلاں لیگی پالیٹیشن کو ووٹ نہ دیں ....

سردار محمد ایوب—وہ بھی آپ کی ہی کرامات کی وجہ سے تھا—

مخدوم زادہ حسن محمود—پیشتر اس کے کہ میں کوئی دوسری بات کروں پہلے ان صاحب کی تشفی کردوں تو بہتر ہو گا—بہاول پور کے واقعات یہاں کے لوگ اچھی طرح سمجھتے ہیں وہاں کے رولر سے ہوم رول حاصل کرنے میں میرا سب سے بڑا ہاتھ تھا — جب ہم نے سلف گورنمنٹ حاصل کی تو ۱۶ نشستوں میں سے ۱۵ نشستیں میں نے حاصل کیں اور جب تدریجا اسمبلی معرض وجود میں آئی—

سردار محمد ایوب—تو آپ نے کیا کچھ نہ کیا ۔

مخدوم زادہ حسن محمود—جناب والا میں جج نہیں تھا میں نے شہد کی بوتلیں اور دیگر اقسام کی رشوتیں کبھی نہیں لیں ۔ مگر میں یہاں ان ۱۹۲ الزامات کا جواب دے رہا ہوں جو میرے خلاف مشہور کئے گئے تھے ۔ آج میں ایک ملزم کی حیثیت میں کھڑا ہوں ۔ مجھے آج تک کبھی جواب دینے کا موقعہ ہی نہیں دیا گیا ۔ ذرا ان ۱۹۲ الزاموں کی ہسٹری تو سنئیے ۔

ایک معزز رکن—کیا ''کمر پر مہر لگانے'' کے الفاظ ''ان پارلیمنٹری'' نہیں ہیں

مخدوم زادہ حسن محمود—پرائم منسٹر صاحب نے مجھے کراچی میں یاد فرمایا یہ اس وقت کے واقعات ہیں جب کہ خواجہ ناظم الدین کی وزارت کو ڈسمس کیا گیا تھا ۔مجھے نئی کابینہ میں نامزد کیا گیا تھا ۔ مگر میں . . . . . .

نے اپنی جماعت سے استعفا نہیں دیا تھا اس وقت کراچی میں intrigues چل رہی تھیں میں نے وزیر اعظم صاحب سے کہا کہ جب تک یہ وزیر صاحب کیبنیٹ میں موجود ہیں اس وقت تک یہ عدم اعتماد کی تحریک نہیں کر سکتے ۔ پہلے ان کو ڈسمس کیا جائے اس کے بعد یہ no-confidence کی تحریک پیش کر سکتے ہیں ۔ چنانچہ ان صاحب کو وزارت سے علیحدہ کیا گیا ۔ چنانچہ ان کو ضرور مجھ سے کینہ ہے ۔ دوسری فہرست الزامات کے سلسلے میں میری یہ گذارش ہے کہ میں کوئی فرشتہ نہیں مجھے ۲۶ سال کی عمر میں لیڈری مل گئی ۔ میں نے وزارت کی تشکیل کی ۔ مجھے ایڈمنسٹریشن کا کوئی تجربہ نہیں تھا ۔ ممکن ہے مجھ سے غلطیاں سرزد ہو گئی ہوں مگر میں آج بھی کہہ سکتا ہوں کہ میرا ضمیر پاک ہے ۔ میں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جس میں بد دیانتی پائی جائے ۔ ویسے غلطیاں سرزد ہوئی ہوں گی لیکن میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ جب میں نے حکومت بہاول پور کی باگ ڈور سنبھالی تھی اس وقت کے مقابلے میں جب میں نے حکومت کی باگ ڈور چھوڑی تو ایڈمنسٹریشن کی حالت بہت بہتر تھی ۔ آج میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ جو وہ الزامات تھے وہ میرے سامنے نہ آئے ۔ میں نے پرائم منسٹر سے کہا سنٹرل گورنمنٹ کی نہ تو ایگزیکٹیو اور نہ ہی لیجسلیچر کو کوئی اختیار ہے کہ وہ میرے خلاف انکواری کر سکے کیونکہ جس لیجسلیچر کو میں ریسپانسیبل ہوں وہاں پروڈا نافذ نہیں ہے لیکن باوجود اس کے میں والنٹیر کرتا ہوں کہ آپ پرائیویٹ طور پر انکوائری کر لیں اور اگر میرے خلاف الزامات ثابت ہو جائیں تو میں آپ کے سامنے خود مستعفی ہو جاؤں گا ۔ پھر میرے کچھ مخالفین نے یہ نعرہ بلند کیا کہ یہ ون یونٹ کے خلاف ہے ۔ لیکن میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ میری اسمبلی ہی وہ سب سے پہلی اسمبلی تھی جس نے اس بارہ میں ایکشن لیا اور ون یونٹ کی تائید میں ریزولیشن پاس کیا (خوب خوب) اور کیبنیٹ میں وہ ڈسکس ہوا ۔ مجھے کس وجہ سے نکالا گیا آج تک

میرے لئے یہ راز ہے - میں نے پرائمنسٹر سے یہ درخواست کی کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آئندہ سے احتیاط برتی جائے یا مجھے کوئی سبق دینا چاہتے ہیں یا آپ یہ چاہتے ہیں کہ مجھے کوئی تنبیہ کی جائے تو للہ مجھے بتا دیجئے کہ مجھ سے کونسی غلطی سرزد ہوئی ہے جس پر یہ ایکشن لیا گیا ہے - مجھے اگر کچھ کہا گیا تو یہ کہا گیا کہ this is due to some misunderstanding - میرے اس بیان کی تصدیق گورنمنٹ کے اس نوٹیفیکیشن سے ہوتی ہے جس میں یہ واضح طور پر لکھا گیا تھا——

"The administration of the State cannot be carried on according to the constitution and, therefore, the Assembly is dismissed".

اگر میں بد دیانت تھا تو کیا وہ ۹۳ کے ۹۳ ممبر بھی بد دیانت تھے جن میں متحدہ محاذ کے ارکان بھی شامل تھے - ان کو بلا کر ایک الٹرنیٹو گورنمنٹ کیوں نہ بنا دی گئی - اگر ان کو یہ یقین ہوتا کہ حسن محمود قابل اعتماد نہیں اور یہاں الٹرنیٹو گورنمنٹ کی گنجائش ہے تو وہ ضرور بن جاتی — لیکن ایسا نہ ہوا - آج میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر افسران ان کو مدد دیتے تو وہ ۲۳ سیٹوں میں سے ایک بھی لینے میں کامیاب نہ ہوتے - جناب والا آج تک وہ الیگیشنز میرے سامنے نہیں آئے - اگر میرے خلاف کوئی الیگیشنز تھے تو حکومت کا فرض تھا کہ میری جواب طلبی کرتی - ایکس پارٹی ڈسیزنز نہیں ہو سکتے- میں تو آج بھی ان الزامات کی جواب دہی کے لئے تیار ہوں - مجھے اللہ نے اتنا دے رکھا ہے آپ کے لاکھوں مجھے نہیں خرید سکتے - یہ ٹھیک ہے کہ میں لوگوں کے کام ضرور کرتا ہوں - میں نے لوگوں کے کام کئے ہیں اور میرا ہمیشہ یہ ارادہ ہے کہ لوگوں کے کام کروں فیورٹزم کے خیال سے نہیں - میں کسی مستحق کا حق چھین کر کسی دوسرے کو دینے کے لئے تیار نہیں ہوں بلکہ ہر مستحق کی مدد کرنا میرا ہی نہیں بلکہ حکومت کا بھی فرض ہے - (خوب خوب) جناب والا یہ تھا ان کا جواب - اب میں اپنی توجہ——

صاحب سپیکر--آپ کا وقت بھی ختم ہو رہا ہے -

مخدوم زادہ سید حسن محمود—مجھ پر اتنے الزامات لگائے گئے ہیں کہ مجھے سات یا آٹھ منٹ اور چاہئیں - میں وزیر اعلیٰ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اپنے وقت سے مجھے کچھ وقت عنایت فرمائیں - جناب والا! آج ملک کے حالات اس بات کا تقاضا کرتے تھے کہ آئین کے نافذ ہو جانے اور ون یونٹ کے معرض وجود میں آ جانے کے بعد ہم سیاسی فضا کو پاک کرنے کی کوشش کرتے - ہم توقع یہ کرتے تھے کہ فضا مکدر نہیں بلکہ

پاک ہو جائیگی اور حزب اختلاف ہو یا حزب اقتدار وہ تعمیری کاموں کی طرف توجہ دیں گے لیکن افسوس کا مقام کہ آج بجائے اس کے ہم یہ کہتے کہ اللہ نے ہمیں یہ دن نصیب کیا ہے کہ مختلف حد بندیوں میں بٹے ہوئے آدمی ایک جال میں جمع ہیں اور برادرانہ طور پر اپنے مسائل کا تجزیہ کر رہے ہیں اور اپنی تمام مشکلات کا حل سوچ رہے ہیں ہم ایک دوسرے پر الزام تراشی کر رہے ہیں - آج ہمیں چاہئے تھا کہ ہم اپنے اللہ کا شکریہ بجا لاتے - ہمیں چاہئے تھا کہ ہم آئین بنانے والوں کا شکریہ ادا کرتے - ہمیں ان عورتوں اور مردوں کا شکریہ ادا کرنا چاہئے تھا جنہوں نے اتنی قربانیاں دے کر پاکستان کو معرض وجود میں لانے کے لئے ہماری مدد کی - آج ہمیں چاہئے تھا کہ ہم مستقبل پر نظر کرتے نہ کہ ماضی پر جو کہ بالکل سیاہ ہوا کرتا ہے - ہمیں چاہئے تھا کہ ہم مستقبل کو نظر میں رکھ کر اپنی بہتری کے لئے تجاویز پیش کرتے - ہر ملک میں سیاسی جماعتیں ہوا کرتی ہیں - مسلم لیگ کی کوئی منا پولی نہیں ہے - بلکہ جماعتیں بنا کرتی اور ٹوٹا کرتی ہیں - افراد آیا کرتے ہیں اور چلے جایا کرتے ہیں - پیر زادہ صاحب سٹیشن سے اترے اور وہ ان کو وہاں سے قابو کر کے لے گئے اس میں تو کوئی برائی نہیں لیکن اگر وہ ان بنچوں سے اٹھکر ادھر کی کرسیوں پر آ بیٹھے تو وہ موجب طعن تشنیع بن گئے (شیم شیم کے نعرے) - آپ یہ سب چیزیں بھول جائیے - آپ اس لئے نہیں بھول سکتے کہ وہ ہمارے مرشد ہیں - آج ہمیں چاہئے تھا کہ ہم لوگوں کے سامنے ایک مکمل پروگرام رکھتے - آج ہم تعمیری تجاویز پیش کرتے - ان پر نکتہ چینی ہوتی نہ کہ ہم پارٹی کے ان جھمیلوں میں پڑے رہتے - ہم لوگوں کے سامنے بدنام ہو رہے ہیں - بیرونی ممالک کے سامنے بدنام ہو رہے ہیں - جناب والا قبل اس کے میں اپنی نشست پر بیٹھ جاؤں میں ان سے اپیل کروں گا کہ آپ مستقل طور پر حزب اختلاف بننے کے لئے تیار ہو رہیں اور ہمیں کام کرنے کا موقع دیں -

Mian Mumtaz Daulatana : Sir. I want to make some personal explanation.

Mr. Speaker : I will allow you two minutes.

Mian Mumtaz Daulatana : Sir, that depends upon the explanation.

عرض مختصر سی ہے - جناب والا میں ان لوگوں میں سے تھا جنہیں اس زمانہ میں کوئی اہمیت حاصل نہ تھی اور نہ ہی میں برسراقتدار تھا - ایسے حالات تھے کہ ان لوگوں کو جو ون یونٹ کے حامی تھے جب ون یونٹ بنا اور لیجسلیچر ابھی نہیں

بنی تھی اس وقت ون یونٹ کی عبوری حکومت آئین ساز اسمبلی کے ریزولیشن کے بعد بنائی گئی ۔

صاحب سپیکر- اب یہ تو دوبارہ تقریر ہے ۔

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ - مجھے جواب دینے کے لئے وقت تو دیجئے ۔

(Interruptions).

Mr. Speaker : You explain it shortly in a few sentences.

Mian Mumtaz Daulatana : Sir, I have to explain the position. You give me time tomorrow. I do not want it today.

Mr. Speaker : Yes, at proper time.

Mian Mumtaz Daulatana : Will I have opportunity tomorrow.

Mr. Speaker : Yes, while speaking on demand.

(Interruptions)

وزیر اعلیٰ (ڈاکٹر خان صاحب) : صاحب صدر میں اس ایوان میں اس لئے کھڑا ہوا ہوں تاکہ میں اپنی ٹوٹی پھوٹی اردو میں آپ کو اصلیت دکھاؤں اور میں تمام آنریبل ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس پر اچھی طرح غور کریں - میاں ممتاز محمد خان دولتانہ کی میرے دل میں بہت قدر ہے اور میں ہمیشہ یہ کہتا رہا ہوں کہ یہ بڑے قابل آدمی ہیں - اگرچہ ان کے جتنے دوست ہیں ان میں سے کسی نے مجھے یہ نہیں کہا کہ میں ان پر اعتبار کروں باوجود اس کے میں اعتبار کرتا رہا اور میرا خیال تھا کہ یہ قابل شخص ہے اور اسکو پاکستان کی وزارت عظمیٰ کے لئے تیار کرنا چاہئے لیکن جناب پہلے میں ایک بات آپ کو بتاؤں گا - انہوں نے جب فرنٹیر کو چٹھیاں لکھیں تو میں نے ان سے پوچھا بھائی یہ کیا بات ہے - تو انہوں نے کہا مجھے کچھ خبر نہیں - اس وقت سے میں یہ سمجھا کہ جو ایک کو لیگ دوسرے کو لیگ کو ایک معمولی سی بات کے بارہ میں سچی بات بتانے سے انکار کرتا ہے اس کے ساتھ گزارہ کرنا مشکل ہے ۔ اس نے مجھ پر الزام لگایا ہے کہ میں نے قائداعظم کا نام نہیں لیا۔میں نے پشاور کے ایک عالیشان جلسے میں پہلے یہ نعرہ لگایا ''قائداعظم زندہ باد،، - (تالیاں اور قائداعظم زندہ باد کے نعرے) اسکے علاوہ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ جس وقت میں نظر بندی میں تھا میں نے سنا کہ قائداعظم دنیا سے چلے گئے ہیں اس دن مجھے اتنی تکلیف ہوئی

کہ میں بیان نہیں کر سکتا - کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ جو باقی لوگ ہیں ان کے لئے اس بیڑے کو چلانا بڑا مشکل ہے - (تالیاں) میں تمام لوگوں کو یہ کہتا ہوں کہ وہ میرا نام نہ لیں کیونکہ میرا یہ ایمان ہے کہ ایک آدمی کا نام لینے سے کچھ نہیں ہوتا - میں لوگوں سے کہتا ہوں نعرہ تکبیر لگاؤ - پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگاؤ (تالیاں) - وہ ان چیزوں کو سمجھتے ہیں لیکن پھر بھی مجھ پر الزام لگاتے ہیں - اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ جب پاکستان تکلیف میں پڑے گا اسوقت ان کی حالت کیا ہوگی اسے بیان کرنے کے لئے میں ایک چھوٹی سی کہانی بیان کرتا ہوں-

مجنوں کی یہ خواہش تھی کہ وہ لیلیٰ کے پاس رہے - اس نے لیلیٰ کے مکان کے قریب ایک جھونپڑی بنا لی وہ ہر روز مجنوں کے واسطے دودھ بھیجتی تھی - ایک اور آدمی راستے میں بیٹھتا تھا وہ مجنوں بن کر دودھ لے لیتا ایک دن لیلیٰ کو تھوڑے سے خون کی ضرورت پڑی - جب اس شخص سے خون مانگا گیا تو وہ بولا - ''بھائی ہم دودھ پینے والے مجنوں ہیں -خون دینے والا مجنوں وہاں بیٹھا ہے،، (تالیاں) - میں یہ خواہش کرتا ہوں کہ خدا نہ کرے پاکستان کے لئے خون دینے کی ضرورت پیش آئے - لیکن اگر ایسا وقت آیا تو اس وقت معلوم ہو جائیگا کہ کون پاکستان کو اپنا خون دینے کے لئے آگے آتا ہے (تالیاں) -

میں کھوڑو صاحب کے متعلق کچھ نہیں کہتا - انہوں نے میری منسٹری میں کوشش کی تھی کہ افسروں کو ادھر ادھر کریں - مگر ایسا نہ کر سکے - اس پر یہ بڑے ناراض ہوئے اور انہوں نے کہا ڈاکٹر کی منسٹری میں وزیر کی حالت ایسی ہے جیسے کہ سب اوورسیر ہوتا ہے - کوئی آفیشل یا کوئی ممبر میرے سامنے آئے اور بتائے کہ میں نے اس پر اثر ڈالا ہے میں کہتا ہوں بس کی جیسے مرضی ہو جن اصولوں پر وہ چلنے والا ہو چلے - کوئی شخص میری پارٹی میں بیٹھے یا اپوزیشن میں بیٹھے - میں لوگوں کے اخلاق بلند کرنے والا ہوں (تالیاں) -

لیڈر آف اپوزیشن نے گورنر کے خلاف کچھ الزامات لگائے ہیں ایڈ منسٹریٹو کونسل میں وہ اور کھوڑو صاحب دونوں موجود تھے مگر ان کا کوئی اختلافی نوٹ نظر سے نہیں گزرا - اور انہوں نے کوئی خاص تکلیف پیش کی - زیادہ باتیں اچھی نہیں - مجھے اپنا معلوم

ھے میں اپنے آپ کو جانتا ھوں (تالیاں) ۔ میں آپکو یقین دلاتا ھوں کہ میں یہاں پاکستان کی خدمت کے لئے ھوں ۔ اور میں نے یہ پارٹی اس لئے بنائی ھے تاکہ یہاں سے بددیانتی ختم کر دی جائے اور میں میاں دولتانہ کو یقین دلاتا ھوں کہ یہ پارٹی اسے ختم کردیگی (تالیاں) ۔

پیر زادہ عبدالستار (ضلع سکھر) : صاحب صدر چونکہ مسٹر کھوڑو نے انگریزی میں تقریر کی تھی اسلئے میرا خیال تھا کہ میں بھی اس کا جواب انگریزی میں دوں ۔ مگر اب چونکہ ممبران کی خواھش ھے کہ میں اردو میں تقریر کروں اسلئے میں اردو میں اپنے خیالات پیش کرتا ھوں ۔

میں اپنی تقریر کا آغاز میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے جو بعض نکات پیش کئے ھیں انکے جواب سے کرونگا ۔ انہوں نے بہت سے معجزات کا ذکر کیا ھے (شور اور قطع کلامیاں) ۔

صاحب سپیکر—میں معزز اراکین کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاھتا ھوں کہ یہ کوئی طریقہ نہیں ھے ۔ ایک صاحب تقریر کرنے کھڑے ھوئے ھیں ۔ وقت بھی تنگ ھے ۔ وزیر خزانہ صاحب نے بھی تقریر کرنی ھے ۔ آج بجٹ کی عام بحث ختم ھو جائے گی ۔ کیا آپ میں اتنا صبر نہیں ھے کہ آپ پندرہ منٹ خاموش رہ سکیں ؟

پیرزادہ عبدالستار—صاحب صدر سامنے تشریف رکھنے والے اصحاب اچھی طرح جانتے ھیں کہ میں جو کچھ کہوں گا اس کا جواب ان کے پاس بالکل نہیں ۔ اس وجہ سے انہوں نے یہ طریقہ شروع کیا ھے کہ مجھے بولنے نہیں دیتے اور شور مچاتے ھیں ۔ تاکہ ان کو جواب دینے اور پبلک کے سامنے جواب دینے کی ضرورت ھی نہ پڑے ۔

Rana Gul Muhammad *alias* **Abdul Aziz Noon :** Now I want to know whether Mr. Pirzada is speaking in reply to the budget, or is he giving personal explanation ? If so, why he crossed the floor and become a Minister. If he is giving personal explanation for this conduct, then we should also be given a chance to seek some personal explanation.

An Honourable Member : He is speaking on the budget.

صاحب سپیکر—بجٹ پر عام بحث کے دوران میں یہاں سیاسی معاملات کو زیر بحث لایا گیا ھے ۔ اس لئے میں سمجھتا ھوں کہ ان کو بھی حق ھے کہ وہ تقریر کے دوران میں ان معاملات کو زیر بحث لائیں ۔

مسٹر عبدالستار پیرزادہ—صاحب صدر مجھے تعجب ہوا کل مسٹر کھوڑو سے یہ سن کر کہ ایک یونٹ کی سکیم ناکام ہو گئی ہے ۔ اس کو ثابت کرنے کے لئے انہوں نے کہا کہ لوگوں کو بڑی دقت ہوتی ہے کہ وہ ملک کی اطراف سے یہاں لاہور میں پہنچیں اور اپنی شکایات گورنمنٹ کے سامنے رکھیں ۔ میں کہتا ہوں یہ تو اس وقت بھی ان کو معلوم تھا کہ ایسا ہوگا پھر انہوں نے کہا کہ سندھ کی کئی سکیمیں مثلاً شاہ لطیف آباد کلچرل سنٹر اور پری کیڈٹ کالج . . . . . .

مسٹر ایم۔اے۔کھوڑو— سب سے پہلے انہیں اس بات کی وضاحت کرنی چاہئے کہ وہ ایوان کے اس جانب سے دوسری طرف کیوں اور کن حالات میں گئے ہیں ۔

مسٹر عبدالستار پیرزادہ—صاحب صدر مجھے تعجب ہوا یہ سن کر کہ وہ یہ الزام یونٹ گورنمنٹ پر رکھ رہے ہیں کہ بھلائی کی یہ سکیمیں اس نے روک رکھی ہیں ۔ میں عرض کروں گا کہ پہلی سکیم جو ہے یعنی شاہ لطیف آباد والی ۔ وہ یہ ہے کہ شاہ لطیف سندھ کے ایک بہت بڑے شاعر ہوئے ہیں جو سندھ اور پنجاب کے بعض علاقوں میں بڑے مقبول ہیں ۔ جب میں چیف منسٹر تھا تو میں نے اس سلسلہ میں پچاس لاکھ روپے کی ایک سکیم بنائی تھی جس کا نام تھا کلچرل سنٹر بٹ شاہ ۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ وہاں لوگوں کو فنون لطیفہ اور شاہ لطیف کی تصانیف اور اشعار کی تعلیم دی جائے ۔ لیکن کھوڑو صاحب جب مورخہ ۱۹۵۳ میں چیف منسٹر بنے ۔ کن حالات میں بنے اس کا ذکر بعد میں ہوگا ۔ تو جب چیف منسٹر بنے تو انہوں نے یہ کام کیا کہ اس کلچرل سنٹر کو بند کر دیا (شیم ۔ شیم) ۔

صاحب سپیکر—کل کٹ موشنز پیش ہونگے ۔ ان پر تقریر کرتے وقت آپ ان کی تردید کر سکتے ہیں ۔ اس وقت اٹھ کر تردید کر دینا یہ پارلیمنٹری طریقہ نہیں ہے ۔

مسٹر عبدالستار پیرزادہ—صاحب صدر یہ وہ صاحب ہیں کہ جن کا میں ابھی ذکر کروں گا تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ کیا حیثیت رکھتے ہیں ۔ مجھے تعجب ہے کہ یہ اس صوبہ سندھ کی بھلائی کی

باتیں کس زبان سے کر رہے ہیں - جس صوبہ کو انہوں نے ختم کر کے رکھ دیا اور کس طریقے سے ختم کیا یہ میں اب عرض کروں گا -

Mr. M. A. Khuhro : He is making an incorrect statement.

Mr. M. A. Khuhro : According to Rules of Procedure, you have to give me time to explain.

Mr. Speaker : Order, please order.

Mr. M. A. Khuhro : I want to ask a ruling on one point. If you allow personal discussion by a member, you must give a chance to the other member to reply.

Mr. Speaker : You will have ample opportunities tomorrow on demands.

Mr. M. A. Khuhro : Uptil now it has not been given.

پیرزادہ عبدالستار—صاحب صدر یہ وہ آنریبل ممبر ہیں جو بروئے قانون دو بار پروڈا کے سلسلے میں مجرم گردانے گئے - اور اس کی بنا پر ان کو چھ سال کیلئے نااہل قرار دے دیا گیا -

(شور)

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdu Aziz Noon : On a point of order, Sir. How many other members are sitting on the ministerial benches who were also convicted under Proda? I would ask this to Mr. Pirzada.

(**Cries** : Sit down, please).

پیرزادہ عبدالستار—صاحب صدر — میں پروڈا کے الزامات کا ذکر کرنا نہیں چاہتا بلکہ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پروڈا کے سلسلے میں اس شخص کو چھ برس کے لئے ۱۹ اکتوبر ۱۹۵۴ء کو نا اہل قرار دیا گیا (آوازیں اور شور) یہ وہ شخص ہیں جو یہ دعوے کرتے ہیں کہ میں نے سندھ - اپنے مادر وطن کو بمبئی سے الگ کروایا - اور اس طرح سندھ اور سندھیوں کی حفاظت کی ہے - چنانچہ ایک یونٹ کے سلسلے میں بیس تاریخ کو انہوں نے مرکزی حکومت کو یقین دلایا کہ آپ میری سیاسی حقوق سے محرومی کو ختم کریں میں آپ کو اپنے صوبے سے ایک یونٹ منظور کروا دونگا -

صاحب سپیکر—۲۰ اکتوبر سے ۹ نومبر تک ہمارے صوبے کے متعلق جو خفیہ خط و کتابت بھی تھی وہ شائع ہو چکی ہے - میں اس کے متعلق مزید کچھ کہنا نہیں چاہتا - میری عرض صرف یہ ہے کہ اگر آپ سندھ اور سندھیوں کو اپنے ساتھ ملانا چاہتے ہیں تو (شور) .....

صاحبزادہ عبدالستار—آپ خواہ مخواہ شور مچا رہے ہیں ۔ میں آپ کو باہر نکال دونگا ۔ یہ کونسا طریقہ ہے یہ کوئی موچی دروازہ ہے ۔ (ایک آواز ۔ آپ بار بار موچی دروازے کا ذکر نہ کریں . . . . . (شور)

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon :** Why are your referring to "Mochi Darwaza"?

Mr. G. Allana : I rise to a point of privilege.

Mr. Speaker : I order you to sit down. I call the attention of the Assembly that Mr. Allana. in spite of being asked to sit down refuses to sit down.

Mr. G. Allana : But I have already sat down.

پیرزادہ عبدالستار—صاحب صدر: میں آٹھ نومبر کا ذکر کر رہا تھا ۔ یعنی اس وقت کا جب کہ مسٹر کھوڑو نے پروڈا کے ماتحت اپنی نااہلیت ختم کرانے اور مجھے نکلوا کر خود وزیر اعلیٰ بننے کا بندوبست کیا تھا ۔ اس وقت میں مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کا لیڈر تھا ۔ ریپبلیکن پارٹی کا لیڈر نہ تھا ۔ اس وقت یہ شخص پروڈا میں رشوت کی بنا پر مجرم گردانا گیا تھا (شور) کیا اس شخص پر مسلم لیگ پارٹی کو فخر ہے ۔

Mr. M. A. Khuhro : If any honourable member in this House makes false allegations which are culpably false, then are you not going to defend the member and give him a chance to reply to those allegations. He is making completely false statements.

Mr. Speaker : All these things will go on the record, that he has made these allegations and you are repudiating them. Now please do not intefere. This much courtesy you must concede.

پیرزادہ عبدالستار—صاحب صدر—مجھے معلوم نہ تھا کہ مسٹر کھوڑو اس حقیقت سے انکار کریں گے ورنہ میں پروڈا کی رپورٹ لا کر اس ایوان میں پیش کر دیتا ۔ بہر حال عرض یہ ہے کہ ایک صاحب مسٹر مری نامی تھے جن سے مسٹر کھوڑو نے دس ہزار روپے چندے کے طور پر لئے تھے ۔ اب مسٹر کھوڑو چپ ہو گئے ہیں ۔ یہ دس ہزار روپے در اصل ایک اخبار اور کشمیر فنڈ کے لئے گئے تھے ۔ مگر مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ وہ کہاں کہاں خرچ کئے گئے تھے ۔ اور اس پر طرہ یہ کہ یہ اس وقت مسلم لیگ کے صدر تھے ۔

پیر زادہ عبدالستار ۔ تھوڑے دنوں کے بعد یہ چیف منسٹر بن گئے اور پروڈا میں آ گئے ۔ جب یہ کیس ہائی کورٹ میں پہنچا تو وہاں یہ بات ثابت ہو گئی کہ روپیہ یقینی طور پر ہضم کیا گیا ہے لیکن ہائی کورٹ نے فیصلہ میں یہ لکھا کہ یہ روپیہ چیف منسٹر کی حیثیت سے ہضم نہیں ہوا بلکہ پریزیڈنٹ مسلم لیگ کی حیثیت سے ہوا ہے۔ صاحب صدر ایسے شخص کو سندھ کا چیف منسٹر بنایا گیا تھا۔ (شور)

میر عبدالقیوم۔پوائنٹ آف آرڈر۔جناب والا ۔ ہم نے میاں ممتاز دولتانہ صاحب کی تقریر جس میں انہوں نے ڈاکٹر خان صاحب پر نے شمار الزامات لگائے ہیں بڑے صبر اور حوصلے سے سنی ۔ پیر زادہ صاحب نے تو ابھی ابتدا ہی کی ہے ۔ ان کا دفتر تو بہت زیادہ ہے ۔ اس سے ان کو روکا جائے کہ تقریر کے دوران میں بلا وجہ مداخلت نہ کریں ۔

صاحب سپیکر۔اگر یہی سلسلہ جاری رہا تو اچھی روایات قائم نہیں ہونگی ۔

پیر زادہ عبدالستار۔صاحب صدر۔اس شخص نے اس شرط پر چیف منسٹر بننا قبول کر لیا کہ میں ایک منٹ میں سندھ اسمبلی سے ون یونٹ کا ریزولیشن پاس کروا دوں گا اس کے چیف منسٹر ہونے ہی جی ۔ ایم ۔ سید صاحب جیل چلے گئے ۔ دوسرے دن مسلم لیگ کا نیشنل آرگن اس کے ایک لیڈر پر بند کر دیا گیا پھر کیا ہوا ۔ تیسرے دن ایک اور اخبار ''کاروان،، جو حیدرآباد سے شائع ہوتا تھا بند کر دیا گیا اور اس طرح ہماری آواز کو بند کر دیا گیا اس کے بعد سید غلام حیدر شاہ کو جب وہ اسمبلی کا سیشن کرنے کے لئے جارہا تھا گرفتار کرا دیا ۔ (شور)

Rana Gul Muhammad Noon: He can address you. He cannot say this "yeh member". It is unparlimentary.

Pirzada Abdul Sattar : Sir I will call him "honourable" if the statute compels me to do so otherwis I will n ver call him "honourable".

Rana Gul Muhammad Noon: The same applies to you sir.

پیرزادہ عبدالستار۔صاحب صدر ان باتوں کے اظہار کی ضرورت نہیں تھی مگر چونکہ مسٹر کھوڑو نے ڈاکٹر خان صاحب کے متعلق بہت کچھ کہا ہے اب انہیں خاموشی سے سننا چاہئے ۔

اس کے بعد جب سندھ کا سال ۱۹۵۵-۵۶ء کا بجٹ پاس کرنے کے لئے اسمبلی کا اجلاس ۲۱ مارچ کو ہونے والا تھا اور میر غلام علی خان تالپور کو اسمبلی میں آنا تھا تو کورٹ میں injunction کی درخواست دی گئی کہ جب وہ بحیثیت سپیکر کام کریں تو کسی قسم کی مداخلت نہ

کی جائے ۔ اس کے باوجود جب وہ ۱۸ مارچ ۱۹۵۵ء کو حیدرآباد گئے تو سی ۔ آئی ۔ ڈی کے ایک بڑے افسر نے اطلاع دی کہ مسٹر غلام نبی ۔ میر غلام علی خان تالپور ۔ پیر زادہ عبدالستار اور قاضی فضل اللہ نے کھوڑو صاحب کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے ۔ یہ کیوں کیا گیا ۔ اس لئے کہ چوں کہ injunction کی درخواست دی جا چکی تھی اور اس کو رد نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ صرف ایک ہی صورت تھی کہ جب تک criminal case نہ بنایا جائے ان لوگوں کو گرفتار نہیں کیا جا سکتا ۔

(شور)

Mr. Speaker: Order, Order,

Mr. M. A. Khuro : Sir (Reported shoutings).

آوازیں—" اس نے سندھ کو نیلام کیا تھا — ہم نہیں سنیں گے "—

" یہ غدار ہے ہم کچھ نہیں سننا چاہتے "—

" اس نے سندھ کو بیچ دیا تھا "

صاحب سپیکر —آپ ایک منٹ کے لئے بیٹھ جائیں—دیکھئے جو allegations لگائی گئی ہیں آپ سن لیں اور بعد میں ان کا جواب دیں—

Mr. M. A. Khuro: Sir, I must be given full chance to answer these allegations. I challenge him that he should repeat it outside.

پیر زادہ عبدالستار--اس کے اس challenge پر مجھے تعجب ہے ۔ میر غلام علی خان تالپور نے اس طرح ہاتھ باندھ کر کہا تھا کہ خدا را میرا معاملہ کسی impartial tribunal کے سامنے پیش کیا جائے لیکن اس کی حکومت میں یہ ہمت نہ تھی ۔ اور صاحب صدر یہ کیس ہائی کورٹ کراچی میں چلا گیا تو مسٹر کھوڑو نے ہر ممکن طریقہ سے کوشش کی اور عین اس وقت جب کہ کیس پیش ہونا تھا یعنی on the day of hearing یہ کیس ٹرانسفر کرا دیا ۔ہم کو اس کا پتہ بھی نہیں چلا ۔ یہ لوگ ہیں جو trial کرنے نہیں دیتے ۔ جو مقدمہ چلانے نہیں دیتے ۔ مسلم لیگ کے خلاف یہی چیز چلا ہے ۔ انہی اشخاص کے کارناموں نے مسلم لیگ کو خراب کر دیا ہے ۔ مسلم لیگ سے مجھے محبت ہے مگر یہ جو کھوڑو ہے یہ آپ کو ڈبو کے رکھ دیگا میں آپ کو بتلا دیتا ہوں کہ اس کی وجہ سے جو زحمت آپ کو اٹھانی پڑے گی اس پر آپ کو بعد میں پچھتانا پڑے گا ۔(قطع کلامیاں اور شور)—

مسٹر عبدالمجید خان کریم بخش خان جتوئی—ہمارا سارا صوبہ آگ میں جل رہا تھا ۔ ہم پر بہت ظلم ہوا ہے ۔ پولیس نے ہمارے گھروں سے عورتوں کو نکالا ہمارے گھروں کی تلاشیاں لی گئیں پولیس نے ہماری عورتوں کو روکے رکھا (Shame shame) شور اور قطع کلامیاں ۔

(*c*) whether the Government intend to accede to the demand mentioned in (*b*) above;

(*d*) whether Government are aware that the relations or friends of 'C' class prisoners have to wait for long hours before they obtain interviews;

(*e*) whether it is a fact that there being no waiting-room outside jail gates, these people are exposed to sun, rain and dusty winds ;

(*f*) whether Government intend undertaking construction of waiting-rooms for such purpose ;

(*g*) whether Government are aware that interviews with 'C' class prisoners are not held in halls or rooms either within or out of jail premises, as in case of 'B' class prisoners ;

(*h*) whether Government are also aware that the interviews with 'C' class prisoners are held while the two parties are on the opposite side of the main gates or window bars and there are no seating arrangements for either of the parties ;

(*i*) whether Government intend to instruct the jail authorities to allow these interviews in office premises as in case of 'B' class prisoners ?

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER) : (*a*) As provided in the Punjab Jail Manual (Revised), prisoners are allowed interviews once a month. In addition extra interviews are allowed by the Superintendents in special cases.

(*b*) No.

(*c*) Does not arise.

(*d*) No.

(*e*) and (*f*). Steps are being taken to provide waiting-rooms outside the jails where these facilities do not exist at present.

(*g*) Interviews of prisoners are held in specially built rooms or verandahs attached to the jails near the main gate.

(*h*) Yes.

(*i*) The suggestion will be considered.

Mr. G. M. Syed : May I know from the Honourable the Chief Minister if he is aware that at Hyderabad Central Jail there is not any shed available for the prisoners to save themselves from the scorching heat ?

Chief Minister : I have already stated in my answer that the Government will try and provide sheds and more space which is not available now.

Mr. G. M. Syed : Is the Honourable the Chief Minister aware that in the Hyderabad Central Jail people who come to interview the prisoners, have to stand outside the Jail in the sun for hours and hours together. When the interview is held they have to stand and there is no place for sitting at the time of the interview.

Chief Minister : I do not know the exact conditions at Hyderabad but I assure the honourable member that Government will go into all these things in detail and try its best to provide all the facilities possible.

Mr. Speaker : The question hour is over.

Mr. G. M. Syed : Only one minute, Sir. I want to put a question.

Mr. Speaker : You can put it to-morrow.

Before we proceed with the business of the day on the agenda, let us take the two short-notice questions I have received. They stand in the name of Khawaja Hafiz Ghulam Sadid-ud-Din.

Khawaja Hafiz Ghulam Sadid-ud-Din : Short Notice Question No. 269.

Mr. G. M. Syed : Sir, my question is not finished and you have started another question.

Mr. Speaker : When the question hour is over, I have got to put short-notice questions. You will be able to continue this question to-morrow.

SHORT NOTICE QUESTIONS AND ANSWERS

CATCHING OF FIRE BY BUSES AT PUNJAB TRANSPORT SERVICE STAND, MULTAN.

*269. **Hafiz Khawaja Ghulam Sadid-ud-Din :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that the buses stationed at the Punjab Transport Service Stand, Multan, caught fire last month; if so, the cause of the above fire and the precautionary measures taken to prevent such accidents in future ?

کرنل سید عابد حسین (وزیر مواصلات و تعمیرات) ہاں۔ یہ حقیقت ہے کہ ۶ مئی ۱۹۵۶ء کو پنجاب ٹرانسپورٹ سروس ڈیرہ غازی خان کی چار ناکارہ اور دو کار آمد بسوں کو ملتان بس اسٹینڈ پر دن کے ڈیڑھ بجے آگ لگ گئی۔

۶ اعلی افسران پر مشتمل ایک کمیٹی اس آتشزدگی کی وجہ دریافت کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی اور پولیس میں بھی رپورٹ درج کر دی گئی تھی۔ کمیٹی کی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ آگ دن کے ڈیڑھ بجے اس وقت لگی جب کہ ورکشاپ کا تمام عملہ نماز جمعہ ادا کرنے گیا ہوا تھا۔ صرف ایک کلینر نے جو ڈیوٹی پر واپس آیا تھا ایک گاڑی سے شعلے نکلتے دیکھے۔ جلی ہوئی بسوں کے معائنے اور تحقیقات سے جو موقع پر کی گئی معلوم ہوتا ہے کہ آگ محض اتفاقاً لگی تھی۔ ممکن ہے کہ یہ کسی ایسے جلتے ہوئے سگرٹ کے ٹکڑے سے لگی ہو جو کسی شخص نے بیت الخلا جاتے ہوئے وہاں پھینک دیا ہو۔ بیت الخلا ورکشاپ کی حدود میں واقع ہے۔ پولیس کی تفتیش جاری ہے — آئندہ کے لئے ورکشاپ کو مین بس اسٹینڈ اور بیرونی احاطے سے بالکل علیحدہ کیا جا رہا ہے اور مسافروں کے لئے بیت الخلا کو ورکشاپ کی موجودہ نزدیکی جگہ سے ہٹا کر دروازے کی طرف منتقل کیا جا رہا ہے تاکہ اس قسم کے حادثے رونما نہ ہوں۔ آگ بجھانے کے موجودہ انتظامات اور مستحکم کئے جا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں مزید چوکیدار مقرر کر کے حفاظتی تدابیر کو زیادہ بہتر بنا دیا گیا ہے۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین —جناب والا میں اس سلسلہ میں اخبار نوائے وقت کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جس میں لکھا گیا ہے کہ یہ آگ کسی شر انگیز شخص نے دیدہ و دانستہ لگائی تھی۔ اس کے متعلق کیا ارشاد ہے ؟

صاحب سپیکر—وزیر متعلقہ نے کہا ہے کہ پولیس تفتیش کر رہی ہے۔ تفتیش کے بعد حقیقی واقعات سامنے آ ہی جائیں گے۔

حافظ خواجہ غلام سدید الدین—کیا اس تفتیش سے ہاؤس کو آگاہ کیا جائے گا ؟

وزیر—ہاں ضرور کیا جائے گا۔

قاضی مرید احمد—حضور والا—وزیر متعلقہ نے فرمایا ہے کہ ۶ مئی کو عملہ نماز جمعہ ادا کرنے گیا ہوا تھا ۔ مگر جناب والا ۶ مئی ۱۹۵۶ء کو تو اتوار تھا کیا ڈیرہ غازی خاں میں لوگ اتوار کو نماز جمعہ ادا کرتے ہیں؟ (قہقہہ)

وزیر—غالباً میری مراد نماز ظہر تھی ۔

قاضی مرید احمد—حضور والا—سارے مغربی پاکستان میں ماسوائے اہل حدیث کے مسلمانوں کا کوئی بھی طبقہ ڈیڑھ بجے نماز ظہر نہیں پڑھتا ۔ کیا ڈیرہ غازی خاں کے سب لوگ اہل حدیث ہیں ۔

Mr. Speaker : This question is disallowed.

PLYING OF BUSES OF PUNJAB TRANSPORT SERVICE BETWEEN DERA GHAZI KHAN AND TAUNSA SHARIF.

***270. Hafiz Khawaja Ghulam Sadid-ud-Din:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that for the last one year unserviceable buses of the Punjab Transport Service are plying between Dera Ghazi Khan and Taunsa Sharif and that every time they fail on the way, the passengers are obliged to get down and give the bus a push to get it started and that several public meetings have been held in Dera Ghazi Khan to protest against this state of affairs; if so, the steps taken or intend to be taken by the Government in the matter ?

کرنل سید عابد حسین(وزیر مواصلات و تعمیرات)۔ایسی کوئی شکایت اس دفتر میں موصول نہیں ہوئی ۔ نہ اس محکمے کو کسی ایسے جلسے کی اطلاع ملی ہے جو اس سلسلے میں منعقد کیا گیا ہو۔ ڈیرہ غازی خاں اور تونسہ شریف کے درمیان ایک سروس روزانہ کام کر رہی ہے گذشتہ سال کے دوران اس روٹ پر مقررہ ۶۱,۹۶۶ میل کے مقابلے میں ۵۶,۵۶۳ میل کی مسافت طے کی گئی ۔ مسافت میں یہ فرق صرف سیلاب اور شدید بارشوں کی وجہ سے واقع ہوا ہے نہ کہ گاڑیوں کی خرابی کے باعث ۔ ہمارے پاس ڈیرہ غازی خاں کی سروس میں ۱۱۴ کارآمد اور ۳۴ ناکارہ بسیں ہیں ۔ بورڈ نے ناکارہ بسوں کو تبدیل کرنے کی ضرورت محسوس کی تھی اور ڈائریکٹر جنرل سپلائی و ڈیولپمنٹ کراچی کو ۱۱ فروری ۱۹۵۵ء کو آرڈر دے دیا گیا ہے مگر ابھی تک ان گاڑیوں کا انتظار کیا جا رہا ہے اگرچہ مرکزی اور صوبائی حکومتیں صورت حال سے آگاہ ہیں ۔ جب گاڑیوں کی سپلائی وصول ہو جائے گی تو صورت حال یقیناً بہتر ہو جائے گی ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** Sir, there are no rules that if a man submits a question, he has the prior right to ask the supplementaries. The member who catches the eye of the Speaker first has got the prior right. Sir, you should follow the Rules of Procedure.

صاحب سپیکر—جس ممبر نے سوال پوچھا ہو پہلے اس کا حق ہے کہ وہ ضمنی سوال پوچھے - اس کے بعد آپ صاحبان کو بھی موقع دیا جائے گا - آپ بے صبری سے کام نہ لیں -

حافظ خواجہ غلام سدید الدین—جناب والا- وہاں کا ڈسٹرکٹ منیجر ایک ایسی پارٹی کا فرد ہے جو ڈیرہ غازی خان میں رد کی جا چکی ہے - یعنی وہ منیجر مخالف پارٹی کا آدمی ہے - اسی وجہ سے اس نے پبلک جلسوں کی اطلاع جو وہاں اس ضمن میں ہوئے تھے آپ کو نہیں دی - کیا اس کے متعلق آپ تحقیقات کریں گے ؟

وزیر—اگر اس کے متعلق تحریری شکایت کی گئی تو ضرور تحقیقات ہوگی -

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین—آج بھی میرے پاس وہاں سے ایک وفد اس کی شکایت کرنے آیا ہے - کیا آپ ہماری شکایت سننے کے لئے تیار ہیں ؟

وزیر—میں ضرور سنوں گا—

DEMANDS FOR GRANTS

LAND REVENUE

Mr. Speaker : Demand No. 1. Cut motion moved by Mr. G. M. Sayed.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** My point of order is that you are the custodian of the dignity and the privileges of this Honourable House.

Voices : Is it not a lecture ?

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, I am pointing out you are the custodian of the dignity and the privileges of this Honourable House. Day before yesterday certain references to Mochi Gate were made, which are derogatory to the honour of this House and to the respectable citizens of Mochi Gate. Sir, I request you that I have gone through the records and ask the House that that remark should be deleted.

Mr. Speaker : Reference to Mochi Gate, the matter is quite clear. The honourable member should look into the records and he will find out what I said. There is no substance in this point of order.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon :** Another point of order. Sir, yesterday I brought it to your notice that two members of the staff of this Assembly Mr. Bhutto and Mr. Bajwa were sent for by the Advocate-General and they were asked to sign certain false affidavits, and they were threatened that this may result in their dismissal, if they refused to do so. Sir, would you make a statement that you would protect the integrity of the members of the staff of this Assembly and assure us that nothing will be allowed to intimidate them.

Sheikh Faiz Muhammad : Nobody was sent for or threatened, nor was any one called upon to do anything against his wishes.

Mr. Speaker : This is no point of order.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: My point of order No. 3.

Mr. Speaker: No more point of order. Will you please resume your seat. The honourable member said that he has 2 points of order. He has already placed two points of order. He should realise that by raising such points of orders which are not essential, he is wasting the valuable time of the honourable House.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : Another point of order. May I ask whether Advocate-General is a member of the House and whether he can address the members of the House. Day before yesterday you had promised and given assurance that Mr. Daultana and Mr. Khuhro will be allowed to rise on a point of personal explanation. They may be given an opportunity to submit their personal explanations.

Mr. Speaker : It is a closed chapter now ?

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: Sir, as a member of the House we have every right to ask, when it is a question of integrity and character of this House. Sir, you should afford them an opportunity to place before us their personal explanations, so that we may be able to judge whether the allegations made were correct or baseless.

Mr. Speaker : This matter was debated for a considerably long time yesterday and the chapter was closed. I may also point out that Mr. Khuhro had an opportunity to make a speech on the demand under discussion and in the course of that speech he did offer some explanation. Mr. Daultana will also be afforded an opportunity under that demand when he can offer his personal explanation.

Khan Sardar Bahadur Khan : Mr. Speaker, Sir, I am not interested so much in those cases, but your ruling is going to have far reaching consequences. Yesterday I casually discussed this point with Mr. Faiz Muhammad who has occupied this august Chair with distinction and who is now the Advocate-General. His advice was that the member when he rises on a point of personal explanation must be provided with an opportunity forthwith to offer that explanation there and then. I think there is no harm if you request the Advocate-General to advise us on this point, because he is acquainted with the rules and has longer experience as Speaker of this House and here he is to advise you and the House on technical and legal aspects of any point that may arise and that may become the subject matter of dispute. Otherwise the ruling as it stands will as a consequence result in the denial of one of the basic rights to the members.

Mr. Speaker : It is not a basic right of the members. A member can offer personal explanation if he is permitted by the Speaker. Unless the permission of the Speaker is given, no member can offer any personal explanation. So far as this point is concerned, I am clear in my view and therefore will not take the advice of the learned Advocate-General? If I am ever in doubt, I will certainly ask anybody's advice. But I am not in doubt on this point.

Mr. G. Allana : I quote to you from May's Parliamentary Practice. It says. "Reflections upon members, the particular individuals not being named or otherwise indicated, are equivalent to reflections on the House". I, therefore, submit that a member has been named particularly and therefore reflection has been cast, according to May's Parliamentary Practice, on the House. Therefore, you must give them an opportunity to explain.

Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana: Mr. Speaker, I bow to the subtlety of your intelligence but permit me to seek your guidance on one subject. You have very correctly pointed out that Mr. Khuhro had an opportunity yesterday to speak and no doubt I will soon have an opportunity to speak also on something else. But may I ask you : Can I explain the circumstances of my relationship with Dr. Khan Sahib in a discussion on Land Revenue? Will you please explain to me how I can discuss certain suggestions made by my dear friend Makhdumzada Hassan Mahmud while I am discussing Refugee Rehabilitation; and, Sir may I ask you how I can give general political explanation of political conduct while discussing the details of administration. It is not very easy to throw to the winds all rules of relevancy which through your superior intelligence you may be able to do but I cannot.

The point of order which I wish to raise is this. I think Mr. Allana and other honourable members should be forbidden from quoting from May's Parliamentary Practice. It is an imperialistic book and we should not refer to it, and in future we should look about national literature like Warras Shah's Hir.

کاف کرماں دی رتڑی اک چنگی تولہ عقل دا کم نہ آوندا ای

Mr. Speaker : If the honourable member feels that he is serving the cause of this country by quoting such phrases and creating such confusion, I have no dispute with him. My only point is that the rules provide that an honourable member has got a chance to speak on a motion only once and the honourable Mian Mamtaz Daultana was given that chance and he spoke on that motion.

Voices : No, no.

Mr. Speaker : Did he not speak on the general discussion of the budget?

Rana Gul Muhammad Noon: But not on personal explanation.

Mr. Speaker: And having spoken once, he could not be given another opportunity. He could only be permitted to speak on a matter of personal explanation by the Speaker, and, as I have already ruled, under the circumstances I gave him an opportunity.

Voices : No.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : He was not allowed to speak on personal explanation.

Mr. Speaker : I gave the ruling yesterday that this matter was closed.

Voices: It was not closed.

Mr. Speaker : It is closed.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: You cannot shut the doors of the privileges of the House ; you cannot bang the door. As far as our privileges are concerned we will sacrifice our very lives to protect them.

Mr. Speaker : Calm yourself.

The cut motion of Mr. G. M. Sayed under the head Land Revenue is under discussion. I call upon Mian Muhammad Shafi to resume his speech.

Mr. M. A. Khuhro : You have made, I am very sorry to say, an incorrect statement about myself. Yesterday the discussion was under the head Land Revenue and I could not have answered the charges levelled by Mr. Pirzada and so made no comments.

Mr. Speaker : But you did speak.

Mr. M. A. Khuhro : I could not do that except under the head 25 — General Administration.

Mr. Speaker : But you did speak with reference to the case of the Deputy Collector.

Mr. M. A. Khuhro : I have answered that point. I could discuss it because the discussion was under head 7—Land Revenue and he could be discussed.

Mr. Speaker : When the discussion starts under the head 25—General Administration, the honourable member will have an opportunity.

Mr. M. A. Khuhro : You made an incorrect statement today.

Mr. Speaker : On each demand you can make a separate speech.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : On a point of order. Sir, may I ask you most respectfully how is a personal explanation relevant to the discussion on General Administration, Land Revenue, Refugee and Rehabilitation or Agriculture. Personal explanation is a "personal explanation ". It is an answer to certain allegations and insinuations made against respectable members of this House and have they not a right to reply to them? You cannot deprive the House of its privileges. Let us practise democracy first in this House before we go to the people in the name of democracy to catch their votes. Today you are throttling our voice and abolishing our privileges; the prestige and dignity of the House and of the whole country, is involved and it will go down into history as the greatest act of shame.

Mian Muhammad Shafi: I regret to note that when the demand under the head 7—Land Revenue is under discussion, the Revenue Minister is not present in his seat.

Sir, I want to make it clear that we bring to the notice of the Honourable Minister in charge of Revenue certain grievances in the hope that he will be able to pay attention to them and it should be the duty of the Minister-in-charge to be present in his seat to listen to all the points raised and the criticism made against the administration of his department so that he can take them into consideration in formulating the policy of his department.

Sir, I see that the seat of Honourable Revenue Minister is vacant today. Now, I resume my speech which.....

Syed Jamil Hussain Rizvi : Before Mr. Shafi resumes his speech, I would like to inform the House that the Revenue Minister is ill.....

Mr. Speaker : Order, order.

Mr. G. Allana : Is that personal explanation ?

Mr. Ahmad Saeed Kirmani : Under what rule are you allowing him to speak?

Mr. Speaker : I am not allowing him to speak. I understand that the Revenue Minister is ill today.

Mian Muhammad Shafi (Montgomery District) : Sir, I was quoting some figures yesterday when the House was adjourned. I was giving certain statistics relating to our rural agricultural economy, I must confess that I made a mistake which I want to rectify today. I said yesterday that people who own more than hundred acres of land number 3 lakhs. Now I have verified from reports and find that the number of people who own more than hundred acres of land is not more than 11,000. This gives more strength to my argument which I put forward yesterday regarding devising the policy of the Government in the matter of agricultural economy. Sir, now the position is this that out of a total of one crore and 92 lakh of acres of agricultural land as many as 76 lakh acres of land is owned by 47,000 proprietors. When I say proprietors, I include the members of the Assembly. Now, Sir, it is clear that in the refugee and local population the number of these persons who own more than hundred acres of land is very small,

while the people who have either no land or have small holdings form 85 per cent. Now, if that is the perspective, and I believe that is the perspective with which we should see the problem of agricultural economy, then one point becomes perfectly clear and that point is that no Government can afford to ignore the interests of the small holders and the tenants.

Sir, Mr. Syed, the honourable Leader of the Opposition, started a healthy discussion on socio-economic problem rather than provincial and parochial discussion. Sir, if this honourable House devotes its attention to the problem of meeting the requirements of our rural population, I am sure we would have got out of the present impasse which has been created due to provincial and parochial interests clashing against each other. I draw the attention of the House to this problem from the point of view of landless tenants and small owners of land up to ten acres, as it has been realised that a people whose income is dependent upon batai, are the basic factor in our rural economy and they are the people whose interest has been overlooked. It is a long story in which I need not go at present because if we take into consideration how by a conspiracy the leaders of people, who call themselves so, have robbed our 90 per cent population of their rights in terms of representation to the Legislature, how the people are represented in the Assembly, as at present, by people whose economic interests are at variance with them, we will find that this is the main reason why their interests have gone by default. If the people who are in authority today are really keen to face this problem, they will have to do one thing: they must have a complete picture of the state land for the whole West Pakistan—in the former provinces of Sind, Punjab, Frontier, Bahawalpur, and other areas—and then make a plan to redistributo these lands to those people who either will be rehabilitated on them or those whose holdings are truly uneconomic. Sir, I have given figures to prove that in the Punjab alone 25 lakhs refugee tenants and a bigger number of local tenants are liable to be ejected and I ask you, Sir, how are they going to be resettled. You cannot settle them on the sky. You cannot rehabilitate them in industries. The only means to accommodate them and to provide them with useful alternative livelihood is to settle them on land. What is the point of view of the people in power? They say that it is a matter of adjustment between the tenant and the landlord. They say that we shall make an effort and that those who are ejected we will try to accommodate them. But, they say, we will do it only after the ejectment has taken place.

Sir, my point of view is that if it had been a matter of providing accommodation on land of a few hundreds or a few thousands it would have been possible. But, Sir, the number runs into lakhs. I depend on the figures that were provided to me by the Rehabilitation Department. They have told us that out of thirteen lakh claims registered it has been proved that three lakh claims are bogus. In each family there are five to six members. Fifteen lakhs of refugees who have been tilling the land for the last eight years had no land. The same department has told us that there are one lakh and eighty thousands of such claimants whose holdings range from one kanal to three acres. Again I say that there are about five members in each family. There are five lakhs of families. They come to twenty-five lakhs of people. You are faced with a very big problem and if you do not face this problem with a plan you will be inviting great chaos in the province. What has the Rehabilitation Department done? I want the Minister of Rehabilitation to pay special attention to what I say. The department is of the opinion that a man who owns three acres of proprietary land or five acres of tenancy land shall not be provided with land. He shall be ejected from the land which he is holding. I ask you, do you think that a man with a family of five or six or more members with only three acres of proprietary land can maintain that family? Do you think that a man who pays Batai on a holding of five acres can maintain his family therefrom. You have taken decisions in an arbitrary manner. You have not paid attention either to the human side

or to the economic side, what a great farce this problem has become? I illustrate to you by quoting facts. They have given thousands and thousands of acres of land to British landlords in this Province to rear a horse or a mare; but they have given only two or three acres for rearing a family. Could there be anything more shameful ?(VOICES : Shame. Shame.) And all that is being done in the name of the Islamic Republic. I want particularly to draw the attention of the Chief Minister, who claims to be more kind hearted than others, to face the stark realities of the situation. You should gear up your machinery so that you do not cause another tremendous dislocation in the socio-economic life of this Province. Sir, people have objected to Khuhroism. But there is socio-economic Khuhroism and each one of you on those Benches is guilty of it. Political Khuhroism is dead but social and economic Khuhrioism is there, and it is much worse.

At one time a deputation brought to his notice the implications of the situation and he was human enough to take note of it and pass the necessary orders. I may tell the honourable the Chief Minister that when the Khuhroism menaces your ranks it will distress the morale of the tenant. And here I have got a great document which was prepared by one of your Officers, Mr. Masood. He in this small book has given the details of how you Khuhros on these Benches and on those Benches have been harassing our teeming millions. Sir, it is bad to get a political opponent and clamp him behind the bars; it is wicked on the part of any man, whether he be Khizar Hayat, Khuhro or Daultana. Now what about those people who are your economic slaves, whom you have destroyed, who are the back-bone of the nation and who today are not getting the smallest relief from you. They constitute more than eighty-five per cent of the population.

Sir, Mr. Khuhro should be proud of the fact that he is powerful; that he has given to the Province a term which shall pass on to the generations to come, but he need not be sorry for it, because in this House he is bound to play an honourable role ultimately.

I will now quote from Mr. Masud's booklet.

"The Hari fears the Zamindar's punishment more than he fears the tortures of hell, because he frequently sees the Zamindar's bullys in action. He knows that any disobedience on the part of the Hari brings on him the wrath of the Zamindar. A brother of a Hari who had abducted a women, was called by the Zamindar to give information regarding him. He denied any knowledge of his whereabouts. The Zamindar did not believe him and ordered his men to hang him upside down from a tree and beat him. So violent was the beating that he became unconscious and was carried home by his younger brother. The Zamindar posted a few watchmen at the house of the injured Hari to see that nobody went out to lodge information with the authorities. The old mother of the Hari wept and wailed and was dying to take her unconscious, beaten, bleeding son to a doctor, but the Zamindar's watchmen did not permit any one to go out. After four days the son of the poor wailing mother died. The Kamdars of the Zamindar removed his corpse to a graveyard and buried it. The old mother was allowed to go out after a few days and, almost mad with shock and grief, she went round telling her painful story to other Zamindars and begged them for help, but of no avail. She also faild to secure help of the police and, at last, she ran up to my Hindu Sub-Divisional Magistrate. The body of her son was dug out and the crime of the Zamindar came to light. Non-bailable warrants were issued but the Zamindar, who, the day before the issue of the warrants, was seen in the headquarters town, was next day reported by the police to have absconded. This case occurred in Kandiaro Taluka, a few days before I left charge of the Nawabshah district; such cases are not

rare in the petty feudal kingdoms of the Zamindars, though very few of them come to light".

This is only one example in this God-forsaken land of ours. This is not the only one incident of its kind. This is symbolic of the general state of affairs.

Mr. Speaker : Your time is up.

Mian Muhammad Shafi : Sir, only a few minutes more.

Mr. Speaker : The point is that the number of speakers is very large and the honourable member has taken about half an hour.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : You only give him five minutes more.

Mr. Speaker : I have no objection. He can speak up to one O'clock because this day is the only one fixed for this debate. But I think he should give opportunity to other honourable members also to speak.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I want to draw the attention of the Honourable Minister, who is today officiating as a Minister, in charge of this matter. In Lyallpur district there are sites which are leased out to foreign landlords and they have been having them for the last so many years. You know, Sir, that our people want every inch of land. You should kindly see to it that you do not renew the leases of these landlords. The people of the areas where these foreign people are landlords are not treated in a proper manner and you should not give them any more chances to treat our people like this.

From times immemorial, agriculture has been the main occupation of our people and they should not be deprived of this inheritance. I would appeal to the Chief Minister that he should see to it that no lease of land is given to the foreigners in future. Their leases should also not be renewed.

Sir, there is one other aspect of the problem and that is 'thur' and 'sem'. It is a great pity that our rural economy being agricultural Government has not taken any effective steps in this matter. This negligence on the part of the Government is destroying our land every year. The result of this continued indifference of the Government has been that 50 thousand acres of precious land is devastated. Had Government taken effective and timely steps, we would have saved so many thousands and lakhs of acres of land which today we would have placed at the disposal of the agriculturists, the rural population.

Sir, now I want to say something about Thal. Thal is a great experiment in our economy. I must pay my whole-hearted tribute to Mr. Ahsan who did great pioneering work in reclaiming the sands of this area. He proved the truth of the British phrase; by his efforts, "the sands were converted into glistening fields". But, Sir, after his departure, or even before his departure, things started drifting in that great experiment. I want to draw the attention of the Honourable Minister concerned to improve things in that area. Particularly, I want to draw the attention of the Minister to the matter of compensation of those lands which have been taken away from the feudal landlords. The rate of payment and the method of payment are not quite satisfactory. The Government should do something immediately to remove these difficulties.

Sir, before I conclude, I want to make a reference to what the other day an honourable member from Lyallpur said to me. He said to me that I was an enigma to him and that I got up all the time on personal explanations. May I tell him, if he is here, that in 1947 when he was basking in the sunshine of the then Governor, I was a detenu in Central Jail, Multan. May I tell him, Sir, that in 1953, when he and his former boss, Mian Mumtaz Daultana, were working for Malik Feroze Khan Noon, I was a detenu in Lahore Jail. May I tell him that ever since 1953, I have never tried to cross the floor of the House. I am not a political turn-coat (hear, hear). I never resorted to such tactics.

To say that the fact of my being 'arain' has been a factor in shaping my conduct, my political conduct, is the most perverted statement against which I whole-heartedly protest. I have never, for a moment, given consideration to tribal affiliations, to provincial affiliations. I am a Pakistani first, I am a Pakistan last.

مسٹر محمد بخش لکھیویرا (ضلع بہاولنگر) : جناب صدر—سب سے پہلے میں حکومت سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ضلع کو کیوں زیر عتاب رکھا جا رہا ہے ۔ جب میں اس ضلع کے واقعات کا ذکر آپ کے سامنے کروں گا تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ اس ضلع کی تکالیف کیا ہیں ۔ اور یہ تکالیف آٹھ نو سال سے چلی آرہی ہیں پہلے تو خیر ہمارا علاقہ مخدوم زادہ صاحب کی نو عمری اور ناتجربہ کاری کا شکار ہوتا رہا ہے مگر افسوس ہے کہ اس عہد میں بھی وہ جمہوریت سے محروم ہے ۔

جناب صدر اس کے بعد عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے علاقہ میں مالیہ کا بوجھ دوسرے علاقوں کی نسبت پانچ گنا زیادہ ہے میری گذارش ہے کہ اس فرق و تفاوت کو دور کیا جائے اور ہمیں اس ناجائز بوجھ سے نجات دلائی جائے ۔

دوسری چیز یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے علاقہ میں نہ تعلیم کا کوئی انتظام ہے نہ صحت کا ۔ نہ اسکول ہیں نہ اسکول ماسٹر ۔ نہ دوائی ہے نہ ڈاکٹر ۔ اور جناب صدر سڑکوں کا یہ عالم ہے کہ انسان تو انسان جانور بھی ان پر چلنے سے کتراتے ہیں ۔ البتہ مالیہ کو زیادہ کرکے بلڈنگیں ایسی تیار کرائی گئی ہیں کہ کراچی کا مقابلہ کرتی ہیں ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ تعلیم، صحت اور سڑکوں کی طرف خاص توجہ دی جائے ۔ ہم سے خاص بے رحمی کا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے ۔ اگر کسی کے چار بچے ہوں تو ان میں سے کوئی لائق ہوگا ۔ کوئی نالائق ہوگا لیکن جہاں تک جائداد کا تعلق ہے وہ ان سب کو برابر تقسیم ہوگی ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ سب علاقوں کے ساتھ برابر سلوک کیا جائے ۔ ہمارے ساتھ ملتان اور منٹگمری کے اضلاع ہیں ۔ ان کے مقابلہ میں ہمیں اگر پانچ روپے دینے پڑتے ہیں تو ان کو دو روپے دینے پڑتے ہیں ۔

جناب صدر—جب یونٹ بنا تو ہمیں بڑی خوشی ہوئی کہ ہم ایک بڑے ملک اور بڑی دنیا میں جا رہے ہیں ۔ مگر یہاں آکر

صورت ہی اور دیکھی ہے ۔ یہاں ممبر صاحبان کا ضمیر ہی کوئی نہیں ہے ان کا وعدہ ایسا ہے کہ جیسے وعدہ ارباب دولت ہمچو خواب ... اور جناب یہاں ہماری جماعت کی واضح اکثریت کو ٹھکرا دیا گیا میں عرض کروں گا کہ ہمیں دوسرے جمہوری ملکوں سے کچھ سبق سیکھنا چاہئے ۔ اور دیکھنا چاہئے کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں وہ صحیح ہے ۔ ہمارے بعض ممبران نے دو ہی دن میں اپنا نظریہ بدل لیا ہے اور پچھلے آٹھ دس سال میں ہم نے باہمی تعاون سے جو کام کیا ہے انہوں نے اسے خاک میں ملا دیا— اس پر طرہ یہ کہ آج وہ اپنی طرف لے جانے اور اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کر رہے ہیں— مزید برآں وہ اس سر زمین میں جو دو قوموں کے نظریے اور مذہب کی بنا پر آزاد ہوئی پھوٹ ڈال کر اسے تباہ و برباد کرنے کے درپے ہیں—میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز کم از کم ڈاکٹر خان صاحب کے شایان شان نہ تھی کہ وہ ایسے ممبران کو اپنا شریک بنا لیتے اور ملک میں تعمیری کام کرنے کے بجائے دھڑے بندی کا شکار ہو جاتے— کیا ان کے برسراقتدار آنے سے ہمارے تعلقات ہندوستان سے بہتر ہوگئے ہیں یا افغانستان سے کوئی تصفیہ ہو چکا ہے— لہذا میں آج بھی اپیل کرتا ہوں کہ آج بھی اس ایوان کے سب معزز ممبران اس ملک اور قوم کی خاطر ایک ہی جماعت میں شامل ہو جائیں اور اپنے نصب العین کی طرف نہایت گرمجوشی سے قدم بڑھائیں—

جناب والا— آپ دیکھ رہے ہیں کہ آج سیاسی اختلاف کی بنا پر ملک کس قسم کی مصیبت میں گرفتار ہے (ایک آواز— جناب والا— کیا یہ تحریک تخفیف پر تقریر ہو رہی ہے)۔

صاحب سپیکر : مہربانی کرکے معاملہ آراضی کے متعلق بھی کچھ کہیں ۔

مسٹر محمد بخش لکھیو یرا جناب—والا۔ معاملہ آراضی کے سلسلے میں میری عرض یہ ہے کہ اس کے متعلق ہم پر بہت ظلم ہو رہے ہیں اور یہ ظلم صرف ہمارے باہمی اختلاف کی وجہ سے ہو رہے ہیں ہمیں اپنے ملک میں تفرقہ پیدا نہ کرنا چاہیئے کیونکہ اس سے ہم کمزور ہوں گے ۔ ان کرسیوں کی جنگ کو ختم کرکے ہمیں اپنے ملک کی مضبوطی کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہیئے ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ پچھلے نو سال تک تو ہم میں پورا اتفاق اور اتحاد رہا مگر اب

ڈاکٹر خاں صاحب نے اسے ایک ہی تیر کے نشانے سے ختم کر دیا ہے میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ جس قوم اور ملک میں تفرقہ ہو وہ کبھی ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا ۔ آپ یہ خیال نہ کریں کہ آپ اس ایوان میں کامیاب ہو گئے تو بس اب آپ بلند تر ہوتے جائیں گے ۔ بلکہ میرا خیال ہے کہ یہ عارضی بلندی آپ کو بہت جلد ہی نیچے کو لے آئے گی ۔

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

جناب والا—آخر میں میری عرض یہ ہے کہ مہاجر طبقہ عرصہ سے در بدر پھر رہا ہے ۔ اس کیلئے مستقل الاٹمنٹ کا خاطر خواہ بندوبست ہونا چاہیئے ۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین — جناب والا— آپ سے پہلے تو اس ایوان کا یہ دستور رہا ہے کہ جب تقریریں کرنے والے حضرات کی تعداد زیادہ ہوتی تھی تو اس صورت میں ہر تقریر کے لئے وقت مقرر کر دیا جاتا تھا — کیا اب اس دستور پر عمل نہیں ہو سکتا—

صاحب سپیکر— چونکہ بہت سے حضرات نے تحریک ہائے تخفیف پر تقریروں کے لئے نام دئے ہیں اس لئے اب دس منٹ سے زیادہ کسی ممبر کو وقت نہیں دیا جائے گا—

رانا غلام صابر خان (ضلع منٹگمری) ۔ حضور والا— میں اس تحریک تخفیف پر اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں— میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر مال کی توجہ خاص طور سے ضلع منٹگمری کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں— مگر افسوس ہے کہ وہ اس وقت یہاں موجود نہیں— حالانکہ ان کا بھی ضلع منٹگمری سے کسی حد تک تعلق ہے — جناب صدر— اس ایوان کے معزز ممبران کو علم ہے کہ ضلع شیخوپورہ میں کافی سے زیادہ زمین سیم زدہ ہے — ضلع لائل پور کی تحصیل جڑانوالہ اور منٹگمری کی تحصیل اوکاڑہ میں ہزاروں ایکڑ اراضیات سیم کا شکار ہو رہی ہیں— جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے جیسا کہ میرے معزز دوست میاں محمد شفیع نے فرمایا تھا ہماری حکومت کو لکھو کھا روپے کا خسارہ ہو رہا ہے اگر سیم زدہ علاقوں کی زمینوں کو درست نہ کیا گیا تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس رقبے میں اور اضافہ ہو جائے گا جس سے ہماری اقتصادی حالت پر بہت برا اثر پڑے گا—

جناب صدر— میاں ممتاز دولتانہ کے دور اقتدار میں ہم ایک وفد کی صورت میں چوھدری محمد حسین چٹھہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے— اس وقت چوھدری صاحب موصوف وزیر مال تھے— ان کے سامنے ہم نے اپنی تکالیف پیش کیں اور مطالبہ کیا کہ وہ خود موقع پر جا کر زمین دیکھیں—چنانچہ انہوں نے موقع پر جا کر دیکھا کہ اسلام پور کا علاقہ سیم کی وجہ سے بالکل خراب ہو چکا ہے— انہوں نے دیکھا کہ چک ۴۷—۲—ایل اور چک ۴۸—۲—ایل بالکل تباہ ہو چکے ہیں— اس قسم کے مواقع دیکھنے کے بعد بالاخر انہوں نے ایک سکیم تیار کی جس کا منشا یہ تھا کہ جو زمینیں خراب ہو چکی ہیں ان کے مالکوں کو متبادل رقبے دئے جائیں تاکہ وہ اپنی گزر اوقات کر سکیں— مگر اس کے بعد ہوتا کیا ہے— ہوتا یہ ہے کہ محکمہ مال رشوت ستانی کا گہوارہ بن جاتا ہے— بڑے بڑے مالکان اراضی جن کی وزراء اور دیگر بڑے بڑے افسروں تک رسائی ہوتی ہے اس سکیم سے فائدہ اٹھا لیتے ہیں مگر وہ لوگ جو شرافت و غربت کی وجہ سے زیادہ ہاتھ پاؤں نہیں مارتے اور رشوت دینا نہیں جانتے یا دے نہیں سکتے۔ غالباً اس لئے کہ ان کے پاس پیسے نہیں ہوتے ۔ اج تک اس سکیم کے تحت فائدہ اٹھانے سے محروم رہے ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر مال کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ واقعی چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں کے خیر خواہ ہیں تو وہ ایک انکوائری کمیشن بٹھائیں جو اس امر کے متعلق انکوائری کرے اور بالاخر ان کاشتکاروں کو زمین دلوائے جو آج تک اس سے محروم رہے ہیں۔

حضور والا—دو ماہ ہوئے ہم ایک وفد کی صورت میں کمشنر ملتان ڈویژن کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر منٹگمری کے پاس بھی گئے ۔ حتی کہ ریکلیمیشن کے محکمے اور نہری افسروں تک بھی پہنچے ان سے اپنی تکالیف بیان کیں ۔ اور ان سے موثر اور فوری کارروائی کرنے کو کہا مگر ہوا یہ کہ ہمیں دکھلانے کے لئے کاغذی کارروائی تو کافی کی گئی مگر آج تک اس پر عمل نہیں ہوا ۔

حضور والا—میں آپ کی وساطت سے ڈاکٹر خانصاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ سیم مختلف علاقوں کو بری طرح تباہ و برباد کر رہی ہے اس کے پھیلاؤ کو روک کر صوبے کو مزید نقصان سے بچایا جائے۔

حضور والا—میرے ضلع منٹگمری میں آج کل سیٹلمنٹ جاری ہے - مجھے اس سلسلے میں اکثر افسروں سے ملنے کا اتفاق ہوتا ہے - مجھے معلوم ہوا ہے کہ ان کا خیال منٹگمری میں مالیہ اراضی بڑھانے کا ہے - اس کے متعلق میری گزارش یہ ہے کہ ضلع منٹگمری کی زمینیں اتنی اچھی نہیں کہ ان کا مالیہ اراضی لائلپور کی زمینوں کے مطابق کر دیا جائے میں وزیر مال کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس امر کی طرف خاص طور سے توجہ دیں -

جناب والا—چھوٹے مالکان جو آج تک اراضی سے محروم رہے ہیں بہت بری حالت میں ہیں - ان کے متعلق میں وزیر مال کی خدمت میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں - اگر وہ اسے منظور فرمائیں اور اس پر عمل کریں تو یہ بہت ہی مفید ثابت ہو سکتی ہے - تجویز یہ ہے کہ آپ سمری ٹرائیلز کی طرح موقع پر جا کر ہر شخص کے حالات کے مطابق فیصلہ کریں - جن لوگوں کی ساری کی ساری اراضی تباہ ہو چکی ہے - اور جن کو کھانے کے لئے روٹی میسر نہیں اور جن کے بچوں کو پہننے کے لئے کپڑا دستیاب نہیں ہوتا آپ موقع پر ان کے متعلق فیصلہ کریں اور انہیں زمینیں دلوائیں -

جناب والا—تھل سکیم کے متعلق لوگوں کا یہ خیال تھا کہ اس سے غریب کاشتکاروں اور چھوٹے زمینداروں کو بہت فائدہ پہنچیگا - مگر ہوا یہ کہ وہاں بھی افسروں اور دیگر بڑے بڑے لوگوں نے لاکھوں ایکڑ زمین حاصل کر لی اور وہ غریب مزارعین جن کے متعلق حکومت نے خاص طور سے وعدے کئے تھے ابھی تک بیدخلی کی حالت میں پھر رہے ہیں - جس کے متعلق میاں محمد شفیع صاحب نے فرمایا تھا - چونکہ وقت تھوڑا رہ گیا ہے اس لئے میں آخر میں ایک بات اس ہاؤس کی خدمت میں کہہ دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ جب تک حکومت عوام کے مفاد کے لئے کوئی صحیح قدم نہیں اٹھائیگی غریبوں کے تمام مسائل کو حل نہیں کرے گی اس وقت تک ملک کی بہتری نہیں ہو سکے گی - آپ لوگوں کیلئے تو آسانیاں ہیں، آپ نہایت آرام سے زندگی بسر کرتے ہیں مگر اس ملک میں لاکھوں ایسے لوگ بھی بستے ہیں جو رات کو بھوکے سوتے ہیں - آپ اتنے عیش و عشرت میں رہتے ہیں مگر ان کی حالت کا کبھی اندازہ نہیں کرتے -

اس وقت ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت ہے اگر وہ چاہیں اور یہ کوشش کریں تو یہ نوابیاں یہ جاگیرداریاں اور یہ کارخانہ داریاں یکدم ختم ہو سکتی ہیں اور اس طرح ان کو دوبارہ حکومت میں آنے کا موقع مل سکتا ہے ۔کیونکہ اس وقت وہی لوگ بر سر اقتدار آئیں گے جو مزدوروں اور غریبوں کے نمائندے ہوں گے ۔ ان الفاظ کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

ایدن سنگھ ناگ جی سودو (ضلع تھرپارکر) — جناب صدر میں تھوڑا بہت اردو جانتا ہوں اسلئے چاہتا ہوں کہ اپنے خیالات کا اظہار اردو ہی میں کروں گا تاکہ اس ایوان کے تمام آنریبل ممبر صاحبان سمجھ سکیں ۔ جناب صدر ۔ اس دفعہ سندھ میں جس طریقہ سے مالیہ کی اسیس‌منٹ کی گئی ہے دنیا کے کسی تختے میں ایسا نہیں ہوا (شور) ۔ سابقہ صوبہ پنجاب میں جو اسیس‌منٹ ہوئی ہے وہ نہایت درست ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ انصاف کا پورا خیال رکھ کر حکومت تمام اسیس منٹ ایک جیسی کرے ۔ اس کے لئے حکومت خاص کمشنر اور کلکٹر مقرر کرکے ان کو ضروری سٹاف دے تاکہ وہ جلد از جلد اپنی تجاویز پیش کریں اور ویسٹ پاکستان میں صحیح طریقہ پر اسیس منٹ کی جائے اور یہ جو اے کلاس اور بی کلاس کا فرق رکھا ہے یہ درست ہے ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ سیلاب کی وجہ سے عمر کوٹ وغیرہ علاقوں میں بہت نقصان ہوا ۔ کمشنر اور کلکٹر صاحبان موقع پر حالات کو دیکھنے گئے ۔ انہوں نے پیڈی پر دو آنہ ری بیٹ دیا لیکن کاٹن پر بالکل ری بیٹ نہیں ملا۔ حالانکہ کاٹن کا بہت نقصان ہوا ہے ۔ حکومت کو اس بات پر ضرور غور کرنا چاہئے اور کاٹن پر ضرور ری بیٹ دینا چاہئے میں نے سنا ہے کہ ایسا حکم بھی جاری ہوا ہے کہ سیلاب کی وجہ سے جن فصلوں کو نقصان ہوا ہے ان کے لئے معافی دی جائے ۔ پنجاب میں تو اس حکم کی تعمیل ہو گئی ہے ۔ مگر سندھ میں ابھی تک نہیں ہوئی ۔ مجھے معلوم ہے کہ سندھ میں کیوں ایسا حکم جاری نہیں ہوا ۔ پنجاب کے جاگیردار اور زمینداروں کو تو معافی مل گئی ۔ مگر سندھ میں کسی کو نہیں ملی ۔ اس لئے حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اس معاملہ کی طرف ضرور غور کیا جائے ۔ ایک بات اور عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے کہ گذشتہ سال جب گندم بوئی گئی تو پانی نہیں ملا ۔ پھر جن علاقوں میں فصلوں کو پانی نہ دیا

گیا وہاں اسپیس منٹ کیوں لی گئی ہے - میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ اس کی پوری تحقیقات کرائی جائے -

خان وطن بادشاہ خان(ضلع کوہاٹ)—صاحب صدر بہت ہی شکر ہے اور یہ ہم پر خدا اور رسول کی مہربانی ہے کہ ہمارے لیڈروں اور بڑوں نے جو تقریریں کی ہیں وہ سب ملک اور ملت کے فائدہ کے لئے کی ہیں - مگر میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ انہوں نے جو کچھ فرمایا ہے وہ کس حد تک سچ تھا - میں یہ چیز بری طرح محسوس کرتا ہوں اور مجھے اس کا افسوس ہے کہ ہمیں یہاں آنے سے پہلے تقریروں کے ذریعہ یہ کہا جاتا رہا کہ یونٹ بننے کے بعد کوئی غریب نہ رہے گا اس میں عوام کا بہت فائدہ ہے اور نہ ہی یونٹ کی تکمیل کے بعد کسی قسم کا صوبائی تعصب رہے گا - مگر یہاں پر میں صوبائی تعصب زیادہ دیکھ رہا ہوں کوئی کہتا ہے یہ بلوچی ہے کوئی کہتا ہے یہ سندھی ہے کوئی کہتا ہے یہ پنجابی ہے اور کوئی کہتا ہے یہ سرحدی ہے میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ ہم سب بھائی بھائی ہیں اور ہمارا مذہب اسلام ہے- خدا کے واسطے ان چیزوں سے احتراز کریں تاکہ یہ صوبائی تعصب کی لعنت ختم ہو جائے- اس کے متعلق اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا شاید آپ کے خیال میں میں غلطی پر ہوں مگر میرا نظریہ یہی ہے کہ صوبائی تعصب کو ہوا دی جا رہی ہے میں جب یہاں آیا تو بہت کچھ دل میں لیکر آیا تھا - مگر یہاں آکر ان حالات کو دیکھ کر مجھے افسوس ہوا کہ دل کی دل ہی میں رہ جائے گی - میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جن عوام نے مجھے یہاں اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا ہے وہ مجھ سے جب پوچھیں گے کہ تم نے ہمارے لئے کیا کیا ہے اور ہمارے لئے کیا لائے ہو اور ملک کے مفاد کے لئے تم نے وہاں پر کیا کیا تو مجھے ان کو مجبوراً یہ جواب دینا پڑے گا کہ وہاں سے آپ کے لئے سوائے نعروں اور ہائے ہائے کے کچھ نہیں لا سکا (تالیاں)

آپ جانتے ہیں یہ سب کچھ کس لئے کیا جا رہا ہے مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہر ایک یہاں بڑا لیڈر ہے اور قوم کا نمائندہ ہے اس قوم کا جس نے آپ کو یہاں پر بھیجا ہے- کم از کم ان سے جو وعدہ کیا کرو اس پر مضبوطی سے قائم رہو میں سنٹرل مسلم لیگ میں بھی رہا ہوں اور پراونشل مسلم لیگ میں بھی رہا ہوں اور جب

تک میں مسلم لیگ میں رہا ہوں میں نے اپنے فرائض میں کبھی کوتاہی نہیں کی آپ کو اچھی طرح سے معلوم ہے ۔ یہ جو کچھ آپ دیکھ رہے ہیں یہ سب اقتدار اور کرسی کے لئے ہے ۔ میں نے آج تک کرسی کی کبھی پروا نہیں کی، میں قوم کا خادم ہوں اور ہمیشہ میرا یہی نصب العین رہا ہے کہ قوم کی خدمت کروں مجھے آپ سے کچھ نہیں چاہئے میں صرف آپ سے اس بات کے لئے استدعا کرتا ہوں کہ للہ قوم کی اصلاح کیجئے اور قوم کی بہتری کے لئے تعمیری کام کیجئے میں آپ سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ مہربانی کرکے ان کرسیوں کی لڑائی میں نہ الجھئے ورنہ آپ قوم اور خدا کے آگے جواب دہ ہونگے بلکہ آپ کو چاہئے کہ جو وعدے آپ نے قوم سے کئے ہیں ۔ ان کو پورا کرنے کی جلد از جلد کوشش کریں تاکہ وہ قوم جس کے آپ یہاں پر نمائندے ہیں آپ پر بدگمانی نہ کرے کہ آپ وہاں جا کر اقتدار کی لڑائی میں الجھ کر رہ گئے اور قوم کی فلاح کےلئے کچھ نہ کر سکے ہم سب مسلمان ہیں اور بھائی بھائی ہیں اور یہ سب کرسیاں ہم مسلمانوں کے لئے ہیں ۔

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لونگا مگر دو چار دن سے جو جذبات میرے دل میں پیدا ہوئے ہیں وہ میں اپنے بھائیوں کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ میں نمائشی آدمی نہیں ہوں اور نہ ہی میں یہ چاہتا ہوں کہ میری مشتہری کی جائے ۔

جناب والا ۔ میں کوہاٹ کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ ضلع کوہاٹ میں حکومت نے کسی قسم کے کارخانے تعمیر نہیں کئے ہیں ۔ آبپاشی کا بھی وہاں پر کوئی انتظام نہیں کیا گیا ۔ اور نہ ہی وہاں پر کافی مقدار میں بجلی مہیا کی گئی ہے ۔ اسکے علاوہ حکومت نے نئے سکول کھولنے کے بارے میں بھی ضلع کوہاٹ کو نظر انداز کیا ہے ۔ مزید برآں حکومت نے وہاں کے عوام خصوصاً دیہاتی عوام کی طرف کوئی توجہ نہیں دی ۔ جسکی وجہ سے وہ دیہاتی عوام بڑی مصیبت اور تکلیف کی زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ میری حکومت سے استدعا ہے کہ وہ ان لوگوں پر بھی نظر کرم فرمائے ۔ یہاں پر میں یہ بات بھی واضح کر دوں کہ میں نہ صرف اپنے حلقہ نیابت کی طرف سے بول رہا ہوں بلکہ میں اپنے تمام بھائیوں کی نمائندگی کر رہا ہوں کہ کوہاٹ کے باشندوں کو جو جو تکالیف ہیں وہ میں حکومت کے سامنے پیش کروں تاکہ حکومت اس پر غور فرما کر رفع کرنیکی کوشش کرے ۔

جناب والا ۔ میں سب ممبر صاحبان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ بھی یہاں پر اپنے عوام کی تکلیف پیش کریں اور اسے رفع کرانے کی حتی المقدور کوشش کریں ۔ مگر یہاں پر ایسا نہیں ہو رہا بلکہ اقتدار حاصل کرنے کیلئے جنگ ہو رہی ہے ۔ اگر یہی حال رہا تو پھر ہم سب بدنام ہو جائینگے ۔ اور پھر کل ہم کسطرح اپنے عوام کے پاس جا کر ووٹ کا مطالبہ کرینگے ۔ یہی میری گذارشات ہیں جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کر دی ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

میاں منظور حسن (ضلع گوجرانوالہ) — جناب والا ۔ میں آج اس غرض سے اٹھا ہوں کہ میں محکمہ مال کی نااہلیت اور ناکار کردگیوں کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ دلاؤں اور اس محکمہ کی ان کارروائیوں کو زیر بحث لاؤں جن کے باعث اس صوبہ میں سخت غذائی بحران پیدا ہونے کا اندیشہ ہے ۔ ہم دنیا کے غریب ترین ممالک میں سے ہیں اور عوامی قوت خرید کی کمی کی وجہ سے ہم ایک غلہ خور قوم بن کے رہ گئے ہیں اور ہمارے لئے (Protective Foods) قوت بخش اغذیہ سبزیات ۔ پھل اور گوشت خوری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ ہماری ضروریات گوشت خوری کی روزانہ مقدار فی کس 0.06 اونس ہے ۔ اس کے مقابلہ میں آسٹریلیا میں 11.2 اونس ہے اس پر طرہ یہ کہ ہماری آبادی میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور پیدائش میں زیادتی کی وجہ سے ڈیڑھ فیصدی سالانہ آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے اور اس اضافے کی وجہ سے ہماری ضروریات اناج بتدریج بڑھ رہی ہیں اور گذشتہ سال کی نسبت ہر سال ڈیڑھ لاکھ ٹن غلہ زائد درکار ہوتا ہے ۔ اس کے برعکس ہمارے قابل زراعت رقبہ میں بتدریج کمی ہو رہی ہے ۔ اس ضمن میں زمین کے کٹاؤ پھٹاؤ کا معاملہ بے حد تشویش ناک ہے جس کی وجہ سے صرف سابقہ پنجاب میں ہی سات لاکھ ملین ایکڑ اراضی ناقابل کاشت بن چکی ہے اور اگر ایک سرے سے لیکر دوسرے تک نظر دوڑائیں تو ہمیں میلوں ایسا رقبہ نظر آئیگا جو کٹاؤ پھٹاؤ کی وجہ سے ناقابل کاشت بن چکا ہے ۔ سیم کا مسئلہ اسکے علاوہ ہے ۔ بیس پچیس ہزار ایکڑ اراضی صرف اسکی وجہ سے دلدل بنکر خراب ہو چکی ہے ۔ قریباً چھ لاکھ ایکڑ اراضی شور کی وجہ سے قطعی ناکارہ ہو چکی ہے ۔ علاوہ ازیں سترہ لاکھ ایکڑ اراضی تھور سے متاثر ہو چکی ہے اور قریباً ہر سال پینتیس ہزار ایکڑ کی رفتار سے شور زدہ ہو کر ناکارہ بن رہی ہے ۔ آپکی حکومت اراضی کے اس روز افزوں نقصان کو روکنے کے لئے کسی مربوط منصوبے کو پیش کرنے سے قاصر رہی ہے ۔

آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے صوبے کا غذائی توازن نہایت ہی نازک صورت حال اختیار کر چکا ہے۔ معمولی سے معمولی موسمی تغیرات سے متاثر ہو کر قحط کی سی صورت پیدا ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔ حکومت نے اس قومی ضیاع سے تغافل برت کر صوبے کو تباہی کے غار میں دھکیلنے کی کوشش کی ہے۔ ایک اور صورت جسکی وجہ سے ہماری غذائی صورت حالات متاثر ہو رہی ہے وہ fragmentation of holdings ہے۔ ہماری اراضی تقسیم در تقسیم ہونے کی وجہ سے اور غلط الاٹمنٹوں کی وجہ سے uneconomic holdings میں منقسم ہو گئی ہے۔ حکومت نے اشتمال اراضی کے سلسلہ میں کوئی عملی قدم نہ اٹھا کر ایک کوتاہی برتی ہے۔ کمی پیداوار بھی اس ضمن میں ایک بڑا factor ہے۔ پیداوار کے اضافہ میں بھی حکومت نے کوئی اقدام نہیں کیا۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ ان علاقوں میں survey کرائے جو سیم و تھور سے متاثر ہو چکے ہیں۔ اور reclamation of land کے سلسلے میں بیرونی ماہرین کی امداد حاصل کرے اور قلیل المعیاد و طویل المعیاد منصوبے بنائے تاکہ وہ اراضی جو ناکارہ ہو چکی ہے ایک دفعہ پھر قابل کاشت بن جائے۔ conservancy of land کیلئے ایک مرکزی قومی بورڈ بنائے جسکے ماتحت ضلع وار بورڈ مرتب کئے جائیں۔ اور sheet erosion اور riveiran erosion کا سدباب درخت کاری وٹ بندی اور ذرائع آب کی تدوین قومی پیمانہ پر کرے۔ fragmentation of holdings سے نجات حاصل کرنے کیلئے اشتمال اراضی کی صوبہ گیر تحریک چلائی جائے اور un economic holdings کی توسیع کیلئے بڑی بڑی زمینداریوں کو ختم کرکے انہیں چھوٹے رقبے بڑھانے کے لئے استعمال کرکے غریبوں کو ذریعہ معاش عطا کرے۔ پیداوار میں اضافہ کیلئے Intensive agriculture شروع کرائے۔ اور صوبے میں کھادیں پیدا کرے اور جاپانی طریقہ کاشت دھان اختیار کرے۔

حضور والا۔ اس ضمن میں ہماری حکومت کو چاہئیے کہ وہ چھوٹے کاشتکاروں اور مالکوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ایک family unit اراضی تجویز کرے اور اسے مالیہ سے مستثنیٰ قرار دیدے اور کمی مالیہ کو Sliding Scale Agricultural Income Tax کے نفاذ سے پورا کرے۔ اس ضمن میں میں اپنے فرض سے کوتاہی کرونگا اگر میں ہاؤس کی توجہ محکمہ مال کے ادنیٰ ملازمین کی زبوں حالی کی طرف منعطف نہ کراؤں۔ آپ اس بدنام ترین مخلوق ہی کو لیجئیے جسے پٹواری کہتے ہیں۔ وہ محکمہ مال کی مشینری کا متحرک ترین پرزہ ہے۔ جمعبندیاں تیار کرتا ہے۔ حیثیت اراضی کا ریکارڈ تیار کرتا ہے۔ گرداوریاں قلمبند کرتا ہے۔ غرض اراضی کی نسبت

ہر جہت کی یاد داشتیں تحریر کرتا ہے۔ مالیہ تشخیص کرتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ اپنے علاقہ میں حکومت کے ہر حکم کی اطلاع بہم پہنچاتا ہے اور تعمیل کراتا ہے ۔ دیہات میں وہ ایک جہت سے حکومت کے نقیب کی حیثیت رکھتا ہے ۔ اسکی معاشی حالت ملاحظہ فرمائیے ۔ اسکی تنخواہ ایک جونئیر گریڈ کلرک سے کہیں کم ہے ۔ اسے مہینے میں کئی کئی دن تحصیل ہیڈ کوارٹر تک سفر کرنا پڑتا ہے ۔ جسکا کوئی معاوضہ دستیاب نہیں ہوتا ۔ نہ سفر خرچ نہ اخراجات خوراک ۔ اس پر مستزاد یہ کہ اسے عملہ مال اور افسران بالا کی میزبانی کے فرائض بھی ادا کرنے پڑتے ہیں ۔اور کئی صورتوں میں انکی ضروریات زندگی کی بہم رسانی بھی اس کے ذمہ ہوتی ہے ۔ اس پر اگر آپ مطالبہ کریں کہ وہ دیانت داری اور راست بازی اختیار کرے تو وہ کیونکر اسے پورا کرسکتا ہے ۔ حضور والا ۔ یونٹ کے قیام سے بعض ایسے حصے بھی ہمارے ساتھ ملحق ہوئے ہیں جہاں پٹواری کے ذمہ افسران محکمہ کے علاوہ وزراء کے دورے بھتے کا خرچ بھی تھا ۔ اسی ضمن میں بہاولنگر کے ایک مظلوم پٹواری کو ۱۹۵۲ء میں وزیر مال کی آمد پر نو شاخ بکرے ایک سو مرغے ایک ٹین گھی پندرہ سیر مکھن اور نقد سات سو روپیہ فراہم کرنا پڑا تھا ۔ ہمیں امید ہے کہ جسکے نام پر یہ عطیات وصول کئے گئے تھے وہ اب اپنی گران تر ذمہ داری کو محسوس کرکے ایسے واقعات ظہور پذیر نہ ہونے دینگے ۔

حضور والا ۔ اس ایوان کے معزز اراکین پر یہ امر خوب روشن ہے کہ پٹواری اپنے علاوہ محکمہ بھر کی رشوت خورانی کا ذریعہ ہے ۔ اسے اپنی جسم و جان کے علاوہ افسران کے مطالبات بھی پورے کرنے پڑتے ہیں ۔ اپنی قلیل تنخواہ اور غیر یقینی حالات کے پیش نظر وہ ان اغراض کا جلد تر شکار ہو جاتا ہے ۔ اس لئے ضروری ہے کہ آپ اسکے لئے موزوں حالات اور قابل اعتماد ذرائع آمدنی عطا کریں تا کہ وہ خود اعتمادی اور تیقن کے ساتھ ان ناجائز ذرائع آمدنی سے اپنے دامن بچانے پر مجبور ہو جائے ۔

پٹواریوں کو جونئر کلرک کا گریڈ دینا چاہئیے ۔ صدر دفتر میں قیام اور آمد و رفت کے سلسلے میں سفر خرچ اور خوراک کا عوضانہ دینا چاہئیے ۔ انکی رہائش کیلئے پٹوار خانے مہیا کئے جائیں ۔

انکی ملازمت کو استقلال بخشا جائے اور تبدیلیوں اور قیام کی معیاد مقرر کی جائے ۔

Khan Sardar Bahadur Khan (Tribal Areas adjoining Mardan and Hazara District): Sir, I may avail of this opportunity with a view to present certain ideas which I have about the problem which can be termed as the major socio-economic problem with which we are faced. It is admitted on all hands that our province is essentially an agricultural province, more than 80 per cent of the population is sustained by agriculture and as such only a fair distribution of land on equitable basis with a relationship which can be termed as equitable between the landlord and tenants, can alone solve this problem.

(آوازیں—اردو میں تقریر کیجئے)

خان سردار بہادر خان—جناب والا ۔ ہم سیاستدان بشمول میرے ہردلعزیز ہونے کے لئے اور عوام کے سامنے اپنے آپ کو لانے کے لئے اس مسئلہ کو بطور ہتھیار استعمال کرتے ہیں ۔ مگر صد افسوس کہ تا حال ہم میں سے کسی نے دیانت داری اور خلوص کے ساتھ اس مسئلہ کو حل کرنے کی سعی نہیں کی ۔ جناب والا ۔ چونکہ یہ ایک قومی مسئلہ ہے لہذا ہمیں پارٹی بازی سے بالا تر ہو کر اس کا حل تلاش کرنا چاہئے ۔ اس لئے میں آپ کی خدمت میں اس مسئلہ کا حل پیش کرتا ہوں ۔ مجھے یہ دعویٰ ہرگز نہیں کہ یہ ایک حتمی حل ہو گا ۔ مگر ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی امید رکھتا ہوں کہ اگر صاحب اقتدار لوگ میری تجاویز کو عملی جامہ پہنائیں تو یہ مسئلہ خاطر خواہ طریقے پر حل ہو سکتا ہے ۔ اگر یہ مسئلہ حل ہوجائے تو میں سمجھونگا کہ ہمارے ملک کے عوام بڑے خوش بخت ہیں اور حکومت بڑی خوش نصیب ہے ۔ اس مسئلہ کی کامیابی کے بعد ملک کی زیادہ آبادی اطمینان کے ساتھ اپنی روزی کما سکے گی اور با وقار زندگی بسر کر سکے گی ۔

جناب والا ۔ ہم جس وقت stage پر جاتے ہیں تو بڑے زور شور سے کہتے ہیں کہ ہم جاگیرداری کو ختم کردیں گے ۔ ہم زمینداری کو ملیا میٹ کردیں گے ۔ ہم بڑے landlords کو ختم کر دیں گے اور اس کے نتیجے کے طور پر لوگوں کے sentiments کو اپیل کرتے ہیں ۔ مگر کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ہم میں سے کسی نے یہ معلوم کرنے کی زحمت گوارا کی یا تکلیف فرمائی کہ ہم میں سے سب سے بڑا landlord کون ہے ۔ اس کا جواب میرے پاس ہے — بڑا landlord ہماری حکومت ہے ۔ جس وقت میں Colonisation Minister تھا تو میں نے اس سلسلے میں statistics اکٹھے کرنے کی کوشش کی تھی اور میں اس نتیجہ پر پہنچا تھا کہ پیشتر اس کے کہ ہم کسی private property کو touch کریں (جسکے آپ آئین پاکستان کی رو سے بھی مجاز نہیں ہیں) ہم پہلے کیوں نہ سرکاری زمینوں کو اس مقصد کے لئے مصرف میں لائیں ۔ اس لئے میں حکومت سے کہونگا کہ مغربی پاکستان

میں جس قدر آباد سرکاری زمین ہے اس کو لوگوں کے ہاتھ فروخت کر دیا جائے -

حضور والا - آپ سن کر حیران ہوں گے کہ میں ایک مرتبہ ملتان گیا تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب مجھے Colonisation Officer نے بتایا کہ نیلی بار یعنی وہاں کی Colonies میں زمینیں سالانہ اجارے پر زمینداروں کو دی جاتی ہیں - میں پوچھتا ہوں کہ جن زمینداروں کو ایک سال کی lease پر زمین دی جائے گی وہ اس پر کیسے دل لگا کر محنت کریں گے - ان زمینداروں کو یہ اطمینان نہیں ہوگا کہ یہ زمین اگلے سال بھی ان کے قبضہ میں رہے گی - آپ سوچیں کہ اس کے نتیجے کے طور پر نقصان کس کو ہو رہا ہے - سب سے بڑا نقصان ہماری قومی دولت کے اضافے میں ہو رہا ہے - اگر وہ لوگ دلجمعی کے ساتھ محنت نہیں کریں گے تو ہماری output کم ہوگی - اگر حکومت وہی زمینیں ان زمینداروں کو مستقل طور پر اقساط پر فروخت کر دے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمارا ذریعہ آمدن بڑھ جائے گا اور وہ زمینیں کاشت کرنے والے زمیندار بھی اطمینان کے ساتھ اپنی زندگی بسر کر سکیں گے - لہذا میں تجویز پیش کرونگا کہ حکومت کو خاص طور پر اعداد و شمار اکٹھے کرنے چاہئیں کہ اس وقت اس کے پاس آباد سرکاری زمین کسقدر ہے - جب یہ کام ہو جائے تو پھر اسے categorise کرے - دوسری تجویز میں یہ پیش کرونگا کہ آپ maximum holding اور minimum holding کا تعین کریں - سابق صوبہ پنجاب کی minimun holding ۱۰ ایکڑ per family تھی جو بہت ہی تھوڑی ہے - بھلا ایک family ۱۰ ایکڑ پر کیسے گزر اوقات کر سکتی ہے - میری تجویز یہ ہے کہ آباد ۲۰ ایکڑ زمین کی minimum holding مقرر کی جائے - یہ ممکن نہیں کہ آپ ایسے علاقے میں جہاں زمین آباد نہ ہو کسی family کو ۲۰ ایکڑ پر attract کر سکیں کہ وہ وہاں جا کر آباد ہو جائے - لہذا حکومت کے پاس discretion ہونی چاہئے کہ جہاں نئی آبادی کرنی ہو وہاں minimum holling ۲۰ ایکڑ سے لیکر ۵۰ ایکڑ تک ہوسکے - اس کے بعد میں یہ تجویز پیش کرونگا کہ آپ maximum holding بھی fix کریں اور یہ maximum holding بہت محدود مقدار میں نہ ہو اس کی مقدار کم از کم ۳۰۰ ایکڑ ہونی چاہئے - یہ ان لوگوں کے لئے ہو جن سے آپ mechanical farming کرانا چاہتے ہیں - گورنمنٹ ان تینوں categories

کی price علیحدہ مقرر کرے اس کے علاوہ میری تجویز یہ ہے کہ کم سے کم نقد ۶۰ فی صدی زمین minimum holding basis پر ان لوگوں کے ہاتھ فوراً فروخت کردی جائے جن کے پاس زمین نہیں ہے ۔ اس کی قیمت اس معیار سے کم ہو جو maximum holding کے لئے آپ مقرر کریں ۔ کیونکہ maximum holding میں صرف صاحب استطاعت اور صاحب ثروت اصحاب ہی ہوں گے minimum holding میں refugee-tenants اور وہ لوگ ہوں جو سیم اور تھور کے باعث displaced ہو گئے ہوں ۔ جو زمین ایسے لوگوں کو دی جائے وہ آباد سرکاری زمین کی ۶۰ فی صدی اور ۷۰ فی صدی کے درمیان ہونی لازمی ہے ۔ اس سے فائدہ یہ ہو گا کہ آپ اپنے assets کو فروخت کریں گے ۔ اگر اس زمین کو ۲۰ سال کی اقساط پر ان نادار لوگوں میں تقسیم کرتے ہیں تو اس ۲۰ سال کے عرصے میں آمدن میں اضافہ ہو گا اور اس آمدن کے جائز استعمال سے آپ corresponding assets اس ملک میں بنا سکیں گے اور آپ کا development programme ترقی کر سکے گا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ کے ملک کی substantial آبادی جو کہ آج زمین کے فقدان کی وجہ سے روٹی پیدا نہیں کر سکتی وہ اپنی روٹی کما سکے گی اور اس طرح ملک سے بے روزگاری کا قلع قمع ہو سکے گا ۔

جناب والا ۔ جس وقت ہم یونٹ کے بنانے کے لئے کام کر رہے تھے تو ہم نے کچھ وعدے کئے تھے ۔ میں نہیں کہتا کہ وہ میرے غلط وعدے تھے یا کسی اور کے ۔ بہر حال ہم نے اجتماعی شکل میں ترقی کے کام کرنے کا وعدہ کیا تھا ۔ سابقہ پنجاب کے کئی ایک خطے ہیں جہاں کی آبادی زیادہ ہے اور زمین کم ہے مگر اس کم زمین کو سیراب کرنے کے لئے کوئی ذرائع نہیں ہیں ۔ جناب والا تقسیم ملک سے پہلے ان منطقوں کے لئے میدان بڑا وسیع تھا ۔ وہ ملازمتوں میں جاکر اپنے لئے نان شبینہ پیدا کر سکتے تھے ۔ لیکن اب وہ راہیں مسدود ہوگئی ہیں ۔ اس وقت میں ان منطقوں کے لوگوں کا ذکر کرتا ہوں ۔ سب سے پہلے tribal areas اور اس کے بعد بلوچستان اور پھر سابقہ صوبہ سرحد ہیں ۔ جہلم ۔ کیمبل پور اور پنڈی کے اضلاع کی حالت یکساں سی ہے ۔ سابق صوبہ سرحد کے خاص طور پر قابل ذکر اضلاع میرے خیال میں کوہاٹ یا ضلع ہزارہ ہیں ۔ پشاور اور مردان کی اب یہ حالت ہوگئی ہے کہ اگر وہاں cash crops نہ اگائی جائیں تو ان لوگوں کی economy crush ہو کر رہ جائے گی ۔ میری تجویز یہ ہے کہ قریباً ۲۰ فی صدی

زمین وہاں کے مستحق لوگوں کو مناسب شرائط پر تقسیم کر دی جائے۔

جناب والا۔ اس کے بعد maximum holding کا سوال آتا ہے۔ میں اس سلسلہ میں press نہیں کرتا۔مگر میرے خیال میں حکومت عملی طور پر اسے مناسب سمجھے گی کہ fragmentation of holdings زیادہ نہ ہونی چاہئیں کیونکہ آج کل رجحان طبع زیادہ تر mechanization کی طرف ہے۔ mechanization ایک یا دو ایکڑ پر نہیں ہو سکتی۔ maximum holding کی قیمت دوسری دو categories سے بالکل مختلف ہونی چاہئے کیونکہ اس category میں صاحب استطاعت اور صاحب ثروت لوگ بھی آتے ہیں۔

جناب والا۔ جس وقت ہم stage پر جاتے ہیں تو ہم بڑی شد و مد سے کہتے ہیں کہ ہم فلاں نواب اور فلاں خان کی زمین چھین لیں گے۔ آپ ذرا اپنے اعداد و شمار کو تو دیکھیں۔ اگر آپ سب کی زمینیں چھین لیں تو وہ لاکھوں ایکڑ نہیں بن سکتی۔ ابھی ابھی میرے دوست میاں محمد شفیع صاحب نے بتایا ہے کہ سابقہ پنجاب میں صرف گیارہ ہزار ایسے آدمی ہیں جن کی سو ایکڑ سے زیادہ زمین ہے۔ یہ سب باتیں ہم صرف زندہ باد کے نعرے سننے کے لئے کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے بہتر حل اس مسئلہ کا یہی ہے۔ کہ سب سے پہلے حکومت اپنی زمینیں جائز شرائط پر تقسیم کرے۔ مجھے امید واثق ہے کہ اگر ایک کروڑ ایکڑ زمین پوری طرح آباد ہو جائے تو لاکھوں انسان اپنی روٹی کما کر باعزت زندگی بسر کر سکتے ہیں اور معاشرے میں باوقار مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

میں اپنی پوزیشن واضح کر دینا چاہتا ہوں۔میں کسی کے right of property میں دخل انداز ہونے کا مستحق نہیں ہوں میں اس کا مجاز نہیں ہوں آپکے آئین میں یہ لکھا ہوا ہے۔ کہ آپ کسی کی property (جائیداد) نہیں لے سکتے جب تک کہ اس کا compensation (معاوضہ) نہ دیدیں۔ وہ آپ کے مسائل کا حل نہ ہوگا لیکن اس سے یہ نہ سمجھئے کہ میں جاگیرداری کا حامی ہوں۔ جہاں تک میرے صوبہ میں جاگیرداری کا سوال ہے۔

(مداخلت)

ایک ممبر۔ قرآن پاک میں بھی یہی ہے۔

خان سردار بہادر خان۔ میں سن نہیں سکا آپ پھر فرمائیں۔

ایک اور ممبر— موصوف آپ کی تقریر کی تصدیق کر رہے ہیں وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ قران پاک میں بھی یہی لکھا ہوا ہے—

خان سردار بہادر خان— ایک اور مسئلہ جو اتنی اہمیت کا مالک نہیں مگر اس پر گورنمنٹ کو فوراً توجہ دینی چاہئے یہ ہے کہ پچھلے چند سالوں میں politicians (سیاست دانوں) نے اپنی اغراض کے لئے مزارعین اور مالکوں کے درمیان ایک تصادم بپا کرنے اور نفاق پیدا کرنے کی کوشش کی اور ہر جگہ کی— مالک سے پوچھیں آپ مزارع سے پوچھیں کہ کیا وہ سب اس بات سے خوش ہیں— وہ دونوں نا مطمئین ہیں اس کا حل کیا تھا ؟ مالک اور مزارع دونوں کے درمیان ایک قسم کا agreement ہونا چاہئے جو کہ دونوں کے لئے تسلی بخش ہو میں اس کا حامی ہوں کہ non-occupancy tenants کو security of tenure دی جائے— فرض کیجئے میں اجارہ دار ہوں اگر میں ایک شخص کو وقتی اجارہ کرتا ہوں تو میں چند شرائط پیش کرتا ہوں جو میرے اور اس کے درمیان ایک معاہدہ کی صورت میں ہیں تو مجھے ایک معینہ وقت کے لئے اس زمین سے بیدخل نہ کیا جائے وہ اس معاہدہ کا ایک جزو ہونا چاہئے مگر اس کے ساتھ ہی ایک شرط اور بھی ہو وہ یہ کہ فرض کیجئے اگر آج میں ایک زمین لیتا ہوں قیمتیں ابھی بہت کم ہیں مجھے مالک دو یا چار روپیہ کنال کم قیمت پر زمین دے دیتا ہے مگر چھ مہینہ کے بعد وہ قیمتیں بڑھ جاتی ہیں — زیادہ ہو جاتی ہیں تو اس مالک کو یہ حق ہے کہ وہ بھی اس کے منافع میں حصہ دار ہو— میں اس کا یہی حل محسوس کرتا ہوں کہ ڈپٹی کمشنروں کو summary powers دی جائیں— انہیں حکم دیا جائے کہ جہاں کہیں ایسی صورت حال پیدا ہو مالک و مزارع دونوں میں سے کوئی حالات کی روشنی میں درخواست دے کر یہ فیصلہ کرا سکے کہ جس وقت معاہدات کئے گئے تھے اس وقت حالات یہ نہ تھے— اب بدلے ہوئے حالات میں ہم بھی اس منافع میں حق کے مستحق ہیں— ایسا نہ ہو کہ دو روپیہ حاصل کرنے کے لئے دوسو روپے مقدمہ بازی پر خرچ کئے جائیں— اس میں لمبی مقدمہ بازی نہ ہو—

سردار محمد جعفر خان گل محمد خان بلیدی— اگر نرخ کم ہو جائیں تو پھر—

خان سردار بہادر خان— اگر نرخ کم ہو جائیں تو مزارع کو حق حاصل ہے کہ وہ مالک کے خلاف درخواست دے کر اپنے نرخ

میں کمی کرا سکے۔ جس طرح اجارہ میں نرخ بڑھنے پر مالک کو حق ہونا چاہئے اسی طرح نرخ کم ہونے پر مزارع کو بھی حق ہونا چاہئے مگر یہ تجویز کوئی میری آخری تجویز نہیں ہے میں اس تجویز پر سوچتا ہوں جو میں نے ۱۳ دسمبر کو کوئٹہ میں اپنی پریس کانفرنس میں بحیثیت ایک وزیر کے پریس والوں کے سامنے پیش کی تھی یہ محض تجویز ہے حکومت اسپر غور کرے یہ بہت بڑا کام ہے اسے آخر کسی نہ کسی دن ایسا کرنا ہے اگر آج حکومت اس بات کی طرف توجہ دے تو میں سمجھتا ہوں کہ بہت کم وقت میں سب کچھ ہو سکے گا ۔ ساتھ ہی میں یہ عرض کرونگا کہ وہ لوگ خاص کر پنجاب میں جس کے پاس سرکاری زمینیں lease پر ہیں انہیں ان زمینوں پر پہلا right (حق) دیا جائے جسوقت وہ زمینیں بیچی جائیں انہیں بے دخل نہ کیا جائے تاکہ ہماری economics کا dislocation نہ ہو ۔ آخر میں یہ کہونگا کہ مجھے صوبہ کے ہر حصہ سے پوری واقفیت ہے آپکے پاس لا محدود ذرائع ہیں یہ ٹھیک ہے کہ انہیں develop کرنے میں وقت لگے گا ۔ تجویز کردہ حل آپکی مشکلات کا مکمل حل نہیں ہے میں بلوچستان کی مثال آپکے سامنے پیش کرتا ہوں اگر پانچ یا دس سال وہاں irrigation (آبپاشی) پر دو کروڑ روپیہ سالانہ ہی خرچ کیا جائے تو ایک وقت ایسا آجائیگا کہ آپ کو یہاں سے آبادی اٹھا کر وہاں لیجانا پڑے گی آپکو یہاں سے جاکر اس زمین کو آباد کرنا پڑے گا ۔ اسطرح سندھ میں باوجود آبادی کے اب بھی ایسی زمینیں موجود ہیں کہ لاکھوں ایکڑ زمین آباد ہوسکتی ہے لیکن ہمیں یہ نہ کہا جائے کہ یہ کسی کے بس کی بات نہیں کہ یہ بات ایک دن میں پوری کر دے ۔ انشاالله وہ وقت آئیگا جب ہمارا ہر شخص زمین لیکر نان شبینہ پیدا کرنے کے بعد اپنے لئے کما سکے گا ۔ میں آپکا شکریہ ادا کرتا ہوں آپ نے مجھے یہ وقت دیا ۔

سردار محمد جعفر خاں گل محمد خاں دلیدی ۔ جناب والا مجھے بھی وقت ملنا چاہئے ۔

صاحب صدر ۔ ابھی کافی وقت ہے ۔

سردار محمد ایوب خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب صدر ابھی ایک معزز ممبر نے بھاولنگر کا حوالہ دیتے ہوئے ریونیو منسٹر کا حوالہ دیا ہے جسکے خلاف انہوں نے یہ الزام لگایا ہے کہ انکی آمد پر نوشاخ بکرے ایک سو مرغے ایک ٹین گھی پندرہ سیر مکھن اور نقد سات سو

روپیہ منگوائے گئے تھے بھاولنگر میں تین چار ریوینیو منسٹر رہ چکے ہیں مجھے اندازہ ہے اسوقت کارروائی اس لئے نہیں کی گئی کہ اس میں مداخلت ہوتی - یہ ریوینیو منسٹر صاحب مخدوم زادہ حسن محمود تھے (اخبار دکھاتے ہوئے) دیکھئے میرے پاس یہ تصویر ہے -

صاحب صدر—آپ تشریف رکھئے یہ کوئی پوائنٹ آف آڈر نہیں ہے -

شیخ ظفر حسن — یہ تحریری بات ہے اسکی تردید نہیں ہو سکتی -

Sardar Mahmud Khan : Mr. Speaker, Sir, when Makhdumzada Hassan Mahmood was Chief Minister of Bahawalpur, there was some land fetching about 2 crores of rupees. He misused his power, put political pressure and got that land distributed among his M. L. A. relatives and friends under the Abadkari Scheme. The Awami League Members of Bahawalpur had put forward 194 charges of corruption and nepotism against him. This was one of the main charges against him. This charge was again substantiated by an additional charge given by his own Cabinet colleague Sardar Muhammad Kadir Leghari, who was Revenue Minister in his Cabinet. The matter was enquired into by the Central Government. Mr. Abdul Rashid, Legal Advisor, was deputed to hold enquiries and his report consists of about 200 pages. He held that all the charges along with this particular charge were proved against him, and Mr. Speaker, when after this election we met Dr. Khan Sahib on 29th of January at his residence in Karachi at 8 or 9 a.m, we told him that the charges of corruption and nepotism had been proved against Mukhdumzada Hassan Mahmud and the people of Bhahawalpur were afraid that he would manœuvre himself into the Government once more. Dr. Khan Sahib assured us that he would never accept him in his Cabinet. We told him ; "Khan Sahib, you are a very straightforward and honest man and you would be manœuvred and deceived into accepting him in your Cabinet". But Doctor Sahib assured us—I want Doctor Sahib to contradict me on this point—he assured us that with Makhdumzada Hasan Mahmood he will refuse to form the Cabinet because he had read that report and was convinced that though the charges had not been proved yet they were true.

Another thing which is very important and relevant.....

Mr. Speaker: The honourable member must know that the demand under discussion is "7-Land Revenue" and the cut motion moved thereto is that of Mr. G. M. Syed. It is a Rs. 100 cut motion upon which the policy of the Government in regard to land revenue can be discussed. All these things which the honour able member is now talking about have already been said in this House before and a reply has also been given

Makhdumzada Syed Hasan Mahmood : I have not given any reply.

Dr. Khan Sahib : May I clear my position. I remember some people going to Mr. Dasti's room and I saw them just in the lobby. I am surprised to hear what the honourable member is saying and I am really surprised from where he got all those things. He never discussed with me. He never sat in my roomwith me. I was passing by another room. I am sorry the honourable member is making these remarks without thinking what they are.

Sardar Mahmud Khan : I assure you I am speaking the truth and I am prepared to state on oath that what I am stating is true.

We saw Dr. Khan Sahib at Karachi and he was very pleased with us and when he allowed us to go, he embraced us.

Mr. Speaker : All this is irrelevant to the discussion of this grant.

Sardar Mahmud Khan : Because this House is considering a proposal for the uniformity of the policy under the land revenue, that is why I am bringing this fact to the notice of Government, whether these good precedents of Makhdumzada Syed Hasan Mahmud at Bahawalpur will also be considered or not, because they were certainly not good precedents. they were worth condemnation. If the charges had been proved against him, Makhdumzada Syed Hasan Mahmud would not have been taken into the Cabinet.

Mr. Speaker : The Cabinet is not under discussion.

Sardar Mahmud Khan : Another good precedent, Mr. Speaker, about Makhdumzada Syed Hasan Mahmud was that whenever he used to go on tour.....

Mr. Speaker : This is quite irrelevant to the present discussion. If you have to settle some scores with Makhdumzada Syed Hasan Mahmud there are other occasions to do so but not this occasion. Please be relevant. You will have another opportunity to discuss this.

Sardar Mahmud Khan: I am discussing his conduct as Revenue Minister because we do not know what is happening in the Punjab, in Sind or Frontier. We know what was happening in Bahawalpur and we want to know whether these precedents would be brought into the notice of Cabinet. Because Hasan Mahmud is taken in the Cabinet,we have apprehensions that the same malpractices that were practised in Bahawalpur will be repeated in West Pakistan. That is why I am speaking from the record and documents that when he was a Revenue Minister of Bahawalpur State, how he used to go on tour and what were his instructions to his subordinates regarding arrangements about tour. Mr. Speaker, on one occasion this is a document in the handwriting of one Abdul Aziz and also another in the handwriting and the signature of the Assistant Commissioner. Both these officers were under him. He was going on tour and I want to show you how his tour programme was prepared. Abdul Aziz makes a report—these documents are in my possession and we have kept the photographs with us, and this number beautifully printed, I place it on the Table of the House.

Sheikh Khurshid Ahmad: Is the honourable member allowed to quote from any newspapers in the House.

Sardar Mahmud Khan: It is not a newspaper but a photo of the original document.

شیخ ظفر حسین—جناب والا کل یہاں جتنی بحث ہوتی رہی ہے اس میں پچھلے وزراء کو زیر بحث لایا گیا تھا نہ صرف آپ نے اس کی اجازت دی تھی بلکہ اس کا جواب دینے کے لئے وقت بھی دیا گیا۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ایک وزیر کے متعلق جسے کابینہ میں رکھا گیا ہے یہ واقعات اس لئے پیش کئے جا رہے ہیں تا کہ ایوان

پر یہ امر روشن کیا جا سکے کہ وہ ایسا شخص ہے کہ جسے وزارت میں نہیں رکھنا چاہئے ۔ ان کا پاسٹ ریکارڈ ایسا ہے کہ ان کو کابینہ میں نہیں لینا چاہئے ۔ جناب والا جب ہم ایک انسان کو ملازم رکھتے ہیں تو اس کے پچھلے سرٹیفیکیٹ دیکھتے ہیں اور تب جا کر ہم اس کو ملازم رکھتے ہیں ۔ آپ یہاں ایک وزیر کو رکھتے ہیں اور ہمیں یہ موقع نہیں دیتے کہ ہم اس کے گذشتہ ریکارڈ کی پڑتال کر سکیں ۔

صاحب سپیکر—میں نے آپ سے پہلے کہا ہے کہ جو مطالبہ زیر بحث ہے اس کے متعلق ہی بحث کیجئے ۔ (شور و غوغا)

شیخ ظفر حسین—سوال تو یہ ہے کہ ایسے وزیر کو کابینہ میں رکھا ہی کیوں جائے ۔

ایک آواز—وہ مرغیاں کہاں ہیں

سردار محمود خاں—گھی ایک من۔ مکھن ۱۵ سیر اور مرغیاں ۱۰۰ اور کیش ۷۰۰ روپیہ

شیخ ظفر حسین—یہ سامان انہوں نے کھا لیا یا یہ نیلام کیا گیا ۔

Mr. Speaker : Order, order.

Sardar Mahmud Khan : Sir, I want to bring to the notice of the Government that four lakh rupees are outstanding in the name of Makhdumzada. Let Dr. Khan Saheb enquire from the Deputy Commissioner of Rahimyar Khan and if it is false he can do anything. Sir, I was surprised that the other day when replying to the budget debate, Makhdumzada Hassan Mahmud gave some explanation of the grave charges that have been proved against him. It consisted of two explanations. One was abuses against me. Sir, I have no grievances because I initiated opposition against him and I was the cause of bringing these charges against him and on account of those charges he was dismissed. If he abused me. I think he was perfectly right. I have no grievance. Another thing which he said was that he was inexperienced and only 26. As if he was putting forward his infancy, minority, as an excuse for public crimes, for the offences that he has committed; that because he was an infant he had done all this and it should not be taken notice of. Sir, I am sorry for Dr. Khan Saheb. At his age of 75 he has been given a baby to feed and nourish. Now Dr. Khan Saheb will be busy with a perambulator with Makhdumzada Hasan Mahmud lying in it sucking a milk bottle.

Mr. Speaker : Your time is over,

Sardar Mahmud Khan : Sir, I have to give my views about land policy. As a member of Awami League I have to give my views on the land policy.

Mr. Speaker : Your time is over.

Makhdumzada Syed Hasan Mahmud : Sir, I have a right to speak, I have not spoken on this demand.....

(Voices from Opposition : No, No.)

Dr. Khan Saheb (CHIEF MINISTER) : Sir, I would like to state that by making noise they can never succeed. They have baen defeated and they will be defeated. They cannot defeat us by making noise. They should be have properly in the House. It is not a fairy land where angels are dancing.

ملک اللہ یار (ضلع کیمبلپور)—جناب صدر—میں اس تحریک تخفیف کے ذریعہ آپ کی توجہ مالیہ کے اس سسٹم کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو کہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں رائج ہے ۔ پنجاب کے کچھ اضلاع میں مالیہ کی تشخیص ہر فصل پر کی جاتی ہے اور ہر فصل پر جو رقبہ زیر کاشت نہیں ہوتا اس پر کوئی مالیہ تشخیص نہیں کیا جاتا ۔ اس کے مقابلے میں جو اضلاع بارانی ہیں وہاں مالیہ کی تشخیص ہر فصل پر نہیں کی جاتی بلکہ وہاں مالیہ کی شرح جو مقرر ہے وہ ہمیشہ کے لئے لازمی ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں جو رقبہ جات زیر کاشت نہ بھی ہوں ان پر بھی مالیہ تشخیص کیا جاتا ہے ۔ جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ حکومت ان اضلاع سے جو پیداوار کے لحاظ سے امیر اور خوشحال ہیں مروت برتتی ہے اور اس کے مقابلہ میں ان اضلاع سے جو پیداوار کے لحاظ سے غریب اور مفلس ہیں ان سے بے مہری کا سلوک روا رکھتی ہے ۔ جناب والا یہ حقیقت ہے کہ ان بارانی اضلاع میں جو عموماً قحط سالی کا شکار رہتے ہیں وہاں مالیہ ادا کرنے والے چھوٹے چھوٹے زمینداروں کو زیادہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ گذشتہ تین یا چار برس میں وہ بارانی اضلاع قحط سالی کے شکار رہے ہیں اور یہ واقعہ ہے اور میرے علم میں ہے کہ زمینداروں کی بہت زیادہ تعداد ایسی تھی جو مالیہ ادا نہیں کرسکتے تھے اور انہوں نے مالیہ کی رقوم اپنے دوستوں واقفوں سے مانگ یا قرض لیکر یا اپنے زیورات رہن رکھ کر ادا کی ۔

میں حکومت سے التجا کرتا ہوں اور خاص طور پر وزیر اعلیٰ صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ دیکھیں ان بارانی اضلاع میں مالئے کو ہمیشہ کے لئے لازمی تصور نہ کیا جائے بلکہ ہر فصل پر اسکی تشخیص کی جائے جیسے کہ دوسرے اضلاع میں ہوتا ہے تاکہ جو رقبے زیر کاشت نہ ہوں یا جو قحط سالی کا شکار ہوں یا جہاں پیداوار نہ

ہو انکے مالئے کی تشخیص نہ ہو ۔ اسکے بعد جناب والا میں حکومت کی توجہ اس ہزار ہا ایکڑ اراضی کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو کہ اب تک ویران اور بنجر پڑی ہے ۔ یہ کتنی شرمناک بات ہے کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہونیکے با وجود ہم اپنی ضروریات کے کفیل نہیں ہو سکتے بلکہ ہر سال اناج کے لئے بیرونی ممالک سے بھیک مانگتے ہیں ۔ جناب والا اسکی تمام تر ذ مہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے ۔ اور اسے درست کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ حکومت ایسی تدابیر اختیار کرے جن سے موجودہ پیداوار میں اضافہ ہو (اور کاشتکار کا معیار زندگی بلند ہو سکے) حضور والا میں وزیر اعلیٰ کو بالخصوص ان علاقوں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں جو کہ پسماندہ ہیں اور جن کے متعلق ایک پرونٹ کے قیام کے وقت ہم سے یہ وعدے کئے گئے تھے کہ ان علاقوں کو دوسرے ترقی یافتہ علاقوں پر ترجیح دی جائیگی ۔ اور یہ کہ ان کی تشخیص کر دی جائیگی ۔ اور انکی ترقی کے لئے مناسب تدابیر اختیار کی جائینگی ۔ ان پسماندہ علاقوں میں جس علاقے کا ذکر کرنا مجھے مقصود ہے وہ صرف چار اضلاع پر مشتمل ہے اور وہ ہیں کیمبلپور ۔ جہلم ۔ راولپنڈی اور میانوالی ۔ جناب والا ان پسماندہ علاقوں کے لئے جو کچھ میں عرض کروں اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ میں اس علاقے کے لئے حکومت سے بھیک مانگ رہا ہوں ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اضلاع نہ صرف پاکستان کا ایک حصہ ہونے کی صورت میں اپنے حق کے مستحق ہیں بلکہ یہ پاکستان کے دوسرے تمام اضلاع سے فائق حق رکھتے ہیں ۔ یہ وہ اضلاع ہیں جن کو میں اگر اپنے ملک اور قوم کی پشت پناہ کہوں تو بے جا نہ ہو گا ۔ میں یہ کہتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں کہ پاکستان کی دفاعی فوج کا ۸۰ فیصد صرف ان اضلاع پر مشتمل ہے ۔ (تالیاں) ۔ اور اس سر زمین نے وہ سپاہی جنم دئے ہیں جن کی شجاعت اور بہادری ایک بین الاقوامی حقیقت ہے ۔ (تالیاں) لیکن یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ ان اضلاع میں آج تک عوام افلاس ۔ غربت ۔ بھوک اور قحط سالی کا شکار ہیں ۔ میں حکومت سے درخواست کرونگا کہ وہ ان اضلاع پر اپنی توجہ مبذول کرے ۔

جناب والا ان اضلاع کے افلاس اور غربت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ان کا بیشتر رقبہ بنجر ویران اور نا قابل کاشت ہے ۔ علاوہ ازیں اس علاقہ میں ذرائع آبپاشی مفقود ہیں ۔ اس علاقے کی آبپاشی کے راستے میں جو قدرتی مشکلات حائل ہیں مجھے انکا احساس ہے ۔ لیکن اسکے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کرونگا کہ چند ایک ایسے طریقے بھی ہیں

جنہیں بروئے کار لانے سے ان اضلاع کی بہت سی مشکلات حل ہو سکتی ہیں ۔ مثلاً یہاں بہت سے برساتی نالے ہیں ۔ اگر ان پر موزوں اور مناسب مقامات پر بند باندھ دئے جائیں تو کافی مقدار میں پانی جمع ہو سکتا ہے جو سال بھر کے لئے رہ سکتا ہے ۔ اور اس سے ہزارہا ایکڑ اراضی سیراب ہو سکتی ہے ۔

جناب والا سابقہ پنجاب کی حکومت نے اس علاقہ میں ٹیوب ویل سکیم کے تحت کچھ تردد کیا تھا مگر اس میں کامیابی نہ ہو سکی ۔ اور میرے خیال میں آئندہ بھی وہاں ایسی سکیم کے کامیاب ہونے کے امکانات بہت کم ہیں ۔ ایک وجہ اسکی یہ ہے اس علاقہ میں پانی سطح زمین سے بہت دور ہے ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اس علاقہ کے لوگ اتنے زیادہ مفلس اور قلاش ہیں کہ وہ ٹیوب ویلز کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ویسے اگر وہاں ٹیوب ویل سکیم کامیاب ہو جائے تو وہاں کی پیداوار میں اضافہ ضرور ہو سکتا ہے ۔ اسکے علاوہ ایک اور گذارش یہ ہے کہ دریائے سندھ تقریباً ۱۰۰ میل تک ضلع کیمبل پور کی سرحد کے ساتھ ساتھ بہتا ہے جو مغربی پاکستان کا سب سے بڑا دریا ہے ۔ اگر اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان پسماندہ اضلاع کو سیراب کرنے کے لئے اس میں سے ایک نہر نکالی جائے تو اس سے ضلع کیمبل پور کو بہت فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔ میں وزیراعلیٰ صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کریں جو دریائے سندھ سے ایک نہر نکالنے کے امکانات کا جائزہ لے اور اس نہر کے راہگذر اور اخراجات کے بارہ میں حکومت کو مفصل رپورٹ پیش کرے ۔ اگر ایسی نہر نکال دی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ چند برسوں میں کیمبل پور کے ویران اور بنجر علاقے سر سبز اور شاداب اراضی میں تبدیل نہ ہو جائیں۔

Mr. Joshua Fazal-ud-Din : (Lyallpur District): Mr. Speaker, Sir, I shall be speaking on behalf of the Christians as well as on behalf of my Hindu friends from Sind. Therefore, if it is possible, please give me a little more time.

Mr. Speaker : On this cut motion you can speak for ten minutes.

Mr. Joshua Fazal-ud-Din : I have explained, Sir, that since I shall be speaking on behalf of the Christians as well as on behalf of my friends from Sind I am entitled to more time. Anyway, I shall try to finish within the time limit.

Sir, I was very much pleased yesterday to find that while speaking on Land Revenue certain Members of the Opposition and certain Members of the Awamy Mahaz laid stress on the uniformity of Land Revenue in the whole of West Pakistan. When these gentlemen were advancing these arguments to my mind at once came the arguments which had been advanced in favour of the unification of the whole of West Pakistan. I was particularly happy that those people

who were some times against it ware actually now advancing arguments in favour of One Unit. Of course, I am very sorry that there are people who go out of the way to oppose it on one score or the other. One such reason of theirs being that Dr. Khan Sahib's Cabinet is constituted of Members who were sometime against the integration of West Pakistan. As a Christian, I must say that these incidents remind me of a Chapter from the Holy Bible when Christ Jesus visited Jerusalem and crowds cheered him with loud shouts of HOSANNA, the Jews asked him to stop them. But Christ said, "If these shall hold their peace, the stones will cry" (St. Luke 19-40). Evidentally, Christ wanted to impress on the Jews that nobody could stop truth or anything based on truth for the simple reason that behind every truth there is the will of God. For the same reason, I am glad to say that the very fact that Dr. Khan Sahib has been able to get the assistance of all those people who were, or were not, against the One Unit shows that there is the will of God behind this scheme of unification. Therefore, I will request my learned friends on the Opposition Benches and all sections of the House to take this scheme of unification in that spiritual sense. Undoubtedly this is a unique experiment which the Muslim statesmen have made. For one hundred years, the British tried and failed, and I shall not be wrong, if I say that the entire world is now watching this experiment of unification with special interest. When I see some politicians hesitating to support this noble venture, I am remainded of a Punjabi couplet. I will read it out to you—

چڑھیا چن کوئی کوئی ہلوں ہلوں - چڑھ کچری وے نہ ہاریں گلوں

ساری خلقت پئی ویندی آ - تیرے سوہنے موہنے ولوں

Indeed, the whole wrold is watching us with special interest. I am sure, however, that my friends will learn a lesson from this couplet.

Coming to the actual subject of the Land Revenue, I find that if you take this theory of uniformity of Land Revenue as such, as a theory, I am afraid, it cannot be very helpful. Unification of Land Revenue pre-supposes equal incidence of taxes and fees on all sections of the population. But this is naturally impossible. One rupee would mean one thing to a millionaire and quite another to a poor man. Consequently, this theory of uniformity of Land Revenue as such cuts no ice. But, at the same time, I do recognise the necessity of a uniform system of Land Revenue in the whole of West Pakistan. I won't go into the details because of the short time at my disposal.

Consequently I will just read out some of the suggestions, which I have to make. Let us take agriculture Tax. It will help us in making the incidence of land revenue somewhat equal for all, because it will affect the bigger landlords. Likewise we must make the rules of Income-tax applicable to the rural areas because Income-tax leaves an economic margin at the battom, which will be very helpful to the people with small holdings. At present under the rules of Land Revenue exemption of not even a single pie is given to the poor cultivators.

Then, Sir, the land should be progressively nationalized and the Crown land too should be properly distributed among the people. The Government should give land to the landless tenants and petty landholders in priority over the rich people.

Sir, now I come to the case of the non-Muslims, the minorities' rights. When this session was on, we received a deputation of Hindu landlords from Jacobabad (Sind), where non-Muslim landlords have been looted in broad daylight. When the crop began to be ready then the non-Muslim landlords applied to the Government for Chawkidars at their own cost, which was done. When the harvests were actually ready, they applied for armed police and deposited their expenses with the Government. But it is shocking to hear that right in the presence of the Chawkidars and the armed police all wheat belonging to the non-Muslim landlords worth about Rs. 25,000 was looted and when the matter was reported to the Deputy Commissioner, he simply removed both the Chawkidars and the armed police and did nothing else to help the non-Muslim victims. And

now the pito' the pity of it, would be that the land revenue for this wheat crop too would be realized from these poor victims.

I do not know much about Sind personally, but I certainly know something about the Punjab. In the Punjab the Christians are suffering heavily at the hands of the Revenue Department. In fact, if the devil were to be incarnated and a search were to be made for him, then, I am sure, the devil incarnate would be found somewhere in the Revenue Department.

Sir, the Land Revenue Department is not doing justice to the Christians, particularly in respect of allotment of land. Sir, prior to the Partition Christians in the rural areas worked with the non-Muslim as Sepies, Athries and Tenants. When however the refugee landlords came, the lands of the non-Muslim evacuee landlords were allotted to them and the Christian Sepies, Athries and tenants became spare and were turned out or were decreasingly employed. We are, however, thankful to the Mamdot Ministry that they passed orders, firstly that the non-Muslims will be accommodated in the ratio of 5 per cent in services and secondly that while every non-Muslim old tenant of a non-Muslim landlord will be provided with 8 acres of land, the Sepies and Athries will be given 2 to 4 acres each. But these promises were never fulfilled and these orders were never implemented adequately. Sir, Dr. Khan Sahib and his colleagues have shown such great anxiety fer the poor. If it is really so, then I shall request them to visit my people in the village and I shall show them Christian starving in hundreds and thousands.

But, Sir, I see that actually the problem is not difficult to solve, only if the Revenue Department were to handle the situation honestly. In this respect I quote the figures from Government publications. In Thal 15,00,000 acres of land are available for cultivation. According to this figure, the Christian's share ought to be 75,000 acres. Actually we have been given only 6,000. Then again on 29th May 1953, 68,000 acres of Bara land were available on Rangpur Canal and we at once made an application. Our share on the population basis was 3,400 acres. Actually we were given only 411 acres. But the pity is that these 411 acres of land had twice before been allotted to Muslims and had been abandoned as irredeemable. This is certainly most disgraceful chapter in the annals of the Revenue Department.

Any way, Sir, we have now got a new Ministry and Dr. Khan Sahib and his colleagues have promised that they would look into the matter and see that the Christians get their due share in every walk of life.

حاجی عطا اللہ خاں - (ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں) صدر محترم - میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان اور پریس کے ذریعے تمام سنجیدہ اور تعلیم یافتہ حضرات سے صوبہ سرحد کے سب سے پس ماندہ اور غریب ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں کے زمینداروں اور کاشتکاروں کے متعلق مالیہ اراضی کے علاوہ اس جرمانے کو ختم کرنے کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جس کو ان لوگوں کی اصطلاح میں ناغہ کہا جاتا ہے اور جو ان سے وصول کیا جاتا ہے -

صاحب صدر- ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں میں آبپاشی پہاڑی نالوں کی طغیانی سے ہوتی ہے - پہاڑی نالوں کی طغیانی جس رو میں بہتی ہے اسے Channels کہتے ہیں جو وہاں سالہا سال بہنے کی وجہ سے اتنی عمیق اور چوڑی ہو چکی ہیں کہ ان کی گہرائی کم از کم ساٹھ فٹ اور چوڑائی دو ہزار فٹ تک پہنچ جاتی ہے -اس میں بیچارے زمیندار چھ سے نو ماہ تک جوڑوں کے ذریعے مٹی لا کر وہاں بند باندھتے ہیں جسے عام

محاورے میں سد کہتے ہیں - یہ بند یعنی سد مکمل کرنے کے بعد وہ لوگ اس پانی کے ذریعے اپنی اراضی کی آبپاشی کرتے ہیں - اکثر اوقات بھاری طغیانی کی وجہ سے یہ سدات اور اراضیات دونوں بہہ جاتی ہیں - اور ان بچاروں کی محنت بالکل رائیگاں جاتی ہے - تاہم وہ لوگ شکستہ اراضیات میں بھی بارش کی امید پر کاشت کر دیتے ہوں جس سے اکثر اوقات ان کا بیج اور محنت دونوں ضائع ہو جاتے ہیں - اگر سدات باندھنے کیلئے زمیندار اور کاشتکار اپنے جوڑے نہ دے جائیں خواہ وہ بیمار ہی کیوں نہ ہوں تو ان سے دو روپیہ یومیہ ناغہ وصول کیا جاتا ہے - وہاں کا دستور یہ ہے کہ سد کے مکمل ہونے کے بعد پٹواری حساب کتاب ناغہ کا فیصلہ کرنے کے سلسلے میں زمینداروں کو بلاتا ہے - جو غریب زمیندار باوجود حاضر ہونے کے اس کو راضی نہ کرے تو اس کو غیر حاضر دکھا کر اس پر جرمانہ عائد کر دیا جاتا ہے - اور جو غیر حاضر زمیندار اسے خوش کر دیں تو انہیں حاضر دکھا دیتا ہے - طرفہ یہ ہے کہ حاضرین کے اسے راضی نہ کرنے کی صورت میں زیر دفعہ ۱۷ - ایکٹ انہار ان کا چالان کر دیا جاتا ہے - اور اسی سلسلے میں بیچاروں کو ایک سال تک قید کی سزا دی جاتی ہے اور جرمانہ علیحدہ کیا جاتا ہے - میرے ایک فاضل دوست جو اب گورنمنٹ بنچوں پر تشریف فرما ہیں اور جن کا اسم گرامی حاجی عبداللہ خان ہے انہوں نے سابقہ صوبہ سرحد اسمبلی میں ایک سوال کے ذریعے بیس مواضعات کے دس سال کے مالیے اور ناغے کی مقدار دریافت کی تھی جس کا حکومت کی طرف سے جواب یہ دیا گیا تھا کہ دس سال کا مالیہ تو نو ہزار روپیہ تھا مگر ناغہ ۲۰ ہزار روپیہ تھا - اب آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان حالات میں مفلس اور غریب زمیندار ترک وطن نہ کریں تو اور کیا کریں - اسی وجہ سے ہمارے ضلع کے اکثر لوگ ترک وطن کرکے پنجاب میں تھل کے علاقے میں آگئے ہیں -

علاوہ ازیں یہ ستم ظریفی بھی دیکھیئے کہ آبپاشی کے چپڑاسیوں کو تنخواہ زمینداروں کے ناغہ کی مد سے دی جاتی ہے - چونکہ ناغہ نمبردار وصول کرتے ہیں اور وصول کرکے خود ہضم کر جاتے ہیں اس لئے بعض اوقات بیچارے چپڑاسیوں کو چھ چھ ماہ تنخواہ ہی نہیں ملتی - میں نے اس غریب طبقے کو تنخواہ کے نہ ملنے کی اس تکلیف کا کمشنر صاحب متلقہ سے بھی ذکر کیا - انہوں نے فرمایا کہ میں نے گورنمنٹ کو کئی بار اس کے متعلق لکھا ہے مگر کوئی شنوائی نہیں ہوتی - اس

حالت میں اگر وہ رشوت نہ لیں تو اور کیا کریں - اگر رشوت لینگے تو میں انہیں ہر گز گنہگار نہیں سمجھوں گا - کیونکہ وہ گورنمنٹ کے تساہل اور عدم توجہی کی وجہ سے مجبور ہیں -

صاحب صدر- اس کے علاوہ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ اپنے ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں کے دیہاتی علاقے اور اس کی آبادی کی طرف منعطف کراتا ہوں - ان لوگوں کو پینے کے پانی کی سخت تکلیف ہے - آپ کو شاید معلوم ہو گا کہ اس ضلع کی کل آبادی کا تین چوتھائی حصہ دیہات میں رہتا ہے یہ لوگ پینے کا پانی آٹھ آٹھ اور دس دس میل سے لاتے ہیں - اور اگر کہیں دو میل کے فاصلے پر پانی مل جائے تو وہاں عورتیں سروں پر گھڑے رکھکر پانی لاتی ہیں - کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ وہ حکومت جو اپنی رعایا کیلئے پینے کے پانی کا خاطر خواہ بندوبست نہ کر سکے وہ مہذب کہلانے کی کیسے حقدار بن سکتی ہے -

صاحب صدر— میرے ضلع کی دیہاتی آبادی کیلئے دس دس میل کے حلقے میں کوئی ہسپتال یا ڈسپنسری نہیں - جس کی وجہ سے غریب اور مفلس دیہاتی علاج معالجے کی سہولتوں سے بالکل محروم ہیں - وہ لوگ بیماریوں میں اکثر مبتلا رہ کر سخت مصیبت و ابتلا میں گرفتار رہتے ہیں -

صاحب صدر — جو حکومت غریب و افلاس کا خاتمہ اور دیہاتی آبادی کیلئے پینے کے پانی کا خاطر خواہ انتظام نہ کرسکے اور نہ ہی ان کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کر سکے - کیا وہ حکومت غریب زمینداروں سے مالیہ اور ناغہ وغیرہ ناجائز اور ظالمانہ طور پر لینے کی حقدار ہے ؟ ہرگز نہیں -

جناب صدر— ستم بالائے ستم یہ ہے کہ کمارہ سدات پر غریب زمینداروں اور کاشتکاروں کو بصورت غیر حاضری (خواہ وہ بیماری کی وجہ سے کیوں نہ ہو) علاوہ ناغہ مقررہ کے چپڑاسی یا داروغہ سدات زیر دفعہ ۱۷ ایکٹ انہار چالان کر دیتے ہیں - اور پھر اپنے ہی محکمہ کے افسر مال سے ان کو قید یا جرمانہ کرا دیتے ہیں - کس قدر افسوس اور حیرت کا مقام ہے کہ ایک بیس روپیہ ماہوار تنخواہ پانے والا چپڑاسی اور تیس روپیہ ماہوار تنخواہ پانے والا داروغہ ایک با عزت سفید پوش زمیندار کو اپنے ذاتی طمع اور لالچ کی خاطر چالان کرکے اپنے ہی محکمہ

کے افسر مال سے قید اور جرمانہ وغیرہ کرادے - کیا یہی عدل و انصاف کا تقاضا ہے - یہ تو اس شاعر کے شعر کے عین مطابق ہے -

وہی قاتل وہی شاہد وہی منصف ٹھہرے
اقربا میرے کریں قتل کا دعوے کس پر

کیا میں گورنمنٹ سے انصاف کی بنا پر یہ توقع کر سکتا ہوں کہ آئندہ زیر دفعہ ۱۷ ایکٹ انہار چالان کردہ مقدمات دوسری عدالتوں کے ای - اے - سی سماعت کیا کرینگے -

جناب صدر - یہ کس قدر ظلم ہے کہ حکومت غربا کی حالت زار کی طرف قطعاً کوئی توجہ نہیں دیتی - اس سے پہلے بھی ہم نے اسبلی میں زمینداروں اور کاشتکاروں کی تکالیف کے متعلق آواز اٹھائی تھی لیکن افسوس ہے کہ اس امر کی طرف کوئی توجہ نہ دی گئی - اس وقت ہمارے علاقہ میں افلاس بھوک اور تنگ دستی کا بہت زور ہے اور بجائے اس کے کہ حکومت اس اہم مسئلہ کی طرف کوئی توجہ دے اور ان لوگوں کا معیار بلند کرے - ہم دیکھتے ہیں کہ وہ بیچارے روز بروز نئی نئی مشکلات میں مبتلا ہو رہے ہیں - نہ ان کے لئے کھانے کا کوئی بندوبست ہے نہ کپڑے وغیرہ کے لئے کوئی باقاعدہ انتظام ہے - کس قدر نا انصافی ہے کہ اس پس ماندہ علاقہ کو حکومت نے بالکل فراموش کر رکھا ہے -

جس وقت ون یونٹ بنایا گیا تھا تو یہ کہا گیا تھا کہ ون یونٹ کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ پس ماندہ علاقوں کو ہر لحاظ سے ترقی دی جائے گی اور ان کا معیار زندگی صحیح معنوں میں بلند کیا جائے گا - جہاں غلہ کی کمی ہو گی وہاں غلہ بھیجا جائے گا - ان لوگوں کو خوراک کپڑا اور دوسری تمام ضروریات زندگی بہم پہنچائی جائینگی - خدا کا شکر ہے کہ اب ون یونٹ بن گیا ہے مگر ہم دیکھتے ہیں کہ ابھی تک ایسا کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا - بیچارے غریب کلرک کتنی کتنی دور سے تبدیل ہو کر لاہور میں آئے ہیں - ان کو اتنی قلیل تنخواہیں ملتی ہیں کہ وہ مشکل سے اپنا گزارہ کرتے ہیں - ان حالات میں ان کو رشوت لینے کے زیادہ مواقع ملتے ہیں اور وہ رشوت لینے پر مجبور ہو جاتے ہیں - اس کے علاوہ ان کے لئے مکانات کا کوئی مناسب انتظام نہیں - اپنے بال بچوں سے دور مکانات کی پریشانیوں سے دو چار وہ بیچارے از حد تکالیف میں مبتلا ہیں - نہ

صرف یہ بلکہ تین ماہ سے ان کا سپیریشن separation الاؤنس بند کر دیا گیا ہے ۔ اب وہ لوگ کس طرح اپنا کام دل لگا کر کریں گے ۔ ون یونٹ کا مقصد تو یہ تھا کہ جس طرح بھی ہو ۔ حالات پر قابو پا کر غریبوں کی بہبودی کی طرف توجہ دی جاتی مگر ایسا نہیں ہوا ۔ البتہ بڑے لوگ اپنی اپنی جگہ پر خوش ہیں ۔ ان کو ہر قسم کا آرام میسر ہے ۔ حکومت کو چاہئے کہ عوام و خواص دونوں کا ایک جیسا خیال رکھے ۔

جناب صدر ۔ آج کل ایک اور بات سننے میں آ رہی ہے کہ ون یونٹ قائم نہیں رہ سکیگا ۔ ہم حیران ہیں کہ اس قسم کی باتیں کیوں کی جاتی ہیں اور ان کا اصل مقصد کیا ہے ۔ کیا ہم نے اسی لئے ون یونٹ بنایا تھا ۔ کہ ہم اکٹھے ہو کر ایک دوسرے کے ساتھ الجھ جائیں ۔ اور دیکھنے والے ہم پر ہنسیں ۔ یہ کس قدر افسوس ناک بات ہے ۔ کاش ایسے لوگ کوئی تعمیری تجویز پیش کریں ۔ جو ملک اور قوم کی بہتری کا باعث ہو ۔

صاحب سپیکر—آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے ۔ اب آپ تشریف رکھیں۔

حاجی عطا اللہ خان—جناب صدر ۔ آخر میں چند باتیں مختصراً عرض کر کے اپنی تقریر ختم کر دوں گا ۔ وہ یہ ہیں ۔ کہ حکومت ہمارے علاقے سے افلاس دور کرنے کی تدابیر کرے اور ان کو عملی جامہ پہنائے ۔ لوگوں کے لئے پینے کا پانی مہیا کرے ۔ خوراک کا انتظام کرے اور اگر وہ ایسا نہیں کر سکتی تو پھر ایسی حکومت کسی طرح بھی ایک مہذب حکومت نہیں کہلا سکتی ۔ اس کا کوئی حق نہیں کہ وہ غریب زمینداروں سے مالیہ وصول کرے یا ان پر جرمانہ یا ناغہ لگا کر انہیں بلا وجہ پریشان کرے ۔ پاکستان زندہ باد ۔

Khan Sardar Bahadur Khan : In today's paper the speech of Pandit Jawaharlal Nehru has been published wherein, he has claimed Chitral as part of occupied Kashmir territory which, in fact, means that he has tried to attack the sovereignty of this country. Chitral is part of Pakistan and its representative is sitting in this House as a Member. I think, Sir, it is a very serious matter and it is a national issue. We should not look at it from any party point of view and the House should take notice of it and here and now give its views on the pronouncement made by Pandit Nehru. I would request the Chief Minister to take a lead in this matter.

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER) : I know nothing of what the honourable member has said (interruptions). Let me assure you that if anybody attacks Chitral then you will see what will happen to him and I am sure where you will be.

(At this stage there was a lot of noise in the House).

Mr. Speaker : Order, order. Will you kindly enable me to conduct the affairs of this House in an orderly manner. It is really very strange.

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ—جناب والا - چونکہ یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے مجھے یقین تھا کہ ڈاکٹر خان صاحب اس کے متعلق کچھ ارشاد فرمائیں گے لیکن انہوں نے کوئی خاص بات نہیں کی - حقیقت یہ ہے کہ وہ اصل بات کو سمجھ ہی نہیں سکے - مجھے کبھی خیال نہیں ہو سکتا تھا کہ اتنے اہم مسئلہ پر وہ ایسی بات کہیں گے جس سے پارٹی بازی کی بو آئے -

میرا خیال ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب نے آج کے اخبارات نہیں دیکھے - ان کے وزراء دوسرے کاموں میں مشغول رہے ہیں اور شاید وہ اخبارات نہیں پڑھتے لیکن جناب والا مجھے اس چیز کا یقین ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب کو ۱۹۵۵ کے بعد کم از کم پنڈت جواہر لعل نہرو سے کوئی ہمدردی نہیں - آج پنڈت جواہر لعل نہرو نے یہ بات کہی ہے کہ چترال اور باقی کئی علاقے ہندوستان کا حصہ ہیں - مجھے یقین ہے کہ اس بات سے ڈاکٹر خان صاحب کو اتنی ہی حیرت اور نفرت ہو گی جتنی کہ ہم کو ہوئی ہے (تالیاں) - لیکن یہ بات دل میں رکھنے کے لئے نہیں ہوتی (شور اور قطع کلامیاں) - ہم آج دنیا کو یہ بتلا دینا چاہتے ہیں کہ ہم سب اس معاملہ میں متحد ہیں اور میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ ایک بہت urgent matter ہے اور یہ ایک نیشنل issue ہے (قطع کلامیاں) - جناب والا - میں ایک پارٹی مین کی حیثیت سے یہ عرض نہیں کر رہا -

Dr. Khan Shahib (CHIEF MINISTER) I agree with him and request my side to listen to him carefully. This is our common question. I agree with him.

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ — جناب والا یہ مسئلہ ایک نہایت اہم مسئلہ ہے - اس کا تعلق کسی ایک پارٹی سے نہیں ہے - یہ ملک ہم سب کا ہے - کوئی حکومت آئے یا جائے یہ پھر بھی ہماری حکومت ہے - پاکستان کے ملک کی حکومت ہے - ہم اس حکومت کے اشارے پر بھی اپنے ملک کی حفاظت کے لئے لڑینگے (تالیاں) ریوینو کی گرانٹ کوئی اہمیت نہیں رکھتی - خواہ ہمارے کتنے ہی اختلافات کیوں نہ ہوں ہم دنیا کو یہ دکھلا دینا چاہتے ہیں کہ ہم اپنے ملک کی حفاظت کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں پنڈت جواہر لعل نہرو نے جو یہ بیان دیا ہے - ہم اس کا منہ توڑ کے رکھ دینگے ہم

اس کی شکل بگاڑ کے رکھ دینگے اور جو معاندانہ قدم ہماری طرف اٹھے گا وہ قدم ہٹ جائیگا یا یہ قدم کٹ جائیگا جناب والا مجھے یہ یقین ہے کہ آپ اور ہم سب اس معاملہ میں متفق ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ لیڈر آف اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤس کی طرف سے ایک Adjournment Motion ہونی چاہئیے Which should be moved by the Government and supported by the Opposition. یہ ایک قومی مسئلہ ہے (شور اور قطع کلامیاں) آپ قانون میں کوئی سو شگافی نکال لیجیئے۔یہ آج کی بات ہے اور آج ہی اس پر بحث ہونی چاہئیے اور مغربی پاکستان کی طرف سے کوئی قطعی متفقہ فیصلہ صادر ہونا چاہئیے - میں کہتا ہوں کہ چترال کا ہمارے ساتھ ایسا ہی تعلق ہے جیسا کہ حیدر آباد۔لاہور یا کراچی کا ہے اور ہم اس کی اسی طرح حفاظت کرینگے جیسا کہ باقی علاقے کی کرتے ہیں -

ڈاکٹر خان صاحب۔یہ حقیقت ہے کہ یہ ایک بہت serious بات ہے - مگر ہمیں اس کو اس طریقے سے treat نہیں کرنا چاہئیے میرے خیال میں یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ لیڈر آف اپوزیشن - میں اور انڈی پینڈینٹ پارٹی کے لیڈر اکٹھے بیٹھکر پنڈت نہرو کے اس بیان کے متعلق جو کاروائی کرنی ہو اکٹھے مل کر فیصلہ کریں (تالیاں) -

Khan Sardar Bahadur Khan: May I suggest that the House may be adjourned for ten minutes and we should sit together.

Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana: Sir, the House may be adjourned for 10 or 15 minutes. We can sit for ten minuts more after 1-0 p.m.

Mr. Speaker: The three party Leaders can go out and decide after mutual consultation.

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ - اس اہم مسئلہ کے لئے دس منٹ کوئی زیادہ نہیں - ہم دس منٹ زیادہ بیٹھ سکتے ہیں -

خان صفی اللہ خان - میں درخواست کرونگا جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ خالی باتوں سے کام نہیں ہوتا - ہم بندوق کا جواب بندوق سے دینگے - ہم اس کے لئے تیار ہیں - خالی بیانوں سے کوئی فائدہ نہیں (تالیاں) (شور اور قطع کلامیاں) -

سردار عبدالحمید خان دستی - جناب والا - میری یہ تجویز ہے کہ اس کام کو ختم کرنے کے بعد ہم بیٹھ جائینگے -

صاحب سپیکر ۔ میرے خیال میں یہ بہتر ہوگا کہ لیڈر آف دی ہاؤس ۔ لیڈر آف دی اپوزیشن اور انڈی پینڈینٹ پارٹی کے لیڈر چلے جائیں اور اکٹھے بیٹھکر اس مسئلہ کے متعلق کوئی فیصلہ کر لیں ۔

(اس مرحلہ پر معزز لیڈران صلاح مشورہ کے لئے ہاؤس سے تشریف لے گئے)

Rana Gul Muhammad *alias* Abdul Aziz Noon: Sir, I am glad that the Leaders of the three or four parties have gone out to issue a proper and befitting statement; but, Sir, I request that we as Members of this Honourable House, also should be afforded an opportunity to express our views on this most disgraceful statement of Pandit Jawaharlal Nehru in the Indian Parliament.

Sir, it is a question of the independence of the country. Days will come and days will go but the independence of the country is foremost with the patritic people of this country (hear, hear).

صاحب سپیکر۔ مجھے نہایت افسوس ہے کہ جب لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن صلاح مشورہ کر رہے ہیں تو پھر جوش میں آکر ایسی باتیں کہنے کی کیا ضرورت ہے ۔ (شور)

رانا گل محمد نون عرف رانا عبدالعزیز نون۔ آپ کو بھی ہمارے اس جوش میں شریک ہونا چاہئیے ۔ (شور)

صاحب سپیکر۔ آپ قواعد سے ناواقف نہیں ہیں ۔ یہ بجٹ کی ڈیمانڈ ہے اور آج ایک بجے سے پہلے ہاؤس میں منظور ہونی چاہئے ۔ اس لئے میں مخدوم زادہ صاحب سے کہونگا کہ وہ جوابی تقریر شروع کریں ۔

Makhdumzada Syed Hasan Mahmud : Sir, I am surprised that the Members do not listen to me (interruptions).

Mr. Speaker : (Pointing to Kazi Murid Ahmed) Please sit down.

قاضی مرید احمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کل لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن کے درمیان یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ڈیمانڈ نمبر ایک کے متعلق جو حضرات کٹ موشنز پیش کر چکے ہیں وہ سیریئل نمبر کے لحاظ سے اپنا نمبر چھوڑ دیں اور اسی لئے آج یہ کہا گیا تھا کہ آج انہیں بولنے کا موقع دیا جائے گا ۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ حسن محمود صاحب کل بھی اور اس سے ایک دو دن پہلے بھی اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں ۔ لیکن آج جب ان کے سو مرغوں اور درجنوں بکروں کا ذکر ہوا تو وہ تلملا اٹھے ہیں ۔ میری تین ڈیمانڈز تھیں اور میں نے بارہ تیرہ دفعہ کوشش کی کہ مجھے موقع مل سکے لیکن مجھے بولنے کا وقت نہیں دیا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ میری حق تلفی ہے ۔

صاحب سپیکر۔آپ تشریف رکھئیے ۔ مخدوم زادہ حسن محمود صاحب تقریر کریں ۔ (شور)

Mr. Speaker : Yes, the Honourable Minister may speak.

Makhdumzada Syed Hasan Mahmud : They are not allowing me to speak. If they do not want to listen, they should go out. (Interruptions).

Syed Jamil Hussain Rizvi : Sir, the demand may be put to vote.

Mr. Speaker : I call the attention of the House to this fact that a large section of this Honourable House is determined to obstruct the proceedings of this House. I adjourn the House for fifteen minutes.

(The House then adjourned for fifteen minutes).

(*The House re-assembled at* 12-40 *p.m. Mr. Speaker in the Chair*)

Mr. Speaker : It was with regret that I had to adjourn the House, as one section of the House became obstructive and the business of the House which could not be carried on. I once again repeat that we should try to carry on the proceedings of the House smoothly and I hope the hon'ble Members would not take much time as only few minutes are left. They should co-operate and try to help me in disposing of the business of the House.

Dr. Khan Sahib : (CHIEF MINISTER) : Sir, I move a resolution that this House do meet in the afternoon to discuss the situation arising out of the statement of the Prime Minister of India in the Indian Parliament.

جناب والا کو معلوم ہے کہ جب آپ بھی ہماری طرح اس اسمبلی کے رکن ہوتے تھے تو ہم بغیر کسی اجازت کے اس قسم کے مسئلوں پر بحث کرکے resolutions پاس کیا کرتے تھے - ہم نے ٹیونس پر ریزولیوشن پاس کیا ہم نے الجیریا پر ریزولیوشن پاس کیا - جناب والا ہم Private Members کے resolutions پر بھی ایسے مسئلوں پر بحث کرتے رہے ہیں - آپ کو یاد ہو گا کہ جب میں سابق پنجاب کا چیف منسٹر تھا تو ہم نے کشمیر کے متعلق ریزولیوشن پاس کیا تھا - جناب والا - مغربی پاکستان بڑی اہمیت کا حامل ہے بلکہ میں تو یہ کہوں گا اور سچ کہونگا کہ مغربی پاکستان سارے پاکستان کا دل ہے اور آج اگر اس دل پر اس وحدت مغربی پاکستان پر اور ہماری ذات پر یا ہماری شخصیت پر ناپاک حملہ ہو تو ہمارا فرض ہے کہ ہم اس کا دندان شکن جواب دینے کے لئے اس ایوان میں بحث کریں - آج اس معزز ایوان میں ہمارے مجاہد قبائلی بھائی بھی تشریف فرما ہیں ان کا خون یقیناً پنڈت نہرو کے حالیہ بیان سے کھول رہا ہو گا - اس لئے آج اس

مسئلہ پر ضرور بحث ہونی چاہئے ۔ اگر اس کے برعکس ہماری آج زبان بندی ہو جائے تو یہ امر آپ کی شان کے شایان نہ ہو گا ۔ یہ امر ڈاکٹر خاں صاحب کے شایان شان نہ ہوگا ۔ اور سب سے بڑھکر یہ امراس معزز ایوان کی dignity کے بھی سخت خلاف ہو گا ۔ اس لئے جناب والا میں اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے آپ قانونی technicalities (قانونی موشگافیوں) کے چکر میں نہ پھنسیں اور اس بات کی اجازت دے دیں کہ ہم اس قومی اہمیت کے مسئلہ پر سیر حاصل بحث کر سکیں ۔ ایسا کرنے سے آج کے ایجنڈے پر کوئی اثر نہیں ہو گا ۔ آپ پہلے دو۔ تین یا چار گھنٹے ہمیں اس مسئلہ پر بحث کر لینے دیں اور ہم آپ کو صدق دل سے یقین دلاتے ہیں کہ آج کی Demands for Grants اس بحث کے اختتام پر ہم پاس کرادیں گے ۔

Mr. Shahnawaz Pirzada : Sir, this is a challenge to our prestige, this is a challenge to our honour, and we should take up the challenge of Mr. Nehru. After seven years he has woke up to claim our territory and we must reply to him immediately.....(hear, hear).....So, Sir, this discussion should be permitted immediately; I quite agree with Mian Mumtaz Daultana.

Chief Minister : I think I just said that most probably we shall receive the consent of the Governor by the end of today's sitting; so the question does not arise.

سردار عبدالحمید خاں دستی (وزیر تعلیم)۔ جناب والا چیف منسٹر صاحب نے ابھی ابھی فرمایا ہے کہ اس مسئلہ کو زیر بحث لانے میں جو قانونی رکاوٹ ہے اس کو بہت تھوڑے وقفہ میں اجازت لیکر دور کیا جا سکتا ہے ۔ (شور اور Interruptions) جناب والا ۔ کل جب یہ ریزولیوشن پیش کیا جا رہا تھا تو اپوزیشن والے اس کی مخالفت میں پیش پیش تھے (شور) مگر آج ان کا رویہ یکسر بدل گیا ہے ۔ یہ بڑی خوش نصیبی ہے کہ کل وہ جس چیز کی مخالفت کر رہے تھے آج اس کے حق میں آواز اٹھا رہے ہیں۔ اس لئے میری رائے یہ ہے کہ ہمیں اس ریزولیوشن کو پیش کر دینا چاہئے کیونکہ ڈر ہے کہ کہیں اپوزیشن والوں کے خیالات اس مسئلہ کے متعلق پھر نہ بدل جائیں (شور)

Mr. Muhammad Hashim Gazdar : Sir, I want to know why the sanction of Governer has not been received? This question was moved by the Honourable Chief Minister yesterday at 12'0 clock and the sanction could have been obtained by now. You had twenty hours at your disposal. I ask this question from the Secretaries and the Chief Minister too who fully know the rules.

مسٹر اسماعیل برھانی (میونسپل کارپوریشن کراچی) جناب والا مجھے سخت افسوس ہے کل آپ نے اس مسئلہ پر بحث کرنے کا جو وعدہ کیا تھا آج آپ اسے پورا نہیں کر رہے ۔ جناب

والا ۔ کل بڑے ڈرامائی انداز میں چیف منسٹر نے اپنی جیب سے ایک ٹائپ شدہ کاغذ نکالا اور اس کو ایوان کے سامنے پڑھ دیا اور اس کے بعد آپ نے بھی اسی قسم کا ایک ٹائپ شدہ کاغذ اپنی جیب سے نکالا اور اسے بھی ہاؤس کے سامنے پڑھ دیا ۔ آج بھی عین اسی طرح کیا گیا کہ چیف منسٹر نے اور آپ نے کل کی طرح اپنی جیبوں سے کاغذ نکالے اور ہاؤس کے سامنے پڑھ دیئے کہ ہم اس مسئلہ پر بحث کرنے کے مجاز نہیں ہیں ۔ جناب والا میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہمارے چیف منسٹر پنڈت نہرو اور خان عبدالغفار خاں سے کیوں ڈرتے ہیں اور ہمیں ان کے رویہ پر بحث کیوں نہیں کرنے دیتے جبکہ وہ جانتے ہیں کہ یہ دونوں اصحاب پاکستان کے بدترین دشمن ہیں اور پاکستان کو صفحۂ ہستی سے مٹانا چاہتے ہیں ۔

ڈاکٹر خاں صاحب (چیف منسٹر) جناب والا ۔ ان کو میرے بھائی کے متعلق غلط اور بے بنیاد الزامات لگانے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیئے ۔ میں اس کا سخت نوٹس لیتا ہوں اور سخت پروٹسٹ کرتا ہوں ۔

سردار عبدالحمید دستی (وزیر تعلیم) صاحب صدر ۔ میں اس چیز کا ایک حل پیش کرتا ہوں (اپوزیشن بنچوں کی طرف سے شور اور بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ کی مسلسل آوازیں) آپ حل نہیں چاہتے ۔ آپ تو صرف شور اور بد نظمی کے خواہاں ہیں ۔

قاضی مرید احمد ۔ حضور والا ۔ اس ہاؤس میں آپ نے اور حزب اختلاف کے لیڈر نے کل یہ فیصلہ کیا تھا کہ کل اس مسئلہ پر عام بحث ہوگی مگر آج آپ ایسا کرنے کی اجازت نہیں دے رہے ہیں (وزارتی بنچوں کی طرف سے repetition, repetition اور بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ کی مسلسل آوازیں)

صاحب سپیکر—قاضی صاحب برائے مہربانی آپ ذرا بیٹھ جائیں—

Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : Sir, I draw your attention to Rule 114-A of Rules of Procedure of this Assembly. It says :

"114-A. (1) No resolution shall be moved or discussion allowed save with the consent of the Governor.

(At this stage there was a lot of noise and uproar in the House).

Mr. Speaker : Order, order. You do not hear anybody; you do not permit anybody to speak: you do not observe the rules of procedure: the honourable member is speaking and you are creating noise and interrupting him. It is really sad.

Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : Sir, I was reading Rule 114-A of Rules of Procedure of this Assembly. It reads :

"(1) No resolution shall be moved or discussion allowed save with the consent of the Governor with regard to any of the following subjects,namely

(*i*) any matter connected with the relations between the President and any foreign State or Ruler ;

(*ii*) the personal conduct of the Ruler of any acceded State."

Now, here the question is not between the President and the foreign ruler: but here the question is of our province. We claim that Chitral was never part of Kashmir and it was an independent state and its ruler was called Mehtar or His Highness and he had an independent policy and was in the pre-British days directly administered by the British Government. Therefore the question of relation between the President and foreign ruler does not arise, and as such we have a right to discuss this matter. In view of this, the ruling of the Speaker may kindly be revised.

قاضی مرید احمد - جناب والا - میں حیران ہوں - (مداخلت)

صاحب سپیکر - آڈر - آرڈر -

قاضی مرید احمد--میں حیران ہوں کہ جناب سپیکر اور چیف منسٹر خود ایک فیصلہ کرتے ہیں اور پھر رات نہ معلوم کون سی چیز انکے کان میں آگئی -

(شور - مداخلت)

Mr. Speaker: Please sit down.

قاضی مرید احمد—کل وہ سب ہمیں کہتے تھے کہ ہم دودھ پینے والے مجنوں ہیں - انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ ہم خون پسینہ ایک کرنے والے مجنوں ہیں - یہ ہماری جان کا مسئلہ ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ سارے مغربی پاکستان کا مسئلہ ہے - میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ پیش کرنے کو تیار ہوں - اس ہاؤس کے قواعد و ضوابط کو اس برے طریقے سے ذلیل و خوار کیا جا رہا ہے کہ میں سمجھتا ہوں (شور اور مداخلت)

صاحب سپیکر آرڈر - آرڈر -

ملک فیض حسین - اس ہاؤس میں وزارتی بنچوں پر جو خرخ کے بدترین مظاہرے کئے گئے ہیں - اس سے دنیا کے سامنے ہمیں شرم آتی ہے - میں اسکے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور اسے ملتوی نہیں کرنا چاہئے اس مسئلہ کو

اگر شور غوغا کی وجہ سے - ہمارے بدترین مظاہرے کی وجہ سے صاحب صدر ملتوی کر دینا چاہتے ہیں تو میں یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ گورنر سے اسکے متعلق اجازت چاہتے ہیں تو لے لیں لیکن ایسے معاملات میں ہم سے ایسے بدنام قوانین نہیں دیکھے جاتے۔ یہ ہماری غیرت کا سوال ہے - لہذا جناب والا - میں نہایت ادب سے عرض کرونگا - اپنے لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں آپکی وساطت سے کہ آپ پندرہ منٹ کے لئے ہاؤس کو ملتوی کر دیں اور گورنر صاحب سے اجازت لے لیں - لیکن سب سے پہلے اس مسئلہ پر غور کیا جائے - (تالیاں)

حافظ خواجہ غلام سدید الدین — جناب والا - جہانتک اس مسئلہ پر بحث کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ حزب مخالف کے دوسرے ممبروں کو بھی بولنے کی اجازت دیجائے -

صاحب سپیکر — آپکو وقت دونگا - (مداخلت)

سید جمیل حسین رضوی — (وزیر مہاجرین و بحالیات) جناب والا - جہانتک اس مسئلہ پر بحث کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ Treasury Benches اس مسئلہ پر بحث کرنے کے لئے اتنے ہی بیتاب ہیں جتنا کہ اس ہاؤس کا کوئی اور حصہ - (نعرہ ہائے تحسین) جہانتک اس مسئلہ کی اہمیت کا تعلق ہے ہمیں اس سے قطعی انکار نہیں — ہماری سب کی یہ خواہش ہے کہ اگر کسی صورت سے بھی ہم اس rule کے نفاذ سے بچ سکتے ہیں تو ہمیں ایسی صورت ضرور تلاش کرنی چاہئے لیکن ہمیں اس ہاؤس کو کبھی بھی کسی حالت میں بھی خلاف قانون کاروائی میں مبتلا نہیں کرنا چاہئے - اس لئے اگر کوئی صورت ایسی قانونی نکل سکتی ہے کہ ہم اس مسئلہ پر بحث کر سکتے ہیں تو بحث ضرور کی جائے - ورنہ میں دو متبادل تجویزیں ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں اور وہ یہ ہیں کہ جناب لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن دونوں اس Statement کو condemn کرنے کے لئے اپنا ایک بیان جاری کریں اور شام کو ہم سب ممبران جمع ہو کر اسے discuss کریں - (مداخلت)

میں ممبران حزب مخالف سے جناب کی وساطت سے انتہائی مؤدبانہ عرض کرتا ہوں کہ اگر اس مسئلہ پر محض شور مچا کر فیصلہ کرانا ہے تو یہ ٹھیک نہیں ۔ میں ایک تجویز آپکے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ (مداخلت) آپ اسے سنیں تو ۔ آپکو اختیار ہے آپ اسے مانیں یا نہ مانیں ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ شور مچا کر فیصلہ کرایا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ نائک بازی سے ہم اس مسئلہ کو حل نہیں کر سکتے ۔ (مداخلت) اگر قانوناً ہم اس مسئلہ کو زیر بحث لا سکتے ہیں تو ضرور لایا جائے ۔ لیکن اگر ایسا نہ ہو سکے تو میری یہ تجویز ہے کہ ایسا نہ کیا جائے (شور) اگر حزب مخالف کے ممبران میری ان تجویزوں کو سننے کے لئے تیار نہیں ہیں تو میں مجبور ہوں لیکن میرا یہ حق ہے کہ میں آپکی خدمت میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ سوال اسوقت Interpretation کا ہے ۔ سوال یہ ہے کہ کیا قانون کی Interpretation ایسی ہو سکتی ہے کہ اس مسئلہ کو between President اور foreign state نہ کہا جا سکے ۔ اگر ایسا ممکن ہو تو اسمیں Treasury Benches کو کوئی اعتراض نہ ہوگا کہ اس مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے (شور)

Mr. Speaker: Order, order.

مسٹر عبدالستار پیر زادہ—(وزیر قانون) جناب والا ۔ میں نے وہ rule پڑھا ہے جو آپ نے اس بحث کے خلاف quote کیا ہے ۔ میں آپ سے یہ تو نہیں کہتا کہ آپ کی interpretation غلط ہے لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ آپ اپنی interpretation پر نظر ثانی کریں ۔ رول کے الفاظ یہ ہیں :—

No resolution shall be moved or discussion allowed save with the consent of the Governor with regard to any of the following subjects, namely :—

(*i*) any matter connected with the relations between the President and any foreign State or Ruler ;

Now, sir, we are sitting in Lahore today and a foreign ruler claims a part of our province and State; now you can hardly describe this as a "relation between the President and any foreign State "or Ruler".

You yourself know very well that in interpreting rules when you come to the interpretation of the words 'within the discharge of duty' when any absurd thing comes which is normally not within 'the discharge of duty' you hold it as

outside your jurisdiction. Similarly in this case, this does not at all come under 'relations between the President and any foreign State'. It is an absurd thing, it is palpably wrong that the Prime Minister of India should claim that Chitral is a part of the Kashmir territory or Indian territory. Therefore, Sir, this rule does not apply in this case. I do not know how this has been brought to your notice. In my humble opinion and I have had a little experience of interpreting rules and making laws and I am giving you correct guidance and I always claim to have done so— this is not a case in which that rule will apply. I think, sir, there is no bar whatsoever in discussing this matter in this House.

حافظ خواجہ غلام سدید الدین — (ڈیرہ غازی خاں) جناب والا ۔ میں ایک آزاد اور انڈی پنڈنٹ ممبر ہوں اور ایوان کی کسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتا ۔ ماشاالله اسلامی آئین پاس ہو چکا ہے ۔ اب ہمارا فرض ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ اسلامی قوانین میں جو کچھ لکھا ہے وہ کیا ہے تاکہ ہم اس کی پیروی کریں ۔ ڈاکٹر صاحب نے جو کچھ انگریزی میں کہا ہے میں انگریزی سے نابلد ہونے کی باعث ان کا مطلب نہیں سمجھ سکا ۔ البتہ میاں ممتاز دولتانہ صاحب نے جو کچھ کہا ہے اس کا ایک پہلو سیاسی تھا دوسرا اسلامی لہذا ان کے اسلامی پہلو کی میں تائید کرتا ہوں مگر سیاسی پہلو کی تائید نہیں کرتا ۔ یہ لوگ راہ حنیف اختیار کرنے کو تیار نہیں ہیں ان کو ہاؤس کے وقار کو مد نظر رکھنا چاہئے ۔ ایک آزاد ممبر کو بھی تو بولنے کا وقت دینا چاہئے جو دونوں پارٹیوں سے تعلق نہیں رکھتا تاکہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کرسکے ۔ یہاں صرف اکثریت کا خیال رکھا جاتا ہے ۔ مگر میں کہوں گا کہ آزاد ممبر کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے ۔

بیگم سروری عرفان الله— (میونسپل کارپوریشن کراچی) جناب والا ۔ جہاں تک شخصیت کا احساس ہے اس کو نظر انداز کر دینا چاہئے ۔ یہ مت دیکھئے کہ کون کہتا ہے ؟ بلکہ یہ دیکھنا چاہئے کہ کیا کہتا ہے ۔ لیکن یہاں معاملہ اس کے برعکس ہے یہاں یہ دیکھا جاتا ہے کہ کوئی بات کس پارٹی کی طرف سے کہی جاتی ہے اور اپوزیشن کی ہر بات کے قبول کرنے میں پس و پیش کیا جاتا ہے ۔ یہ اصول کے خلاف بات ہے ۔ بہر حال میں درخواست کروں گی کہ جو بات بھی مفید ہو خواہ وہ کسی پارٹی کی طرف سے کہی جائے اس کی طرف کماحقہ توجہ کرنی چاہئے ۔ آپ یہ نہ سوچئے کہ یہ بات کس پارٹی کی طرف سے کہی گئی ہے ۔ میرا تو ایمان ہے کہ ہر فرد بشر کو اپنی بات کہنے کا حق ہے اور اس کے حسن و قبح پر غور کرنا سب کا فرض ہونا چاہئے ۔

میرے خیال میں اس معاملہ کو ضرور زیر بحث لانا چاہئے ۔ خدارا اس کو ضرور زیر بحث لائیے ۔ اس کو جلد از جلد زیر بحث لایا جائے ۔ اس کو ابھی زیر بحث لایا جائے ۔ ہمیں اپنے دماغی توازن کو نہیں چھوڑنا چاہئے ۔

خان سردار بہادر خان (قبائلی علاقہ) صاحب صدر جہاں تک اس مسئلے کے قانونی جواز کا تعلق ہے مجھے پیر زادہ عبدالستار کی رائے کے ساتھ کلی طور پر اتفاق ہے ۔ اور میں اس امر پرزور دوں گا کہ ڈاکٹر خان صاحب کو یہ قرار داد فوراً موزوں الفاظ میں زیر بحث لے آنی چاہئیے ۔ چترال مغربی پاکستان اور پاکستان کا جزو لاینفک ہے ۔ اور ایوان کے ہر دو جانب سے تعلق رکھنے والے ممبران اس کے حق میں ہیں اور اس ایوان میں کوئی فرد واحد بھی اس کے خلاف رائے نہیں رکھتا لہذا اس کے خلاف یہ اصطلاحی رکاوٹ پیدا کرنا کہ معاملہ صدر مملکت اور غیر ملکی حکومت کے درمیان ہے اس لئے یہ زیر بحث نہیں لایا جا سکتا ایک عجیب منطق ہے ۔ کل اگر خاکم بدھن ہمارے بارڈر پر حملہ ہو جائے یا دشمن کا قبضہ ہو جائے تو ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ چونکہ یہ معاملہ صدر مملکت اور فارن گورنمنٹ کے درمیان ہے لہذا ہمیں کچھ نہیں کرنا چاہئے ۔ ہم ساری ذمہ داری صدر مملکت پر ڈال کر اپنا پہلو نہیں بچا سکتے یہ منطق قطعاً نا قابل قبول ہے ۔ مجھے کوئی فرد واحد بھی موضوع بحث کے خلاف نظر نہیں آتا ماسوائے مسٹر سپیکر صاحب کے ۔ یہ ہمارا اپنا معاملہ ہے کسی بیرونی مملکت کا معاملہ نہیں ۔ بلکہ میں تو کہوں گا کہ کسی بیرونی ملک کو کوئی حق حاصل نہیں کہ وہ چترال کے متعلق جو ہمارے ملک کا جزو لاینفک ہے اپنی زبان تک ہلائے یا آنکھ اٹھا کر بھی اس کی طرف دیکھے چہ جائیکہ وہ اس کو اپنے تصرف میں لانے کی کوشش کرے ۔ یہ حد سے زیادہ اہم معاملہ ہے۔ ہمیں آج ہی اور ابھی اس معاملہ کو زیر بحث لانا چاہئے اور اس کا تعین اس انداز میں کرنا چاہئے کہ ایوان کے ہر حصے اور طبقے کے ارکان اپنی رائے کا اظہار کر سکیں ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ صاحب سپیکر کچھ اس انداز سے پوائنٹ چھیڑتے ہیں جس سے خیال پیدا ہوتا ہے کہ وہ اسے ملتوی کر دینا چاہتے ہیں ۔ ہم ہرگز ہرگز اس اہم معاملہ کو معرض التوا میں نہیں ڈالنے دیں گے اور میں تو یہاں تک کہوں گا کہ اگر کوئی رول ہماری راہ میں حائل ہو تو ایوان میں اس رول کی فوراً ترمیم کی جا سکتی ہے۔

ڈاکٹر خان صاحب—(چیف منسٹر) میرا تو خیال ہے کہ ہمیں اپنی پارلیمنٹری پریکٹس اور اپنی پارلیمانی روایات قائم کرنی چاہئیں۔ میں غیر ملکی قواعد کے برخلاف ہوں اور میری یہ خواہش ہے کہ ان کو دفع کر دیا جائے مگر میں خود قانون دان نہیں ہوں۔ یہاں قانون دان حضرات موجود ہیں۔ میں تو اسلامی طریقے پر چلنا چاہتا ہوں۔ میں اسوقت یہ propose کرتا ہوں کہ جو قانون ہمارے راستے میں حائل ہے اس کو ختم کر دیا جائے۔ اس کو دفع کیجئے اس کو delete کر دیجئے۔

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ — میں دوبارہ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں (شور و غل اور No, no کی آوازیں)۔

Mr. Speaker : I request the honourable members to keep silent and allow the honourable member to have his say.

Mehr Muhammad Sadiq: He has already spoken. The honourable members opposite did not permit our Leader to speake, so we will also not permit him to speak. You may put the question.

Makhdumzada Syed Hasan Mahmud: No, no, we will not permit him. Unless they agree that they will not disturb honourable members on this side during their speaches we will not permit him to speak.

شیخ ظفر حسین — جناب والا اگر اس معاملہ کے یہاں پیش ہونے پر اتنا اعتراض ہے تو ان سے کہئے کہ وہ پنڈت جواہر لال نہرو سے اجازت لے لیں تاکہ یہ معاملہ یہاں پیش ہو سکے۔ (خوب خوب)

چودھری عزیز الدین — پنڈت جواہر لال نہرو سے اجازت آ گئی ہے کہ نہیں۔

Mr. Speaker : Order please.

Mehr Muhammad Sadiq : The honourable member must sit down when you are standing.

صاحب سپیکر — میں پھر ایوان سے مؤدبانہ التماس کروں گا کہ اگر اس طرح سے ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالی جائے تو کام نہیں چل سکے گا۔ میری دونوں طرف سے یہ التجا ہے کہ اگر کسی معزز رکن کو سپیکر تقریر کرنے کی اجازت دیدے تو ان کی تقریر میں کسی کو رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہئے اور اگر کوئی اعتراض ہو تو کھڑے ہو کر کرنا چاہئے۔ میں بار بار اس بات کو نہیں دہرانہ چاہتا۔ آپ کو خود اس بات کا احساس ہونا چاہئے اگر اس قسم کی باتیں اس ایوان میں ہوئیں تو اس طرح کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی۔ ہم دنیا

کے سامنے شرمندہ ہوں گے کہ ہم جمہوری طریق سے اس ایوان کی کارروائی کو نہیں چلا سکتے اور یہ کہ ہم کسی ڈسپلن کے پابند نہیں ہیں اور مزید یہ کہ ہم کسی رولز آف پرو سیجر کے بھی پابند نہیں ہیں اور کوئی پارلیمنٹری پریکٹس ہم پر حاوی نہیں ہے اگر حالت یہی رہی تو کسی ملک میں ڈیموکریسی کا قائم رہنا نا ممکن ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ ایوان کی کسی جانب سے بھی کارروائی میں رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہئے ۔ آپ کو گذشتہ را صلواۃ اور آئندہ را احتیاط کے مقولہ پر عمل کرنا چاہئے ۔

Makhdumzada Syed Hassan Mahmud : We will agree not to disturb them only if they agree not to disturb us.

مہر محمد صادق — جناب سپیکر صاحب پہلے ان کی طرف سے Statement دلوائیے کہ وہ disturb نہیں کریں گے ۔ جب تک وہ ایسا سمجھوتا نہیں کریں گے ہم ہرگز ہرگز ان کو تقریر کرنے نہیں دیں گے (no, no. کی آوازیں اور شور و غل)

سردار عبدالحمید خان دستی — ہمیں تو آپ کا رولنگ منظور ہے ان سے بھی تو منوائیے ۔

ایک آواز — ایوان میں اتنا شور غل ہو رہا ہے کہ آپ ایوان کی کارروائی کو ملتوی کر دیں ۔ (شور و غل اور نو نو کی آوازیں)

Mehr Muhammad Sadiq : If their Leader agrees that their will be no disturbance we will agree not to disturb them.

صاحب سپیکر — میں آپ سے مؤدبانہ درخواست کروں گا کہ آپ گزشتہ باتوں کو جانے دیں اور اگر وہ آئندہ بھی اس طرح شور کریں تو پھر آپ جو چاہیں کریں ۔

Makhdumzada Syed Hassan Mahmud : We agree.

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ — جناب والا اس شور و غوغا کے لئے کوئی وجہ جواز تو نہ تھی کیونکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس پر ایوان کی دونوں اطراف کو کلیتاً اتفاق ہے — میں ڈاکٹر خان صاحب کے ان جذبات سے پورا پورا اتفاق رکھتا ہوں کہ اگر کوئی اصطلاحی مشکل اس مسئلہ کو زیر بحث لانے کے راستہ میں حائل ہو تو ہمیں اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے—اور اس ایوان میں اس مسئلہ پر پورے طور سے اظہار رائے کرنا چاہئے—اگر آج ہم کسی ٹیکنیکل بنا پر اس مسئلہ کو یہاں زیر بحث نہیں لائینگے تو اس سے عوام میں بدگمانی

پیدا ہوگی—کل صبح آپ نے یہ فرمایا تھا کہ اس مسئلہ پر شام کو بحث ہوگی—اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ اس پر آج سوالات کے بعد بحث ہوگی اس کے بعد چیف منسٹر صاحب نے ایک تجویز پیش کی جس پر آپ نے ایک رولنگ دیا—اس سے لوگوں میں یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے کہ ایوان جان بوجھ کر اس مسئلہ کو التوا میں ڈال رہا ہے— حالانکہ مجھے یقین ہے کہ اس ایوان میں کسی کی یہ نیت نہیں کہ ایسا ہو— جناب والا میں اپنی پارٹی کی طرف سے ایک تجویز پیش کرتا ہوں— میں نے اپنے لیڈر سے بات تو نہیں کی لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ مجھ سے اتفاق کریں گے—میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ اہم ہے اور اس پر آج ہی بحث ہونی چاہئے—آپ فرماتے ہیں کہ زیر بحث مطالبہ زر آج ضرور منظور ہونا چاہئے—ہم اس کے لئے تیار ہیں کہ اس مطالبہ زر کو اسی وقت بغیر تقسیم آرا کے منظور کر لیں—اس کے بعد اس مسئلہ پر بحث کی جا سکتی ہے—

صاحب سپیکر—ایوان میں اس مسئلہ کے متعلق جو تھوڑی سی غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے میں اسے دور کرنا چاہتا ہوں—شاید بعض حضرات نے یہ تاثر لیا ہو کہ میں اس مسئلہ کو زیر بحث لائے جانے میں رکاوٹ ڈالنا چاہتا تھا— حقیقت یہ ہے کہ جس وقت یہ رول میرے نوٹس میں لایا گیا میں نے اسی وقت ٹیلیفون پر گورنر صاحب سے رابطہ پیدا کرنے کا انتظام کر لیا تھا—اور مجھے یقین تھا کہ آج کی کارروائی ختم ہونے سے پہلے پہلے گورنر کی اجازت موصول ہو جائیگی اور یہ اہم مسئلہ آج ہی زیر بحث آجائیگا—جہاں تک میرا تعلق ہے اگر رولز میں کوئی چیز موجود ہو تو خواہ وہ کتنی ہی تلخ اور نا خوشگوار کیوں نہ ہو میرے لئے اس کی پابندی ضروری ہے— رہا اس پابندی کو دور کرنے کا سوال—تو جب لیڈر آف دی ہاؤس لیڈر آف دی اپوزیشن اور ایوان کے جملہ اراکین اس بارہ میں متفق ہوں کہ ان قواعد کو اس بحث کے لئے معطل کر دیا جائے تو مجھے اس معاملہ کو زیر بحث لانے پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا (تالیاں)—

Now I shall formally put the Motion.

Is it the wish of the House that Rule 114-A of the Rules of Procedure of this Assembly be suspended today for the discussion of the matter relating to Chitral (several voices : Yes).

The motion was carried.

DEMANDS FOR GRANTS

IRRIGATION (WORKS)

Mr. Speaker : Now we take up the demands for grants.

Dr. Khan Sahib (CHIEF MINISTER) : Sir, I beg to move—

That a sum not exceedig Rs 3,70 81,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 31st March 1957, in respect of Irrigation (Works) in addition to the amount of Rs. 74,16,200 already authorised by the Governor.

Mr. Speaker : The demand moved is—

That a sum not exceeding Rs. 3,70,81,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 31st March 1957, in respect of Irrigation (Works) in addition to the amount of Rs. 74,16 ,200 already authorized by the Governor.

There are cut motions on this demand.

Mian Muhammad Shafi : I do not move my cut motion.

Mr. Abdul Ghaffar Khan : So also myself.

Mr. G. M. Bhurguri : I do not want to move.

Mr. G. M. Syed : Sir, I do not want to move, but I would like to make a few remarks. Chitral question is a most important question,and, therefore, I forego my cut motion, but I request one thing from the Minister that all the projects which were under consideration by the former Governmont of Sind should be reconsidered and it would be a great injustice to that region, if those projects are not provided in the West Pakistan Budget. Sir, before you put this demand to vote I want an assurance that no injustice will be done to the interest of the former province of Sind and those projects which were under consideration by the former Sind Government will receive consideration.

Kazi Fazlullah Ubedullah : Certainly those projects will receive my utmost consideration.

Mr. Madhavji Dharsi Bhai : I do not want to move my cut motion.

Pir. Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah: I do not want to move.

Mr. Speaker : The question is—

That a sum not exceeding Rs. 3,70,81,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 31st March 1957, in respect of Irrigation (Works) in addition to the amount of Rs. 74,16,200 already authorized by the Governor.

The motion was carried.

Now I call upon the Chief Minister to move the resolution with regard to Chitral.

CHITRAL RESOLUTION

Chief Minister : Sir, I move—

That the Assembly do now proceed with the discussion of the declaration of the Prime Minister of India that Chitral which is a part of West Pakistan and is represented by a member in this House, is a part of Kashmir.

Sir, this is a very serious affair and I will request all the members to listen to me without any prejudice or any kind of feeling which they may have. I am really surprised that a responsible man, the Prime Minister of India, should make a declaration like this in the parliament of his country that Chitral is a part of Kashmir.

(Interruptions).

Mr. Speaker : Order, please

Chief Minister : Chitral is a part and parcel of West Pakistan (hear, hear).

Before partition, it was with the North-West Frontier Province, and Malakand Agency was incharge of that part of the country. We had an Assistant Political Officer in Chitral—even now we have got that officer.

After partition, the ruler of Chitral joined with Pakistan in 1947, in November; then again in 1948, the ruler of Chitral further increased the relation between Pakistan and his State. Now it is a part and parcel of Pakistan. I assure the Prime Minister of India that in Pakistan and especially in West Pakistan, we will never allow anybody to come near the territory which belongs to our State (Hear, hear).

I am very sorry that we should hear little references like that which really involve a very serious matter and the consequences of such things are always very dangerous. I assure him that here in West Pakistan the things are ten times more dangerous that it can ever be imagined (Hear, hear).

I am not going to make a long speech because I tell you : actions are much better than words (Hear, hear.) I hope you will all agree with me if I say that if anybody even thinks of our territory, he shall be dealt with in the right way.

خان سردار بہادر خان (قبائلی علاقہ ملحقہ اضلاع ہزارہ و مردان)—صاحب صدر۔ میں ہر محب وطن پاکستانی کی طرف سے پنڈت نہرو کے اس بیان کی مذمت کرتا ہوں جو انہوں نے اگلے دن ہندوستان کی پارلیمنٹ میں دیا ہے اور جس میں انہوں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ چترال مقبوضہ کشمیر کا ایک جزو ہے اور اس لحاظ سے ہندوستان کا ایک جزو ہے۔

صاحب صدر۔ جہاں تک چترال کا تعلق ہے—چترال تقسیم ملک سے پہلے صوبہ سرحد کی ایک ریاست تھی جس کا نظم و نسق اس وقت کی گورنمنٹ آف انڈیا کا مالا کنڈ کا پولیٹیکل ایجنٹ کیا کرتا تھا—اور مقامی طور پر وہاں ایک اسسٹنٹ پولیٹیکل آفیسر یا ایجنٹ تعینات ہوا کرتا تھا—تقسیم کے بعد چترال کے حکمران نے برضامندی خود پاکستان کے ساتھ الحاق کیا—اور صورت اب گئے کل کی پھر بدل چکی ہے— یعنی اس ریاست نے اپنے آپ کو مغربی پاکستان کی وحدت میں شامل کرنے کا خود فیصلہ کیا ہے—لہذا چترال ہر لحاظ سے مغربی پاکستان کا جزو لاینفک تھا—ہے اور ہمیشہ رہے گا (نعرہ ہائے تحسین)۔

صاحب صدر۔ میں اس موقع پر یہ کہنا چاہتا ہوں اور آپ بھی جانتے ہیں کہ تقسیم ملک کے بعد ہماری بدقسمتی سے اور کچھ اغیار کے سمجھے بوجھے ہوئے منصوبے کے تحت ہمارے راستے میں وہ مشکلات پیدا ہوگئیں ہیں جو کہ بظاہر بہت کٹھن نظر آتی ہیں—مگر میں عرض کروں گا کہ قومی زندگی میں اس قسم کی مشکلات ہوا ہی

کرتی ہیں—ایک قوم کے کردار اور اس کی ہمت کا امتحان محض اس سے ہوتا ہے کہ اس کا عزم کہاں تک مضبوط ہے—اور آیا وہ ان مشکلات پر حاوی ہو سکتی ہے یا نہیں اور کتنے وقت میں حاوی ہوسکتی ہے—

جناب صدر۔ میں اس ضمن میں کشمیر کا حوالہ بھی دوں گا— میرا جزو ایمان ہے اور ہر پاکستانی کا جزو ایمان ہے کہ جب تک کشمیر کے رہنے والوں کو آزادانہ طور پر حق رائے دہندگی حاصل نہیں ہو سکے گا اور وہ خود اپنے مستقبل کا فیصلہ نہیں کر سکیں گے تب تک ہمارے یہ مسائل کبھی حل نہیں ہوں گے—میں جانتا ہوں کہ اہل کشمیر کا فیصلہ کیا ہوگا اور ہندوستان بھی جانتا ہے کہ ان کا فیصلہ کیا ہوگا — اور یہی وہ ہے کہ وہ ان کے اس حق کے راستے میں ایک دیوار کی طرح حائل ہو رہا ہے—جناب صدر—آپ واقعات کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کیجئے کہ کیا یہ ممکن ہے کہ ہمارا مغربی پاکستان بلکہ سارے کا سارا پاکستان پنپ سکے جب تک کہ کشمیر اس کا جزو نہ ہو—وہ کب ہوگا یہ ٹھیک ہے کہ ہماری بدقسمتی سے آٹھ سال سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکا—لیکن میں ایک مثال پیش کرتا ہوں—گئے کل کی بات ہے کہ جاپان نے چین کے نصف کے قریب علاقہ پر قبضہ کر لیا تھا—یہاں تک کہ وہ برما تک آ پہنچا تھا—کیا اس وقت ہم میں سے کسی کو اندازہ ہو سکتا تھا کہ بین‌الاقوامی حالات ایسی کروٹ بدل لیں گے کہ جاپان کو چین کی ہر انچ زمین سے دست کش ہونا پڑے گا—اور چین پھر سے عالم وجود میں آئے گا مگر ایسا کیوں ہوا یہ بین‌الاقوامی حالات کی وجہ سے ہوا—

مگر ہمیں اس وقت تک محض انتظار نہ کرنا چاہئے—میں سمجھتا ہوں کہ حق و انصاف ہمارے ساتھ ہے— جناب والا— میں یہ بات بھی واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ دنیا میں ہر کام محض اعداد و شمار کی بنا پر ہی کامیاب نہیں ہوا کرتا—فوجی اعداد و شمار ہی کسی ملک کے مستقبل کی ضمانت نہیں ہوا کرتے—دنیا میں کئی عالمگیر اور خون ریز جنگیں ایسی بھی لڑی گئیں جن کے نتائج اعداد و شمار کے برعکس نکلے—اس لئے یہ سمجھنا کہ فلاں ملک کے ذرائع کم ہیں—اس کی فوج کم ہے اور اس کی ہر چیز کسی دوسرے ملک کے مقابلے میں کم ہے اس امر کا بین ثبوت نہیں کہ وہ ملک بالکل کمزور ہے— کیونکہ ان مادی ذرائع کے ساتھ ہی ایک دوسرے مسئلے کو بھی دخل ہوا کرتا ہے—اور وہ ہے کسی ملک کا استحقاق—اس کا عزم اور اس کے ساتھ تائید ایزدی

جناب والا—میں ایک دلخراش حقیقت کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں—ہمیں اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر اپنے ملک کے اندرونی اور بیرونی حالات پر نظر ڈالنی چاہئے مجھے وہ وقت بھی یاد ہے جب کہ ۱۹۵۱ء میں لشکر آرائی ہوئی تھی—اس کے بعد لیاقت علی خان مرحوم دہلی گئے جس کے نتیجے کے طور پر لیاقت علی نہرو پیکٹ عمل میں آیا—میں اس وقت ان کی وزارت میں ایک وزیر تھا—جس وقت وہ ہندوستان سے واپس آئے تو انہوں نے فرمایا کہ ہندوستان والوں کو یقین کامل ہے کہ پاکستان ہندوستان پر حملہ کر دے گا—چنانچہ ان کی صف آرائی کچھ اس خوف اور خطرے کی وجہ سے عمل میں لائی گئی—میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ فوجی لحاظ سے ہماری اس وقت کیا حالت تھی—میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ میری دانست کے مطابق آج ہماری حالت مضبوط تر ہے (تالیاں)۔ مگر جناب قومی جنگ کے سلسلے میں کسی ملک کی مدافعت صرف فوج ہی نہیں کیا کرتی بلکہ اس کے پس پشت اس قوم کا اتحاد—اس کا عزم اور اس کا اتفاق کیا کرتا ہے—

جناب والا—میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ تقسیم سے لیکر آج تک ہندوستان کے وزیر اعظم کو اس سے پہلے یہ مسئلہ کیوں یاد نہ آیا کہ چترال مقبوضہ کشمیر کا ایک جزو ہے—آخر اس کی کوئی وجہ ہونی چاہئے—اس کے لئے میں اس کے سوا کوئی وجہ ماننے کے لئے تیار نہیں کہ جب انہوں نے حالات سازگار دیکھے انہوں نے دنیا کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کر دیا— میں شاید پہلے بھی کسی موقع پر اس امر کا اظہار کر چکا ہوں کہ ہمیں ان وجوہات کا پتہ چلانا چاہئیے جو اس دعوے کا موجب ہوئی ہیں— جب تک ہم بیماری کی تشخیص نہ کرینگے اس کا علاج نہ کر پائیں گے— میں سمجھتا ہوں کہ پہلے کی طرح آج بھی ہم متفق اور متحد رہتے تو جس طرح ۱۹۴۷ سے لے کر آج تک پنڈت نہرو کو کسی قسم کا دعوئے کرنے کی جرات نہیں ہوئی وہ آج بھی اس قسم کی جسارت نہ کر سکتے۔

ہمیں آج بھی اپنا اتحاد برقرار رکھنے کی خاطر دودھ کے مجنوں اور خون کے مجنوں والی طعنہ زنی سے کام نہ لینا چاہئیے۔ کیونکہ اس سے ہمارے مابین انتشار کے بڑھنے کا اندیشہ ہے۔ مجھے یاد ہے جو حضرات اس وقت پاکستان کے استحکام اور سلامتی کے حق میں ہیں وہ قیام پاکستان کے وقت اس کے خلاف تھے۔ اس وقت انہیں ہمارے لئے کرہ ارضی پر کوئی جگہ نظر نہ آتی تھی۔

بہر حال اس وقت جب کہ ہمارے دشمن ہمارے ملک کی سلامتی کے لئے خطرہ بنے ہوئے ہیں ملک کی بقائے دوام کی خاطر ہر فرد بشر کا یہ فرض اولین ہے کہ موقع آنے پر اس کے لئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دے۔

جناب والا ۔ اس سلسلے میں مین پھر یہی عرض کرونگا کہ آپ ملک کے اندرونی حالات پر ذرا سنجیدگی سے نظر ڈالیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی ملک کے استحکام کا انحصار اس کے اندرونی حالات پر ہوا کرتا ہے ۔ اس سے میرا منشا کسی پر حملہ کرنا نہیں ۔ آج وہ لوگ جنہوں نے ملک میں انتشار پیدا کیا ہے ۔ انہوں نے یہ قدم اٹھا کر پاکستان کے استحکام اور سلامتی کو خطرے میں ڈال دیا ہے ۔ جو ہر گز مناسب نہیں ۔ لہذا میں اپنی تقریر ایک شعر پر ختم کرتا ہوں ۔

زمانہ منتشر ہے پھر نئی شیرازہ بندی کر

بہت کچھ ہو چکی اجزائے ہستی کی پریشانی

اگر آپ متحد رہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پنڈت نہرو کو آپ کے ملک کی ایک انچ زمین کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی جرات نہین ہو سکتی (تالیاں) ۔

پیر الہیٰ بخش نواز علی شاہ (ضلع دادو) ۔ جناب صدر ۔ میں اپنی پارٹی کی طرف سے قائد ایوان کے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں (تالیاں) میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آخر پنڈت نہرو کی حوصلہ افزائی کی وجہ کیا ہے ۔ میرے نزدیک اس کی سب سے بڑی وجہ ہماری مرکزی حکومت کی کمزور پالیسی ہے ۔ آٹھ سال کا عرصہ گزر چکا ہے ۔ مگر ہم آج تک کشمیر کے مسئلے کے متعلق یو۔این۔او کے دروازے کھٹکھٹا رہے ہیں ۔ اس کے علاوہ ہم نے آج تک کوئی کوشش بھی تو نہیں کی ۔ اس سلسلے میں پہلی غلطی جو ہم سے ہوئی وہ cease fire کی ہوئی ۔ جس سے ہمیں وہ نقصان پہنچا جس کی آج تک تلافی نہیں ہو سکی (تالیاں) ۔ اس سلسلے میں آج بھی ہماری حکومت جو کچھ کر رہی ہے ۔ ذاتی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ

این راہ کہ مے روی بترکستان است

مرکزی حکومت کی یہ پالیسی کبھی کشمیر کے فیصلے کو قریب نہیں لا سکتی ۔

جناب صدر ۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ کے نمائندے یو۔این۔او میں جاتے ہیں ۔ وہاں بڑی بڑی تقریریں ہوتی ہیں ۔ وہاں بڑی بڑی تجویزیں پیش کی جاتی ہیں ۔ اور معاملہ زبانی بات چیت یا کاغذی کارروائی تک رہ جاتا ہے ۔ وہاں جو لوگ اپنے آپ کو ہمارا دوست ظاہر کرتے ہیں وہ دراصل ہمارے دوست نہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم جس بلاک میں شامل ہوئے ہیں اس کے سرکردہ رکن ہمیں اپنے اشاروں پر نچا رہے ہیں ۔ وہ ظاہر میں تو ہمارے دوست ہیں اور ہمارے ساتھ ہمدردی کا دم بھرتے ہیں لیکن اگر ہم ذرا غور سے دیکھیں تو یہ سب کچھ جھوٹ ہے ۔ یہ سب جھوٹے وعدے اور جھوٹی امیدیں ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم آپ کی امداد کر رہے ہیں ۔ لیکن وہ ہماری صحیح معنوں میں امداد نہیں کر رہے ۔ وہ ہم سے زیادہ تو ہندوستان کی امداد کر رہے ہیں ۔ ہندوستان والے کہتے ہیں کہ آپ کو فلاں ملک سے فوجی امداد مل رہی ہے ۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ بھئی ہم سے زیادہ تو تم لوگوں کو مل رہی ہے ۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اگر ہمیں مال کی صورت میں مل رہی ہے تو آپ کو روپے کی صورت میں ۔ آپ جس قسم کا مال چاہیں اس روپے سے خرید سکتے ہیں ۔ آپ تو حقیقتاً اس روپے سے فوجی ہتھیار خرید رہے ہیں ۔ اس میں فرق ہی کیا ہے ۔ بدقسمتی سے ہمارے لیڈروں میں ویسی ہمت اور جرات نہیں جیسی کہ ہونی چاہیئے ۔ اس وقت ہمارے لیڈر وہ لوگ ہیں جو حکومت برطانیہ کے زیر سایہ پلے اور جن کو ساری کی ساری ٹریننگ بھی برطانیہ ہی سے ملی ۔ آج وہ زبردستی ہمارے سروں پر منڈھے ہوئے ہیں ۔ لہذا جو پالیسی بھی وہ چلا رہے ہیں وہ برطانیہ کی پالیسی ہے ۔ ہماری ایک آزاد ملک کی پالیسی نہیں ہے ۔ ہم چاہتے ہیں اور پاکستان کا بچہ بچہ چاہتا ہے کہ کشمیر کے جو لوگ ہمارے بھائی ہیں ان کے مستقبل کا فیصلہ جلد از جلد ہو ۔ وقت گزر جاتا ہے مگر باتیں یاد رہ جاتی ہیں ۔ ہمارے وفد جاتے ہیں اور ہر وقت ہندوستان اور ہمارے وزرائے اعظم کے درمیان خط و کتابت ہوتی رہتی ہے ۔ لیکن ہمارا تجربہ یہ کہتا ہے کہ اس کا آج تک کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ یہ ٹال مٹول عرصے سے جاری ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری غلطی کی وجہ سے ان کی ہمت افزائی ہو رہی ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ آج نو سال بعد ہندوستان کے وزیر اعظم نے اس قسم کی جسارت کی ہے کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اگلے دن ہندوستان نے سندھ کے علاقے پھد بیٹ پر بغیر پوچھے قبضہ جما لیا ۔ کسی نے نہ پوچھا کہ آخر یہ کیوں ۔

ہماری حکومت اس واقعے پر بھی خاموش رہی ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستانی فوج نے وہاں کے باشندوں اور ہماری پولیس کو نکال باہر کیا جب اس واقعے کی طرف حکومت کی توجہ دلائی گئی تو اس کی طرف سے ایک احتجاجی نوٹ حکومت ہند کو بھیج دیا جاتا ہے۔ اور کچھ بھی نہیں ہوتا ۔ مجھے تعجب ہے کہ کسی کے گھر میں کوئی چور گھس آئے اور قبضہ کر کے بیٹھ جائے پھر گھر والے اس گروہ کے سردار سے احتجاج کریں کہ اس گھر سے نکل جاؤ یہ کتنی افسوس ناک بات ہے۔ سندھ کے علاقہ میں قبضہ کیا تھا تو کسی نے نہیں پوچھا ۔ جونا گڑھ اور مانادر کے متعلق بھی کچھ نہیں ہوا۔ وہ جانتے ہیں کہ پاکستان کی حکومت بزدل ہے اس میں لوگ ہمت والے نہیں ہیں ۔

صاحب صدر ۔ ہمارے لیڈر بدقسمتی سے ایسے ہیں کہ کوئی صحیح قدم نہیں اٹھاتے ۔ میں حیران ہوں کہ یہ کب تک یونہی خاموش بیٹھے رہیں گے ۔ یہ کیا تماشہ ہے ۔ آج وہ چترال کے متعلق کہتے ہیں کل وہ لاہور کے متعلق بھی اسی طرح کہنا شروع کر دیں گے ۔ ریڈکلف نے جو ایوارڈ دیا تھا وہ میں جانتا ہوں ۔ کہ بعض ایسی تحصیلیں بھی ہندوستان کو مل گئیں جن میں مسلمانوں کی آبادی زیادہ تھی ۔ لیکن ہم خاموش بیٹھے رہے ۔ یہ ایوارڈ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے ایجنٹ ریڈ کلف نے نہایت بے ایمانی سے دیا ۔ مسٹر دین محمد اس وقت اس کمیٹی میں شامل تھے انہوں نے کہا تھا کہ یہ لوگ تقسیم کے متعلق ایوارڈ ایمانداری سے نہیں دینگے ۔ آخر وہی بات ہوئی ایوارڈ پوری بے ایمانی سے دیا گیا ۔ اس سے ہمیں اتنا زبردست دھکا لگا ہے کہ ہم آج تک رو رہے ہیں ۔ ابھی تک کشمیر کا مسئلہ ویسے کا ویسا ہے اب پانی کا سوال اٹھایا گیا ہے ۔ اگر یہی صورت رہی تو نہ معلوم اور کیا کیا سوال اٹھائے جائیں گے ۔ اگر ہمارے لیڈروں میں کچھ ہمت ہو اور وہ دور اندیشی سے کام لیں تو ہم یقینی طور پر کسی نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں لیکن اگر صرف باتیں ہوتی رہیں ۔ اور ہم لوگ یونہی خاموش بیٹھے رہے تو ہم کوئی کام مکمل نہیں کر سکیں گے ۔

میرے دل میں چودھری محمد علی صاحب وزیر اعظم پاکستان کی بے حد عزت ہے ۔ انہوں نے کشمیر کانفرنس بلائی تھی اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایمانداری سے چاہتے تھے کہ کسی نہ کسی طریقہ سے ہم کسی نتیجہ پر پہنچ سکیں ۔ لیکن ہوا کیا ۔

نشستند و گفتند و برخاستند و نتیجہ نہ یافتند ۔ خیال تھا کہ ہم کوئی کام کریں گے اور دنیا کو دکھائیں گے مگر چھ ماہ گزر گئے ہیں ابھی تک کچھ نہیں کیا گیا ۔ دنیا دیکھ رہی تھی کہ اب کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے مگر کچھ نہ ہوا ۔ میں تو عرض کروں گا کہ یہ تمام باتیں ختم کر دی جائیں اور اپنے لیڈروں سے صاف صاف کہہ دیا جائے کہ آپ یہ راستہ جس پر آپ چل رہے ہیں غلط ہے ۔ اس کو چھوڑ دیں اور صحیح راستہ اختیار کریں اور کہہ دیں کہ اگر آپ سے نہیں ہو سکتا تو ہم اس حکومت کو برخاست کر دیں گے ۔ اور خود حکومت کو اپنے ہاتھ میں لے کر کشمیر کا فیصلہ کریں گے ۔ کیونکہ پبلک حکومت کی کارروائی اور طرز عمل سے متفق نہیں ۔ جب تک کشمیر کا فیصلہ نہیں ہوتا ۔ ہم صبر اور چین سے نہیں بیٹھ سکتے ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

Khan Shad Muhammad Khan: Sir, I have never been allowed a chance to speak on any subject in this House. Will you kindly note this and give me a chance because I have a privilege to speak. My name is Shad Muhammad Khan.

Mr. Jafar Ali Shah (CHITRAL): Sir, as a representative of Chitral, I strongly condemn the recent statement made by the Prime Miniser of India about Chitral. Chitral has never been a part of Kashmir. The people of Chitral do not come under the suzerainty of Kashmir. Sir, Chitral was one of the first States to accede to Pakistan and it is now an inseparable part of West Pakistan Province. Sir, that is the present position.

The people of Chitral are most loyal and faithful to Pakistan. They will defend to the end this most important part of the country against any design with the last drop of their blood.

بیگم زری سرفراز (ضلع مردان) صدر محترم — میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے اپنے ناچیز خیالات کا اظہار کرنا چاہتی ہوں ۔ چونکہ یہ مسئلہ بہت اہم ہے اس لئے میرے خیال میں نہ صرف اس ایوان کا ہر فرد بلکہ پاکستان کا ہر فرد و بشر اس معاملہ کو بڑی اہمیت کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے ۔

سب سے پہلے میں اہل زبان بھائیوں اور بہنوں سے معافی چاہتی ہوں اور عرض کرتی ہوں کہ اگر میری تقریر میں کوئی تلفظ کی غلطی یا زبان کی غلطی ہو تو اسے بہ کمال مہربانی نظرانداز کر دیں ۔ میں پشتو میں تقریر کرنے کو تیار تھی مگر اس خیال سے کہ میری باتیں اکثر ممبران نہیں سمجھ سکیں گے ۔ میں نے چاہا کہ اردو میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ اردو ہماری قومی زبان ہے (نعرہ ہائے تحسین) اور اس ایوان کے سب ممبران اردو میں میری باتیں سمجھ سکیں گے ۔

جناب صدر—میں پاکستان کے ایسے طبقہ سے تعلق رکھتی ہوں جس نے پاکستان کی جنگ آزادی اور خصوصاً کشمیر کی جنگ آزادی میں نمایاں حصہ لیا ہے اور آج بھی ان کا خون کھول رہا ہے۔ ہمارے شہیدوں کا خون ہم سے اس چیز کا مطالبہ کر رہا ہے کہ ہم اس خون کو رائگاں نہ جانے دیں ۔ جس جذبہ اور جس خلوص کے ساتھ ہمارے شہیدوں نے کشمیر کی جنگ آزادی میں حصہ لیا ہے پاکستان کے ہر فرد اور تمام بیرونی ممالک کے لوگوں کو معلوم ہے۔ انہوں نے ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے پاس جذبہ آزادی و غیرت سب سے زیادہ ہے ۔ میں کہتی ہوں کہ جواہر لعل نہرو کے اس بیان نے ایک بار پھر ہماری غیرت کو جھنجھوڑا ہے۔ وہ ایک بار پھر ہماری غیرت کا امتحان لینا چاہتے ہیں ۔ وہ یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ وہ لوگ جنہوں نے جنگ آزادی میں حصہ لیا تھا آج ان کی حالت کیا ہے۔ وہ پھر ہماری غیرت اور جذبۂ حب الوطنی کو آزمانا چاہتے ہیں تو میں آپ کی وساطت سے مرکزی قیادت سے یہ عرض کرونگی کہ اگر وہ پنڈت نہرو کے کل کے بیان پر کوئی منہ توڑ جواب نہیں دے سکتے تو وہ ہم عوام کو اجازت دیں کہ زور بازو سے نہرو کو بتلا دیں کہ آج اہل پاکستان کی غیرت اور جذبۂ حب الوطنی کیا ہے (تالیاں) صرف اخبارات میں بیان دے دینے سے یا قلم کے زور سے کبھی یہ مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔ اس کے لئے عمل چاہئیے ۔ اس کے لئے جذبہ چاہئیے ۔ اس کے لئے ایمان چاہئیے اور اس کے لئے اقدام چاہئیے (خوب ۔ خوب) ۔ میں کہونگی کہ ہم میں سے جو بھی اس معزز ایوان سے تعلق رکھتا ہے خواہ وہ میرے بھائی ہوں یا بہنیں ہم سب پر اس چیز کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ آج ہم نے خود ہی ایسے حالات پیدا کئے ہیں کہ ہمارے اس انتشار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے باہر کے لوگ ہم پر انگلیاں اٹھاتے ہیں اور ہمارے ملک کے کسی حصہ پر اپنا حق جتاتے ہیں لیکن میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کر دینا چاہتی ہوں کہ خواہ ہمارے سیاسی اختلافات کس قدر ہی خراب کیوں نہ ہوں ۔ ہم اپنی آزادی کے لئے اور ملکی مفاد کے لئے متحد ہیں ۔ میں آج آپ سے اپیل کرونگی کہ خواہ ہم کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں ہم سب پاکستانی ہیں (تالیاں) ۔ میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ ہم اپنے بھائیوں کے دوش بدوش لڑینگے اور کشمیر کے عوام کو آزاد کرائینگے (تالیاں) ۔ میں خواتین کی طرف سے آپ کو یقین دلاتی ہوں اور آپ کی وساطت سے حکومت پاکستان کو یقین دلاتی ہوں کہ پاکستان کی خواتین اپنے

بھائیوں کے دوش بدوش جنگ آزادی میں اپنے سینوں پر گولی کھانے کے لئے تیار ہیں بجائے اس کے کہ ہم ذلت اور غلامی کی زندگی بسر کریں (تالیاں) ۔ آج پاکستان کے عوام یہ دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے لیڈر جو اس وقت اپنے اقتدار کے لئے اور ذاتی مفادات کے لئے آپس میں لڑ رہے ہیں وہ جنگ آزادی کے لئے کیا کرینگے ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئیے کہ ہم جو یہاں آکر بیٹھے ہیں یہ اسی جنگ آزادی کا نتیجہ ہے یہ اسی کوشش اور قربانی کا نتیجہ ہے جو ہم نے ۱۹۴۷ء یا اس سے پہلے کی اور اگر اتنی قربانیوں کے باوجود مسئلہ کشمیر معرض التوا میں ڈال دیا جائے تو یہ ہمارے لئے بہت بڑی بدنامی اور ہماری غیرت پر بٹہ ہو گا ۔ میں زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتی اور نہ مجھ میں اتنی قابلیت ہے لیکن میں اپنے بھائیوں سے ۔ اپنی بہنوں سے اور آپ کی وسطت سے پاکستان کے عوام سے یہ اپیل کرونگی کہ وہ جواہر لعل نہرو کے اس بیان کی جو انہوں نے اب دیا ہے اور ان کے تمام ایسے سابقہ بیانوں کی جو پاکستان کی سالمیت سے تعلق رکھتے ہیں منہ توڑ جواب دیں (تالیاں) ۔ اور انہیں بتا دیں کہ ہم پاکستان کے تحفظ اور اسکی سالمیت کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دینگے اور اپنی اس مقدس سر زمین کے ایک ایک انچ کے لئے اپنے خون کا آخری قطرہ بہادینگے (تالیاں) ۔ اور اس مقصد کے لئے ہمیں پارٹی بازی کو بالائے طاق رکھ دینا چاہئیے کیونکہ یہ ہمارا قومی مسئلہ ہے اور اس معاملہ میں سب عوام (بھائی اور بہنیں) متحد ہیں اور ہم مرکزی قیادت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کوئی ایسا اقدام کریں کہ آئندہ جواہر لعل نہرو کو اس قسم کے بیان دینے کی جرات نہ ہو سکے (پر زور تالیاں) ۔

خان شاد محمد خان (ضلع ہزارہ) — صدر محترم ۔ آپ سب جانتے ہیں کہ سال ۱۹۴۷ میں تقسیم ملک کے وقت پاکستان کو کن مشکلات سے دو چار ہونا پڑا ۔ سب سے پہلے تو ہمیں مہاجرین کو سنبھالنا پڑا اور پھر اس وقت جبکہ ہم بالکل غیر منظم تھے ۔ ہماری کوئی فوجی تنظیم نہ تھی اس وقت ہندوستان نے کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کرلیا اور اس وقت ہمارے قبائلی بھائیوں نے ہندوستان کے چھکے چھڑا دئیے ہم نے انکی فوجوں کو بھاگنے پر مجبور کیا اور وہ ہمارے حملے سے بہت پریشان ہو گئے ۔ جناب والا ۔ ہم نے یہ ثابت کر دکھایا کہ ہم اپنے ملک کی حفاظت کر سکتے ہیں ۔ اس وقت ہماری فوج بھی منتشر تھی اور اس کا بہت سا حصہ مڈل ایسٹ میں تھا لیکن

جناب والا ہمارے جذبۂ حب الوطنی اور ایثار کی وجہ سے ہندوستان کو منہ کی کھانی پڑی اور ہندوستان کو مجبور ہو کر سیکوریٹی کونسل سے رجوع کرنا پڑا ۔ جناب والا جس سازش کے تحت کشمیر کا ہندوستان سے الحاق کیا گیا تھا وہ آپ سب حضرات کو معلوم ہے ۔ اگر ہماری مرکزی حکومت کی خارجہ پالیسی مضبوط ہوتی تو شاید ہمیں یہ وقت دیکھنا نہ پڑتا ۔ ہماری مرکزی حکومت کی خارجہ پالیسی مضبوط ہونی چاہئیے اور اسکے مضبوط نہ ہونے کی وجہ سے عوام کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ جب مقبوضہ کشمیر کی نام نہاد اسمبلی نے کشمیر کے الحاق کو تسلیم کر لیا تو ہمارے اس وقت کے وزیر اعظم مسٹر محمد علی بوگرہ نے ایک مداری کا کھیل کھیلا ۔ اس وقت جشن استقلال نہیں منایا گیا اور لوگوں کے دکھاوے کے لئے وہ دہلی گئے لیکن اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا ۔ لہذا جب تک ہماری خارجہ پالیسی مضبوط نہ ہوگی کوئی تسلی بخش حل اس مسئلہ کا ہونا ممکن نہیں ۔ پنڈت نہرو کبھی تو کہہ دیتے ہیں کہ کشمیر میں رائے شماری ہو گی اور کبھی کہہ دیتے ہیں کہ کشمیر ہندوستان کا حصہ ہے اور اس میں رائے شماری کا سوال پیدا نہیں ہوتا اور اب اس نے چترال کے متعلق غلط اور پریشان کن بیان دینے شروع کر دیئے ہیں لیکن اگر کوئی ایسا وقت آیا تو انشاءاللہ پاکستانی اس کا منہ توڑ جواب دینگے ۔ چترال پاکستان کا حصہ ہے اور انشاءاللہ رہیگا اور میں اپنے قبائلی بھائیوں سے درخواست کرونگا کہ وہ بھی اس مسئلہ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔

بیگم جہان آرا شاہنواز (لاہور مخصوص نشست برائے خواتین) : صدر محترم ۔ کشمیر کے مسئلہ کے ساتھ میرے خاندان کا کچھ ایسا تعلق ہے کہ اگر آج میں اس مسئلہ کے متعلق اپنے ناچیز خیالات اس ایوان میں پیش نہ کروں تو میں اپنے فرض سے کوتاہی کرونگی ۔ کشمیر کا مسئلہ کوئی پیچیدہ مسئلہ نہ تھا ۔ یہ بالکل صاف مسئلہ ہے اگر اسکو پیچیدہ بنایا ہے تو پنڈت جواہر لال نہرو نے ۔ کاش وہ اس بات کا احساس کرتے کہ اگر مسئلہ کشمیر کو اتنا طول دیا گیا تو کیا معلوم اسکا انجام کیا ہوتا ہے — مگر میں سمجھتی ہوں کہ وہ بیدار مغز اور قابل ہونے کے باعث اس کو جانتے ہونگے ۔

صدر محترم — ڈیڑھ سال قبل جب میں پیکنگ میں تھی تو میں نے ہندوستان کے نمائندہ لیڈر کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ راس کماری سے لیکر کشمیر تک ہندوستان کا علاقہ ہے ۔ میں نے اس وقت سمجھ لیا

تھا کہ انکی ایسی تقریروں سے کیا مطلب ہے - کاش اس وقت وہ بزرگ یہاں موجود ہوتے جنکے سامنے ہندوؤں کے ایک بہت بڑے لیڈر نے درہ خیبر میں کھڑے ہو کر یہ کہا تھا کہ ایک زمانے میں افغانستان بھی ہندوستان کا ایک حصہ تھا - انکے نزدیک اب بھی یہ سب علاقہ ہندوستان کا حصہ ہونا چاہئیے - پنڈت نہرو تمام عمر کشمیر کی تحریک آزادی کے بڑے چیمپئن رہے اور اس چیز کے بڑے حامی رہے کہ کشمیری عوام کو حق خود ارادیت ملنا چاہئیے - مگر جس روز سے پاکستان و ہندوستان آزاد ہوئے انکی یہ کوشش رہی کہ کشمیر کو ہضم کیا جائے - انہوں نے جونا گڈھ اور حیدرآباد کو ہضم کر لیا - پاکستان اور سیلون کے ساتھ انکے کیا تعلقات ہیں - پانڈی چری میں کیا کچھ نہیں ہوا اور گوا میں کیا کچھ نہیں ہؤا - ہندوستان ڈیفینس پر حد سے زیادہ روپیہ خرچ کر رہا ہے - ان حالات کے پیش نظر یہ چیز بالکل عیاں ہے کہ کل پنڈت نہرو یہ کہے گا کہ پنجاب بھی ایک ہے اور بنگال بھی ایک ہے اور وہ ہندوستان کا حصہ ہیں - ہمیں ان باتوں کو مد نظر رکھنا چاہئیے - میں خوش ہوں کہ آج اس ایوان کے ممبران نے یہ محسوس کیا کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر ہمیں اتحاد و اتفاق کے ساتھ ایک ریزولیوشن پاس کرنا چاہئیے - میں آپکو یقین دلاتی ہوں کہ اس مسئلہ پر ہر پاکستانی کی ایک رائے ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہے تو مسئلہ کشمیر کبھی حل نہیں ہو سکتا - آپ مجھے اجازت دیجئیے کہ میں اپنی اس تجویز کو بے نقاب کروں جو میں نے کشمیر کانفرنس میں پیش کی تھی - مجھے یقین ہے کہ اس پر عمل کرنے سے ہم کشمیر حاصل کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ ہم آزاد کشمیر کو آزاد کر دیں - وہ یو - این - او کی ممبری کیلئے درخواست دے - ہم اسکے ساتھ دفاعی معاہدہ کریں جسکی ایک شق یہ بھی ہو کہ ہم ہمسایہ قوم ہونے کی حیثیت سے آزاد کشمیر کو امداد دینگے - کیا پولینڈ اور گریس نے ایسا نہیں کیا - اسکے علاوہ ہم آزاد کشمیر کے ساتھ custom alliance کریں اور اس ضمن میں اسکی مالی امداد کریں - میں یہ پوچھتی ہوں کہ آزاد کشمیر میں ہماری افواج کیا کر رہی ہیں ہمیں انکو واپس بلا لینا چاہئیے - کشمیر کے لوگ جو اتنے مصائب برداشت کر رہے ہیں وہ اپنی جانیں دینے اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کو تیار ہیں - آپ ان کو یہ اجازت دیں کہ وہ جو چاہیں کریں -

صاحب صدر - میں آپکی وساطت سے اپنے بھائیوں کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ آج کشمیر کا مسئلہ کیوں زندہ ہے - اسکو مقبوضہ کشمیر کے ہمارے بھائیوں اور بہنوں نے زندہ کر رکھا ہے ہم نے اسے زندہ نہیں رکھا - یہ مسئلہ انکی قربانیوں سے زندہ ہے (تالیاں) لیکن اب وہ پاکستان سے دل برداشتہ ہوتے چلے جارہے ہیں - وہاں سے میرے عزیزوں کے یہ پیغام آئے ہیں کہ ہم دیکھ چکے ہیں کہ پاکستان ہماری مدد کو آنے کیلئے تیار نہیں ہے - اگر ہم انکی مدد نہیں کر سکتے تو ہمیں آزاد کشمیر کو آزاد کر دینا چاہئیے - میری رائے میں اس طرح اس مسئلہ کا حل ممکن ہو سکتا ہے -

اس کے بعد میں یہ عرض کرتی ہوں کہ آج پنڈت نہرو کو یہ دلیری کیوں ہوئی کہ وہ ہمارے علاقے کا مطالبہ کریں - اسکی وجہ یہ ہے کہ ہم آپس میں بٹ چکے ہیں - محض اس وجہ سے دشمن کو یہ کہنے کا موقع ملا ہے کہ چترال کا علاقہ ہمارا ہے -

صاحب صدر - اب میں اپنے بزرگ کی خدمت میں چند گذارشات پیش کرنا چاہتی ہوں - میں انکی تہ دل سے عزت کرتی ہوں اور وہ جانتے ہیں کہ میرے دل میں انکی کتنی قدر ہے - میری ان سے یہ گذارش ہے کہ خدا کیلئے جو پارلیمنٹری طرز حکومت اس وقت ہے اسکو اس طرح ختم نہ کیجئے جس طرح آئین میں in his discretion کے الفاظ رکھ کر جمہوریت کا خاتمہ کیا گیا ہے -

مجھے میزانیہ پر عام بحث میں حصہ لینے کا موقع نہیں ملا - عام بحث کے دوران میں یہ کہا گیا کہ ایک یونٹ کامیاب نہیں ہؤا - اگر مجھے موقع ملتا تو میں حقائق کو بے نقاب کرتی - آپ نے ایک یونٹ میں دس گورنر (کمشنرز) تعینات کر دئے ہیں - ان کو وسیع اختیارات دئیے گئے ہیں - یہ جمہوریت کے بالکل منافی ہے -

جب آپ مغربی جمہوریت کو اپنا چکے ہیں تو پھر اس کے مسلمہ اصولوں سے کیوں روگردانی کرتے ہیں - ان لوگوں نے ہزاروں سال کے تجربات سے جمہوریت کے اصول مرتب کئے ہیں - اگر آپ اپنے قواعد میں جمہوریت کی بنیاد پر کوئی تبدیلیاں کرنا چاہتے ہوں تو شاید ایک آدھ تبدیلی ہی کر سکیں گے - اب جبکہ آپ نے دس گورنر مقرر کر دئیے ہیں تو

پھر ولیج کونسلزا ور ڈویژنل کونسلز بھی بنائیے ۔ صاحب صدر—میں اپنے بزرگ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ایک یونٹ کا جو میزانیہ پیش کیا گیا ہے وہ ان وعدوں کو پورا نہیں کرتا جو ہم نے پلیٹ فارم پر عوام سے کئے تھے میں یہ بات واضح کر دینا چاہتی ہوں کہ اگر ہمارا گھر درست ہوگا تو دشمن ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا ۔ جس قدر بھی جمہوریت موجود ہے اسکو بھی ختم نہ کیجئے ۔ خدا کیلئے اپنے گھر کو درست کریں ۔ ملک میں اتحاد کے فقدان کی وجہ سے باہر کے لوگ ہماری سر زمین پر اپنا حق جمانے کی جرأت کرتے ہیں ۔ اگر ہم میں اتفاق ہو تو پنڈت جواہر لال نہرو کو یہ جرأت ہی نہ ہو کہ ہمارے ملک کے کسی حصہ کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھ سکیں ہم اپنے ملک کی آزادی کیلئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کو تیار ہیں ۔

خان محمد یوسف خان (مہمند ایجنسی)—جناب والا— میں درخواست کرونگا کہ قبائلی علاقے کے لوگوں کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے آپ مجھے اجازت دیں گے کہ میں قبائلی علاقے کے لوگوں کے جذبات سے آپ کو آگاہ کروں ۔ جناب والا پنڈت نہرو کے حالیہ بیان کو اگر کسی علاقے کے لوگوں نے سب سے زیادہ محسوس کیا ہے تو وہ قبائلی علاقے کے لوگ ہی ہیں ۔ یہ وہی قبائلی ہیں جنہوں نے سن ۱۹۴۷ اور ۱۹۴۸ء میں کشمیر کے بے یار و مددگار مسلمانوں کی امداد کے لئے کشمیر پر دھاوا بول دیا تھا اور انہوں نے ان کو ہندوستان کے ظلم و استبداد سے آزاد کرانے کا پکا ارادہ کیا ہؤا تھا مگر جناب والا حکومت پاکستان نے ان مجاہدوں کو یہ وعدہ دے کر اپنے اپنے گھروں کو واپس کر دیا کہ حکومت ان لوگوں کو خود ہی ہندوستان کے پنجے سے جلد از جلد آزاد کرا لے گی ۔ اس کے بعد جب ان مجاہدوں نے دیکھا کہ حکومت پاکستان کشمیر کے مسلمانوں کو ہندوستان کے ظلم و ستم سے آزاد نہیں کراتی تو انہوں نے جرگوں کی شکل میں متعدد بار حکومت سے اپیل کی کہ وہ اپنے اس وعدے کو پورا کرے اور اگر حکومت ایسا کرنے سے قاصر ہے تو قبائلی علاقوں کے چالیس لاکھ مجاہدوں کو کشمیر پر دوبارہ دھاوا بولنے کی اجازت دے تاکہ وہ اپنے مسلمان بھائیوں کو ہندوستان کے ظالم پنجے سے آزاد کرائیں ۔

پنڈت نہرو ایسے ایسے غیر ذمہ دارانہ بیانات دے کر ہم سے مذاق کرتا ہے اور اگر وہ مذاق نہیں کرتا تو میں تمام قبائلی مجاہدوں کی طرف سے اعلان کرتا ہوں جسے پنڈت نہرو کان کھول

کر سن لے کہ ہم قبائلی یہ اعلان کرتے ہیں کہ جس طرح چترال پر ہمارا قبضہ ہے اور نہرو اس پر دعویٰ کرتا ہے تو دھلی جس پر ہمارے مسلمان مغل بادشاہوں نے صدیوں تک حکومت کی وہ ہماری ہے اور ہم انشاالله اس کو لیکر دکھائیں گے (تالیاں) اور دھلی کا لال قلعہ ہمیں فاتحانہ انداز میں دھلی میں داخل ہوتا ہؤا دیکھے گا (تالیاں اور انشاالله ۔ انشاالله کی مسلسل آوازیں)۔

جناب والا—کہا جاتا ہے کہ چترال کسی زمانے میں ہندوستان کا حصہ تھا۔ مگر اب وہ پاکستان کے قبضے میں ہے اور وہاں کا پولیٹیکل ایجنٹ اور وزیر اعظم دونوں پاکستان کے تابع ہیں اور پاکستان اس کو مالی امداد دے رہا ہے۔ اگر یہ بات ہے تو یہ بھی تو کہا جا سکتا ہے کہ مسلمان بھی دھلی پر کئی صدیاں قابض رہے ہیں اس لئے وہ ہماری ہے۔

جناب والا میں اپنے قبائلی بھائیوں سے اپیل کرونگا کہ وہ اپنے علاقوں میں جاکر جرگوں سے ریزولیشن پاس کرائیں اور نہرو کی اس ناپاک سازش اور احمقانہ بیان کی پرزور مذمت کریں۔ میرے خیال میں پنڈت نہرو بھول گیا ہے کہ چند سال قبل جب وہ حکومت ہند کے وزیراعظم کی حیثیت سے قبائلی علاقے کے دورے پر آیا تھا تو قبائلیوں نے کس طرح اس پر پتھر پھینکے تھے اور کس بری طرح اس کو ذلیل و خوار کیا تھا۔ حالانکہ اس وقت حکومت کی باگ ڈور اس کے ہاتھ میں تھی اور وہاں کے پولیٹیکل ایجنٹ بھی اسی کے مقرر کئے ہوئے تھے۔

جناب والا—میں حکومت پاکستان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اگر اس نے کشمیر کے معاملے میں کوئی drastic action لیا تو سابق صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں کے مجاہد اس کی پیٹھ پر کھڑے ہو جائیں گے اور حکومت کے فیصلے کو لبیک کہیں گے اور حکومت کی ہر طرح سے جانی اور مالی امداد کرنے سے دریغ نہیں کریں گے اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گے (تالیاں)۔

جناب والا ہمارے قبائلی علاقوں کے جوان ہندوستان کی سرحد پر پاکستان بارڈر پولیس میں ملازم ہیں۔ کچھ روز قبل چند سپاہی چھٹی پر آئے تھے تو انہوں نے ہم سے مختلف شکایات بیان کیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی طرف بارڈر پر ڈویژن پر ڈویژن فوج اور ہندوستانی بارڈر پولیس اور militia enforcement ہوتی ہیں مگر پاکستان کی طرف صرف بارڈر

پولیس ہی ہوتی ہے اور فوج بالکل نہیں ہوتی ۔ انہوں نے شکایت کی کہ جب بھی کبھی کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آجاتا ہے اور ہندوستان اور پاکستان کی بارڈر پولیسوں کے درمیان Clash ہو جاتا ہے تو وہاں ان پر جو گذرتی ہے اس کی خبر نہ تو دارالخلافہ میں ہوتی ہے نہ ہیڈ کوارٹرز اور نہ ہی ان کے Head of the Department کو اس سے آگاہی ہوتی ہے ۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ بارڈر پر ہمارے انتظامات اتنے مستحکم نہیں ہیں جتنے کہ ہندوستان کے ہیں ہم نے دیکھا ہے کہ جب کوئی opening ceremony ہوتی ہے تو first class فوجی دستے میدان میں نکل آتے ہیں اور سڑکوں پر march past کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور artillery جس کو رنگ دیا ہوا ہوتا ہے first Class کپڑوں میں ملبوس ہوتی ہے ۔ مگر اس فوج سے ان بندوقوں سے اس فوجی سامان سے کبھی کام بھی لیا جائے گا یا نہیں؟ اگر پاکستان کو فوج یا فوجی سامان استعمال کرنے کا خیال تک بھی ہوتا تو آج پنڈت نہرو حسب عادت ایسا غیر ذمہدارانہ اور احمقانہ بیان دینے کی ہ گز ہرگز جرأت نہ کرتا ۔

میں پنڈت نہرو کو خبر دار کردینا چاہتا ہوں کہ وہ یہ خیال ہرگز نہ کرے کہ ہم سو گئے ہیں ہم جاگتے ہیں نہرو نے اپنے بیان سے پٹھانوں کی غیرت کو للکارا ہے ۔ میں پنڈت نہرو کو صاف صاف اور واشگاف الفاظ میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر ضرورت پڑی تو ہم قبائلی اپنی قدیم روایات کو برقرار رکھتے ہوئے مجاہدانہ کارروائی کرنے کی لئے تیار ہو جائیں گے جس کا مظاہرہ ہم سن ۱۹۴۷ اور ۱۹۴۸ میں کر چکے ہیں ۔ (تالیاں) جناب والا—کشمیر کے معاملے میں ہم نے جو نرمی برتی ہے یہ اسی کا نتیجہ ہے کہ نہرو اس سے ناجائز فائدہ اٹھا رہا ہے ۔ میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ ہم کشمیر کا فیصلہ نہ یو ۔ این ۔ او سے کرانا چاہتے ہیں نہ سیکورٹی کونسل سے ہم کشمیر کا فیصلہ اپنی تلوار سے کریں گے اور پانی پت کی لڑائی کی طرح ایک فیصلہ کن لڑائی لڑ کر کریں گے (تالیاں)

حافظ محمد حبیب اللہ (کراچی مسلم) : صدر محترم آج اس ہاؤس میں نہایت خوشی کا مقام ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن اور چیف منسٹر جناب ڈاکٹر خاں صاحب دونوں مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اور ایوان کے تمام ممبران نے خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں آج یہاں یہ ثابت کر دیا ہے کہ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے یہاں

کوئی پارٹی نہیں ہے سب ایک ہیں ''تالیاں،، اور انشاالله تعالیٰ خواہ ہمارا جھنڈا ڈاکٹر خان صاحب کے ہاتھ میں ہو خواہ سردار بہادر خان کے ہاتھ میں ہو ہم سب ملکر ہر اس شخص کا مقابلہ کرینگے جس کی نظریں پاکستان پر ہونگی ۔ ''تالیاں،،

جناب صدر۔ مجھے بڑا افسوس ہے کہ ہمارے ملک کی باگ ڈور ان کمزور ہاتھوں میں ہے جنہیں یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ بہادروں کے دلوں میں جوش کیا ہے آپ نے سن لیا قبائلی علاقے کے لوگ کیا چاہئے ہیں آپ نے سندھیوں سے بھی سنا ۔ آپ نے پنجاب کے رہنے والوں سے بھی سنا اور میرا خیال ہے آپ ابھی اور علاقوں کے رہنے والوں سے بھی سنینگے کہ پاکستان کے لوگوں کے دلوں میں ہندوستان کے متعلق کیا feelings ہیں وہ ہر قسم کی قربانیاں دینے کو تیار ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے ان لوگوں کو جو یہ خیال کرتے ہیں کہ پاکستان کے لوگ صرف امن سے کشمیر کا مسئلہ حل کرانا چاہتے ہیں کہونگا کہ ہم امن سے حل کرانا چاہتے ہیں مگر اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ کل اس نے کشمیر پر حملہ کرکے قبضہ کر لیا ہے اور آج اسکی نظریں دھیر اور چترال پر لگی ہوئی ہیں ۔ خدانخواستہ اگر ہم اسیطرح خاموش رہے تو کل اسکی نظریں اور کہیں لگینگی ۔ میں پنڈت نہرو کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے لوگ کسی طرح کی قربانیوں سے دریغ نہ کرینگے ۔ وہ ایک ہیں اور ایک رہینگے ۔ انکا کوئی اختلاف نہیں ہے جہانتک کہ پاکستان کا تعلق ہے ۔

Rana Chander Singh Sodho : (THARPAKAR DISTRICT) : Sir, on behalf of the Rajput community, I assure the entire House and the entire Muslim Nation that I and every Rajput living in Pakistan will lay down our lives and the last drop of our blood for the preservation of my Motherland, the territory of Pakistan. Not only I give this assurance to you on behalf of the Rajput community but I give this assurance also on behalf of all the minority c mmunities res'ding in the district of Tharparkar.

Sir, I have taken the name of Rajputs because among the Hindus, the Rajputs are a warrior community and it is the religious duty of every Rajput to defend his country on behalf of all other Hindu communities, and as Rajputs have defended their country in the old days so shall they continue to do so now and they are prepared to shed their last drop of blood in defending the sovereignty of their mother country. They stand for the truth and justice. I cannot really understand why my brother Rajputs are silent there. I am indeed surprised at the statement of the white capped person in the Indian Parliament. It has, in my opinion, become a strong habit with Pandit Nehru of calling different parts of the territory of my country as his own. Once a person has acquired this habit, he becomes captive to it, and this habit cannot leave him unless something very powerful enough is there to give him the correct answer. I am sorry to say that we have not given any such correct answer to that white capped man. It is not only Chitral that the Prime Minister of India is laying claim to but there are many other parts of my country which he says belong to the Indian territory. Therefore it is time to give him the required correct answer to satisfy the Indian once for all.

Sir, I know the conditions of Rajputs in India today. The Indian Government has come to the conclusion-once for all that the Rajput community which is in large number, numbering about six crores in the entire Bharat territory, are a terror and like a lion in the jungle. Therefore their policy is directed to ruining this great warrior race and root it out from the soil of Bharat. It is because the Government is scared that at any time this race may wake up from their sleep since the monkey Britishers had poisoned them because they were similarly afraid. So the Congress is aware of this and they know that when once this blood wakes up and realises its real duty, as mentioned above, they will give the correct answer—and there is every possibility of the white cap disappearing for ever from the soil of Bharat.

I may remind you that over 16 thousands of well trained Rajput soldiers of different ranks have been discharged from the Indian army from the Rajput battalions and regiments. This is a naked fact and not hidden from anybody. Those soldiers and officers who are still there in Indian army have been scattered in such a way that Rajputs should have no effective voice in the army., I have recently come from my visit to India. More than 20 thousand Rajputs are today in the Rajasthan jails within the last 3-4 months, because they raised an agitation named "BHOO-SWAMI-SANG" against the Rajasthan Government. The agitation arose because their Jagirs below Rs. 5,000 personal farms and personal properties have been taken away by the Government. I must assure you that there is only one warrior blood to rule on the Indian soil. If my beloved brothers wake and realise their responsibility and duty for their motherland now, they can do the same as their forefathers had done.

So far as my community, which is known as Parmar Sodha Rajputs, is concerned, we have stuck to this territory more than five centuries ago. Pakistan is not the first Muslim nation which has ruled over us, but it is the 4th nation of its kind. During the times of the Moghuls we were the rulers of Amarkot which is now a Tehsil in the district of Tharparkar. Rana Parshad was then Rana of Amarkot who gave shelter to ShahanShah Humayun. I am the direct descendant of Rana Parshad. None of the other rulers offered him shelter right from Delhi. Just after a few months of Humayun's stay at Amarkot, the Great Akbar was born in my fort, and then Rana gave him an army of three thousand men to help him to cross the Iran border.

Sir, I am taking a bit long time because I am very anxious to express the loyalty of my community before the entire House. Sir, you know that I have not spoken since this session started, and I hope you will give me some more time to speak.

Sir, I give you an example of pre-partition days. During that period when our big leaders were mostly in the Congress which was the only national organisation in those days to fight against the British, but when the Muslim League was formed by our great Quaid-i-Azam and elections were held before partition, we, the Rajputs, stood strongly and solidly with the Muslim League and not with the Congress. At that time we did not know that Pakistan will emerge as a Muslim country, but still we stood with the Muslim friends. Sir, our loyalty to this country is unquestioned. After partition many left this territory, but not a single Rajput migrated. Only in Tharparkar district the population of Rajput community is about 60,000. We shall solidly stick to our motherland.

Sir, the words which have been used by the Prime Minister of India in regard to Chitral in the Parliament House of India have awakened us. So we should not get into the same habit of making big statements here in this Honourable House. In my opinion, we should give short answer and exact to the point which he deserves. We should simply say that we whole-heartedly invite him to visit and taste the colour of our spirit which is dark red and I hope he has never tasted it before.

Sir, I do not want to take any more time of the House although I can speak a lot on it. This is the first time that I am delivering my speech on the floor of the Assembly. Being young I could not contest the last Provincial Assembly election and therefore this is the first time I have made a speech in the Assembly. At the end I may be excused if I have uttered any word infringing the privileges of the House.

Pakistan Zindabad.

خان عبد الجبار خان (قبائلی علاقہ) (پشتو)—جناب والا پنڈت نہرو کے اس اشتعال انگیز بیان کو سن کر میرے تن بدن میں آگ لگ گئی اور مجھے اس بات کا نہایت ہی افسوس ہوا کہ باوجود پنڈت نہرو یہ جانتے ہوئے بھی کہ ۵۰ لاکھ قبائل پاکستان کی بقا کے لئے تن من کی بازی لگانے کو تیار بیٹھے ہیں پھر بھی وہ اس قسم کی باتیں کرتا ہے خدا کے فضل و کرم سے ہمارے بازو مضبوط ہیں ہم میں غیرت ہے اور ہم مسلمان ہیں تاریخ ہماری گواہ ہے اور امید ہے کہ نہرو بھی ابھی ہماری پاکستان اور کشمیر میں قربانیوں کو نہیں بھولا ہوگا - میں اپنی حکومت سے التجا کرتا ہوں کہ وہ اس کے اس شر پسند بیان کا جواب تلوار کی نوک سے دیں اگر حکومت کسی مصلحت کی بنا پر ایسا کرنے سے قاصر ہے تو خدا کے لئے ہمارے راستے میں نہ آئیے ہمیں اجازت دے دیجئے تاکہ ہم بزور شمشیر نہرو کو یہ بتادیں کہ پاکستان میں ایسے محب الوطن موجود ہیں - یہ نہرو کا روزمرہ کا کام ہے کہ آج ایک بات کہی کل دوسری دراصل وہ ہمارے خیالات کشمیر سے ہٹا کر دوسری طرف لے جانا چاہتا ہے مگر میں آپ کو بتا دوں کہ مسلمان کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ ۲۰ برس کی بے عزتی کی زندگی سے ایک دن کی عزت کی زندگی کو بہتر سمجھتا ہے -

ہمارا تو یہ اصول ہے تخت یا تختہ یہ ہمارے مذہب کے دشمن ہیں آپ ہمیں اجازت دیں یہ تو چترال اور کشمیر کا کہتا ہے ہم اللہ کے فضل سے دہلی تک کا علاقہ فتح کرنا چاہتے ہیں اور ہمارے بازؤوں میں اتنی طاقت ہے کہ ہم آسانی سے اسپر قابض ہو سکتے ہیں -

چودھری محمد احسن (ضلع گجرات) جناب والا—میں اپنی گذارشات کا آغاز ایک دعائیہ شعر سے کرنا چاہتا ہوں جس میں سرور کائنات ختم المرسلین سے خطاب کیا گیا ہے-

جناب والا—صورت حال جو پیدا ہوگئی ہے اس کو میں علامہ حضرت اقبال کے دو تین اشعار کے حوالہ سے بیان کرنا چاہتا ہوں :—

دیکھ مسجد میں شکست رشتہ تسبیح شیخ
بتکدے میں برہمن کی پختہ زناری بھی دیکھ

کافروں کی مسلم آئینی کا بھی نظارہ کر
اور اپنے مسلموں کی مسلم آزاری بھی دیکھ
جس کو ہم نے آشنا لطف تکلم سے کیا
اس حریف بے زبان کی گرم گفتاری بھی دیکھ

وہ کیا گستاخی ہے جس کا جناب والا پنڈت نہرو نے ارتکاب کیا ہے ؟ اگر ہم پچھلے آٹھ نو سال پر تھوڑی سی بھی نگاہ ڈالیں تو آپ کو بھی معلوم ہو جائے گا کہ ہمارے مٹھی بھر قبائلیوں نے جب ہندوستان کا ناک میں دم کر دیا تھا اور پنڈت نہرو کی فوجوں کو ناک چنے چبوائے تھے تو انہی پنڈت نے یو۔این۔او اور سیکورٹی کونسل میں دعویٰ دائر کر دیا تھا اور یورپی اقوام کے ساتھ در پردہ یقین دھانیاں اور وعدے وعید کئے کہ اگر آپ آنکھ کا ذرا سا اشارہ کریں گے تو ہندوستان ان اشاروں پر ناچے گا بشرطیکہ اقوام عالم ہندوستان کو قبائلیوں سے نجات دلائیں مگر آہستہ آہستہ ہماری وزارت سازی اور کرسی کے کھیل دیکھ دیکھ کر ہندوستان نے اس سال ایک بار نہیں تین دفعہ ہمارے خلاف ایگریسو اعلانات کئے ہیں ۔ اس کا پہلا جارحانہ اعلان تو یہ تھا کہ اب کوئی مسئلہ کشمیر اس سال باقی نہیں رہا ۔ یہ مسئلہ مسئلہ نہیں اس لئے کشمیر میں استصواب رائے عامہ کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ دوسرا واقعہ مشرقی بنگال میں ہوا جب کہ دونوں ملکوں کی ایک کمیٹی میں یہ کہا گیا کہ اگر یہ معاملہ طے نہ ہوا تو ہندوستان کو جنگ کرنا پڑے گی۔ یہ ایک جنگ کی دھمکی تھی لیکن اس کے باوجود ہم نے کچھ نہ کہا ۔ اب پنڈت نہرو کی ہمت اتنی بڑھ گئی ہے کہ اس نے پاکستان کے اہم حصے کے متعلق جو پاکستان کی جان برابر اور ایک جگر گوشے کے طور پر ہے یہ کہہ دیا ہے کہ کشمیر بھارت کا حصہ ہے اور اس طرح اس کا الحاق پاکستان سے صحیح طور پر نہیں ہوا ۔ یہ ایک ایسا اعلان ہے کہ جس سے ہر پاکستانی کے رونگٹے کھڑے ہو جانے چاہئیں ۔ جس وقت ہم اور ہمارے قبائلی علاقہ کے بھائی کشمیر کو آزاد کرانے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے تو نہرو تو کیا دنیا کی کوئی طاقت ہمیں ایسا کرنے سے نہیں روک سکتی ۔ دراصل ایسے ہتھکنڈوں سے یہ لوگ کشمیر کی آزادی کے راستہ میں رکاوٹ ڈالنا چاہتے ہیں ۔پنڈت نہرو اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اس مسئلہ کو حل کرنا چاہتے ہیں لیکن میں ان

کو بتا دوں کہ یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں - جناب والا اس نہرو کو آج اتنی جرأت ہو گئی ہے کہ وہ ہمارے ملک کے متعلق ایسا اعلان کرتا ہے - میں اسے اپنے ملک پر ایک حملہ سمجھتا ہوں جناب والا جس وقت اس سوال پر بحث ہو رہی تھی کہ اس معاملہ کو زیر بحث لانے میں یہ مشکل ہے تو اس وقت میں یہ آٹھ کر عرض کرنے ہی والا تھا کہ ہمیں اس قسم کے کسی قانون کی پروا نہیں کرنی چاہئے بلکہ یہ کہ ہمیں قانون شکنی کرنی چاہئے اور اس مسئلہ کو زیر بحث لانا چاہئے - جناب والا میں پاکستان کا مخلص خادم ہونے کی حیثیت سے یہ کبھی نہیں کہہ سکتا کہ یہاں کبھی قانون شکنی کی جائے لیکن جس وقت صورت یہ ہو کہ نہ تڑپنے کی اجازت ہے تو اس وقت ہم تڑپینگے اور نہ فریاد کی ہے تو اس وقت ہم فریاد بھی کریں گے - یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم دم گھٹ کر مر جائیں - مجھے بڑی خوشی ہے کہ آج دونوں اطراف کے لیڈروں کے اتفاق سے ہم معاملہ پر بحث کر رہے ہیں اور ہم اپنے جذبات کا اتفاق رائے سے اظہار کر رہے ہیں - آج ہم دنیا کو یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ پنڈت نہرو ہر بہانہ سے کشمیر کے مسئلہ کو پیچیدہ بنانا چاہتے ہیں - یہ سب کچھ اس لئے کرتے ہیں تاکہ کشمیر کے مسئلہ کو اور زیادہ پیچیدہ بنایا جائے دنیا کی رائے عامہ جانتی ہے کہ ایسا کرنے میں پنڈت نہرو یہ چاہتے ہیں کہ کشمیر کے الحاق کے مسئلہ کے متعلق رائے شماری نہ ہو سکے - اگر ہمیں اجازت ہو تو ہم اور ہمارے یہ بھائی جو Tribal Area سے تعلق رکھتے ہیں اس کو وہاں سے نکال دیں گے بلکہ نکالنے کے لئے تیار ہیں - لیکن ہم چاہتے ہیں کہ کشمیر کا فیصلہ رائے عامہ کے ذریعے کروایا جائے - آج کشمیر کا سوال پاکستان کا سوال ہے اس لئے ہمارے ہندو بھائیوں کے لئے کشمیر ایسا ہی ہے جیسا کہ یہ ہمارے لئے ہے -

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی (ضلع راولپنڈی) : صدر محترم آج میں انتہائی مسرت اور انبساط اور صمیم قلب کے ساتھ اس حقیقت کا اظہار کرتا ہوں کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے چترال سے متعلق ۱۸۵۷ کے ایک فرسودہ اور بیہودہ معاہدے کو زیر بحث لانے کے لئے موقع مہیا کیا ہے اور پورے ۸۰ سال کی خاموشی کے بعد - ۱۸۷۶ سے لے کر ۱۹۵۶ تک پورے ۸۰ سال کی طویل خاموشی کے بعد آج ایک معاہدے کو زیر بحث لایا جا رہا ہے جس معاہدے کی دھجیاں آج سے ۵۰ سال قبل

فضائے آسمانی میں اڑ چکی ہیں ۔ مسٹر نہرو یہ فرماتے ہیں کہ ۱۸۰۷ء کے اس معاہدے کی رو سے کشمیر کی ریاست کو اور اس کے حکمران کو چترال کی ریاست پر بالا دستی حاصل تھی لیکن وہ یہ بھول گئے کہ جب ریاست چترال آزاد ہو گئی تو اس نے اپنے تعلقات کشمیر سے منقطع کر لئے ۔ اس کے ساتھ اس کے تعلقات ختم ہو گئے ۔ بالا دستی دفن ہو گئی اور ایک آزاد اور مکمل آزاد ریاست کی حیثیت سے چترال نے پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کیا ۔ میں اس راز کو بے نقاب کرنا چاہتا ہوں کہ جو پنڈت نہرو کے دل و دماغ کے اندر پیوستہ ہے ۔ میں ایمانداری سے یہ محسوس کرتا ہوں اور کہتا ہوں کہ

دورنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراپا موم ہو یا سنگ ہو جا

ہندوستان کی تقسیم جب ناگزیر ہو گئی تو پنڈت جواہر لال نہرو نے لارڈ موؤنٹ بیٹن اور ریڈ کلف کے ساتھ مل کر ایک منظم سازش کی کہ چونکہ بھارت کا تعلق کسی طرح ریاست جموں و کشمیر سے نہیں بن سکتا تھا آخری مرحلوں پر فیروز پور اور گورداسپور کے مسلم اکثریت کے اضلاع کو کاٹ کر اس لئے بھارت کے ساتھ پیوست کر دئے گئے تاکہ اس کا کوئی کونہ ریاست جموں و کشمیر کے ساتھ مل جائے ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ اس حقیقت کو بھی فراموش نہیں کر سکتے کہ انگریز کی صدیوں کی تاریخ کے اندر اگر کوئی ظالم اور بے انصاف حکمران ہوا ہے تو وہ لارڈ موؤنٹ بیٹن تھا جس کا دامن مسلمانوں کے قتل عام سے داغ دار ہے ۔ آپ اس حقیقت سے بھی انحراف نہیں کر سکتے کہ ریڈ کلف جیسا آدمی بد دیانتی کے لحاظ سے انگریز نے اپنی سر زمین میں پیدا ہی نہیں کیا ۔ آپ اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کر سکتے کہ جب اس تمام سازش کا علم اس مسلمان کو ہوا جسے ہم حضرت قائد اعظم کے نام سے یاد کرتے ہیں تو اس نے بھانپ لیا کہ ہندو — سکھ اور انگریز کی نیت میں فتور ہے تو انہوں نے قیام پاکستان کے بعد لارڈ موؤنٹ بیٹن کو اپنے پاکستان کا گورنر جنرل بنانے سے انکار کر دیا ۔ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ حضرت قائد اعظم نے یہ کوئی غلط کام کیا تھا ۔ نہیں ۔ اگر اسے پاکستان کا گورنر جنرل مقرر کر دیا جاتا تو آج پاکستان اس حیثیت سے موجود نہ ہوتا ۔ اب اس معاہدہ کا ذکر کیا جاتا ہے اور پنڈت نہرو لوک سبھا میں ۔ ہندوؤں کی پارلیمنٹ

میں کھڑے ہو کر ببانگ دہل یہ اعلان کرتے ہیں کہ چترال ہمارے ملک کا حصہ ہے - جس وقت وہ یہ اعلان کرتے ہیں اس وقت وہ اس حقیقت اور راسخ حقیقت کو بھول جاتے ہیں کہ پاکستان کے آٹھ کروڑ مسلمان اور پاکستان میں بسنے والی باوقار اقلیتیں جن کے خیالات آپ ابھی سن چکے ہیں کے مابین جہاں تک ریاست جموں و کشمیر یا پاکستان کے کسی حصہ کی آزادی کا تعلق ہے کوئی اختلاف نہیں ہے اور وہ آج ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح اس حقیقت کا اعلان کرتے ہیں کہ اگر کوئی آنکھ پاکستان کی طرف بری نیت سے اٹھائی گئی تو ہم وہ آنکھ نکال کر رکھ دیں گے - میرے بھائی ہمیں طعنہ دیتے ہیں کہ یہ کاغذی لڑائیاں لڑنے والے ہیں میں ان سے کہتا ہوں کہ کاغذی لڑائیاں لڑنے والوں کی زبان کی تلوار لاکھوں کی زبان پر حاوی ہوتی ہے - انہوں نے پاکستان بنا کر ایک راسخ حقیقت کی طرح آپ کے سامنے کھڑا کر دیا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جن کے دل و دماغ کے اندر آج یہ جزبہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر پنڈت جواہر لال نہرو یا ان کے کسی لگے بندھے نے پاکستان کی طرف ایک قدم بھی بڑھایا تو بقول میاں ممتاز محمد خان دولتانہ وہ قدم یا پیچھے ہٹ جائیگا یا وہ قدم کٹ جائیگا - آپ اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ آزاد قبائل کے وہ سرفروش اور جانباز سپاہی جن کی جانبازی ریاست کے حکمران آزما چکے ہیں اسی طرح ۶۰ لاکھ کی تعداد میں زندہ و سلامت موجود ہیں اور پاکستان اور کشمیر کے لئے بے پناہ عقیدت رکھتے ہیں - اس معزز ایوان کے اندر کوئی ایک ممبر بھی ایسا نہیں جس نے پنڈت نہرو کا نام لے کر ان کے اس نظریہ کی مذمت نہ کی ہو - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ پنڈت نہرو قیام پاکستان کے بعد ۹ سال تک کیوں خاموش رہے - وہ اس معاہدے کے بعد ۸۰ سال تک کیوں خاموش رہے - انہیں آج اس وقت ہی کیوں یہ مطالبہ یاد آیا -

خان صفی اللہ خان — یہ جو آپ میں اتفاق نہیں رہا اور یہ جو آپ ملک کو اچھی طرح چلانے نہیں دیتے اس وجہ سے پنڈت نہرو کو آج یہ بات یاد آئی -

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی—میرے بھائی نے میری تائید فرمائی - میں یقین سے کہتا ہوں کہ پنڈت نہرو کشمیر کے مسئلہ کو زیادہ سے زیادہ الجھانے کے لئے اس موقع کو مناسب اور ان حالات کو

ساز گار سمجھتے ھیں آج وہ چترال کا نام لیتے ھیں حالانکہ اس سے پہلے انہوں نے کبھی چترال کا نام نہیں لیا تھا ۔ انہوں نے صرف چترال کا ھی نام نہیں لیا ۔ بلکہ اس سے پہلے وہ ھماری سرحدوں پر حملے بھی کر چکے ھیں ۔ جونا گڑھ، مانادر اور منگرول پر بھی قبضہ کر چکے ھیں حیدر آباد دکن پر بھی غاصبانہ قبضہ کر چکے ھیں ۔ کیا آپ اس حقیقت کو بھول چکے ھیں کہ occupied کشمیر پر اب تک ھندوستانی فوجیں دندنا رھی ھیں ۔ وہ یہ سب کچھ کرنے کے بعد اب کشمیر کے مسئلہ کو الجھا کر دنیا سے اپنا پیچھا چھڑانا چاھتے ھیں ۔ چترال کا معاملہ کوئی پہیلی یا راز نہیں ۔ دنیا جانتی ھے اور ابھی چترال کے نمائندے نے بھی یہاں کہا ھے کہ چترال پاکستان کا جزو ھے ۔ جس طرح پنڈت نہرو چترال کو اپنے ملک کا جزو بتاتے ھیں اس طرح ھم بھی یہ کہہ سکتے ھیں کہ آگرہ پر پاکستان کا حق ھے ۔ دلی کے لال قلعے پر ھمارا حق ھے ۔ پنجاب پر ھمارا حق ھے مدراس پر ھمارا حق ھے ۔ (تالیاں) اگر وہ چترال پر اپنا حق جتاتے ھیں تو میں یہ کہونگا ۔

خبث باطن خدا پرستوں کا منظر عام پر اگر لائیں

واقعہ ھے کہ شرم ساری سے مسجدوں کے چراغ بجھ جائیں

ھم مغربی پاکستان اسمبلی کے ممبران ڈاکٹر خان صاحب کی قیادت میں یکزبان ھوکر پنڈت نہرو سے یہ کہتے ھیں ''اے پنڈت نہرو ھم تمہارے تمام ناپاک منصوبوں کو جو تم نے پاکستان اور ایک یونٹ کے خلاف تیار کر رکھے ھیں تہس نہس کرکے رکھ دینگے'' میری یہ تجویز ھے کہ اس معزز ایوان کی طرف سے اپنی مرکزی حکومت سے یہ درخواست کی جائے کہ آج پاکستان مضبوط ھے ۔ پاکستان کی فوجیں اور آٹھ کروڑ عوام پنڈت نہرو سے پنجہ آزمائی کرنے کے لئے بیتاب ھیں اس لئے ھماری مرکزی حکومت کو چاھئے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کرے اس کا از سر نو جائزہ لے ۔ اور بیارت کے خلاف کوئی موثر کارروائی کرے تاکہ پنڈت نہرو ھر روز کی دھمکیوں اور حملوں سے باز آئے ۔ ھم نے ان کی فوجوں کو آزمایا ھوا ھے ۔ سرحد پر جب کبھی ھماری بارڈر فوج کے مقابلہ پر ان کی باقاعدہ مسلح فوج لائی جاتی ھے تو یہ انہیں جوتے مار مار کر بھگا دیتے ھیں ۔ اس کے باوجود پنڈت نہرو ھمیں دھمکیاں دیتے ھیں ۔ میں ایک بار پھر دنیا کے سامنے یہ

اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ ہم میں لاکھ اختلاف ہوں مگر پنڈت نہرو کے ناپاک ارادوں کے مقابلہ کرنے کے لئے ہم سب متحد ہیں اور پاکستان کی سلامتی اور بقا کے لئے ہم سب مل کر جدوجہد کرینگے۔

ع کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے

جناب والا میں اپنی تقریر کو اسی شعر پر ختم کرتا ہوں جس سے میں نے اس کا آغاز کیا تھا۔

دو رنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

ملک فیض حسین (ضلع سیالکوٹ)—صاحب صدر میں نے آنریبل ممبروں کی تقریروں کو غور سے سنا ہے۔ ہر شخص نے اپنی فکر کے مطابق اس مسئلہ پر اظہار خیال کیا ہے۔ ڈاکٹر خان صاحب کی تقریر کا یہ فقرہ کہ ہم پنڈت نہرو کی فوجوں کو یا کسی اور کو چترال میں یا اپنے ملک کی سرحدوں کے قریب آنے کی اجازت نہیں دیں گے ان کی شان سے کم تر ہے۔ (تالیاں) ۔ دنیا ان کے فقرے کو بڑی فکر سے دیکھیگی۔ پنڈت نہرو کی طرف سے چترال کا دعوے یہ تو ایک مذاق ہے۔ ڈاکٹر خان صاحب کو کہنا چاہئے تھا کہ ہم پنڈت نہرو کی فوجوں کو کشمیر میں دیکھنے کے لئے قطعاً تیار نہیں۔ (تالیاں)۔

پنڈت نہرو نے یہ کہنے کی جرأت کیوں کی ہے۔ اس لئے کہ

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

اس کا باعث ہماری یہ باہمی کشمکش ہے۔ ہم جو باہمی جھگڑوں میں الجھ کے رہ گئے ہیں اس سے ہم نے اپنی عزت خود گنوا دی ہے۔ کون نہیں جانتا کہ ہمارے اور ہندوستان کے درمیان کشمیر کے متعلق فیصلہ ہو چکا تھا۔ لیکن ہندوستان نے تمام معاہدوں کو ٹھکرا دیا۔ کیا نیکووال کے متعلق فیصلہ نہیں ہوا تھا کہ نہ ہندوستان والے وہاں جائیں گے اور نہ پاکستان والے اور انہیں آرام سے اپنے گھر بسنے دینگے۔ پھر اس معاملہ میں ہم نے کس قدر کمزوری دکھائی۔ کیا یہی شان مسلمانی ہے ہم خاموش ہی دیکھتے رہے اور انہوں نے وہاں قبضہ کر لیا۔ اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ کبھی وہ چترال پر اپنا حق جتاتے ہیں اور کبھی کسی مقام پر۔ ہم کب تک یوں۔ این۔ او کا

منہ دیکھتے رہیں گے ؟ میں سمجھتا ہوں یو - این - او سے یہ امید رکھنا کہ وہ کشمیر میں آزادانہ رائے شماری کرائیں گے غلطی ہے - بھیک مانگنے سے کشمیر کو کبھی بھی رائے شماری کا حق نہیں ملے گا - کشمیر کا فیصلہ بزور شمشیر ہوگا (تالیاں) اور ضرور ہوگا (تالیاں) -

جناب والا—میں تو کہوں گا کہ یہ بھی اس مسئلہ کی توہین ہے کہ اس پر زیادہ تقریریں کی جائیں - میں چاہتا ہوں کہ وقت کا تعین کر دیا جائے کہ فلاں تاریخ تک اس مسئلہ کا فیصلہ یو - این - او میں ہوتا ہے تو ہو ورنہ مجاہد کی آنکھ اس سے زیادہ دیکھنے کے لئے تیار نہیں ہے (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا—ایک چیز آپ کی وساطت سے ایوان کی خدمت میں عرض کروں کہ خدا را یہ جو ہمارے موجودہ حالات ہیں انہیں ترک کیجئے اور ذاتیات کو چھوڑیئے - میدان جنگ ہی ایک ایسی چیز ہے کہ جس میں مومن اور منافق کی پرکھ ہو سکتی ہے - منافق اس میدان سے بھاگا کرتے ہیں اور آپ کو معلوم ہوگا کہ مجاہد کی ایک ضرب سارے جہاں کی عبادات سے بہتر ہوتی ہے -

جناب صدر—میں سمجھتا ہوں کہ کشمیر کی سر سبز وادی اور اس کی سر بفلک پہاڑیوں پر سفید سفید برف ہمارے پاکستان کے جھنڈے کا ایک منظر ہیں (خوب—خوب) جناب والا اس جھنڈے کا منظر پاکستان کے بسنے والوں کو پکار پکار کر بلا رہا ہے کہ آؤ اور اس سر زمین پر جو مظالم ہو رہے ہیں اسے ان سے نجات دلاؤ - تمہارا حق یہ ہے کہ تم آکر ہماری خبر لو -

جناب والا—آخر میں عرض کروں گا کہ ہمیں چاہئے کہ ہمارے درمیان جتنی بد دیانتیاں اور جتنی خود غرضیاں ہیں ان کو دور کریں -

Sir, We should expel evils and welcome death.

Mr.G. Allana : (MUNICIPAL CORPORATION, OF KARACHI): Every true Pakistani must condemn the statement that has been made by Pandit Jawaharlal Nehru. Insult has been hurled at us.

We all know that Mr. Nehru has always proved to be a pathological case. On the mental plane, he is comparable in one respect with Hitler. Hitler believed that the Germans were a race of super-men. Unfortunately, Mr. Nehru believes that he should have domination over the whole world. We all know that the aims of Hitler plunged the whole world into the most devastating war that history knows of. Similarly, the mad obsession of Pandit Nehru over the question of Kashmir, makes friendship, peace, good neighbour lines between two great

countries comprising of four hundred millions of people, impossible. I am not surprised at this small pin-prick of Jawaharlal Nehru. I used this word because Begum Shahnawaz called it a pin-prick and I agree with her. That reminds me of what that great German statesman, Bismark, has said about such pin-pricks delivered by other petty politicians in an echo long-dead., Nations know that pin-pricks precede cannon shots. This mad pin-prick of Mr. Nehru cannot be illustrated better than by the quotation, Sir, that I have just made. Nehru to my mind is a great actor of gross inconsistency. He has never honoured his pledges. He has always worshipped the godess of lime-light and he is never contented unless he has the whole world as his own stool lying at his feet and he would like to imagine that he is the great conqueror of the world. I am, therefore, not surprised when I find him a preacher of universal peace in his statements meant for international consumption ; but whenever he makes statements about Pakistan, he wants to breathe fire and blood. If he is a lover of peace as he professes to be, then he should desist from such pin-pricks which very often in history have proved to be harbingers of cannon shots. That we shall be prepared to face these cannon shots and give them more than they give us is amply borne out by the speeches made on both sides of the House, particularly that side where the brave warriors that represent the tribal areas of West Pakistan in this Honourable House sit. I am not a Pathan but I would like to promise my brother warriors that when the time comes, we shall make whatever contribution we can for the defence of our country, whether it be by sweat, or by blood or by intellect. We shall do that to the last ounce of our blood.

Some one has said—probably more than one speaker—that Mr. Nehru would never have dared to say what he did were it not for the fact that there are some weak links—unfortunately very very weak links—on the home front. We have to search within our hearts and remove those weak links. I have no time; I wish I had enough time to explain my thesis. But may I with due humility, Mr. Speaker, submit that the two great forces of evil which undermine the solidarity, the unity, the integrity, and probably the very existence of Pakistan, that have reared their ugly heads particularly during the last six months after the establishment of West Pakistan, are the notorious red-shirt movement and the Pakhtoonistan movement. How are we to meet this challenge from these two political fronts—very very dangerous fronts—that are out to destroy national integrity for the perpetuation of which we are prepared to shed the last drop of our blood. I may say, Sir, that we shall do whatever we can to preserve our own sense of values. I do not care as to whom I blame when I am making a statement for the defence of my country; he may be my party man or my own leader. I say that the Government who held away both at the Centre and in West Pakistan are responsible for such things.

Now, I refer to the statement which the Chief Minister made a few days back regarding the repeal of all Safety Laws. I ask whether it was the proper time to do so when both these two fronts are there, ready to undermine the very existence of Pakistan.

Other nations at such critical times have forgotten their differences and pooled their resources. I admit during the last few days of this Honourable House we have fought with one another without mercy. That does not matter, because with what we were fighting for is absolutely insignificant to that what we are now fighting for, namely, the preservation and the integration of Pakistan.

Mr. Speaker : Your time is over.

Mr. G. Allana : Sir, I would have liked to take a little longer. I am sorry I do not like to come in the way of others.

میر نبی بخش خان—(ضلع چگائی) جناب صدر—جہاں تک میری زبان کا تعلق ہے - وہ تو بلوچی ہے- میرا خیال ہے کہ شاید اردو میں اپنا نقطہ نظر اس معزز ایوان میں اچھی طرح پیش نہ کر سکوں اس لئے میں معلوم کرنا چاہتا ہوں آیا آپ کے ہاں بلوچی زبان کے ریپیوٹر کا کوئی انتظام ہے یا نہیں - اگر نہیں تو میں امید کرتا ہوں کہ اس کے متعلق بہت جلد خاطر خواہ انتظام کر دیا جائیگا -

صاحب سپیکر—نہیں بلوچی زبان کے لئے کوئی انتظام نہیں -

میر نبی بخش خان—بہت اچھا جناب--میں کوشش کرونگا کہ اردو میں اپنے جذبات کا اظہار کروں -

جناب والا—چترال کے متعلق پنڈت جواہر لال نہرو نے جو بیان دیا ہے اس نے پاکستان کے تمام باشندوں کے دلوں میں غم و غصے کا ایک طوفان برپا کر دیا ہے - بہر صورت ہمیں حقائق سے ہرگز رو گردانی نہ کرنی چاہئے بلکہ ان پر کڑی نظر رکھتے ہوئے اپنے حالات کا جائزہ لینا چاہئے - یہ کہنا غلط ہے کہ ہمارے ہاں اتفاق اور اتحاد کی کمی ہے - میں اسے ہرگز ماننے کے لئے تیار نہیں - در اصل بات یہ ہے کہ جس ایمانداری اور سچی وفاداری کے ساتھ پنڈت جواہر لال نہرو اپنی قوم کی راہنمائی کر رہا ہے ہمارے ہاں اس قسم کی راہنمائی کا فقدان ہے - کاش پاکستان کو بھی ایسا ہی راہنما نصیب ہوتا جیسا کہ ہندوستان کو پنڈت جواہر لال نہرو کی شخصیت میں نصیب ہوا ہے -

جناب صدر—جہاں تک بلوچستان اور بلوچستان کے قبائلی علاقے کا تعلق ہے - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان علاقوں کے لوگ پاکستان کی استحکام - بقا اور سلامتی کی خاطر کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہ کریں گے-- (تالیاں)

میں اس موقع پر یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ جو لوگ اس معزز ایوان میں بیٹھ کر محض اپنا سیاسی مقصد حاصل کرنے کے درپے ہیں وہ صرف اعتراض کرنا اور کاغذی کارروائی کرنا ہی جانتے ہیں - مگر اس کے مقابلے میں ہمارے قبائلی علاقے کے بھائی اگرچہ غریب ہیں - خشک روٹی پر گزارہ کرتے ہیں - اور ملک کے لئے اس حد تک وفادار اور جان نثار ہیں کہ وہ اس کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کی اہلیت رکھتے ہیں - (تالیاں)

لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ جو لوگ آئیس کریم کھانے کے عادی ہیں وہ بھی اپنے آپ کو قربانی کے لئے تیار کریں - (تالیاں)

جناب صدر—میں یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ ہماری طرف سے بھی ایک معزز ممبر نے یہ اعتراض کیا اور تجویز پیش کی کہ ڈاکٹر خانصاحب نے اس اعتراض کے سلسلے میں جو الفاظ استعمال کئے ہیں ان کے متعلق جو غلط فہمی پھیل گئی ہے اس کی وضاحت کرنی چاہئے - میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے مخالفین جو اس اعتراض کو پارٹی بازی کا رنگ دے رہے ہیں اور اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں ذرا تامل سے کام لینگے - لیکن اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارے لیڈر اس سلسلے میں اپنی پوزیشن جلد از جلد واضح کرنے کی کوشش کریں گے-

وزیر اعلیٰ --معزز ممبر کس بات کا ذکر کر رہے ہیں-

میر نبی بخش خان --جناب والا—اس طرف سے ایک معزز ممبر نے جو اعتراض کیا ہے اس کے متعلق آپ کو اپنی پوزیشن ضرور واضح کرنی چاہئے کیونکہ آپ ہمارے لیڈر ہیں - لیکن جہاں تک پاکستان کے استحکام کا تعلق ہے مجھے یاد ہے کہ اس کے متعلق ایک معزز ممبر نے ابھی کہا تھا کہ حکومت کی بنچوں پر بیٹھنے والے حضرات اپنی اکثریت کے گھمنڈ اور بل بوتے پر اس مسئلے کو ٹالنا چاہتے ہیں - لیکن میں اس معزز ایوان اور اس کے معزز ممبران کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ جہاں تک پاکستان کی سلامتی کا تعلق ہے اس کا دار و مدار نہ صرف مسلم لیگی بنچوں پر ہے جنہوں نے پاکستان بنایا بلکہ اس ایوان کے ہر طبقے پر ہے - میں جانتا ہوں کہ مسلم لیگ کا ماضی شاندار ہے لیکن مسئلہ زیر غور کے متعلق مسلم لیگی یا غیر مسلم لیگی کا سوال نہیں - یہ تو ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے متعلق کوئی آدمی خواہ وہ ایم-ایل-اے ہو یا نہ ہو—خواہ وہ بازار میں جانے والا ایک عام آدمی ہی کیوں نہ ہو—اگر وہ پاکستان کی سلامتی کی خاطر یہ کہے کہ متحد ہو جاؤ تو ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی جان اور اپنا مال قربان کرنے کے لئے تیار ہو جائیں—(تالیاں)

جناب والا - آخر میں میں اس معزز ایوان سے اپیل کرتا ہوں کہ جہاں تک تقریروں کا تعلق ہے وہ تو یہاں بہت ہی ہوتی ہیں - لیکن افسوس اس امر کا ہے کہ ہمارا عمل ان کے مطابق نہیں—میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم بلوچستان کے لوگ جو بھوکے اور فاقہ کش ہیں—ہمیں پاکستان کی سلامتی کا اس حد تک احساس ہے کہ ہم اس کی سلامتی اور بقا کے لئے ہر وقت ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں—(تالیاں)

شیخ محمد سعید—(ضلع جھنگ)—حضور والا—اس سر زمین میں پاکستان کی جد وجہد کی ابتدا اس وقت ہوئی جب کہ بر عظیم ہند و پاکستان ایک طرف تو انگریز اور دوسری طرف انگریز کے زیر سایہ ہندو کے قبضے میں تھا ۔ چنانچہ اس وقت کے مسلمانوں نے یہ سوچنا شروع کیا کہ اس ملک میں ان کی آزادی کی صورت کیا ہو سکتی ہے ۔ تا کہ ان کے لئے ایک علیحدہ خطۂ زمین منتخب اور مخصوص کیا جا سکے جہاں ان کی ایک علیحدہ حکومت قائم کی جائے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس وقت مسلم لیگ نے مسلمانوں کو منظم کیا ۔ یہ تنظیم اگرچہ ابتدا میں ایک سیاسی تنظیم اور جماعت کی صورت میں شروع ہوئی لیکن رفتہ رفتہ اس نے اتنا زور پکڑا کہ یہ مسلمانوں کے لئے ایک دین بن گئی ۔ اس وقت مسلمانوں نے اسلام کی بنا پر ایک متحدہ قوم کی بنا پر یہ مطالبہ کیا کہ مسلمانوں کو ایک قوم کی حیثیت سے ایک علیحدہ ملک ملنا چاہئے ۔ چنانچہ اس بنیاد پر ملک کی تقسیم ہوئی اور اس بنا پر مسلمانوں کو ایک علیحدہ قوم تصور کرتے ہوئے اس ملک کی بنیاد ہی اسلام پر پڑی ۔ تا کہ ہم اسے اس مسلک کی بنا پر اصلاح و بہبودی کی بنیادوں پر استوار کریں ۔

ایک ایسے علاقہ کو جس میں مسلمان اکثریت میں ہیں ۔ پنڈت نہرو نے حرص اور لالچ کے پنجہ میں دبا رکھا ہے ۔ اس علاقہ میں مسلمانوں کی آبادی ۸۰ فیصدی ہے لیکن پھر بھی اس نے اپنے وعدوں سے انحراف کیا ہے اور کانگریس نے سراسر بے ایمانی کی تقسیم کی ہے ۔ ۹ سال کے بعد اب چترال کے علاقہ کو کشمیر کا ایک حصہ قرار دیا ہے اس سے قبل بھی پنڈت جواہر لعل نہرو پاکستان کی سر زمین کے متعلق مطالبہ کر چکے ہیں مگر افسوس ہے کہ ارباب اقتدار نے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی اور نہ ہی کوئی موثر تجاویز پیش کر کے اس کا مقابلہ کیا ہے ۔ بارہا پاکستان کی سر زمین پر حملہ کیا گیا ہے اور طے شدہ معاہدات کے مطابق ایسے علاقوں پر جو پاکستان کا حصہ ہیں بھارت نے قبضہ کیا ہوا ہے کیونکہ بین الاقوامی سیاست میں وہ ایک بڑی طاقت بننا چاہتا ہے تا کہ وہ ایشیا کا قائد بن جائے ۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بعض علاقوں پر بزور شمشیر قبضہ کر کے بیٹھا ہوا ہے اور آہستہ آہستہ دوسرے علاقوں پر قبضہ جمانے کی فکر میں ہے ۔ میں آپ سے عرض کروں گا کہ مسلمان قوم سے بہتر ایثار پیشہ قوم کی مثال آپ کو روئے زمین

پر کہیں نہیں ملیگی ۔ مسلمان اپنے جان و مال اپنے جسم اور ہر چیز جو اس کی متاع عزیز ہو کو اپنے ملک کی بقا کے لئے نچھاور کرنے میں ہرگز دریغ نہیں کرے گا بلکہ ہر قسم کی قربانی کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہا ہے ۔ صرف ضرورت اس چیز کی ہے کہ آپ اپنے آپ کو منظم کریں ۔ بھارت نے لاکھوں انسانوں کو در بدر کر دیا ۔ اور لاکھوں انسانوں کو تہ تیغ کیا ۔ اب ان کی غیرت ان کی روایات اور تہذیب و تمدن اس امر کا مطالبہ کرتے ہیں کہ بھارت کو اس کا جواب دیا جائے ۔

مسلمان قوم ایک بہتر اور اعلیٰ قوم ہونے کے باوجود کیوں گمراہ ہو گئی اس کی وجوہات یہ ہیں کہ ان میں ایسے لوگ موجود ہیں جو ہوس اقتدار اور عہدوں اور کرسیوں کے لالچ میں تقسیم ہو گئے ہیں ۔ ان میں اتحاد نہیں رہا اور وہ عوام کو صحیح راستہ پر نہیں چلا سکے ۔ اور نہ ہی ان سے صحیح طور پر کام لے سکے ہیں ۔ قصور ان لوگوں کا ہے جو قیادت کے دعوے دار ہیں ۔ مگر قیادت نہیں کر سکے ۔

جہاں تک بھارت کے عزائم کا تعلق ہے وہ کوئی نئے نہیں ہیں اور نہ ہی پوشیدہ ہیں ۔ بارہا بھارت نے ان عزائم کا اعلان کر دیا ہے ۔ ہمیں چاہئے کہ محض تقریروں اور ریزولیشن وغیرہ پاس کرنے پر اکتفا نہ کریں بلکہ منظم طور پر اس کا علاج سوچیں تاکہ ہندوستان کو آئندہ اس قسم کی جرأت نہ ہو ۔

ہماری کمزوری کی وجوہات کے متعلق قائد اعظم(رحہ) نے فرمایا تھا کہ ہم میں اتحاد نہیں ۔ کوئی تنظیم نہیں ۔ یقین محکم نہیں ۔ ہم واقعی صحیح مسلمان کہلانے کے مستحق نہیں ہیں کیوں کہ ہمارے اتحاد کو پاش پاش کر دیا گیا ہے ۔ ہماری تنظیم کو عمداً اور جان بوجھ کر پارہ پارہ کر دیا گیا ہے اور ہمارے یقین محکم کو متزلزل کر دیا گیا ہے ۔ ہماری عصمت خریدی جا چکی ہے ۔ اور ہم لوگوں کی آبرو برباد کی گئی ہے ۔ اس لئے ان واقعات کے ہوتے ہوئے ہمیں چاہئے کہ خواہ ہم سندھی ہوں بلوچی ہوں سرحدی یا پنجابی ہوں اپنی قوم کو اونچا کرنے اور اس کی عزت بچانے کے لئے ہر ممکن قربانی دیں ۔ کیونکہ موجودہ رجحانات درست نہیں ہیں ۔ ہم نے اتحاد فکر اور اتحاد عمل سے اپنی قوم اور اپنے ملک کی عزت کو برقرار رکھنا ہے ۔ جس وقت ہم نے اپنا ملک بنایا تھا اس وقت بے شمار خطرات درپیش تھے ۔ اس وقت قائد اعظم(رحہ) نے ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ایک بیان میں ارشاد فرمایا تھا کہ

"I call upon every Muslim man and women, in Pakistan to fortify them seves against their present sorrows far the establishment of their national State for which they have already suffered and sacrified so much, and which it is now for them to build up so that before long it can justify its position as the largest Islamic State in the world and win a proud place in the family of nations."

جناب والا - میں عرض کروں گا کہ اگر ہم اسی طرح کمزور رہے تو ہماری کمزوری سے دشمن فائدہ اٹھائے گا - لیکن اگر ہم پوری طرح منظم ہوں گے اور اگر ہم آپس میں اتحاد و اتفاق رکھیں گے تو کوئی دشمن ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا اور نہ کوئی آنکھ اٹھا کر دیکھ سکتا ہے - کیونکہ

ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات -

اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی تمام خرابیاں دور کریں - اتحاد و استقلال سے اپنا کام جاری رکھیں اور کوشش کریں کہ ہر فرد کو ترقی کا موقع ملے - لیکن

سمجھ میں نکتۂ ایماں آ تو سکتا ہے
ترے دماغ میں بت خانہ ہو تو کیا کہئیے-

سلمیٰ بیگم تصدق حسین — (ضلع ملتان) — صاحب صدر — آپ نے اب تک عورتوں کے جذبات کا خیال نہیں رکھا - جب بھی کوئی عورت کچھ کہنا چاہتی ہے آپ فوراً کسی دوسرے کو اجازت دے دیتے ہیں -

صاحب سپیکر — آپ کی شکایت بالکل بے جا ہے -

سلمیٰ بیگم تصدق حسین — میں نے عرض کیا تھا کہ بارہ بجے مجھے موقع دیا جائے - آپ کو چاہئے تھا کہ وقت کا تعین کر دیتے مگر آپ نے ایسا نہیں کیا -

صاحب سپیکر — آپ پہلے ان کا نکتہ نظر سنیں -

سلمیٰ بیگم تصدق حسین — میری گذارش ہے کہ پہلے آپ میرا نکتہ نظر سنیں -

صاحب صدر اس معزز ایوان نے اپنا روز مرہ کا کام چھوڑ کر جس مقدس کام کے لئے آج کا دن وقف کیا ہے میں سمجھتی ہوں کہ یہ ایک بہت نیک فال ہے اور ہماری خواہش ہے کہ ہم قانونی الجھنوں سے نکل کر عمل کی طرف بھی قدم اٹھائیں ورنہ اگر ہم ایسی چھوٹی چھوٹی چیزوں میں الجھ کر اپنا وقت ضائع کرتے رہے تو دشمن ہم پر ایسے ہی شبخون مارتا رہیگا - آپ نے آٹھ سال یونہی ضائع

کر دئیے ھیں ۔ ھمارے وہ مجاھدین اسلام جو کوھستان کی سر بفلک پھاڑیوں میں آھنی دیوار بنے کھڑے ھیں ان سے بہت امیدیں وابستہ ھیں ۔ جس طرح کہ شہید ملت خان لیاقت علی خان نے اپنا مکا دکھا کر قوم میں ایک نئی زندگی پیدا کر دی تھی ھم انہیں اپنا آھنی مکا دکھا ئینگے (تالیاں) ۔ پنڈت نہرو نے ایسا بیان دیکر ھمیں ایک بار پھر ھماری غیرت اور جذبہ حب الوطنی کو چیلنج کیا ھے ھم انشاءاللہ وقت آنے پر اپنی ھمت اور جرأت کا مظاھرہ کرینگے اور اس کا منہ توڑ جواب دینگے ۔ وہ آج تک ھمارے حقوق پر چھاپہ مارتا رھا ھے اور ھمارے علاقوں پر غاصبانہ قبضہ کرتا رھا ھے ۔ جس طرح کہ اس نے حیدر آباد ۔ جونا گڑھ اور جنڈ بیٹ کے علاقوں پر غاصبانہ قبضہ کر لیا ھے ۔ لیکن اب جبکہ ون یونٹ بن گیا ھے اور جیسا کہ ھمیں وحدت مغربی پاکستان کے قیام کے بعد یہ توقع تھی کہ جب ھم ایک وحدت میں مجتمع ھو جائینگے تو ھم اپنی قوت ۔ استحکام اور پوری طاقت سے مجتمع ھو کر ایسے اھم مسائل کو حل کرینگے اور ان اھم مسائل کے حل میں عورت کا بھی اتنا ھی حق ھے جتنا کہ آپ کا ۔ بلکہ اس کا زیادہ اثر عورت پر ھوتا ھے کیونکہ جب جنگ چھڑتی ھے تو اس کا گھر تباہ ھو جاتا ھے اس کے بچے ختم ھوجاتے ھیں اور اس پر طرح طرح کی مصیبتیں نازل ھوتی ھیں ۔ میں سمجھتی ھوں کہ ھمارے ان مجاھد بھائیوں کو اس چیز کا احساس ھونا چاھئیے کہ اس پاکستان کی خاطر آپ کی پچاس ھزار عورتوں نے قربانی دی ۔ اس کے بعد کشمیر ھاتھ سے نکل گیا اور اب چترال وغیرہ کا مطالبہ کیا جا رھا ھے ۔ اور اگر آپ اسی طرح خاموش رھے تو یہ ایک بڑی پست ھمتی کا مظاھرہ ھوگا ۔ یہ وقت اب ایسا نہیں کہ آپ ان اھم معاملات کو پس پشت ڈالتے چلے جائیں ۔ اس رویہ سے ان کے حوصلے بلند ھوتے جائینگے ۔ آج ھمیں ھندوستان کو یہ بتلا دینا چاھئے کہ ھم اب اسکی ان چیرہ دستیوں سے تنگ آ گئے ھیں اور اب ھم اپنی قوت ایمانی سے اور اپنی پوری طاقت کے ساتھ ھندوستان کی ان چیرہ دستیوں کا مقابلہ کرینگے اور ان کا پوری طرح سے ازالہ کرینگے ۔ (تالیاں) ۔

بیگم زبیدہ احسان الحق (ضلع بہاولپور) — صدر محترم ۔ اس اھم مسئلہ پر میں نے آج سب طرف سے تقریریں سنیں اور سب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ۔ یہ تقریریں یقیناً فائدہ مند اور قابل تعریف تھیں ۔ جناب صدر اس سلسلہ میں میں صرف اتنا

عرض کرنا چاہتی ہوں کہ پنڈت جواہر لعل نہرو نے یہ جو بیان دیا ہے اس کو اتنی جرأت کیوں ہوئی ؟ اسکی صرف ایک بنیادی وجہ ہے اور وہ یہ کہ ہم مسلمان اسلام سے بہت دور جا رہے ہیں ہم مسلمان عمل نہیں کر رہے ۔ خالی باتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا (تالیاں) مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم اپنے اندرونی اختلافات ختم کریں اور عوام کی بہبودی اور پاکستان کی سالمیت اور تحفظ کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دیں اور یہ صرف اسی طرح ہو سکتا ہے کہ ہم با عمل مسلمان ہو جائیں اور ہم اپنے آپ کو اس قابل بنائیں کہ کسی کو ہمارے ملک کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنے کی جرأت نہ ہو سکے ۔ (تالیاں)

بیگم ممتاز جمال— (ضلع پشاور) ۔ جناب صدر ۔ اس مسئلہ پر کافی تقریریں ہو چکی ہیں ۔ میں اب خواتین پشاور کی طرف سے پنڈت جواہر لعل نہرو کے بیان کی پر زور مذمت کرونگی ۔ جناب والا ۔ جہانتک اس مسئلہ کی اہمیت کا تعلق ہے اس کا تو یہ تقاضا ہے کہ اس پر کافی تفصیل کے ساتھ بحث کی جائے مگر جہانتک وقت کا تعلق ہے وقت کی کمی اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ اس مسئلہ پر کوئی لمبی چوڑی بحث کی جائے ۔

جناب والا ۔ جہانتک چترال کی جغرافیائی حیثیت کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ چترال شروع سے ہی پاکستان کا حصہ ہے اور انشاءاللہ رہیگا اور اس سلسلہ میں ہاؤس کے معزز اراکین کی طرف سے جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے مجھے کلی طور پر ان سے اتفاق ہے ۔ اور میں اپنی بہنوں کی طرف سے آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ اگر ضرورت پڑی تو میدان کارزار میں آپ کی بہنیں اسی جذبۂ ایمانی کے ساتھ آپ کے شانہ بشانہ حصہ لینگی (تالیاں) ۔ جہانتک ہماری تنظیم کا تعلق ہے میں اس کی مثال پیش کرنے کی چنداں ضرورت نہیں سمجھتی ۔ جب پاکستان معرض وجود میں آیا اور یہ نو زائیدہ مملکت الجھنوں میں پھنس گئی وہ وقت بھی آپ کے سامنے ہے ۔ ابھی ایک سال نہیں ہوا تھا کہ قائد اعظمؒ ہمیں داغ مفارقت دے گئے اور ہندوستان کے لیڈروں نے ہم پر پھبتیاں کسیں اور کہا کہ اب پاکستان قائم نہیں رہ سکتا ۔ یہ صرف قائد اعظمؒ کی وجہ سے معرض وجود میں آیا تھا لیکن ہم نے دنیا کو دکھلا دیا کہ پاکستان قائم رہ سکتا ہے (تالیاں) اس کے بعد جناب والا ۔ قائد ملت ہم سے جدا ہو گئے اور ان

لوگوں نے ببانگ دہل اعلان کیا کہ اب پاکستان ختم ہو جائیگا ۔ ان کا خیال تھا کہ ملک شخصیتوں کی وجہ سے قائم رہتے ہیں لیکن ان کا یہ خیال بھی غلط ثابت ہوا اور ہم نے ان کو دکھلا دیا کہ ملک محض شخصیتوں سے قائم نہیں رکھے جاتے میں اس سلسلہ میں ایک شعر عرض کرنا چاہتی ہوں ۔

اگر عثمانیوں پر کوہ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے
کہ خون صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا (تالیاں)

جس طرح ہم نے تقسیم ملک کے وقت آپ کا ہاتھ بٹایا تھا ہم اب آپ کو یقین دلاتی ہیں کہ انشاءاللہ وقت آنے پر ہم کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرینگی (تالیاں) ہم سمجھتی ہیں کہ ابھی ہمارا کام ختم نہیں ہوا ۔ ہمیں ابھی بہت کچھ کرنا ہے ۔

تو رہ نورد شوق ہے منزل نہ کر قبول
لیلی بھی ہم نشین ہو تو محمل نہ کر قبول
اے جوئے آب بڑھ کے ہو دریائے تند و تیز
ساحل تجھے عطا ہو تو ساحل نہ کر قبول ۔ (تالیاں)

اس کے بعد میں آپ کو اپنی بہنوں کے جذبۂ حریت کی مثال پیش کرتے ہوئے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ اگر کوئی وقت ایسا آیا تو آپ کی بہنیں خواہ وہ بیٹی کے روپ میں ہوں خواہ ماں کے روپ میں آپ کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہونگی اور جب کوئی مجاہد سینے پر گولی کھا کے آئیگا تو ہم اسکا منہ چومینگی لیکن اگر وہ کمر پر گولی کھا کے آئیگا تو اسکے منہ پر تھوک دینگی ۔ (پر زور تالیاں) ۔

Syed Amir Hussain Shah: (GUJRAT DISTRICT) Sir, I may tell the House that on this particular issue there can be no two opinions here or in the country. We stand united to a man irrespective of any party affiliations. Sir, Insha Allah, we shall defend the territorial integrity of our land with the last drop of our blood.

Sir, I would like to give you the background of this pronouncement by Mr. Jawaharlal Nehru. The background of this pronouncement is our foreign policy. Our foreign policy has been shortsighted, completely divorced from realities and completely unpatriotic. The biggest achievement of our foreign policy has been the American Aid. Now one of the main conditions of this Aid is that we shall not use it against India or Afghanistan, and these are the only two countries with which we have got differences. What is the use of this foreign aid, when instead of promoting peace and good neighbourly relations, it has created conflicts with our neighbouring countries. Sir, it is not only India which, thanks to these conditions, is degrading and humiliating us, but that little gust of countries, Afghanistan is doing the same thing. As a result it is

our President, who has to go to Kabul to beg them to patch up the differences. Now, Sir, you will recall that when the SEATO Conference was held, we were very jubilant, when our Prime Minister was able to get a statement from Mr. Dulles that Kashmir issue would be decided very early. Now, Sir, this statement could hardly carry us anywhere. It was very vague and I remember one of the Muslim League Ministers of the Central Cabinet was very happy over it. He was confident that the Prime Minister would persuade to get a statement out of Dulles, but when Mr. Dulles went to Delhi it only took a reporter at a press conference to bamboozle Mr. Dulles into saying that if Pakistan ever used the aid for Kashmir, America would be on the side of India and against Pakistan. Now, Sir, the Government themselves are conscious of the fact that American Aid will not help the Pakistani people. They are touchy about foreign policy being discussed. An illustration of it we find here the rule according to which we cannot discuss any matter relating to foreign policy on the floor of this august House, but I am glad that this House has spurned aside that rule with all the contempt that it deserved. Now I want to say something about the legality of the situation. It has been said that Chitral is a part of Kashmir and some treaties have been quoted. Sir, the fact is that Chitral has been liberated from foreign domination in the same manner as Pakistan has been liberated from foreign domination. Therefore by no stretch of imagination or legality can Chitral be said to be a part of Kashmir. Chitral is no more a part of Kashmir than Tunisia and Algeria are a part of France. We shall fight for the territorial integrity of Chitral to the last man.

علامہ رحمت اللہ ارشد (ضلع بہاولپور)—صاحب صدر ۔ یہ ہماری تاریخ کا بہت بڑا المیہ ہے ۔ ایک زمانہ تھا کہ ہم بادشاہی کے تخت پر بیٹھ کر یہ کہتے تھے کہ روم ہمارا ہے ۔ ایران ہمارا ہے ۔ فرانس ہمارا ہے ۔ چین ہمارا ہے ۔ اور آج زمانے نے ہمارے کانوں میں یہ آواز بھی ڈال دی ہے کہ کوئی بدبخت یہ کہتا ہے کہ چترال ہمارا ہے۔ میں اسکے متعلق سوائے اسکے کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ جب تک اس قوم کا ہر فرد محمود غزنوی نہیں بنے گا اس وقت تک ہندوستان کی نظریں اس ملک پر رہیں گی ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ جس جذبۂ سرفروشی اور جس جذبۂ جان نثاری نے ہمیں کل تک آگے بڑھایا تھا آج اسی جذبۂ سرفروشی و جان نثاری کو اپنا سب سے بڑا ہتیار سمجھ کر ہم آگے بڑھ سکتے ہیں ۔ اتنی باتیں کہنے کے بعد میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کے اندر جو قرار داد پیش کی گئی ہے میں اپنی طرف سے اور ان دوستوں کی طرف سے جو مکتبہ خیال میں میرے شریک ہیں کلیتاً اسکی تائید کرتا ہوں اور یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم نہایت منظم اور متحد انداز میں آگے بڑھیں اور وقت آ گیا ہے کہ ہم پورے جوش عمل کے ساتھ اور پورے جوش جہاد کے ساتھ اپنے ارادوں کو روبہ کار لائیں ۔ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جب کسی اسلامی مملکت کے ایک چپہ زمین پر کوئی مدعی پیدا ہو جائے تو فوراً قوم پر جہاد

فرض ہو جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت تقریر نہیں کرنی چاہئے ۔ جو قرارداد پیش ہوئی ہے میں اسکی حرف بہ حرف اور لفظ بہ لفظ تائید کرتا ہوں ۔

خان حبیب اللہ خان۔(قبائلی علاقہ مالاکنڈ ایجنسی)—جناب والا ۔ میں مالا کنڈ ایجنسی کا رہنے والا ہوں ۔ مجھے چترال کی حیثیت کا بخوبی علم ہے ۔ ۱۹۴۷ میں جب پاکستان معرض وجود میں آیا ۔ تو اس وقت چترال کے بادشاہ ظفرالملک صاحب نے پولیٹیکل ایجنٹ مالا کنڈ نواب شیخ محبوب علی خان کو بلایا کہ آؤ ۔ پاکستان کے بن جانے کے بعد ریاست کی آئندہ حیثیت کے بارے میں عہد نامہ کریں ۔ چنانچہ اس وقت میں بھی پولٹیکل ایجنٹ موصوف کے ساتھ چترال گیا اور وہاں پر اس عہد نامہ پر دستخط ہوئے ۔ پنڈت نہرو اس عہد نامہ سے بخوبی واقف ہیں ۔ مگر وہ آئے دن ایسے بیانات دیتے رہتے ہیں انہوں نے حیدرآباد ۔ جونا گڑھ منگرول ھذالقیاس اور ریاستوں کے ساتھ جو سلوک کیا ہے وہ سب دنیا کو معلوم ہے ۔ پنڈت نہرو اپنے وعدوں کو توڑنے کے عادی ہیں ۔ میری پشتون بہن نے جو یہ فرمایا ہے کہ وقت آنے پر پٹھان عورتیں سینوں پر گولی کھانے سے بھی دریغ نہیں کرینگی ۔ تو میرے خیال میں انہوں نے ایسا کہہ کر سب پشتون قوم کی ترجمانی کی ہے ۔ ہم قبائلی جنگ آزادی میں سب سے پیش پیش رہے ہیں ۔ اور دشمن کے ٹینکوں وغیرہ کے ساتھ ہم قبایئلیوں نے ہی مقابلہ کیا ہے ۔ نیز کشمیری عوام کو بھی دشمن کے پنجے سے نجات دلانے کیلئے ہم ہی وہاں پہلے پہنچے تھے ۔ اور آیندہ بھی اگر کوئی ایسا موقع پیش آیا تو انشاءاللہ ہم قبائیلی ہی سب سے پیش پیش ہونگے اور پاکستان کی سالمیت پر انشاءاللہ کبھی آنچ نہیں آنے دینگے ۔

Mr. Shahnawaz Pirzada : (NAWAB SHAH DISTRICT): Mr. Speaker, we are today considering a matter which cannot be settled by making patriotic speeches. It is a matter which deserves calm and cool consideration. Pandit Nehru is not a mad man as Mr. Allana seems to think. He is a consummate politician and behind his madness, there is always a method. My point for consideration is that after seven long years' silence, he has opened up this question ; what is this 7 years' silence due to ? Some gentlemen have suggested that our weak foreign policy is responsible for the present utterances of Jawaharlal Nehru. May be to some extent this foreign policy of ours is responsible for those utterances, but to my mind, something else occurs. Mr. Nehru is preparing a ground for himself. He has created suspicions against us in the minds of Russians and the Chinese; he has told them that we Pakistanis are going to give military bases to Americans and the English. After having convinced them of this thing, he has now made claim upon our territory. As Dr. Khan Sahib has said, that instead of long speeches and high-sounding phrases, we must display some action, here is an action that I suggest.

Our worthy friend Mr. Daultana is very young and full of brains; it was he who brought this matter to our notice. Now, I suggest to him that he should prepare a delegation of members from each side of the House who should proceed on a friendly trip to Russia and China and should study the affairs of all these countries and tell them that we are friends of everybody that real Pakistanis are independent. They have nothing to do with America or England. May be our Government has been licking the feet of America and England for a time, but we Pakistanis are independent. We wish to remain independent in the world forums and we are ready to extend our friendship to everybody. Such a trip will do a lot of good. Mr. Daultana should undertake this trip and go to Pandit Nehru and tell him that we want to reply to him by action and not by words.

Syed Zafar Ali Shah: (NAWAB SHAH DISTRICT): Sir, I rise to support the resolution that Dr. Khan Sahib has put before this House. I am very glad and I hope every member of this House is very glad for the views that have been expressed by Dr. Khan Sahib.

Sir, this is not a new thing. Mr. Nehru has always tried to keep this cold war business going on. He is always on the look-out to create new problems for this purpose. He has created water dispute and now this is a new dispute that he has created over Chitral. The statement of Pandit Nehru in this connection should be very seriously considered and something must be done in this behalf; only speeches can do nothing.

Sir, every time we are made to suffer but this time we must do something; we must rely on self-help.

(*d*) The Sind University has received Rs. 10 lacs out of Rs. 20 lacs earmarked under the social uplift scheme. In addition, the University received approximately Rs. 5 lacs in 1955 and approximately Rs. 4½ lacs in 1956 as non-orecurring grant from the Central Government.

(*e*) Government will in due course examine the requirements of the three Universities for buildings, equipment and teaching staff with due regard to their future developments.

I may further add that at the request of certain honourable members I looked into the affairs of this University. I held discussions on this matter with the Director of Public Instructions and the Secretary for Education and they have agreed that they will be able to allocate at least ten lakhs more if so required by the University.

Pir Elahi Bakhsh Nawaz Ali Shah : May I know why the Honourable Minister has allocated five lakhs this year to the Sind University, fourteen lakhs to the Peshawar University and twenty one lakhs to the Punjab University? Why this discrimination?

Minister : For the Punjab University it is not twenty-one lakhs but seventeen lakhs. For the Peshawar University, of course, it is correct. But it is an allocation which is being made for the last several years according to the requirements of each University. I have looked into the Sind University allocations : it has always been wavering round about five lakhs. In spite of that, I will say that I have discussed the matter with the Director of Public Instructions and the Secretary for Education.

Mr. G. M. Syed : May I know from the Honourable Minister if there is any proposal with the Government to sanction twenty-five lakhs for the new township of the University ?

Minister : That is for the University how to spend that money. We have specified the area for the University township.

Mr. G. M. Syed : The Honourable Minister in his reply has referred to the Planning Board, may I know the names of the personnel of the Planning Board ?

Minister : I do not know.

Mr. G. M. Syed : May I know whether the fifteen lakhs which the Honourable Minister has announced will be sanctioned by the Government, whether they have been sanctioned or the matter is still under consideration?

Minister : I have discussed the matter with Secretary for Education and the Director of Public Instructions and they have assured me that they will be able to spare ten lakhs for the Sind University besides these five lakhs. I am sure that when they have given me an assurance it is bound to be correct.

Mr. G. M. Syed : Will this be a recurring grant ?

Minister : It will not be a recurring grant. It will be a grant for the special purposes of the scheme which you have mentioned in your question. So far as the recurring expenditure is concerned, it is always up to the University to send up their requirements which are of a permanent nature. Generally we get every year from the Centre at least twenty five lakhs which are allocated to the different Universities almost annually. And these twenty five lakhs are always allocated to the different Universities as a permanent feature. I may tell you that Sind will be able to get at least ten lakhs annually for recurring expenditure. But this year we are giving five lakhs more plus a building grant to the Sind University.

Mr. G. M. Syed : The representation for ten lakhs was not made for the building grant but for the recurring grant.

Minister : I have sanctioned it.

Mr. G. M. Syed : Have you sanctioned it or the matter is still under consideration ?

Minister : I have stated that I had discussed it and we have agreed to it. But actually on the paper the word "sanctioned" has not been written. But I presume that it amounts to that.

Mian Muhammad Shafi : Does this allocation of grants to the Sind University include those earmarked under the Ford Foundation ?

Minister : That has nothing to do with the Ford Foundation.

FUNDS FOR DEVELOPMENT OF SCIENCE DEPARTMENT IN SIND UNIVERSITY

*44. **Mr. G. M. Syed** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the amount of Central Government grant received by the Sind University during the years 1949—51 for Development of Science Department;

(*b*) whether Government are aware that during the same period Central Government granted Rs. 10,50,000, Rs. 10,50,000 and Rs. 4,00,000 to the Punjab, Dacca and Peshawar Universities respectively for the purpose;

(*c*) whether Government are aware of the fact that apart from the above grants the Central Government also made certain grants to the various universities from the Social Uplift Fund;

(*d*) whether any amount was granted to the Sind University by the Central Government from the Social Uplift Fund;

(*e*) whether Government have made any representation to the Central Government for a more liberal treatment of the Sind University in the matter of these grants as compared to other Universities in view of the comparative backwardness in the education of science of the Khairpur and Hyderabad Divisions?

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti (MINISTER OF EDUCATION): (*a*) and (*b*) Information is being collected from the relevant sources, but is not yet available.

(*c*) and (*d*) Grants for social uplift were made by the Central Government to the Provincial Governments. It was for each Province to draw up its list of projects, and the Central Government's respective responsibility was primarily to ensure that the money was spent on desirable projects. The former Sind Government earmarked 20 lakhs out of this one crore sanctioned for Education. So far, 10 lakhs have already been released to the University and this amount is being utilized for the construction of a Science College. The balance will be paid to the University as the funds are made available by the Central Government.

(*e*) As stated above, the money sanctioned for social uplift was given to the Provincial Government and it was for each Provincial Government to decide how much to spend on its University. As regards grants other than from the social uplift fund, the Sind University has received an equitable share of grant awarded by the Central Government to the Universities in Pakistan. In view of this consideration, the question of making any representation to the Central Government does not arise.

Mr. G. M. Syed : May I know how much amount was allocated to the Sind Government for the development of the Science Department of Sind University?

Minister : I have stated that one crore was sanctioned by the Central Government under the Social Uplift Scheme. Twenty lakhs were earmarked for Sind University. Out of those twenty lakhs only ten lakhs have been utilised by the University. The remaining ten lakhs have not been utilised.

A Member : As a member of the Senate of the University of Sind I am fully aware that money allocated to the Sind University is not sufficient to meet its requirements. Will the Honourable Minister please look into the matter?

Minister : I have already stated in my answer to this question that twenty lakhs were allocated to your University. Uptil now you have utilised only ten lakhs, ten lakhs have still to be utilised. I may assure you that whatever you require you will be provided.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Speaker : I have received the following adjournment motions:—

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely the hoisting of Pakhtoonistan Flags on the Afghanistan Embassy Buildings in Peshawar yesterday by the prominent leaders of the Red Shirt movement.

Mr. Ahmed Saeed Kirmani asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, that Khan Abdul Ghaffar Khan, in a public meeting held at Tal (District Kohat) on the 27th May, 1956, declared that from today onwards thePathans are free and the areas wherein Pathans are in majority, shall from that day be described as "Pakhtoonistan" and nothing else."

It is a well established convention in the Legislative Assembleis all over the world that adjournment motionsare not allowed to be movel during the days the Budget is under discussion, because there is ample opportunity for members to discuss any matter they choose to bring up in the course of general discussion of the Budget and the discussion on the demands for grants. I am well fortified in this view by the rulings given by my so many illustrious predecessors and I accordingly do not give my consent under Rule 41 of the Assembly Rules of Procedure to the moving of these adjournment motions.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: Sir, I am very sorry that you have ruled my adjournment motion out of order. Since it is a vital matter affecting the independence of this country, you can allow it.

Mr. Speaker: I will not permit the honourable member to make a speech.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: Sir, I have only said since it is a matter which effects the independence of our State. .....

Mr. Speaker : Please sit down.

Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana Sir, when you gave your ruling just now, I am afraid, you have not considered the precedent in the matter. Exactly, last year, in the Constituent Assembly the ruling given was as follows:—

> "That while during the general discussion of the Budget adjournment motions are not relevant, because every matter can be discussed during the general discussion, and once the general discussion is over and the demands for grants taken up, then it is relevant and it is open to the Chair to admit adjournment motions and the reasons also is quite clear, because the general discussion of the Budget covers every subject, but in the discussion on grants the rule of relevancy has to be adhered to. Only a particular matter, that is of grants, can be discussed in the House. But if the matter of urgent public importance arises, then during that particular discussion of the Budget the ruling does not apply".

And then, Sir, there are also precedents not only here, in the Constituent Assembly and in the other legislatures of the world that adjournment motions have been admitted. Therefore, I would humbly suggest that you would reconsider your decision and I would humbly suggest that in this matter of particular importance you would allow the adjournment motions.

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, I would quote a particular instance in support of this adjournment motion. Recently, we had to suspend the rule in order to give an opportunity to this House to express its views, when we had to discuss the situation arising out of the statement of Pandit Nehru regarding sovereignty of a part of our territory. Now, Sir, in this particular case only yesterday was the Afghanistan independence day About, 8 Afghanistan flags were hoisted by our own nationals. As in the previous case when the matter was of great national importance, we had to suspend the rule of the House and provide an opportunity to discuss the matter. Therefore, I request you to reconsider your decision, otherwise the House will be put into a most embarrassing position.

Mian Muhammad Shafi : On a point of order.

Mr. G. M. Syed : I want to point out one defect in the present system.

Mian Muhammad Shafi : On a point of order, Sir.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: On a point of privilege.

Mian Muhammad Shafi : I am already on a point of order.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : But the point of privilege takes precedence over a point of order.

Sir, this House enjoys certain privileges and this House extends certain privileges to members of the Press. In yesterday's issue of "Nawai Waqt" and yesterday's issue of "Pakistan Times" there are certain reports which are contradictory and since I was also present in the House I am in a position to say that the reporting in the Pakistan Times is correct and the reporting in the Nawai Waqt is totally misleading and a misrepresentation of what was said on the floor of this House. Sir, I will read out the relevant portion.

Mr. Speaker : I will read it myself.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon :** Let me show you how the point of privilege arises. Without listening to the point of privilege, you cannot say you will read it.

Mr. Speaker : I will read yesterday's proceedings.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon** : Day before yesterday when the question of Chitral was brought to the notice of the House by the Leader of the Opposition, Dr. Khan Sahib, the Chief Minister, stood up and said, according to Pakistan Times, and according also probably to what you will find in the official report. "I know nothing of what the member has said. It may be that somebody has said something, but let me tell the Leader of the Opposition that if anybody attacks Chitral you shall see what happens to him and I shall see where you stand." These were the words used by Dr. Khan Sahib. But the reporting by the Nawai Waqt is as follows:—

(ڈاکٹر خان صاحب کا اعلان)

پاکستان کی سالمیت پر حملہ ہوا تو میں دشمن کا مقابلہ
کرنے والوں کی صف اول میں ہوں گا۔ مسلم لیگی کہیں نظر نہیں آئیں گے۔

Mr. Speaker : This is no misrepresentation.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon :** This is a total misrepresentation and distortion of what Dr. Khan Sahib had said. You consult your official report whether these words were used by Dr. Khan Sahib.

Mr. Speaker : I know there is no contradiction between these two reports.

Mian Muhammad Shafi : My point of order arises out of the provisions of rule 136 which says:

> "Motions (cut motions) may be arranged in such order as the Speaker may, subject to the provisions contained in these rules, from time to time direct :"
>
> "Provided that where several motions are moved to the same figures priority shall be given to the motion proposing the greatest reduction and the other motions shall be arranged in the descending order of the amounts of reduction proposed."

I would like to submit that I gave a cut motion asking that the demand be reduced by Re. 1, but it has been put down as if I was asking for a reduction of Re. 1.

Mr. Speaker : Have you got a copy of the list of cut motions? They must have been sent to you.

Mr. M. H. Gazdar: Sir, I should have priority to any other motion under the rules.

Mr. Speaker : You shall have priority. But there is one point. I would like to mention that there are cut motions of specific items under this head and it has been argued that those items cannot be discussed before the discussion on cut motions about the reduction in the total demand. I may point out that according to parliamentary practice, the cut motions on specific items are discussed first and then the cut motions on the general demand are taken up. Cut motions on general demand should be taken in the order in which they have been given with reference to the amount of reduction. If, therefore, the motions for reduction of general demand are there, they will be discussed first, but the cut motions for specific items have got to be discussed before the cut motions on general demand, because under the parliamentary practice.....

Mr. M. H. Gazdar : Under what rule ?

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : Mr. Speaker, you are quoting May's Parliamentary practice against the advice of the Chief Minister.

Mr. Speaker : This is done because if a cut motion on general demand is discussed first, after that no cut motion for specific item or a smaller item can be discussed. This will be depriving honourable members who have given cut motions for specific items of their right to speak.

Mr. M. H. Gazdar : Where is the rule ?

Mr. Speaker : According to the parliamentary practice "after a question has been proposed from the Chair for a reduction of the whole grant, no motion shall be made for omitting or reducing any item."

Therefore cuts for specific items shall be taken up first and then cut motions on the general demand. If according to the arrangement which is being discussed between the Opposition and the Government, we adopt the same procedure as we did on the demand for Land Revenue, I think that will facilitate the discussion of all those items and they can be discussed in the speeches that are made on the general demand as a whole.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : May I say, Sir, that you would not have to suspend any rules.

Mr. Speaker : If speeches are appropriate.

I have already given my ruling that as we are discussing a demand relating to General Administration, only such matters can be disscussed as come under General Administration. The second thing is that I have to act in accordance with the precedents of this House.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : This House has come into existence only a few days ago.

Mr. Speaker : We are following the Rules of Procedure of this House ; so far as the Constituent Assembly Rules of Procedure are concerned, they do not apply.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : Are there any rules which apply to this House.

Mr. Speaker : Please sit down.

Mehar Muhammad Sadiq (MINISTER): An obstinate member should be made to sit down.

Mr. Speaker : When I give you full opportunity, why do you not make use of it and fully express your views?

Mehar Muhammad Sadiq : Do not permit any discussion on the ruling, Sir.

Mr. Speaker : I have to follow the rules of procedure and the precedents of this House. Everything which is brought forward by the Opposition is undoubtedly vital; I admit yesterday it was most vital; today it is not so vital.

As I have already pointed out, in the debate on General Administration such matters can be discussed and the honourable members will have opportunity to express their views.

Mr. G. Allana : On a point of order, Sir.

An adjournment motion has been tabled. Now the question arises as to whether or not on a day appointed for voting of demands, an adjournment motion is admissible. I may submit, Mr. Speaker, that under the rules of procedure, it is permissible with your consent. The question, therefore, is whether you will give consent or not ? If you would give consent, then it is in order as

far as rules of procedure are concerned. But if you do not give your consent, then, of course, it is out of order. In order to enlighten the House on the point of order that I have raised, I want to quote the particular rule.

Mr. Speaker : I know the rules.

Mr. G. Allana : I would like to inform the House.

Mr. Speaker : The rules are not read out, they are placed on the table of the House.

Mr. G. Allana : The rule for this point of order is as follows :—

This is Rule No. 132, sub-rule (3).

"On a day allotted under sub-rule (1) for the voting of demand for grants"—and that is the position—"no other business shall be taken up before the hour of interruption fixed under rule 12 except with the consent of the Speaker". Now the question is : why do you want to withhold your consent in allowing the House to discuss such a vital matter which threatens the integrity and the existence of our country.

If, in spite of the fact that the rules permit it, you would not allow us to discuss the matter, you cannot prevent reflections being cast on you as the Speaker.

Mr. Speaker : I have already given my ruling that I am not giving my consent because I am bound by the precedents already established here, and I do not want to disturb those precedents because they are based on good sense. Within the limited time-schedule for the passing of the budget, no other matters can be discussed.

Khan Sardar Bahadur Khan: Sir, this is such a vital matter that it effects the integrity of our State, it effects the dignity of our State, and yet you would not allow us to discuss this point of order. If this is your attitude, we walk out as a protest for five minutes.

[At this stage, members of the Opposition party walked out.]
(Cries of "shame", "shame").

PUBLIC ACCOUNTS COMMITTEE

Mr. Speaker : I want to draw the attention of the honourable members to a notice regarding the election of members to the Public Accounts Committee.

As the number of duly nominated candidates for election to the Public Accounts Committee who have not withdrawn exceeds the numbers of seats to be filled, a poll will be held on Wednesday, the 30th May, 1956, between the hours of 8 a.m. and 1 p.m. In all 16 members have to be elected. Ballot papers containing the names of candidates will be issued by the Assistant Secretary (Administration) on duty in front of the Cabinet Room on the first floor of the Assembly Building. Members will sign the counterfoil in token of having received ballot papers and no ballot paper will be issued by proxy. No ballot paper will be issued after 11 a.m. The members may deposit their ballot papers after marking their preferences, in the ballot box placed on the Table of the House upto 1 p. m. No Ballot paper will be allowed to be deposited in the ballot box after 1 p.m.

Now we proceed with the business of the day, and I call upon the Honourable Minister to move the demand.

DEMAND FOR GRANT

GENERAL ADMINISTRATOR

Dr. Khan Sahib (Chief Minister): Sir, I beg to move.—

That a sum not exceeding Rs. 2,58,57,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 31st March 1957, in respect of General Administration in addition to the amount of Rs. 51,71,500 already authorised by the Governor.

Mr. Speaker : The demand moved is—

That a sum not exceeding Rs. 2,58,57,400 be granted to the Govenor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 31st March, 1957, in respect of General Administration in addition to the amount of Rs. 51,71,500 already authorised by the Governor.

Mr. G. M. Syed : Sir, before you ask members to move cut motions, I will again ask the members of the opposition that it will be better if one hundred-rupee cut motion is moved first as then everybody will have an opportunity to discuss the policy of the Government. It will be still better if only cut motions on the whole demand are moved first and discussed and not on particular items.

Sir, fortunately this time all the cut motions have been given by the Opposition, but if this practice is adopted and if certain members in order to bar the cut motions of the Opposition move some small cuts, then most of the time of the House will be spent over their speeches and the Opposition will not get any opportunity to discuss the general policy of the Government. Therefore, this practice will, directly or indirectly, go against the Opposition and this will not be a happy practice. Therefore, I make a special request to take this point into consideration.

Mr. Speaker : My jurisdiction in this matter is very limited. Honourable members who have given cut motions under different items can withdraw them. Unless they do so, I cannot deprive them of their right. It is a matter for mutual adjustment.

Mr. M. H. Gazdar : Sir, the Honourable Leader of the House has disclaimed practice under May's Parliamentary Practice. Our own Rules lay down that the Speaker should follow the Rules of Procedure of this Honourable House. I would invite your attention to Rule 136. It says that "where several motions are moved to the same figures priority shall be given to the motion proposing the greatest reduction and the other motions shall be arranged in the descending order of the amounts of reduction proposed." Sir, why should we go to May's Parliamentary Practice? Mr. Syed has also expressed fear that in the present circumstances the Government can bar the Opposition from discussing the policy of Government by moving all specific cuts. I would, therefore, suggest that you may follow the rules laid down in our Rules of Procedure.

Mr. Speaker : All the cut motions on different items stand in the name of honourable members from the Opposition. None of the cut motions stand in the name of the Government Party. So it is a matter which can be decided by mutual adjustment. There is no question of Government side barring any discussion.

The first cut motion is in the name of Mr. S. M. Saeed, for discussing the item of Rs. 5,04,000 on account of pay of officers—Ministers. Under section 78 of the Government of India Act, 1935, which applies to the budget this year, Pay of Ministers is a charged item and no reduction can be discussed in the Assembly.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I have a point of order. If you refer to rule 68, it says that—

A member while speaking shall not—

(i) use the President's name for the purpose of influencing the debate ;

(ii) reflect upon the President or the Governor in his personal capacity, provided that nothing in this sub-rule shall preclude any reference, subject to the provisions of the Constitution to the President or the Governor in relation to any act done in his official capcaity.

Sir, in my opinion, it covers the Ministers as well. It may be voted or a charged demand, but the fact that the rule provides discussion of the President and the Governor in relation to their official activities clearly proves that the activities of Ministers can also be discussed.

Mr. Speaker : The only thing that I can suggest in this matter is that the honourable member may not move his cut motion but he can discuss the matter.

Mr. G. M. Syed : Sir, unless he moves the cut motion how can he discuss? First our cuts are to be moved and then he can speak.

Mian Muhammad Shafi : Sir, you have already given your ruling and it cannot be challenged.

Mr. Speaker : The motion before the House is the main demand, but as there is some technical objection in the way of honourable member moving a reduction in the pay of Ministers, he can, while discussing the main demand, discuss the pay of Ministers without moving his cut motion.

شیخ محمد سعید (ضلع جھنگ مسلم)—جناب والا ۔ اس بجٹ میں یہ مطالبۂ زر جو Treasury Benches کیطرف سے پیش ہوا ہے سب سے اہم ترین مطالبۂ زر ہے ۔ جمہوری نظام حکومت میں عوام کے نمائندوں سے منتخب اور عوام کے منتخب نمائندوں کے سامنے جواب دہ انتظامیہ وزرا کی صورت میں یہاں جلوہ گر ہے اصولاً ساری جمہوری روایات کے مطابق ہم آجتک دیکھتے چلے آئے ہیں کہ وزرا کا انتخاب اسمبلی کے انتخاب کے بعد کیا جاتا ہے عمومی انتخابات ہونے کے بعد صوبہ کا گورنر یہ جائزہ لینے کے بعد کہ اس صوبہ یا ملک میں کون سی پارٹی اکثریت میں آئی ہے اکثریت والی پارٹی کو وزارت سازی کے لئے یاد فرمایا کرتے تھے اور جب وہ اکثریت والی پارٹی اپنی قراردادوں کے ذریعہ یہ ظاہر کر دیتی تھی کہ انکے ساتھ اس ایوان کے اراکین کی تعداد زیادہ ہے تو اس وقت گورنر کے پاس کوئی چارہ کار ہی نہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ ماسوائے اس پارٹی کے کسی اور شخص کو وزارت بنانے کی دعوت دے۔ علامہ اقبال نے یورپ کے متعلق ایک دفعہ فرمایا تھا—

لاتے ہیں سرور اول دیتے ہیں شراب آخر

اس ملک کا دستور جسکی سیاہی ابھی خشک نہیں ہوئی ہے اور جسکے متعلق بلند بانگ دعوے اس ملک کے لوگوں نے کئے بڑے دھڑلے کیساتھ اسکا وفادار رہنے کا وعدہ کیا لیکن ہم آج دیکھتے ہیں کہ یہ وزارت

ایسے بنائی گئی ہے کہ ابھی انتخابات نہیں ہوئے تھے کہ ایسے لوگ جو صوبے میں کسی انتخاب کے ذریعے منتخب ہو کر نہیں آئے تھے اور جنہیں بمصداق پنجابی محاورے کے محض ''ڈنگ ٹپاؤ،، وزیر اعلیٰ مقرر کیا گیا تھا اور جن میں ہم نے تھوڑے عرصے کے لئے محض اس لئے قبول کیا تھا کہ ہمارے پاس اس کے سوا کوئی اور چارہ کار موجود نہیں تھا اور ہمارے پاس کوئی متبادل انتظام نہیں تھا اس وقت ان وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریروں میں اپنی پریس کانفرنسوں میں بار بار جو وعدے کئے تھے جو مواعید بار بار دھرائے تھے اور جو اعلانات مختلف پلیٹ فارموں سے یہ کہہ کہہ کر کئے تھے کہ جونہی صوبے میں انتخابات ہو جائیں گے اور جونہی کہ اسمبلی معرض وجود میں آ جائے گی میں وزارت سے مستعفی ہو جاؤں گا یہاں تک کہ اسمبلی کے انتخابات سے دو روز قبل بھی انہوں نے یہی اعلان کیا تھا کہ جس روز انتخابات ہو جائیں گے میں وزارت اعلیٰ کے عہدے سے مستعفی ہو جاؤنگا ۔ مگر عوام آج تک چشم براہ اور گوش بر آواز ہیں کہ ہمارے صداقت مآب اور راست گفتار وزیر اعلیٰ جو کردار کے اتنے پکے اور سچے مشہور تھے کب اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہیں ۔ و انہوں نے عوام سے کئے تھے لیکن شاید یہ کسی بات کا اثر تھا یا ان کے رفقائے کار کی صحبت بد اور درباریوں کی سازش اور سرگوشیوں کی کرشمہ سازی تھی یا ان حواریوں کی غلط عملی مثال کا نتیجہ تھا کہ ہمارے سچے ایماندار اور دیانتدار وزیر اعلیٰ نے اپنے عوام سے کئے گئے وعدوں سے بالکل صاف انکارکر دیا (شیم شیم) پھر ہم نے دیکھا کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ میں جب اپنی وزارت بناؤں گا تو اس میں ایسے وزراء شامل کروں گا جو آئین کے مطابق اکثریت والی پارٹی کے حقوق کی راہ میں مخل ثابت نہ ہوں مگر واحسرتا کہ وہ وعدے شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکے حالانکہ دوسرے سارے جمہوری ممالک میں طریق کار یہ ہے کہ وزارت سازی کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوتے وقت ساری کابینہ کو ایک ہی وقت میں مرتب کیا جاتا ہے مگر یہاں کے معیار دستور کے ماتحت ہم نے دیکھا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی کابینہ قطرہ بہ قطرہ حصہ بہ حصہ جزو بہ جزو ظہور میں آ رہی ہے جناب والا ان کا یہ طریق کار جس سے وہ اپنی کابینہ کی توسیع کر رہے ہیں ایک ناجائز طریق کار معلوم ہوتا ہے اگر کابینہ کی توسیع واقعی نیک نیتی کے ساتھ اور کسی واضح عزم اور ارادے کے ساتھ کی جاتی تو ان لوگوں کو وزیر مقرر کیا جاتا جو انتخابات میں منتخب ہو کر صحیح اور جائز طور پر لوگوں کے نمائندہ بن کر ایوان

میں آئے ہیں مگر ہم نے دیکھا کہ یہاں ان لوگوں کو سب سے پہلے وزارتیں دی گئی ہیں جو قطعاً عوام کے نمائندے نہیں تھے جو انتخابات میں شکست فاش کھا چکے تھے اور جو اپنے اپنے ضلع کے حلقہ ہائے نیابت میں ہار چکے تھے اور جن کو انکے اپنے ایم - ایل - اے بھائیوں نے مسترد کر دیا تھا - ڈاکٹر صاحب نے سب سے پہلے ان لوگوں کی خدمت میں وزارت پیش کی جن کو عوام مسترد کر چکے تھے - کیا ان کی طرف سے یہ اقدام جمہوری مثال اور آئین کا نمونہ ہے - کیا یہی ان کی سچائی - صداقت اور دیانت کا نمونہ ہے - اس کے بعد انہوں نے ایسے لوگوں کو وزارت میں لینا شروع کیا جو اپنی اپنی جماعت سے بے وفائی اور غداری کر کے آئے جنہوں نے وعدوں کا پاس نہ کیا جو اپنے مواعید سے منحرف ہو گئے مگر اس کے خلاف جو لوگ اپنی جماعت کے وفادار رہے جنہوں نے اپنے وعدوں کا پاس کیا جو حق و صداقت اور امانت پر قائم رہے ان کو ڈاکٹر صاحب نے وزارت سے اس لئے محروم کر دیا کہ وہ اپنے اصولوں پر قائم رہے اور سچائی پر ڈٹے رہے - ان کو اس لئے وزارت میں نہ لیا کہ وہ غدار ثابت نہ ہو سکے - انہوں نے اپنی جماعت سے بے وفائی نہ کی - وعدہ خلافی نہ کی اور اپنے عہد کو پارہ پارہ نہ کیا کیونکہ انہوں نے خیانت نہ کی اور دیانت داری کا ثبوت دیا مگر جو لوگ عوام کے راندۂ درگاہ تھے جن کی پیشانی پر عوام نے غیر نمائندگی کی مہر ثبت کر دی تھی جن کو ووٹ نہ دے کر عوام نے مسترد کر دیا تھا - اور ٹھکرا دیا تھا انکو مناصب دئے گئے اسکے بعد آج سے چند مہینے پہلے ہم نے دیکھا -

صاحب سپیکر—آرڈر آرڈر -

شیخ محمد سعید جناب والا—میں عرض کر رہا تھا کہ آج سے چند مہینے پیشتر ہماری مرکزی قیادت اور صوبائی قیادت نے جن لوگوں کو وحدت کے مخالف ہونے کا سرٹیفکیٹ دیا تھا اور جن کو یہ سند عطا کی گئی تھی کہ وہ چھوٹی و بڑی اکائیوں کا انتظام چلانے کے نااہل ہیں جو اپنے اپنے صوبے میں آئینی مشینری چلانے کے ناقابل تھے اور جن کو عوام کے صحیح نمائندہ نہ ہونے کی وجہ سے معطل اور برخاست کیا گیا تھا اور جن کو چھوٹے صوبوں کی وزارت اعلیٰ کے عہدوں سے علیحدہ کر دیا گیا تھا کیونکہ ان کو صوبائی قیادت یونٹ بلکہ ملک کی سالمیت کے لئے خطرناک سمجھتی تھی، ان کی وطن دشمنی اور ملت دشمنی کے اعلان کے چند بعد اور ان کے نامہ اعمال کی سیاہی خشک ہونے سے پیشتر ہی ان کے ضمیر کو خرید لیا گیا اور ان کو وزارت کی دوسری قسط میں شامل کر لیا

گیا ، ان کو نااهلی اور ناقابلیت کی بنا پر صوبائی وزارتوں سے برخاست کرنے اور ان کی وطن دشمنی کے اعلان کے فوراً بعد ڈاکٹر صاحب نے اتنے بڑے صوبے کا انتظام حکومت چلانے کے لئے وزارت میں لے لیا جو اس سے چھوٹے چھوٹے صوبوں میں بھی کام چلانے کے ناقابل قرار دیئے گئے تھے اور جن کو نالائقی کی سند ابھی ابھی دی گئی تھی ۔ یہ عجیب منطق ہے کہ وہ چھوٹی چھوٹی وحدتوں کو چلانے کے تو ناقابل تھے مگر وہ اتنی بڑی وحدت کے وسیع تر انتظامات کو چلانے کے قابل ہو گئے ہیں ۔ یہ قلابازی کیوں کھائی گئی ؟ ایک طرف تو صوبائی قیادت نے ان کے ماتھوں اور ان کی پیشانیوں پر سیاہ داغ لگائے اور ان کے خلاف وطن اور یونٹ کی غداری کا الزام عائد کیا ان کے نامۂ اعمال کو سیاہ بنایا مگر دوسری طرف ڈاکٹر صاحب نے ان کو وزارت دے دی ۔ ان وزرا کی اصلی قابلیت صرف اس قدر تھی کہ ان کی نظروں میں اپنی پارٹی کے اصولوں کی ذرہ بھر قدر نہیں تھی یہ خود غرض تھے بے اصول تھے ابن الوقت تھے یہ اپنے وعدوں سے منحرف ہو گئے اور یہ لوگ ایک ایسی پارٹی میں شامل ہوگئے جس کا کوئی پروگرام نہیں جس کا کوئی منشور نہیں اور جس کا کوئی مقصد سیاسی اور جماعتی اس کے سوا نہیں کہ اقتدار اور کرسی کی ہوس ان کے سینوں میں آگ لگا رہی تھی وزارت کی دوسری قسط میں ایسے لوگ شامل کر لئے گئے ان کے ایمانوں کو جھنجوڑا گیا ضمیروں کو خریدا گیا ۔ اور ڈاکٹر صاحب نے دیانت و امانت کے بلند بانگ وعدوں کے باوجود ان لوگوں کو ہر طرح سے لالچ دیئے ۔ جناب والا وزارت کی قسط اول بھی آپ کے سامنے ہے دوسری قسط بھی آپ کے سامنے ہے کیا دنیا میں کوئی اور ملک بھی ایسا ہے جہاں خیانت کرنے والوں اور ملک سے بے وفائی کرنے والوں کو منصب وزارت بخشا جا سکتا ہے ؟ یہاں کوئی شخص جس قدر امانت سے دور اور خیانت کے قریب ہے اسی کو ڈاکٹر صاحب اپنا منظور نظر بناتے ہیں ۔ جو عوام کے ووٹ حاصل نہ کر سکے ڈاکٹر صاحب اسے اپنا ووٹ دیتے ہیں ۔ جو شخص اخلاق اور کردار کا کچا ، عہد و پیمان کا سست اور خیانت میں چست ہو اسے ڈاکٹر خان صاحب وزارت دے دیتے ہیں مگر دیانتدار ۔ امانتدار اور اپنی جماعت کے وفادار ارکان کو یہ محروم کر رہے ہیں ۔ آج ان کے شکستہ وعدے کہاں ہیں ؟ ان کی غیر جانبداری کہاں ہے ؟ ان کی دیانت و امانت کہاں چھپ گئی ؟ ان لوں نے وزارتی تشکیل اور اس کی توسیع کن اصولوں پر کی ہے ۔ جن میں نہ جمہوری اصولوں

کو مد نظر رکھا ہے نہ شخصی کردار و اخلاق کو دیکھا گیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب خود تو اس لئے نامزد کئے گئے تھے کہ اس وقت نہ اسمبلی بنی تھی نہ ایوان معرض وجود میں آیا تھا لیکن اب جب کہ سب کچھ موجود ہے تو ایسی غیر آئینی نامزدگیاں بند کر دینی چاھئیں۔ پھر ایسے طریق سے ان کو لیا گیا ہے کہ جو وزراء آج ہمارے سامنے کرسئی اقتدار پر نظر آتے ہیں انہیں لوگوں کی۔ عوام کی۔ تائید حاصل نہیں۔ میں پوچھتا ہوں کیا ان لوگوں کو عوام نے منتخب کیا ہے ؟ کیا یہ عوام کے بہترین نمائندے ہو سکتے ہیں؟ کیا ان کا طرز عمل عوام کو کوئی تسلی دلا سکتا ہے ؟ کیا یہ لوگ ملک کی بہتری کیلئے کوئی کام کریں گے؟ کیا یہ ملک میں انتخابات کو جائز ہونے دیں گے ؟ کیا وہ اپنے عہدہ کے دوران میں غیر جانب داری سے کام لینگے ؟ کیا وہ بھی ویسی ہی دھاندلی اور دھونس نہیں دکھائیں گے جو پچھلی حکومتوں کے نامۂ اعمال میں لکھی ہوئی ہیں ؟ اس وزارت کا نامۂ اعمال اتنا سیاہ ہے اور پچھلے تین ماہ میں اس وزارت نے اتنی بد عنوانیاں کی ہیں۔ اتنی دھاندلی مچائی ہے کہ جس کی نظیر پہلے کہیں نہیں ملتی اور نہ مل سکتی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ وزراء چند دنوں کے مہمان ہیں یہ وزارت پلنے کی نہیں بلکہ اس کے چلنے کی کوئی صورت نہیں۔ یہ عوام کی نمائندہ نہیں۔ یہ ممبروں کی بھی نمائندہ نہیں یہ ان لوگوں کا گروہ ہے جو وزارت کی خاطر۔ لالچ کی خاطر آپ کے ساتھ شامل ہیں۔ پھر آپ ان کے طور طریقے ملاحظہ فرمائیں۔ اسمبلی کے اجلاس سے چند یوم پہلے کیا طور طریقے اختیار کئے گئے؟ افسروں کو مرعوب کرنے کیلئے بڑے وسیع پیمانہ پر ان کے تبادلے کئے گئے ؟۔ ان کو اپنے اعلیٰ عہدوں سے ہٹا دینے کی دھمکیاں دی گئیں۔ ان کو مجبور کیا گیا کہ وہ ووٹ مانگنے کے لئے ممبروں کے پاس جائیں۔ یہ باتیں صرف شنید ہی نہیں ہیں۔ سنی سنائی نہیں ہیں۔ میری ان آنکھوں نے دیکھا ہے کہ آپ کے بڑے بڑے افسر پیپلز میں ممبروں کے پاس ووٹوں کی بھیک مانگنے کیلئے گئے۔ وہ وہاں اس لئے گئے کہ ممبروں کو مجبور یا مائل کریں کہ وہ اس وزارت کے ساتھ شامل ہو جائیں اور جناب والا! ان کی جیبوں میں طرح طرح کی پیش کشیں بھی تھیں۔ یہ حکومت کے ارباب بست و کشاد جو اپنی تنخواہیں سرکاری خزانے سے پاتے ہیں ان کے متعلق ہم کو یہ خیال تھا یہ توقع تھی اور یہ امید تھی کہ وہ غیر جانب دار رہیں گے اور اس معاملہ میں شامل نہ ہوں گے لیکن یہ امیدیں عبث ثابت ہوئیں۔ انہوں نے ووٹروں یعنی ممبروں کو مجبور

کیا اور انہیں طرح طرح کے لالچ دئیے کسی کو روٹ پرمٹ کا لالچ دیا کسی کو الاٹمنٹ کا چکمہ دیا اور کسی کو پرمٹ کا طمع دکھایا اور اس پر طرہ یہ ہے کہ ہمارے سرحدی بھائیوں کے ووٹ حاصل کرنے کے لئے اور ان کو خاص طور پر مشکور کرنے کیلئے وزیروں کو کمشنروں کا وہ اختیار دیا گیا جو کہ اسلحہ کا لائسنس دینے کے متعلق ہے ۔ ان کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ دس لائسنس پستولوں کے اور بیس رائفلوں کے اپنے دست مبارک سے عطا کر سکتے ہیں ۔ یہ افسروں والا اختیار ان کے حوالے صرف اس لئے کیا گیا تاکہ ان ایم ۔ ایل ۔ اے صاحبان کو خریدا جا سکے ۔ یہیں پر بس نہیں ۔ ہمیں وہ سب کچھ معلوم ہے جو کہ یہاں ہو رہا ہے جناب والا ایک تار بھیجا جاتا ہے پولٹیکل ایجنٹ کی طرف ۔ اس پر پولٹیکل ایجنٹ ایک گشتی مراسلہ بھیجتا ہے ممبروں کی طرف اور دیگر قبائلی علاقہ کے نمائندوں کی طرف کہ ان سب کو لیکر میرے پاس پہنچو ۔ میں حیران ہوں کہ وزیر اعلیٰ کو جو عوام کے نمائندے ہیں اور اس کونسل کے سامنے جواب دہ ہیں ان پولٹیکل ایجنٹ کا واسطہ تلاش کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ۔ کیا ضرورت تھی ان کو کہ وہ ان ایم ۔ ایل ۔ اے صاحبان کو پولٹیکل ایجنٹ کے ذریعہ طلب کریں ۔ وہ ان کو براہ راست بلا سکتے تھے ۔ لیکن میں عرض کروں کہ ان کو پولٹیکل ایجنٹ کے ذریعہ اس لئے طلب کیا گیا تھا تاکہ وہ ان پر زور ڈالیں اور ان پر اپنا دباؤ استعمال کریں وہ پولٹیکل ایجنٹ آج بھی اس ایوان میں موجود ہیں (شیم شیم کے نعرے) محض اس لئے کہ وہ اراکین جن پر دباؤ ڈالکر یا جن کو مجبور کرکے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں بطور تحفہ کے پیش کیا گیا ہے وہ کہیں انہیں یہاں نہ پاکر آزادی نہ حاصل کر پائیں اور کہیں ان کو یہ خیال نہ ہو جائے کہ وہ چونکہ یہاں نہیں ہیں اس لئے انہیں آزادی ہے کہ وہ جدھر چاہیں ووٹ دیں ۔ (خوب خوب) نہایت افسوس کا مقام ہے کہ یہ سب کچھ ایڈمنسٹریشن کو پاک و صاف کرنے کے ارادہ سے ہو رہا ہے ۔ جناب وزیر اعلیٰ کو ہم نے دیکھا ہے کہ وہ انگریز سے نبرد آزما ہوئے اور انہوں نے ان کی دھاندلیاں برداشت نہ کیں اور ایسے وقت میں انہوں نے انگریز کے خلاف لڑائی لڑی جبکہ ابھی لوگ مکمل طور پر منظم نہ ہو سکے تھے ۔ نوکر شاہی آپ کے خلاف ہوئی اور وہ مظالم آپ کے خلاف کئے گئے کہ جن کا کوئی حد و حساب نہ تھا آپ کو تو ان پچھلی باتوں سے سبق حاصل کرنا چاہئے تھا اور آپ کو یہ نمونہ پیش کرنا چاہئے تھا کہ اس وقت ان باتوں کا اعادہ نہ ہو

جو کچھ آپ کے سامنے ہو رہا ہے یا ہوا ہے اگر آپ اس کی اسلئے تائید کرتے ہیں کہ آپ اس نظام کے محافظ ہیں۔ اگر آپ وہی کچھ کرتے ہیں اور اسی قسم کے مظالم ڈھا رہے ہیں جیسے کہ آپ پر کئے گئے تھے تو۔ ع ۔ پس فرق میاں من و تو چیست بگو ۔ آپ کو چاہئے تھا کہ آپ ہمارے سامنے بہتر نمونہ پیش کرتے اور اعلیٰ کردار کا نمونہ پیش کرتے اور آپ یہ دکھا دیتے کہ انگریز کے نظام حکومت میں اس طرح کے مظالم کئے گئے۔ نوکر شاہی کے وقت یہ یہ مظالم کئے گئے لیکن ہم نے اس طور سے عوام کو آزادی دی ہے کہ وہ اپنی مرضی سے رائے دے سکتے ہیں۔ مگر میں کیا عرض کروں۔ آج ہم سے زیادہ کوئی پابند نہیں اور ہم سے زیادہ کوئی قید نہیں ۔ انگریز کے زمانہ میں جو کام خفیہ ہوتا تھا اور جس کا کسی کو پتہ نہ چلتا تھا آج ہمارے سامنے اور لوگوں کے روبرو کیا جا رہا ہے۔ یہاں پولٹیکل ایجنٹ موجود ہیں ۔ ان کے لائے ہوئے ارکان موجود ہیں۔ ان کی لکھی ہوئی تنبیہ بھی موجود اور اس کے ساتھ ساتھ جتنے افسر ہیں وہ آپ کے سامنے موجود۔ یہ سب کچھ اس لئے ہو رہا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ وہ لوگ اپنی مرضی کر پائیں۔

جناب والا—اب ہم دیکھتے ہیں کہ ان وزراء کو چاہئے تو یہ تھا کہ وہ نوکر شاہی سے سبق حاصل کرتے اور اس پر کنٹرول کرتے لیکن آج حالت یہ ہے کہ یہ وزیر اس نوکر شاہی کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ ہمارے ووٹروں کیلئے پرمٹ دیدو۔ ان کے لئے الاٹمنٹیں کر دو ان کو کوٹھیاں دیدو ۔ ان کو کارخانے دیدو۔ ان کو لائسنس دیدو۔ یہ وزیر کیا ہیں ؟ یہ عوام کی طرف سے اس نظام کے منصب دار نہیں ۔ یہ عوام کی طرف سے اس نظام کے کنٹرول کرنے والے نہیں یہ اس نظام کے چلانے والے نہیں بلکہ آج یہ محض نوکر شاہی کے اہلکار ہیں ۔ انہیں اچھی طرح علم ہے کہ اس نظام میں طریق کار یہ ہے کہ ہمارے وزراء کے پاس جب کوئی درخواست لے جائی جائے تو یہ فوراً اسے نیچے بھیج دیتے ہیں اور وہاں اگر اس نیچے والے افسر کی مرضی ہو تو وہ وزیر کی رائے کے مطابق کچھ رپورٹ کردے ورنہ عام طور پر بلکہ ۹۹ فیصدی حالتوں میں یہی ہوتا ہے کہ اس درخواست پر یہ لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ ضابطہ کے خلاف ہے ۔ درخواست کنندہ بیچارہ جو بڑی امنگوں۔ آرزوؤں اور دور دراز کا سفر طے کرنے کے بعد وزیر صاحب کے پاس پہنچتا ہے اسے ناکام اور نامراد واپس بھیجا جاتا ہے ۔ یہ وزیر کہ بھی تو

با اختیار نہیں ہیں اور عوام کے دکھوں کا یہ کچھ بھی مداوا نہیں کر سکتے - نوکر شاہی کے نظام کو دیکھئے - اگر آپ پٹواری کو خوش نہیں کر سکتے - موقع پر کام کرنے والے سرکاری ملازم کو خوش نہیں کر سکتے تو وزراء کو یہ طاقت حاصل نہیں کہ وہ عوام کا کام کر سکیں - آج یہ بے بس ہیں - یہ لوگ جو یہاں وزیر بنے بیٹھے ہیں یہ ذرا باہر نکلکر تو دیکھیں کہ نوکر شاہی ان کے احکام کا کیا حشر کرتی ہے - جناب والا اس نظام میں نہ تو ان وزرا کی عوام میں قدر ہے - نہ خواص میں- نہ اسمبلی کے نمائندوں میں اور نہ نوکر شاہی کے اراکین میں - نوکر شاہی نے انکو پابند کرنے اور انہیں قابو میں لانے کیلئے ایک ہتھیار بنا رکھا ہے - جب یہ ان سے کسی ایک فرد کے لئے ناجائز رعایت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو وہ ساتھ ہی اپنے پندرہ بیس آدمیوں کے لئے بھی وہی رعایت حاصل کر لیتے ہیں - وہ وزیر صاحب سے کہتے ہیں اس قسم کے اور بھی بہت سے کیسز ہیں - میں آپ کے آدمی کا کیس ملا کر پیش کرتا ہوں تاکہ آپ پر نکتہ چینی نہ ہو سکے - (تالیاں) اس ایوان میں ان مجبور وزراء کو دیکھئے جو ایک ایک ووٹر کے لئے ہزار ہزار بے ضابطگیاں کر رہے ہیں - ان کے معتمد یا سیکرٹری ان کی بے ضابطگیوں کے ریکارڈ کو سنبھال کر رکھتے ہیں تاکہ اگر یہ کبھی ادھر ادھر ہوں تو وہ انکی کمزوریاں رعائتیں اور لاقانونیاں انکے سامنے پیش کر سکیں - اور یہ بے چارے بےبس مجبور اپنی عصمت بچانے کے لئے انکے سامنے خاموش رہتے ہیں -

چودھری مہتاب خان - جناب والا—میں آپکی خدمت میں یہ گذارش پیش کرنا چاہتا ہوں کہ جو چھوٹے چھوٹے زمینداروں کے ساتھ زیادتیاں ——

صاحب سپیکر—ایک منٹ تشریف رکھئے - میری بات تو سنئے شیخ محمد سعید صاحب نے آئٹم نمبر ایک کے متعلق تقریر کی ہے - اس کے بعد دوسری کٹ موشن میاں منظور حسن کی ہے (شور) "میاں منظور حسن"

مسٹر جی ایم سید—ہم تمام پالیسی پر بحث کرنا چاہتے ہیں - ایک ڈیمانڈپر جنرل پالیسی پر کس طرح بحث ہو سکتی ہے -

میاں منظور حسن (ضلع گوجرانوالہ) جناب والا—میں تحریک پیش کرتا ہوں -

کہ ۱۵،۰۰۰ روپے کی رقم بسلسلہ مد الف صوبہ کا حاکم اعلیٰ (اول) وزراء دیگر سائر خرچ حذف کر دی جائے -

حضور والا—ایک یونٹ کا قیام ایک نہایت ہی اعلیٰ اور ارفع اقدام تھا اور اعلیٰ پایہ کی حب الوطنی کا ایک مظاہرہ تھا کیونکہ اس کے سلسلہ میں ایک صوبہ نے اپنی مستقل اکثریت کو مستقل اقلیت میں تبدیل کرنا منظور کر لیا۔ اس سے مقصد صرف یہ تھا کہ یہ بات کلیتاً ثابت ہو جائے کہ مسلمان ایک ملت واحدہ ہیں۔

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is :—That the item of Rs. 15,000 on account of 'A-Head of Province (i) Ministers other Contingencies' be omitted.

Mr. G. M. Syed: In this manner, if every one speaks on the main demand then we will have no time to speak.

Mr. Speaker: In that case they can withdraw the motions.

میاں منظور حسن حضور والا — میں اس معاملہ کو اس لئے زیر بحث لا رہا ہوں کہ وزارت جو ہے وہ ایک یونٹ کے قیام کے سلسلے میں نا اہلیت کا ثبوت دے چکی ہے اور وہ یونٹ کے مخالفین کی سرگرمیاں جاری رکھ رہی ہے۔ اس لئے اس کے سلسلہ میں ان مصارف کی اجازت نہیں دینی چاہئے۔

جناب والا—میں یہ کہہ رہا تھا کہ ایک یونٹ کا قیام حب الوطنی اور ایثار کے ایسے جذبات کے تحت ہوا تھا کہ جن کی مثال تاریخ عالم میں بہت کم ملتی ہے۔ کیونکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ایک خاص علاقہ کے لوگوں نے اس یونٹ کے قیام کی خاطر اپنی مستقل اکثریت کو مستقل اقلیت میں تبدیل کرنا منظور کر لیا تاکہ دنیا پر ثابت ہو جائے کہ مسلمان فی الحقیقت ایک ملت واحدہ ہیں (نعرہ ہائے تحسین) مگر حضور والا اس خلوص اور ایثار کو ملیا میٹ کرنے کے لئے بیرونی اور اندرونی سازشوں کا جال بچھایا گیا ہے۔ بیرونی سازشوں کا مقصد یہ ہے کہ ہم علیحدہ علیحدہ طبقوں میں تقسیم ہو جائیں اور یہ ملت واحدہ مختلف گروہوں میں سندھی۔ بلوچی۔ پٹھان اور پنجابی وغیرہ میں بٹ جاویں۔ اندرونی سازش یہ ہے کہ بعض لوگ اس حکومت کی کرسیوں پر اس لئے متمکن ہو گئے ہیں کہ وہ لوگوں پر ثابت کریں کہ یونٹ کی تشکیل سے ایک ناقص ناکارہ اور ناقابل عمل چیز معرض وجود میں آ گئی ہے۔ جناب والا میں آپ کی توجہ اس ایوان کے ان ممبران کی ذہنیت کی طرف دلانا چاہتا ہوں جنہوں نے ایک پارٹی کو چھوڑ کر دوسری پارٹی کی طرف رجوع کیا ہے۔ ان میں ہمارے مجاہد اور عزیز دوست ارباب نور محمد خان بھی ہیں لیکن انہوں نے یہ نہیں کہا کہ میں مسلم لیگ کی خامیوں سے تنگ آ گیا ہوں۔ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ انہیں یقین راسخ ہو گیا ہے کہ یہ جماعت بد دیانتوں کی ہے۔ انہوں نے

یہ کہا ہے کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ صوبہ سرحد کے ارکان کی اکثریت اس پارٹی میں شریک ہو گئی ہے - جس کا نام ریپبلیکن پارٹی ہے - اس لئے میں بھی اس جماعت میں شامل ہوتا ہوں اور مسلم لیگ کو چھوڑتا ہوں۔ دوسرے میرے محبوب رہنما پیر زادہ عبدالستار ہیں۔ وہ ہمیں میدان جنگ میں آنے کے لئے تیار کرتے رہے اور ہمیں کہتے رہے کہ غاصب نے تمہارے صوبہ پر قبضہ کر رکھا ہے تمہاری حکومت چھین رکھی ہے اور جب وقت کار زار آیا تو غائب ہو گئے -

اے خوش آں دم کہ من کشتہ بخوں می گشتم

او زدہ تکیہ بہ شمشیر تماشا می کرد

جناب والا میں ذاتی طور پر ارباب نور محمد خان اور پیر زادہ عبدالستار کے خلاف بالکل نہیں ہوں بلکہ علامہ اقبال کی رو سے معذرت کے بعد کہوں گا کہ ان کے ایک شعر کے مطابق تو وہ دونوں اصحاب اہل ایمان ہیں۔ علامہ نے فرمایا ہے -

جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں

ادھر ڈوبے۔ ادھر نکلے۔ ادھر ڈوبے۔ ادھر نکلے

اور مجھے یقین ہے کہ اگر وہ ادھر ڈوبے ہیں تو پھر ادھر ابھریں بھی گے - لیکن حضور والا تاریخ ان کو اور ہی رنگ میں دیکھے گی۔ تاریخ ان کو اس طرح دیکھے گی جیسے پلاسی کے میدان میں جبکہ فوجیں صف بستہ ہو چکی تھیں تو میر جعفر اپنی فوجوں کو ہٹا کر دشمن سے جا ملا تھا تاریخ ان کو میر جعفر کا درجہ دے گی۔ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ محمد غوری نے اپنے تن آسان سپاہیوں کے گلوں میں چنوں کے توبرے بندھوا کر انہیں گلی کوچوں میں پھرایا تھا تا کہ اذ یں شرم آئے۔ کاش کہ ہم میں بھی کوئی محمد غوری پیدا ہو جو ان کو سبق سکھائے کہ تم نے وزارتوں کی خاطر اور عہدوں کی خاطر اپنی جماعت سے دغا کی ہے اور تمہاری یہ سزا ہونی چاہئے۔ بہر حال میں تو انہیں اہل ایمان ہی کہوں گا۔

حضور والا مثل ہے کہ اگر کسی آدمی سے کہیں کہ بھئی جوتا ٹوٹ گیا ہے اس کی مرمت کر دو تو وہ کہے گا کہ میں اس کام کا اہل نہیں ہوں۔ کسی موچی کے پاس جائیے مگر وزارت ایک ایسا راندۂ درگاہ اور مظلوم عہدہ ہوگیا ہے کہ جس کسی کو یہ پیش

کیا جائے وہی کہتا ہے کہ میں اس کا سب سے زیادہ اہل ہوں۔ لیکن اس کی اپنی شخصیت کا یہ عالم ہوتا ہے کہ وہ وزارت کی کرسی پر بیٹھتا ہے تو وہ اس کرسی کو چار پائی بنا لیتا ہے (قہقہہ)۔

حضور والا۔اب میں آپ کو بتاونگا کہ اس وزارت نے کس طرح نا اہلیت کا ثبوت دیا ہے اور وہ اس صوبہ سے بے روز گاری۔ بیماری غربت اور نا خواندگی کو دور نہیں کر سکتی ۔ حضور والا آپ کو معلوم ہے کہ بھوک اور بے کاری سماجی زندگی میں جرائم ۔ عوارض اور طبقاتی تفریق کا موجب ہوتے ہیں ہمارے صوبہ کے معاشی حالات نہایت ہی ناقص ہیں۔ معاشی بد حالی کے باعث لاکھوں افراد بے کار ہیں۔ اور ہزاروں نان جویں کے محتاج ۔ عوام کی قوت خرید نہایت کم ہے۔ فی کس آمدنی کا معاملہ ہست و نیست والا ہے۔ معیار زندگی کا یہ عالم ہے نہ تن پر کپڑا نہ گھر میں اوڑھنا بچھونا۔ بیشتر آبادی منجمد کر دینے والی سردی اور چلچلاتی دھوپ میں نیلے آسمان کے نیچے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے لوگوں کو آٹھ پہر میں ایک وقت بھی پیٹ بھر کر روٹی میسر نہیں ہوتی۔ بیشتر آبادی کا انحصار زراعت پر ہے ۔ صرف بیس فی صدی آبادی سارا سال مصروف رہتی ہے اور چالیس فی صدی جزواً بیکار رہتی ہے بقیہ محض متوسلین پر مشتمل ہے۔ میں وزارت سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے بیکاری اور غربت کو رفع کرنے کے لئے کیا اقدام کیا ہے ۔ آپ نے روزگار بہم پہنچانے کے لئے کیا ذرائع اختیار کئے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر حکومت چاہتی تو بہت سی چیزیں کر سکتی تھی۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے یہاں اگریکلچرل انڈسٹریز کو فروغ دینے کی کونسی تجاویز سوچی ہیں ۔اگر آپ چاہتے تو سیم اور تھور سے برباد شدہ اراضی کو تباہی سے بچانے کے لئے سکیمیں پیش کر سکتے تھے ۔ اگر آپ چاہتے تو بنجر اراضیات کو بحال کرنے کے لئے تجاویز لا سکتے تھے۔ آپ زراعت پر منحصر صنعتوں کو توسیع دے سکتے تھے اور اس کے ساتھ ہی وسیع پیمانے پر زراعت کو رائج کر سکتے تھے جس سے ہمارے ملک کی بیروزگاری اور بھوک ختم ہو سکتی تھی۔ مگر ان طریقوں پر عمل کرنے کی بجائے آپ پارٹی بازی اور تفرقہ بازی میں الجھ کر رہ گئے۔ ملک کے نونہالوں کی بھوک اور بیکاری گھٹانے کے جذبات سے آپ کے دل و دماغ بالکل لا تعلق ہو گئے ہیں۔ آپ زندہ لاشوں میں جان ڈالنے۔ بھوکوں کو روٹی اور ننگوں کو کپڑا بہم پہنچانے کے لئے موثر اقدام اختیار کرنے سے

بالکل قاصر رہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ملک بھر میں مہنگائی کا ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹ کا دور دورہ ہے اور آج غریبوں کا کوئی پرسان حال نظر نہیں آتا۔

جناب والا۔اب میں طریقۂ تعلیم کی طرف آتا ہوں۔ ہمارے صوبہ میں تعلیم پر قریباً سوا آنہ فی کس ماہوار خرچ تجویز ہوا ہے ۔ آج ہمارے ستر فی صد بچے سکول نہیں جاتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نہ انہیں سکول میسر آتے ہیں اور نہ ہی کتابیں۔ اور جو سکول جاتے ہیں ان کا صرف ایک چوتھائی پورے چار سال سکول میں تعلیم حاصل کرتا ہے ۔

جناب والا۔قبائلی علاقے میں تعلیم کی حالت یہ ہے کہ وہاں صرف ۱,۳ فیصد لوگ تعلیم یافتہ ہیں۔ بلوچستان میں خواندگی ۲,۲ فیصد ہے ۔ سندھ میں مرد ۷,۸ فیصد اور عورتیں ۱,۰۱ فیصد تعلیم سے بہرہ اندوز ہیں۔ پنجاب میں مرد دس فیصد اور عورتیں ۲,۷۴ فیصد۔ سیٹلڈ اضلاع سرحد کے لوگ صرف آٹھ فیصد تعلیم یافتہ ہیں ۔

جناب والا۔سابقہ پنجاب میں صرف پندرہ سو دیہات کو زنانہ تعلیم میسر تھی۔ اور کل پانچ ہزار دیہات میں مردانہ تعلیم کا انتظام تھا۔ مگر اس کے برعکس ہزار ہا دیہات زیور تعلیم سے یکسر محروم تھے۔ اس حکومت نے تعلیم بالغان کا بھی تو کوئی منصوبہ نہیں بنایا۔ صوبہ بھر میں تربیتی مراکز اور ریڈیو سنٹر بالکل مفقود ہیں۔ آپ کا سرشتۂ تعلیم بہت top heavy ہے اور مروجہ طریقۂ تعلیم کا ہمارے معاشرے سے کوئی تعلق نہیں بلکہ اس کے برعکس دستی کام۔ پیشورانہ تعلیم اور معاشرے کی ضروریات سے لاتعلقی کی فضا پیدا کی جاتی ہے ۔ قصہ کوتاہ یہ کہ اس تعلیم میں صرف ادبی رنگ موجود ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اس نے صوبہ کی تعلیمی ترقی کےلئے کیا انتظام کیا ہے۔ اس وزارت نے درسی کتابوں کی گرانی کو دور کرنے اور طلبا کو سستے داموں مہیا کرنے کا کیا انتظام کیا ہے۔ اس نے تعلیم کو سستا کرنے کے لئے کیا قدم اٹھایا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس حکومت نے طلبا کو رہائش کی سہولتیں دینے کے لئے کیا اقدام کیا ہے ۔ کیا اس نے آج تک سستی تعلیم دینے کا کوئی منصوبہ بنایا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کی بے توجہی کی وجہ سے قوم کے لاکھوں بچے سکولوں کی عدم موجودگی اور تعلیم کی دیگر سہولتوں کے فقدان کی وجہ سے گلی کوچوں میں مارے

مارے پھر رہے ہیں۔ جو آہستہ آہستہ گرہ کٹ اور اٹھائی گیرے بن جائینگے جناب والا۔ میں وثوق سے کہتا ہوں کہ اس حکومت نے استادوں کی بہم رسانی اور ان کی تربیت کے لئے بھی تو کوئی بندوبست نہیں کیا۔

جناب والا۔اب میں عوام کی صحت کی طرف آپ کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں۔ ہمارے ملک میں اوسط معیار عمر دنیا بھر کے ممالک سے کم یعنی ۲۷ سال ہے ۔ انگلستان میں اوسط عمر ۶۰ سال اور جاپان میں ۵۱ سال ہے۔ ہمارے ہاں پچاس فیصد اموات دس سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے واقع ہو جاتی ہیں۔ اور پچیس فیصد اموات ایک سال کی عمر میں ہو جاتی ہیں ہمارے ہاں ہر سال صرف ملیریا سے ایک لاکھ تیس ہزار جانیں تلف ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ ایک ہزار کے پیچھے پچاس بچے دوران پیدائش میں ہی فوت ہو جاتے ہیں۔ اس پر طرہ یہ کہ صوبے کے کسی نہ کسی حصے میں متعدی بیماریاں سارا سال پھیلی رہتی ہیں۔

جناب والا۔اب اس صوبے میں ہسپتالوں کی حالت ملاحظہ ہو۔ ہمارے ہاں ہسپتالوں میں تقریباً چار ہزار کی آبادی کے لئے صرف ایک بستر۔ چھ ہزار کی آبادی کے لئے ایک ڈاکٹر۔ ۴۳ ہزار کے لئے ایک نرس اور ایک لاکھ ساٹھ ہزار کے لئے صرف ایک لیڈی ڈاکٹر ہے۔برٹش ریڈ کراس کی ایک حالیہ رپورٹ میں درج ہے کہ

"Nursing at present in Pakistan is at its lowest level to which it can possibly descend"

جناب والا۔ ہماری حکومت اس بات پر فخر اور ناز کرتی ہے کہ اس وقت صوبہ انتہائی پستی کی حالت میں ہے ۔ اگلے دن ہمارے فاضل وزیر صحت نے فرمایا کہ ہم ڈسٹرکٹ بورڈوں کی ایکسو سات ڈسپنسریاں اپنی تحویل میں لے رہے ہیں۔ کیا یہ آپ نے لوگوں کی صحت کا انتظام کیا ہے یا نسل کشی کا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ صوبے میں تپ دق کے مریضوں کی سہولتوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ مگر اس کے باوجود آج صوبے کے لاکھوں باشندے تپ دق کا شکار ہو رہے ہیں۔ صرف سابق صوبہ پنجاب میں حکومت تپ دق کے مریضوں کے لئے صرف ۲۷۴ بستروں کا انتظام کر سکتی تھی زچگی کے بستر تو صرف گنتی کے تھے۔ اگر آپ نیک نیتی سے کچھ کرنا چاہیں تو آپ کے لئے حالات ہر وقت ساز گار ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ اس کے باوجود کوئی کام نہیں ہو رہا ہے۔ آپ لوگوں کی سہولت کے لئے ڈسپنسریوں کی تعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے یونٹوں میں ہسپتال قائم

کر سکتے ہیں۔ تپ دق کے مریضوں کی سہولت کے لئے chest clinic کھول سکتے ہیں۔ میڈیکل سکول کھول سکتے ہیں میڈیکل ریسرچ کا انتظام کر سکتے ہیں اور ٹی۔بی کے خلاف جد و جہد میں بھی حصہ لے سکتے ہیں۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ صوبہ میں انہوں نے دوا سازی کا کوئی انتظام تک نہیں کیا۔ حکومت کو میڈیکل کالجوں کے ساتھ صوبے میں ایک دوا سازی کا کالج بھی کھولنا چاہئے۔

جناب والا۔اس کے علاوہ آپ دیسی طریقہ سے بھی فائدہ اٹھا سکتے تھے۔ سفری شفا خانے قائم کر سکتے تھے مگر ابھی تک اس طرف بھی کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

جناب والا۔اب میں ڈاکٹروں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے ڈاکٹر زیادہ تر بد دیانت اور بد نیت واقع ہوئے ہیں۔ وہ اپنے ذاتی مفاد کے پیش نظر لوگوں کا ہسپتال میں علاج نہیں کرتے ہیں۔بلکہ اپنے گھروں پر نبض دیکھ کر اور ۳۲ روپیہ سے ۶۴ روپیہ تک وصول کرتے ہیں۔ وہ صرف ان مریضوں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جو ان کی فیس ادا کرتے ہیں۔ جناب والا۔بیرونی ممالک میں حکومت کے ملازم ڈاکٹروں کو پرائیویٹ پریکٹس کرنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ یہاں بھی پرائیویٹ پریکٹس ممنوع قرار دی جائے۔ اس کے علاوہ ہسپتالوں میں پرائیویٹ وارڈوں کے اخراجات کم کئے جائیں بلکہ ان کا رواج بالکل اڑا دیا جائے۔

جناب والا۔آخر میں میں اس راست باز اور عوامی بہبود کی مدعی وزارت سے پوچھتا ہوں کہ وہ قوم کی اجتماعی مشکلات کو حل کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوئی ہے۔ میں اس سے پھر کہوں گا کہ خواہ مخواہ قوم کو کیوں فریب دیتے ہو۔

ان الفاظ کے ساتھ میں ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس مد کو صوبے کے خرچ سے حذف کیا جائے۔

چودھری مہتاب خان۔ جناب والا میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ موجودہ وزارت نے چھوٹے چھوٹے مہاجرین مالکان اراضی کو تباہ و برباد کردیا ہے۔

صاحب سپیکر۔آپ ابھی بیٹھئے۔

چودھری مہتاب خان۔جناب والا۔ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں مجھے اجازت دی جائے۔ مرکزی حکومت کی طرف سے فنانشل کمشنر آباد کاری کو یہ اختیارات دیئے گئے تھے کہ

صاحب سپیکر-میری بات سنئے- تحریک تخفیف پر ہر تقریر ۵ منٹ سے زیادہ نہیں ہوگی-

چودھری مہتاب خان-مغربی پاکستان کے مہاجرین کی طرف سے میں آپ تک یہ آواز پہنچانا چاہتا ہوں- مجھے افسوس ہے کہ آپ صرف ۵ منٹ دے رہے ہیں -

Mr. G. M. Syed: On account of the insistence and obstinacy of certain members every body wants to move his cut motion. If you allow every member to speak then a time limit should be fixed. Otherwise we will be debarred from expressing our views. Either only important cut motions be allowed to be moved or there should be a time limit.

Khan Sardar Bahadur Khan: I would suggest that all these specific cuts should be withdrawn and one motion may be made under which general discussion could be raised. And then I would suggest that those members who have tabled a cut motion may be given a preferential treatment and called upon first to speak.

Mr. Speaker : They will be given preferential treatment even if they withdraw their cut motions.

A Member : I think this is a very important subject and a number of members would like to participate in the discussion. I would, therefore, sugges t that we should assemble again at 6.30 p. m.

صاحب سپیکر-میں ہاؤس کی خدمت میں یہ عرض کردوں کہ اگر دونوں پارٹیاں یعنی گورنمنٹ اور اپوزیشن چاہیں تو اس مطالبہ زر پر ایک دن کی بجائے دو دن بحث ہو سکتی ہے لیکن از روئے قواعد یہ نہیں ہو سکتا کہ چھ بجے شام کو سیشن بلا لیا جائے- البتہ اس مطالبہ زر کے لئے یہ ہو سکتا ہے کہ لینڈ ریونو کے مطالبہ زر کی طرح کل بھی اس پر بحث کی جائے بشرطیکہ دونوں پارٹیاں رضامند ہوں-

(اس مرحلہ پر ممبران نے اپنی اپنی تحریکات تخفیف واپس لے لیں)-

ایک معزز ممبر-جناب صدر- آپ ہماری طرف تو دیکھتے ہی نہیں - آپ ایسا کیوں نہیں کرتے کہ ایک تقریر اس طرف سے ہو اور ایک ہماری طرف سے-

صاحب سپیکر-آپ پہلے سمجھنے کی کوشش کریں کہ آپ کی طرف تو اس وقت دیکھا جائیگا جب آپ کی کوئی تحریک تخفیف ہوگی - اس مطالبہ زر پر کیا آپ کی کوئی تحریک تخفیف ہے ؟

Khan Sardar Bahadur Khan : Let us wait and see. If the number of members who want to take part in the deliberations can get an opportunity to finish it in one day then one day would be enough, otherwise the discussion may be extended to the next day with a proviso that the Budget Schedule should not be disturbed in any manner and every thing should be passed within the time laid down for it. Let us wait for some time and watch the trend of the discussion. I think it is a fair enough proposition.

Mr. Speaker : They have not yet agreed to discuss this Demand for two days. Let us see how the discussion proceeds and then they might agree.

A Member : I would suggest that every speaker must be given fifteen minutes.

Mr. G. M. Syed (DADU DISTRICT) : Sir, I move

That the total demand (Demand No. 46-General Administration) be reduced by Rs. 100.

This is being moved for the purpose of discussion of Government policy.

Before I express my opinion about the policy of the Government under this head, I want to point out that according to the rules it is the privilege of the House to discuss any demand for 2 days. No Government can curtail the time from two days to one day. What I want to say is that according to the rules it is the inherent privilege of the House to discuss any demand for two days. It cannot be curtailed by one party. It is within the power of the House and within the power of the Chair. Therefore, I would request for two days.

Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : Demand No. 1 was discussed for two days.

Mr. G. M. Syed : It is not necessary that because Demand No. 1 was discussed for two days, this demand should be discussed for one day. Sir, my cut motion has not been put to the House. First it should be put and then discussed.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total demand No. 46-General Administration be reduced by Rs. 100.

Mr. G. M. Syed : Sir, I rise to offer my remarks with regard to the policy adopted for the General Administration of the Government. I am not satisfied with the policy of Government and I must express my dissatisfaction over the policy so far followed. One of the reasons for my dissatisfaction is that this Government or at least the Leader of this Government is wedded, according to his own expression, to support One Unit. As I am against One Unit, I express my dissatisfaction over the policy followed by the Leader of the House.

Sir, the second ground for my dissatisfaction against the Ministry is that they have indirectly allowed encouragement to bureaucracy. They have allowed the bureaucrats to rule over us.

The third reason for my dissatisfaction is that they have not properly safeguarded the interests of Sindhis, Pathans, Baluchis and other backward areas.

Sir, these are the three reasons due to which I am dissatisfied with the policy of the Government. I will point out that officials of this Government have been deliberately supressing the people who are against One Unit. Sir, I give a recent instance. There is one important leader from [illegible] Baluchistan, Prince Abdul Karim; he has been asked by the District Magistrate or Deputy Commissioner (I do not know, whoever he may be) that he should not move beyond particular limits. Originally, it was expressed by the Leader of House that all persons will be given the right of expression and there will be no restriction on anybody on account of the difference of opinion, Then I want to point out that only day before yesterday the Chief Minister declared that there will be no oppression and all the Safety Laws will be abolished or repealed. But what is happenning? The ban on Red Shirts, Communitsts and Ahrars has not been removed. They are not allowed to move freely. What is this freedom? This is all to show to the people that they have removed restrictions, but in reality the restrictions continue. This is not in accordance with the declared policy of the Chief Minister.

Then, Sir, the black laws like the Frontier Regulation and Goonda Act still continue. If he really wants to give freedom to the people these two old Regulations should also be repealed, as they are curse for the country.

Then, Sir, I want to point out how this Ministry has deliberately allowed officials to do what they like and how the interests of smaller and backward units have gone to the winds. Sir, I will point out to you what are the Rules of Business, which this Ministry has framed. According to the Rules of Business entire power vests with the Chief Secretary of the Ministry. He may do whatever he likes. The old rules of the British are continuing and the Ministers have got no powers to do anything as they like. I want to point out the general procedure for the disposal of the business. It shall be the duty of the Secretary to advise to the Minister informally the policy, then the business shall be disposed of under the authority of the Secretary. He shall be responsible to the Minister for the proper conduct of business. There it is a very long procedure ; ultimately the Chief Secretary or Secretary directly takes the cases to the Chief Minister and the Minister is overruled.

Mian Muhammad Shafi (Montgomery): These are derogatory to the honour and freedom of the country, to the honour of the Government. If they want to rule democratically, they are responsible to the House. The House is responsible to the people; they must modify those rules, frame new rules otherwise they are nobody.

Mr. G. M. Syed : Sir, I want to point out to you one thing in this connection. There is a Selection Board which comprises of four gentlemen. One of them is the Chief Secretary, the other is the Revenue Secretary, the third is the Finance Secretary and the fourth is the Secretary to the Department concerned. The powers that this Selection Board has got are very great. This Board can appoint the following persons.....

Mr. M. H. Gazder : Sir, this book of rules in which all this is laid down is confidential.

Mr. G. M. Syed : No, it is not confidential. There is nothing written on the book that it is confidential.

This Board can appoint the following persons :—

(1) The Deputy Director of Agriculture ;
(2) The Principals of Agricultural Colleges;
(3) The Deputy Directors of Animal Husbandry;
(4) The Principals of Veterinary Colleges;
(5) The Deputy Directors of Co-operative Societies;
(6) The Chief Auditor;
(7) Principals of training institutions;
(8) Directors of Education;
(9) Deputy Director of Education ;
(10) Principals of Degree Colleges;
(11) Additional Commissioner of Excise and Taxation;
(12) Deputy Commissioner of Excise and Taxation ;
(13) Directors of Food Department ;
(14) Controller of Public Accounts;
(15) Additional Chief Conservator of Forests;
(16) Provincial Secretaries ; and
(17) Holders of posts of and above the rank of Assistant Secretary.

Therefore, Sir, all officials of the entire administration are being selected and appointed and even transferred by the Selection Board. The Minister have to do nothing in the matter. The Selection Board is all and all; and if the Selection Board is not abolished, then there will be no power left with the Ministers. It is not possible for us to raise our voice of protest every now and then as to why such and such person has been superseded and reverted. There seems some conspiracy to do harm to the interests of the smaller provinces.

Sir, I want to give some instances what the Selection Board has done so far. There are 98 officers in the Secretariat; out of these officers, there are hardly 19 who belong to the Province of Sind and eight officers are those who belong to the Province of Frontier. The rest of them all belong to the Punjab. Sir, the promise which was given at the time of the integration of the various provinces, that the interests of the smaller provinces will be safeguarded, has been ignored and nothing is being done in this behalf. Sir, it may be disputed that the information which I am giving is incorrect. Therefore I am giving some figure to show it. There are only one Secretary and one Additional Secretary from Sind; even that one Secretary has been shifted from one place to another during the last four months. You can very well understand as to what will be his state of mind when he has to go from one place to anoter place. The rest are Deputy Secretaries and three Under-Secretaries and abot eight or nine Assistant Secretaries, all the remaining Secretaries, heads of Departments are entirely Punjabis. From this you can very well understand as to whether or not we can repose any confidence in this Selection Board.

Then, Sir, I come to the other point. This Selection Board has deliberately and definitely superseded the officers belonging to the province of Sind. As I yesterday pointed out, and I want also to point out today, that Agha Jaffar Ali, Commissioner of Excise and Taxation, was the senior most official in the entire Unit area ; his claims of headship were ignored and one retired Deputy Commissioner was given over the charge of the Department. (Some members. Shame, shame.) Instead of Mr. Ansari who was senior-most in the entire Unit area, a junior officer has been brought and is working in One Unit, and the claims of Mr. Ansari have been ignored. Then, Sir, in the Co-operative Department, Mr. Dakhan, Registrar, Co-operative Societies, was the senior most official and has got foreign training and qualifications ; in spite of his experience and qualifications, a C. S. P. from the Punjab has been brought in as a Registrar for One Unit and thus the rightful man has been ruled out. Then, Sir, same is the condition of Mr. Soomro, the Labour Commissioner. Sir, I do not want to go into details. There are several such persons-There is one person who was Secretary of our Assembly, Mr. Hanif, I do not know where he is. He went on long leave. Now I do not know as to what is happening with him. He should have been brought here, he should have been appointed the Secretary of this Assembly because he was the senior most man. This is the way that the promise that the interests of the smaller provinces will be safeguarded in every way possible and that they will get preference, is being fulfilled. Then, Sir, I come to the third point. It is this. The administration in the country has not improved. I give a definite instance to illustrate my point. Sind Government issued instructions that the "D" class of land should be disposed of. The Commissioner of Khairpur State—that one Commissioner—followed the instructions of the Government, but the Commissioner, Hyderabad Division, ignored the orders of the Government. *Ex*-Minister Miran Muhammad Shah, moved the Government in the matter and the Revenue Department asked for the explanation of the Commissioner as to why he has not carried out the Government orders. In spite of that he has not allowed the land to be disposed of. This is the state of affairs, Divisional Commissioner can neglect the Government and can overrule it.

Then, Sir, there is another instance of the Divisional Commissioner of Hyderabad. Sind Government issued instructions that it is decided as a matter of policy that three lakhs of acres of land will be given to landless tenants in the

Kotri Barrage or Ghulam Muhammad Barrage. What has happened? The land is being given to big landlords or Military officers, not to poor men, not to the local people, quite against the instructions of the Government. There is nobody to enquire from him as to why he is deliberately going against the policy of the Government.

Sir, officers show this indifference to carry out the Government instructions, you can very well imagine their indifference to the people, because they know full well that in this One Unit regime they are the real rulers. In One Unit the rule of bureacracy prevails and not the rule of people or their representatives. It is the rule of few civilians who are the ruling class. Now I will show to you what is the state of affairs in some districts of Sind which are part of West Pakistan. I give the instance of Jacobabad District. There is one Atta Muhammad Pathanan. A dacoity was committed in his in the very town of Jacobabad. A sum of 18,000 rupees was stolen but nothing is known about it up to this time. This dacoity was committed in the headquarter of the district. There are reports of 10 murders and dacoities in the Jacobabad taluka alone. In Jacobabad town itself, a theft of Rs. 14,000 was committed a few days back and in this dacoity one constable and a head constable were involved. What have the police done? They have released the police men and one other person has been challaned. Let me tell my honourable and venerable old gentleman Dr. Sahib that we have been supporting them not because their Government is doing a good work, but we are supporting them because the League has been ruling over the country for the last 9 years and has done nothing. We want to give them, that is Dr. Khan Sahib's Government, some time and see how far they behave and bring reforms. If they do not do anything, if they do not succeed to bring about improvement in administration, they will cease to enjoy our confidence and we might reconsider our present stand. We want to give them sufficient time to improve their affairs. I do not want to take more time of the House and with these few remarks I take my seat.

چودھری مہتاب خاں— (لاہور ڈسٹرکٹ) جناب والا— مرکزی حکومت کی طرف سے کمشنر آباد کاری کو ۱۹۴۸ء کے Rehabilitation Ordinance کے تحت یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ آباد کاری کی سکیم بنائیں اور وقتاً فوقتاً ضروریات کے تحت آباد کاری سکیم میں اپنی مرضی کے مطابق تبدیلی یا اضافہ کرتے رہیں— چنانچہ ۱۹۵۰ء میں فنانشل کمشنر آباد کاری نے اسی اختیار کو استعمال کرتے ہوئے ایک حکم جاری کیا کہ مہاجر بھی مقامی مالکان کی طرح ایک مربع اراضی خود کاشت کے لئے رکھنے کی خاطر اپنے مزارعین کو بے دخل کر سکتے ہیں اور اس فیصلے میں یہ بھی حکم تھا کہ جتنے دعوے ۱۹۴۸ء کے Rehabilitation Ordinance کے تحت دائر کئے گئے ہیں وہ سب واپس لے لئے جائیں— اس کے فوراً بعد مہاجرین نے پٹواریوں سے خسرہ ہائے گرداوری اور فرد حقیت حاصل کر کے دوسری مرتبہ دفعہ ۴۵ اور دفعہ ۷۷ ایکٹ مزارعین ۱۸۸۷ء کے تحت دو لاکھ دعوے دائر کئے۔ جناب والا جب یہ مثلیں مکمل ہوگئیں تو حکومت نے دیکھا کہ اس طرح مزارعین بہت تعداد میں بے دخل ہونگے تو اس نے ایک حکم جاری کیا اور فنانشل کمشنر کو مجبور کیا کہ وہ کوئی ایسا طریقہ

کار اختیار کرے جس سے مزارعین بے دخلی سے بچ رہیں— لہذا ۲۳ جنوری کو یہ حکم جاری کر دیا گیا کہ ایکٹ مزارعین ۱۸۸۷ء کا اطلاق مزارعین پر نہیں ہوگا اور ساتھ ہی ساتھ یہ حکم بھی جاری کر دیا کہ اگر مہاجرین مزارعین کو بے دخل کرنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہئے کہ ۱۹۴۸ء کے Rehabilitation Ordinance کے تحت نئے دعوے دائر کریں— اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بیچارے مہاجرین کو دوبارہ ستر ستر اسی اسی روپے بطور فیس پٹواریوں کو دینے پڑے اور دوسری دفعہ خسرہ ہائے گرداوری حاصل کرنے پڑے— جب یہ مثلیں بھی تیار ہوگئیں تو گورنمنٹ نے حکم دیا تھا کہ اس سلسلہ میں بے دخلیاں صرف یکم مئی سے لیکر ۱۵ جون تک عمل میں آئیں گی ۱۹۴۸ء کے Rehabilitation Ordinance میں کوئی میعار مقرر نہ کی گئی تھی جب وقت قریب آگیا تو اس سلسلہ میں ۱۶ تاریخ سے لیکر ۲۳ اپریل تک متواتر ہمارے چیف سیکرٹر صاحب کے کمرے میں وزیروں کی meetings ہوتی رہیں— اس کے بعد فنانشل کمشنر کو جو بہت ہی نیک آدمی ہیں بہت ہی دیانت دار آدمی ہیں مجبور کیا گیا کہ وہ مزارعین کو بالکل بے دخل نہ کریں— چنانچہ انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ مزارعین کی بے دخلی صرف دو صورتوں میں عمل میں لائی جائے— پہلی صورت یہ کہ اگر وہ بٹائی نہ دیتے ہوں— دوسری صورت یہ کہ اگر وہ کاشت ٹھیک طور پر نہ کرتے ہوں— اس کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ جن مہاجرین نے خود کاشت کے لئے دعوے دائر کئے ہوئے ہیں ان کے مزارعان کو اس وقت تک بے دخل نہ کیا جائے جب تک کہ ان مزارعان کو کوئی متبادل جگہ نہ مل جائے— البتہ یہ فیصلہ کیا گیا کہ کوئی ایک مزارع صرف اسی صورت میں بے دخل ہو سکتا ہے کہ وہ تین ایکڑ زمین کا خود مالک ہو یا اس کے قبضہ میں پانچ ایکڑ اراضی اور ہو— جناب والا— ہماری جائیدادوں کے تبادلے غیر مسلموں کی جائیداد سے ہوئے ہیں اس لئے ان چھوٹے مالکان مہاجرین کے ساتھ پورا انصاف برتا جائے— میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ وہ ان چھوٹے چھوٹے مالکان مہاجرین کے ساتھ انصاف کیوں نہیں کرتی— کیا ان چھوٹے چھوٹے مالکان مہاجرین کے قبضے میں مال روڈ لاہور کی دوکانیں ہیں جن سے وہ گذر اوقات کریں— میں صاف صاف بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر حکومت نے ان چھوٹے چھوٹے مالکان کا کوئی تسلی بخش حل نہ سوچا تو ایسی صورت میں پاکستان تباہ و برباد ہو جائے

گا (حزب اختلاف کی طرف سے ایک آواز—پاکستان تو قائم رہے گا یہ وزارت برباد ہو جائے گی)— جناب والا— میں مزارعین کے خلاف نہیں ہوں وہ میرے بھائی ہیں مگر مجھے افسوس تو اس بات پر ہے کہ حکومت دیدہ و دانستہ ہماری ٹکر ان سے کرواتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کئی آدمی آپس میں لڑ کر مر جاتے ہیں— حکومت کو چاہئے کہ بڑے مالکان اراضی یعنی جاگیر داروں کے رقبہ جات لیکر ان مزارعین میں تقسیم کرے اور سرکاری زمینیں بھی ان کو دے — اگر ایسا نہ کیا گیا تو پہلے کی طرح اب بھی روزانہ خون ہوتے رہیں گے—

جناب والا میں دیہات کا رہنے والا ہوں میں دیکھتا ہوں کہ دو چار قتل کے واقعات روزانہ ہوتے ہیں کہیں مزارعین مالک اراضی کو چھوٹے مالکان کو اور کہیں بڑے مالک اراضی مزارعین کو مار ڈالتے ہیں مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس وزارت نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ یہ خون کیوں ہو رہے ہیں اگر اس طرح سے خون ہوتے رہے تو اس کا حشر کیا ہوگا کیا اس خون کی ذمہ داری اس گورنمنٹ پر نہیں جناب والا آپ یہ خیال نہ کریں کہ ہم وزیر ہیں یہ آپ کی ذمہ داری ہے -

جناب عالی ایک میواتی شاعر نے کہا ہے -

منتر سمع پہچان لے ہوا میں مت دیکھ - ای ہوا پلٹ جائے تنک میں-یا کو لحمہ لگیں ایک جناب والا وزرا صاحبان یہ خیال نہ کریں -کہ ہم وزیر ہیں - انسان کو وقت دیکھنا چاہئے - وہ یہ خیال نہ کرے - کہ میں بہت بڑا ہوں ہوا تھوڑی تھوڑی دیر میں بدلتی رہتی ہے -

جناب والا میرے خیال میں یہ سارا قضیہ ان لوگوں کی وجہ سے ہوا ہے جنہوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جب تک مزارعین کو ہم دوسری جگہ زمین نہ دے دیں وہ بے دخل نہیں ہونگے - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ لمبے بڑھے تو کیا بڑھے جیسے پیڑ کھجور- ای آپ ہی کو سایہ کرنے یا کو - میں پھل دیکھوں تو دور - یعنی کھجور کا پیڑ لمبا ہوتا ہے - نہ انسان اس کے سایہ میں آرام کر سکتا ہے - اور نہ اس کے پھل سے نفع -کیونکہ پھل بھی اونچا ہوتا ہے - وہی مثال اس وزارت کی ہے -

جناب والا—میں حکومت کی برائی نہیں کر رہا ہوں میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آج آپ برسراقتدار ہیں آپ کو چاہئے کہ مہاجرین اور مالکوں کے آئے دن کے جھگڑوں کا کوئی حل تلاش کریں -

صاحب سپیکر—دیکھئے مجھے یہ برابر بتانا پڑتا ہے کہ اس ڈیمانڈ پر جن اصحاب کے کٹ موشن تھے اور انہوں نے واپس لے لئے ہیں انہیں پہلے بولنے کا موقعہ دیا جائیگا ۔ ابھی دو روز discussion اور ہوگا سب کو تقریر کرنے کا موقع دیا جائیگا ۔

قاضی مرید احمد (ضلع سرگودھا)—حضور والا—جنرل ایڈمنسٹریشن کے سلسلہ میں سب سے پہلے میری نظر وزرائے کرام پر پڑتی ہے یہ حضرات ہمارے صوبہ کی انتظامیہ کے سرچشمہ اور اس کی جان ہیں ۔ واجب الاحترام چیف منسٹر صاحب کی ذات کے متعلق میرا خیال تھا کہ جو کچھ وہ خود وقتاً فوقتاً اپنی تقریروں میں اور انٹرویوز میں اپنے متعلق فرمایا کرتے تھے اس پر عمل کرینگے ۔

سب سے پہلے توقع جو مجھے یا کسی پاکستانی شہری کو جناب چیف منسٹر صاحب کی ذات سے فوری طور پر ہو سکتی تھی یہ تھی کہ چیف منسٹر اور دوسرے منسٹر صاحبان انگریزی طرز کی بڑی بڑی تنخواہیں ۔ دوروں کے بڑے بڑے بھتے اور دوسری انگریزی دور اقتدار کی سہولتیں یقیناً ختم کر دیں گے ۔ لیکن بسا ایں آرزو کہ خاک شدہ ۔ سب سے پہلے میری نظر چیف منسٹر صاحب کی تنخواہ پر پڑتی ہے جس طرح دور غلامی میں غریبوں کا خون چوس چوس کر چند امیروں کو انجیکشن کیا جاتا تھا بعینہ اسی طرح غریبوں کے ہمدرد اور کھدر پوش چیف منسٹر صاحب تین ہزار روپیہ ماہوار وصول کرنے کے باوجود رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی ۔

ایک اواز—ساڑھے تین ہزار وصول کرتے ہیں ۔

قاضی مرید احمد—بجٹ میں تین ہزار لکھے ہیں البتہ اس رقم کے علاوہ جناب چیف منسٹر صاحب ایک ہزار روپیہ ماہانہ کے حساب سے مہمان نوازی کے لئے وصول فرماتے ہیں وزرا کی جو فوج اس بجٹ میں دکھائی گئی ہے (اس کی تعداد چودہ ہے) اور اس مد میں جو اخراجات دکھائے گئے ہیں وہ پانچ لاکھ سے بھی متجاوز ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ قومی خزانے کا بہت زیادہ بے جا اسراف ہے جاپان اور ترکی میں ججوں کے سوا پانچ چھ سو روپیہ ماہوار سے زیادہ تنخواہ لینے والا کوئی نہیں ۔ ہماری بد قسمتی کا یہ عالم ہے کہ قوم کی اکثریت تو نان شبینہ کی محتاج ہے ۔ لیکن وزرا سکریٹریز اور دیگر اعلیٰ افسران تین تین چار چار ہزار روپیہ تنخواہ لیتے ہیں جناب چیف منسٹر صاحب کے وعدے ان کے اعلانات اور ان کی ۱۹۴۰ء سے قبل کی زندگی اور آج کی زندگی میں زمین و آسمان

کا فرق ہے کھدر پوش وزیر اعلیٰ کی آرام گاہ اور ان کے دیگر رفقائے کابینہ کی آرام گاہوں اور سامان آرائش پر بہت زیادہ مصارف ہو رہے ہیں جو ایک غریب قوم کے سر براہوں کے لئے یقیناً باعث شرم ہیں چیف منسٹر اور باقی منسٹروں کے مقابلہ میں چیف سکریٹری اور اڈیشنل چیف سکریٹری صاحبان کی تنخواہیں زیادہ ہیں میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب چیف منسٹر اور چیف سیکریٹریز صاحبان ایک دوسرے سے ملتے ہونگے تو پہلے کون سلام کرتا ہوگا جس کی تنخواہ زیادہ ہے یا جس کی تنخواہ کم الٹی گنگا بہہ رہی ہے ۔ چیف سیکریٹری صاحب کو چار ہزار روپیہ اور اڈیشنل چیف سیکریٹری صاحب کو پونے چار ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے جب کہ چیف منسٹر صاحب کی تنخواہ تین ہزار روپیہ ہے جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ ایک یونٹ اس لئے بنایا گیا ہے کہ غریبوں کا خون جمع کر کے وزراء اور بڑے بڑے افسروں ۔ سیکریٹریوں اور بڑے بڑے کمشنروں کو انجیکٹ کیا جائے ۔ اگر یہ بھاری بھاری تنخواہیں ان حضرات کے حسن کارکردگی اور عالی دماغی کی بدولت دی جاتیں تو پھر بھی کوئی بات تھی حقیقت تو یہ ہے کہ نہ عقل نہ شکل اور تنخواہ تین ہزار ۔ بریں عقل و دانش بباید گریست ۔ وزراء اور اکثر بڑے بڑے افسران بھاری بھر کم زندہ لاشوں اور چمکتی ہوئی کاروں کے سوا اور کوئی امتیازی شان نہیں رکھتے ہمارے منسٹر صاحبان سے جو کوئی سوال پوچھا جاتا ہے تو اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ ''جواب ابھی تیار نہیں،، تنخواہ کا بل تو پہلی تاریخ کو تیار ہو جاتا ہے لیکن کسی سوال کا جواب جو پبلک مفاد عامہ کے سلسلہ میں پوچھا جاتا ہے یا تو دیا ہی نہیں جاتا یا غلط سلط جواب دے کر ٹال دیا جاتا ہے ۔ ابھی پرسوں کی بات ہے ایک منسٹر صاحب جو سب سے زیادہ اس ہاؤس میں عملی سیاسیات کا مظاہرہ کرتے ہیں ایک سوال کے جواب میں فرما رہے تھے کہ حضور والا چھ مئی کو جمعہ تھا اور سارا عملہ نماز جمعہ پڑھنے گیا ہوا تھا،، حالانکہ چھ مئی کو اتوار تھا ۔ تنخواہیں تین ہزار روپیہ ماہوار اور جناب کو یہ بھی نہیں معلوم کہ یہ مئی کا مہینہ ہے اور چھ مئی کو جمعہ تھا یا اتوار—در اصل بات یہ ہے وزراء صاحبان کی سیاسی اور پرائیویٹ مصروفیات کچھ اس قسم کی ہیں اور ان میں وہ حضرات کچھ اس قدر الجھے ہوئے ہیں کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ نماز جمعہ اتوار کو پڑھی جاتی ہے یا جمعہ کے روز—ان کی مصروفیتیں حد سے زیادہ ہوتی ہیں جز کی اگر وضاحت کروں تو شاید شرم کے مارے ہم سب کی آنکھیں جھک جائیں ۔ ان حضرات کو

عوام کے کام اور خدمت سے کوئی واسطہ نہیں ہاں سستی شہرت حاصل کرنے کے لئے کھدر پوشی کا مظاہرہ اور فیئر الیکشن کا نعرہ ضرور لگا دیتے ہیں لیکن یہ بجھے ہوئے کارتوس اب دوبارہ استعمال میں نہیں لائے جا سکتے ہم اچھی طرح سمجھ چکے ہیں کہ ۔

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیان رہے

ان کو لاہور سے کراچی ۔ کراچی سے لاہور ۔ لاہور سے ایبٹ آباد ۔ ایبٹ آباد سے پیشاور کے اتنے چکر کاٹنے پڑتے ہیں کہ قومی کام کرنے کی فرصت ہی نہیں ملتی اور نہ یہ اس طرف توجہ مبذول کر سکتے ہیں ان کی مثال تو اس ٹھگ بڑھیا کی سی ہے جو ایک جنگل میں دریا کے کنارے پڑی رہتی تھی اور جب کوئی بھولا بھٹکا مسافر ادھر سے گذرتا تو اسے اپنی جھونپڑی میں سستانے کی دعوت دیتی اور میٹھی میٹھی باتوں میں الجھا دیتی اتنےمیں اس کے تین چار لڑکے آ جاتے اور مسافر بیچارے کو دور جنگل میں لے جا کر لوٹ لینے کے بعد زندہ زمین میں گاڑ دیتے ایک دن بد قسمتی سے ایک مسافر اس کے قابو آ گیا ۔ بڑھیا نے اپنے بیٹوں کی مدد سے جو قریب ہی چھپے بیٹھے تھے اس کی مشکیں باندھ لیں اور اس کو ایک چارپائی پر اٹھوا لیا ۔ راستے میں جب اور لوگ ملتے اور وہ مسافر شور مچاتا کہ یہ ٹھگ مجھے کہیں لے جا رہے ہیں خدا کے لئے چھڑاؤ تو وہ بڑھیا نہایت چستی اور چالاکی سے کہنے لگتی اچھا بیٹا میں ٹھگنی ہی سہی خدا کرے تو تندرست ہو جائے میں تو تیرا علاج کرانے جا رہی ہوں ۔ غرض جہاں بھی وہ مظلوم مسافر شور مچاتا کہ یہ ایک ٹھگوں کا گروہ ہے تو بڑھیا پھر باآواز بلند پکارتی ''بیٹا مجھ بوڑھی ماں کو ٹھگنی کہو کچھ کہو میں تو تمہارا علاج حکیم سے ضرور کراؤنگی ۔ تیرا دماغ خراب ہے یہی تو تیری بیماری ہے اور مجھے تیری اس بیماری کا غم کھائے جا رہا ہے ۔ اللہ تجھے شفا عطا فرمائے مجھ مامتا کی ماری کو تم اپنے دماغ کی بیماری کے باعث ٹھگ ہی کہتے رہو ۔ خدا تجھے صحت عطا کرے۔ جس حکیم کے پاس میں تجھے لے جا رہی ہوں وہ بڑا حاذق ہے''

جناب والا—یہی بات ہمارے ڈاکٹر صاحب کی ہے یہ ہمارا علاج کرانے پر تل گئے ہیں اور ہماری ایک نہیں سنتے ۔ کبھی یہ کراچی کے چکر کاٹتے ہیں تو کبھی پشاور کا رخ کرتے ہیں ۔ کبھی ایبٹ آباد کی طرف دوڑے دوڑے جاتے ہیں اور ہر جگہ ہمارے علاج کرانے کا

اعلان کرتے پھرتے ھیں ھم انہیں لاکھ کہیں کہ ڈاکٹر صاحب ھماری جان چھوڑئیے ھم اس علاج سے باز آئے مگر ڈاکٹر خان صاحب ھماری جان نہیں چھوڑتے (قہقہے) وہ علی بابا اور چالیس چوروں کی طرح اکٹھے ھم پر حملہ آور ھو چکے ھیں اور کہتے ھیں کہ ھم ٹھگ سہی مگر تمہاری تمام بیماریوں کا علاج کرکے ھی چھوڑیں گے اعلان پر اعلان کرتے ھیں کہ ھم آزادانہ الیکشن کرائینگے بیان پر بیان دیتے چلے جاتے ھیں کہ ھم مغربی پاکستان سے تمام خرابیاں دورکرکے ھی دم لینگے (قہقہے) نہ تو ھماری کوئی ذاتی غرض ھے اور نہ ھمیں عہدوں کا لالچ حضور والا جو گروہ سرے سے قیام پاکستان کا ھی مخالف تھا آج اس گروہ کو پاکستان کے استحکام و بقا کا واحد ضامن ھم کس طرح مان سکتے ھیں حقیقت یہ ھے کہ یہ طبقہ ھمارے شامت اعمال کا نتیجہ ھے مسلم لیگی قائدین اگر اپنی اصلاح کرلیں تو یہ برسراقتدار مصنوعی اور غیر جمہوری قیادت جو وجود پاکستان کی مخالف بھی ھے زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتی کسی جمہوری ملک کی اس سے بڑھکر بد قسمتی اور کیا ھو سکتی ھے کہ وزارت پہلے مرتب کر لی جاتی ھے اور اسمبلی کے ممبران سے رشوت ۔ لالچ اور دھمکی سے ووٹ بعد میں لے لئے جاتے ھیں اور اس پر طرہ یہ کہ نعرہ آزاد الیکشن اور عدل و انصاف کا لگایا جاتا ھے کیا یہ ایک حقیقت نہیں کہ آزاد قبائل کے ممبران اسمبلی کے ووٹ حاصل کرنے کے لئے پولیٹیکل ایجنٹ استعمال کئے گئے اور آج بھی افیسرز گیلری میں بیٹھ کر پولیٹکل ایجنٹ قبائلی ممبران اسمبلی کو اپنی آنکھیں دکھا رھے ھیں ۔ پولیٹکل ایجنٹس '' بلارے بٹیرے ،، ھیں جو سرکاری جال میں قبائیلی ممبران اسمبلی کو پھانسنے کا فریضہ ادا کر رھے ھیں قبائلی ممبران کو یقین ھے کہ اگر انہوں نے سر مو بھی انحراف کیا تو یہ ''بلارے بٹیرے،، چوبیس گھنٹے کے اندر اندر آن کے سر پر قیامت بپا کر دیں گے ۔ قبائلی علاقہ کے علاوہ سابقہ پنجاب اور پشاور میں پولیس کے ذریعہ کیا کچھ نہیں کیا گیا مثال کے طور پر ملک فتح شیر لنگڑیال اور خان محمد اشرف خان آف پشاور کے مقدمات پیش کرتا ھوں جو عین اسمبلی کے اجلاس سے چند روز پہلے تیارکرائے گئے اور اگر آنریبل اور ھماری آزادی کے واحد سہارے متعلقہ ھائی کورٹس اپنی طاقت بروئے کار نہ لاتے تو آج یہ دونوں حضرات ان بنچوں پر موجود نہ ھوتے (تالیاں) آج جو سیاسی رشوتیں دی جارھی ھیں اور ممبران اسمبلی کے خلاف جس قسم کے کمینے حربے استعمال کئے جارھے ھیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں میں ذاتی طور پر ڈاکٹر خان صاحب کو ایک اچھا آدمی سمجھتا

تھا ویسا کہ میں ایک دن پہلے بھی کہہ چکا ہوں مگر ان کے ساتھی جس شہرت کے مالک ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ۔ مسٹر عبدالغنی گھمن پیر زادہ عبدالستار ۔ مہر محمد صادق اور حسن محمود کا ماضی کسی تعارف کا محتاج نہیں یہ حضرات وزارت کے استحکام و بقا کی خاطر ہر طرح کے لالچ اور رشوتیں دے رہے ہیں اور ممبران اسمبلی بلکہ ساری قوم کو اخلاقی طور پر اتنا پست کر رہے ہیں کہ شاید سالہا سال کی کوششوں کے بعد بھی قوم کا اخلاق بلند نہ ہو سکے میں واشگاف الفاظ میں اس حقیقت کا اعلان کرتا ہوں کہ ان ساری بد عنوانیوں کے واحد ذمہدار ڈاکٹر خان صاحب ہیں جن کی سر پرستی میں یہ سب کچھ ہو رہا ہے محض کرسئی وزارت کے استحکام کی خاطر اس قدر اخلاقی پستی کا مظاہرہ شاید ہی کہیں دیکھا گیا ہو یہ وہ کرسی ہے جس کی بیوفائی پکار پکار کر سر سکندر مرحوم۔خضر حیات ٹوانہ ۔ نواب ممدوٹ میاں ممتاز اور فیروز خاں نون کی طرف اشارہ کر رہی ہے اس کی خاطر اس قدر پاپڑ بیلنا ڈاکٹر خان صاحب ایسے سیاسی شہرت کے مالک کے لئے خود کشی سے کم نہیں ان کرسیوں پر بیٹھ کر قوم کے کردار اور اخلاق کو بگاڑنے کا حق کسی کو نہیں دیا جا سکتا اور ہم ایک خاموش تماشائی کی طرح قطعاً ''صم،، ''بکم،، نہیں بیٹھے رہینگے ۔

صاحب سپیکر—آپکا وقت ختم ہو گیا ۔

قاضی مرید احمد—جناب والا—ایک دو منٹ اور دیجئے—جناب والا آخری طور پر میں صرف دو باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ ڈاکٹر خان صاحب ذاتی طور پر ایک اچھے آدمی تھے مگر مثل مشہور ہے کہ آدمی اپنے حلقۂ احباب سے پہچانا جاتا ہے ۔ ان کے لقہ احباب میں ایسے ایسے برز جمہر شامل ہوگئے ہیں جن کا سیاسی کردار بیحد داغدار ہے انہوں نے بارہا یہ اعلان کیا ہے کہ ''میں دیانتدار اور مخلص آدمیوں کو وزارت میں شامل کروں گا اور بہترین لوگوں کو کابینہ میں لوں گا لیکن اب وہ ذرا اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں کہ انہوں نے کہا کیا تھا اور کیا کیا ہے؟ قول اور فعل میں اتنا تضاد ۔

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں ۔ہم اگر بات کہیں گے تو شکایت ہوگی خان صاحب کے مقدس دور وزارت کو آٹھ ماہ گذر چکے ہیں مگر قومی فلاح و بہبود میں کیا اضافہ ہوا صحت عامہ اور عدل و انصاف میں کیا ترقی ہوئی ؟ ضروریات زندگی کی بہمرسانی اور تعلیم میں کیا بیشی ہوئی رشوت ستانی اور دفتری بد عنوانیوں میں کتنی کمی ہوئی ؟ کونسے کام کی

منصوبہ بندی کی گئی ہے پولیس پٹواری اور دفتری مظالم کے شکار دیہاتی عوام کے دکھ درد میں کیا کمی ہوئی ہے ۔ خوراک کی تقسیم میں معاف رکھئے کون سی بہتری عمل میں آئی ہے اگر خوش قسمتی سے موجودہ ڈائرکٹر فوڈ شیخ عبدالحمید محکمہ خوراک کے نگران نہ ہوتے تو گذشتہ فروری مارچ کے قحط میں وہ تباہی آتی جو مشرقی پاکستان میں ابھی نازل ہو چکی ہے وزیر خوراک بالکل نا اہل اور نکمے ہیں اور باقی محکمہ خوراک کے بیشتر افسران و ملازمین انسانی خون شیر مادر سمجھ کر پی رہے ہیں یہ ملازمین اگر کسی اور آزاد ملک میں ہوتے تو انہیں جزائر انڈمان میں بھیج دیا جاتا یا مال روڈ کے چوراہے میں تختۂ دار پر لٹکا دیا جاتا ۔ دوسری اور آخری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جناب ڈاکٹر خان صاحب نے ''ون یونٹ'' کے استحکام کے لئے تمام ایسے عناصر جمع کر لئے ہیں جو ''ون یونٹ'' کے مسلمہ دشمن ہیں اور جو یقیناً ون یونٹ کو ختم کرنے میں آج بھی اسی طرح سرگرم عمل ہیں جس طرح ون یونٹ کے قیام سے قبل تھے کیا ایسے حالات میں مجھے یہ کہنے کا حق حاصل نہیں کہ خود خان صاحب کی نیت بھی صاف نہیں اور موصوف اپنے بھائی سے ساز باز کرکے پختونستان کے لئے زمین ہموار کر رہے ہیں ۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین—پوائنٹ آف آرڈر—جناب والا کیا یہ جگہ پولیٹیکل ایجنٹوں کے لئے ٹریننگ سنٹر ہے جہاں وہ ابتدائی کام سیکھتے ہیں ۔

صاحب سپیکر—آپ کی باری بھی تقریر کرنے کی آجائے گی ۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین—(ضلع ڈیرہ غازی خان) جناب والا میں اپنی کٹ موشن نمبر ۲۱ پیش کرتا ہوں ۔

صاحب سپیکر—آپ ویسے ہی جنرل ایڈ منسٹریشن کے متعلق بحث کر سکتے ہیں ۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین—بہت بہتر جناب والا—بہت سے معاملات ایسے ہیں جن کے متعلق میں کچھ عرض کروں گا ۔ میں بجٹ کی عام بحث پر پہلے تقریر کر چکا ہوں اس میں سے کچھ بقایا رہ گیا تھا اس کے متعلق میں اس وقت کچھ عرض کرونگا ۔ جناب والا ایک تو ترقیات کا محکمہ ہے ۔ اس نے کوئی کام نہیں کیا اور نہ اس سے کوئی کام ہوا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی کام ہے ۔ دوسرے میں جناب کی توجہ زیادہ تر ٹرانسپورٹ کے محکمہ کی طرف مبذول کراؤنگا ۔ ٹرانسپورٹ کے محکمہ کے متعلق کچھ کام نہیں کیا گیا ۔

صاحب سپیکر—آپ نے اس کے متعلق سوال تو کر لیا تھا ۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین—جی ہاں اس کے متعلق میں نے سوال تو کر لیا تھا ۔ محکمۂ انسداد رشوت ستانی اور محکمۂ پولیس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ ان کی پالیسی کمزور ہے کوئی ملزم کما حقہٗ سزا پاتا ہی نہیں بلکہ ہوتا یہ ہے کہ ملزم اور زیادہ جرم کرنا سیکھ کر آتا ہے ۔ پہلے اگر وہ ۵ ہزار کی چوری کر کے جیل جاتا ہے تو باہر آ کر وہ ۱۰ ہزار کی چوری کرتا ہے ۔ جب تک آپ اسلامی سزا کا حکم نہیں دیں گے تب تک یہ چوریاں کبھی ختم نہیں ہوں گی ۔ محکمۂ دینیات اور اسلامیات کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ آپ پوری توجہ سے کام لیں ۔ جب تک آپ توجہ سے کام نہیں لیں گے کوئی بات پوری نہیں ہوگی۔ تعلیم کے متعلق یہ ہے کہ بہت زیادہ ماسٹر ایسے ہیں جو بالکل نا اہل ہیں اور جو اپنی ڈیوٹی بھی ادا نہیں کرتے بلکہ دوسرے کاموں پر مثلاً شکار اور بدمعاشی وغیرہ پر اپنا وقت صرف کرتے ہیں ۔ اس طرح بچوں کی تعلیم آدھی رہ جاتی ہے ۔ اس پر پوری توجہ مبذول کرنی چاہئے ۔ میں ٹرانسپورٹ کے متعلق ایک اور بات عرض کروں گا کہ جب سے بس کا اڈہ ڈیرہ غازی خاں کے اندر بنا ہے میں وثوق کے ساتھ کہ سکتا ہوں اور گواہ بھی پیش کر سکتا ہوں کہ موٹر بسیں اڈہ تک نہیں جاتیں بلکہ جہاں سردار جمال خاں لغاری کی کوٹھی بنی ہوئی ہے وہاں تک جاتی ہیں ۔ ان کے لئے لغاری منزل تک موٹریں جاتی ہیں اور کسی اور جگہ کے لئے لیجایا جائے تو نہیں جاتیں لیکن اگر ان کا کتا بھی جا رہا ہو تو اس کے لئے بھی موٹر لغاری منزل تک جاتی ہے ۔ جب تک وزیر اعلیٰ صاحب اس طرف پوری توجہ نہیں دیں گے یہ کام نہیں ہو سکے گا ۔ میں خصوصیت سے چیف منسٹر صاحب کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ خدا را ہمارے پس ماندہ ضلع کا دورہ کریں اور دیکھیں کہ وہاں کیا کیا مظالم فراعنہ کر رہے ہیں ۔ وہ بچشم خود ان حالات کا جائزہ لیں کہ وہاں لغاری اور مزاری کے علاوہ اور کسی کو مسلمانوں کا نمائندہ سمجھا ہی نہیں جاتا ۔ باپ بھی منسٹر بیٹا بھی منسٹر اور وہ ایکسمنسٹر ۔ دوسروں کو تو کچھ سمجھا ہی نہیں جاتا ۔ پچھلے دنوں ہمارے ہاں غلے کی بہت کمی تھی ۔ وہاں گیہوں کا ایک دانا بھی نہ تھا ۔ آپ کو خود دیکھنا چاہئے کہ وہاں کی پوزیشن کیا ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ اتنا ردی محکمہ ہے کہ جس کی کوئی حد نہیں ۔ اس محکمہ کے افسر اپنے ماتحتوں پر بہت ظلم کرتے ہیں مثلاً ڈرائیور ہیں ۔ اگر کوئی انڈے مرغے لے جائے

تو اچھا ورنہ اگر کوئی نہ لے جائے تو اس کے متعلق وجوہ بنائی جاتی ہیں کہ اس شخص نے موٹر لاری کی فلاں چیز گم کر دی اور اس کی کمانی توڑ ڈالی تا کہ ان پر جرمانہ کیا جا سکے ۔ یہی حال ڈیرہ اسمعیل خان سے ڈیرہ غازی خاں کی سڑک کا ہے وہاں صرف ایک بس جاتی ہے ۔ اتنا لمبا چوڑا علاقہ فرنٹیر کا ہے ۔ وہاں اور کوئی سروس نہیں کہ جسے وہاں چلایا جا سکے ۔ ہندوؤں کے زمانہ میں اینڈی ٹرانسپورٹ سروسز جو جاتی تھیں وہ آپ نے بند کی ہوئی ہیں ۔ وہ حقوق اگر آپ دیں تو جیسا کہ پہلے اینڈی ٹرانسپورٹ کمپنی تھی ویسے ہی کوئی دوسری کمپنی کام کر سکتی ہے تا کہ ان کو علم ہو جائے کہ دوسری ایمان دار کمپنی بھی ہے جو کام چلا سکتی ہے میں اپیل کروں گا کہ آپ اس اینڈی ٹرانسپورٹ کمپنی کے حصے داران کو حکم دیں تا کہ وہ بھی کمپنی اس کے بالمقابل ہر جگہ کام کرے ۔ جب تک آپ کسی دوسری کمپنی کو جاری نہیں کریں گے لوگ پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کے مظالم کا شکار ہوتے رہیں گے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ سڑکوں کی حالت یہ ہے کہ ہر ٹھیکہ دار روپیہ خرد برد کر کے چلتا بنتا ہے ۔ پھر دوسرا ٹھیکے دار آتا ہے اور وہ بھی روپیہ خردبرد کر کے چلتا بنتا ہے اور کام وہیں کا وہیں رہ جاتا ہے ۔ وہاں پر تعینات شدہ ایس ڈی او اتنا رشوت خور آدمی ہے کہ اس جیسا رشوت ستان آدمی وہاں پہلے کبھی نہیں آیا ۔ میں سردار محمد عمر خاں کا نام لے کر کہتا ہوں کہ ان کے خلاف انکوائری کروائی جائے ۔ انہوں نے سینکڑوں فرضی مزدور بنائے ہوئے ہیں صرف ووٹ دینے کے لئے ۔ یہ سیاسی رشوت دینے کی وجہ ہے کہ لغاری صاحبان کی سفارش پر اسے مستقل بھی کر دیا گیا ۔ یہ سب کچھ پچھلی منسٹری کا کیا ہوا کام ہے جسے یہ منسٹری بھگت رہی ہے ۔ اس کی سزا اسے ہی ملنی چاہئے تھی ۔ میں اب ڈاکٹر خان صاحب سے درخواست کرتا ہوں وہ بڑے ایمان دار آدمی ہیں وہ اس کام کو اپنے ہاتھ میں لیں اور کوئی دیانت دار وزیر اپنے ساتھ لیں اور کوئی ایسا آدمی ساتھ لیں جو انگریزی زبان کو نہیں بلکہ پنجابی زبان کو بھی سمجھتا ہو ۔ صداقت کے لئے اور انسداد جرائم کے لئے ان کا دورہ نہایت ضروری ہے ۔ میں پھر عرض کروں گا کہ وہ غور کریں اور ان امور کی طرف خاص توجہ مبذول کریں ورنہ وہی مسلم لیگی منسٹروں والی لعنت باقی رہ جائیگی ۔

سردار محمد ظفر اللہ ۔ کیا آپ مقررین کو اس آرڈر کے مطابق بلا رہے ہیں جس کے مطابق انہوں نے اپنی کٹ موشنیں پیش کی ہیں ؟

صاحب سپیکر ۔ جی ہاں ۔ مولوی محمد اسلام الدین ۔

مولوی محمد اسلام الدین—(ضلع ملتان)—جناب والا آپ مجھے اس ایوان میں بیٹھا ہوا تصور کر لیں ۔ جناب والا میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں مہاجرین کی وہ تکلیف بیان کرنا چاہتا ہوں جو انہیں اس محکمہ کی شامت اعمالیوں رشوت خوری اور نظم و نسق خراب ہو جانے کی وجہ سے پیش آرہی ہیں ۔ یہ وہ مہاجرین ہیں جنہوں نے ۱۹۴۷ء میں پاکستان کے تحفظ اور استحکام کے لئے اپنے اپنے وطنوں کو چھوڑا ۔ اور یہاں آ کر اپنی اپنی بساط کے مطابق رہائش اختیار کی ۔ جب ہماری مہربان گورنمنٹ نے ان کو اراضیات دینے کے لئے کارروائی کی تو انہیں کہا گیا کہ تم اپنے اپنے کلیمز داخل کرو ۔ حکومت نے ان کی سابقہ اراضیات کی جمعبندیوں کی تصدیق اپنے توسل سے کرائی ۔ لیکن جناب والا جب وہ تصدیق شدہ کلیم فارم وہاں پہنچے جہاں وہ مہاجرین آباد تھے تو ان میں سے بہت سے متعلقہ عملے کی نا اہلیت کی وجہ سے غائب تھے ۔ ان میں سے بہت سے ردی کی صورت میں دکانوں پر فروخت ہو رہے تھے اور بہت سے ریلوے کے پاس خراب ہو رہے تھے ۔ ہمارے ایک سابق معزز ممبر چودھری محمد افضل چیمہ نے اس ایوان میں پچھلی بار تصدیق شدہ کلیمز کا ایک بہت بڑا انبار پیش کیا تھا ۔ لیکن اس سے کوئی نتیجہ پر آمد نہ ہوا ۔ میں خاص طور پر وزیر بحالیات کی توجہ اس طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ اگر وہ یہاں ہوتے تو زیادہ اچھا ہوتا ۔ جب یہ تصدیق شدہ فارم سابقہ جگہوں پر پہنچتے ہیں تا کہ مہاجرین کو فرد حقیت مل سکے تو ماتحت عملہ یعنی گرداور اور پٹواری مہاجرین کو وہ کلیم فارم نہیں دیتے ۔ بلکہ انہیں تلف کر دیتے ہیں ۔ اور ان کو سنٹرل ریکارڈ آفس میں آنا پڑتا ہے ۔ جب وہ وہاں درخواست دیتے ہیں تو آرڈر ہوتا ہے کہ اپنے ضلع کے ڈی ۔ سی یا اے ۔ ڈی ۔ سی سے لکھا کر لاؤ ۔ ڈی سی کے پاس جاتے ہیں تو وہ نیچے افسر مال کے پاس بھیج دیتا ہے ۔ افسر مال تحصیلدار کے پاس بھیج دیتا ہے ۔ وہ قانونگو کے پاس بھیج دیتا ہے ۔ اور قانونگو پٹواری کے پاس بھیج دیتا ہے ۔ اور پٹواری کو جب تک نذرانہ یا محنتانہ یا شکرانہ نہ دیا جائے ۔ یہ ان کی مقرر کردہ اصطلاحیں ہیں ۔ وہ کام نہیں کرتا ۔ مثال کے طور پر میں آپ کی خدمت میں ایک واقعہ بیان کرتا ہوں ۔ چک نمبر ۱۸۲ تحصیل وہاڑی میں مہاجرین کو کلیم فارموں پر رقبہ دیا گیا ۔ کلیم فارم پٹواری کے پاس موجود تھے ۔ کسی بات پر وہ مہاجرین سے بگڑ گیا تو اس نے سارے کلیم فارم جلا دیئے ۔ لیکن سوائے اس کے کہ اس کے خلاف پرچہ ہو گیا اور کچھ نہ ہو سکا ۔ اور ممکن ہے وہ چھوٹ بھی جائے ۔

موجودہ قواعد میں کلیم فارم گم ہو جانے کی صورت میں متعلقہ عملہ کے لئے کوئی سزا مقرر نہیں ۔ بس یہ لکھ دینا کافی ہے ''کلیم فارم گم ہو گئے ہیں۔ مثنیٰ داخل کراؤ ۔،، میں نے لوگوں کو اپنے کلیم فارموں کے لئے چھ چھ سال خراب ہوتے دیکھا ہے ۔ اس کا بندوبست ہونا چاہئے ۔

پھر جناب والا یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک ہی موضع کے اندر ایک ہی نام ولدیت اور قومیت کے دو مختلف آدمی ہیں جن کے کھاتے الگ الگ ہیں ۔ سنٹرل ریکارڈ آفس انہیں ایک شخص تصور کرتے ہوئے ان کے کھاتوں کو اکٹھا کر دیتا ہے۔ وہ شکایت کرتے ہیں مگر ان کی کہیں شنوائی نہیں ہوتی ۔

آخر میں جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ یہ جو زرعی اصلاحات بنائی گئی ہیں یہ مہاجرین کے حقوق کو تلف اور برباد اور غصب کرنے کے لئے بنائی گئی ہیں۔

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی۔(ضلع راولپنڈی)

صدر محترم !

آج تک بدلی نہیں قدریں یہاں انسان کی

کیا یہی صورت ہے استحکام پاکستان کی

میں نظم و نسق عمومی پر تقریر کر کے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا کیونکہ میرے فاضل دوستوں نے مجھ سے پیشتر مغربی پاکستان کے صوبہ کی کیفیت کا جو نقشہ پیش کیا ہے وہ اتنا نا گفتہ بہ ہے کہ میں اس کو دھرانا نہیں چاہتا ۔ میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ مغربی پاکستان کا صوبہ نوزائیدہ ہے ۔ اس کی مشکلات کا مجھے احساس ہے اور حکومت تھوڑے سے وقت میں وہ کچھ نہیں کر سکی جو اسے کرنا چاہئے تھا مگر مجھے یقین ہے کہ اگر حکومت اس طرف توجہ فرماتی تو آج نظم و نسق کے اعتبار سے صوبہ اتنا تباہ حال نہ ہوتا جتنا کہ آج ہے ۔

صدر محترم ! صوبہ میں رشوت کا دور دورہ ہے ۔ میں کسی محکمہ کے متعلق تخصیص نہیں کرتا ۔ جس محکمہ کو بھی دیکھیں چپڑاسی سے لے کر اعلیٰ افسران تک رشوت کو شیر مادر سمجھ کر پی جاتے ہیں ۔ لیکن ایک فرق ہے کہ چھوٹے ملازمین رشوت لیں تو اسے رشوت کہا جاتا ہے اور اگر بڑے قبول فرمائیں تو اسے نذرانہ تحائف سمجھا جاتا ہے

اس کے بعد عرض کروں گا کہ صوبہ بھر میں قتل و غارت کی گرم بازاری ہے۔ اشیائے خوردنی اور اشیائے پوشیدنی کی گرانی نے لوگوں کا ناطقہ بند کر رکھا ہے ۔ سارے صوبہ میں لا قانونی کا دور دورہ ہے ۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ہے ہی نہیں ۔

جناب والا! ایک تار بگڑا ہوا ہو تو ہم ذکر کریں لیکن اگر تانی ہی خراب ہو تو ذکر کس کا کریں ۔ جہاں تک ٹیکسوں کی بھر مار کا تعلق ہے میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ صوبہ کے غریب عوام کی کیا کیفیت ہے۔ انکم ٹیکس—سیلز ٹیکس—پراپرٹی ٹیکس—ترقیاتی ٹیکس—مالیہ ٹیکس—تمباکو ٹیکس— واٹر ٹیکس—روڈ ٹیکس—آبیانہ ٹیکس—ہاؤس ٹیکس—بجلی ٹیکس—مہاجر ٹیکس—اسلحہ ٹیکس—شکار ٹیکس اور خدا معلوم کون کونسے ٹیکس ہیں (آوازیں : وزیروں کا دورہ ٹیکس) ان کے علاوہ موت ٹیکس بھی ہے اور میرے خیال میں ایک ولادت ٹیکس بھی ہونا چاہئے ۔ (قہقہہ)

حضور والا—ہم پر الزام لگایا جاتا ہے کہ ہم تخریبی تقریریں کرتے ہیں اور ہماری تقریروں کا تعمیر پہلو کوئی نہیں ہوتا ۔ میں ڈاکٹر خان صاحب کی خدمت میں کچھ تعمیری تجاویز پیش کرتا ہوں ۔ امید ہے کہ آپ ان پر توجہ دین گے۔یہ ہیں ترقیاتی کارپوریشن کا قیام ۔ قومی قرضوں کا اجرا ۔ غیر ضروری محکموں کا خاتمہ ۔ وزرائے کرام سے لے کر پانچ سو روپیہ تنخواہ لینے والے بڑے افسر رضاکارانہ طور پر پندرہ فیصدی تخفیف قبول کریں ڈپٹی منسٹروں اور پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی خچر کور کا خاتمہ ۔ گھریلو صنعتوں کا اجرا ۔ سکولوں اور کالجوں میں سادہ لباس اور فوجی تعلیم کا اجرا ۔ مساجد میں ابتدائی تعلیم مڈل تک مفت دینے کا اجرا ۔ نیک قابل اور دیانتدار افسروں کی حوصلہ افزائی اور بڑی شہرت کے افسروں کی حوصلہ شکنی۔

صدر محترم—اب میں یہ عرض کروں گا کہ آج جو کچھ آپ کے کانوں نے سنا وہ پنڈت جواہر لال نہرو کے بیان سے کہیں زیادہ لرزہ خیز ہے ۔ اگر آپ میں وطن کی محبت کا شمہ بھی موجود ہے اور اپنے وطن کے لئے محبت اور نیک نیتی اور غیرت موجود ہے تو ہم آپوزیشن کی طرف سے ڈاکٹر خان صاحب پر کامل اعتماد کرتے ہوئے انہیں اپنے اشتراک عمل کا پختہ یقین دلاتے ہیں اور ان سے پوچھتے ہیں کہ آپ کو علم ہے کہ آپ کے مغربی پاکستان کے دل میں جس کا نام پشاور ہے بازار قصہ خوانی

کے اندر ۔ چوک یادگار کے قریب ۔ افغان کونسل کی بلڈنگ پر پٹھانستان کے سات آٹھ جھنڈے لہرائے جاتے ہیں ۔ سارے شہر میں صف ماتم بچھ جاتی ہے ۔ لوگ احتجاج کرتے ہیں تو جواب یہ ملتا ہے کہ یہ جھنڈے ظاہر شاہ نے بطور امانت بھیجے ہیں ۔ جہاں تک ہمارے ملکی قانون کا تعلق ہے کسی غیر ملکی حکومت کے ہائی کمشنروں کے دفاتر میں یا اس کے سفارت خانوں میں اس کے ملک کے جھنڈے لہرائے جا سکتے ہیں اور ہماری حکومت کوئی اعتراض نہیں کر سکتی ۔ لیکن یہاں تو معاملہ ہی اور ہے ایک یونٹ کی تباہی کے محرکین کی طرف سے ۔ سرخ پوشوں کی طرف سے ۔ ظاہر شاہ کی طرف سے (جو پوری قوت سے ایک یونٹ کو تباہ کرنے کے لئے اس دن سے تلے بیٹھے ہیں جس دن سے اس کا اعلان ہوا ہے) اس سرمایا کے بل بوتے پر جو انہیں بھارت کی طرف سے ملتا ہے پٹھانستان کا مذموم پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے ڈاکٹر خان صاحب کے برادر محترم خان عبدالغفار خان اتمان زئی سے چند میل کے فاصلہ پر ایک بڑے جلسہ میں تقریر فرماتے ہیں کہ آج میں اعلان کرتا ہوں کہ پٹھانستان آج سے قائم ہے ہم اس صوبہ کا نام شمال مغربی سرحدی صوبہ نہیں مانتے اور نہ مغربی پاکستان میں اس صوبہ کو تسلیم کرتے ہیں ۔ میرے ساتھ جن لوگوں کو اس جہاد میں شریک ہونا ہو وہ تیار ہو جائیں اور عنقریب اس کے لئے بگل بجنے والا ہے ۔ یہ تقریریں ہمارے چیف منسٹر کے بھائی صاحب کرتے ہیں اور پٹھانستان کے جھنڈے ہمارے چیف منسٹر کے چوک یادگار سے ایک فرلانگ کے فاصلہ پر نصب کئے جاتے ہیں میں پوچھتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب کل سے خاموشی کیوں ہے ۔ یہ تمام واقعات آپ کے نوٹس میں آئے ہوں گے ۔ اگر کوئی سی ۔ آئی ۔ ڈی ہے تو اس نے یہ اطلاعات آپ تک پہنچائی ہوں گی ۔ اور اگر نہیں ہے تو جس طرح آپ نے پنڈت نہرو کا بیان نہیں پڑھا تھا اسی طرح ممکن ہے کہ یہ واقعہ بھی آپ کے کانوں نے نہ سنا ہو ۔ یہی وجہ ہے کہ ہم آپ کو سنا رہے ہیں ۔

اگر آپ سن رہے ہیں تو اس معزز ایوان میں اس امر کی وضاحت کیجئے کہ ایک یونٹ کے مخالفین کے خلاف ۔ پٹھانستان کے محرکین کے خلاف اور پاکستان کے بدترین دشمنوں کے خلاف آپ کس قسم کے موثر اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ نیک نیتی سے اس امر کی وضاحت کریں تو آپوزیشن آپ

کی ۔ مایت کرنے کے لئے تیار ہے لیکن افسوس کہ آج مجھے نواب ممدوٹ اور ڈاکٹر خان صاب ایک ہی کشتی میں سوار نظر آتے ہیں یہ تو انقلابات ہیں زمانے کے ؟

جناب والا—اب میں پشاور کا ذکر چھوڑ کر لاہور کی سر زمین کی طرف آتا ہوں ۔ ہمارے چیف منسٹر صاحب فرماتے ہیں کہ میں تو عوامی لیڈر ہوں کھدر پوش ہوں ۔ غریبوں کا حامی اور سرمایہ داروں کا دشمن ہوں ۔ میں تو صوبے میں غریبوں کا معیار زندگی بلند کرنے اور امیروں کو حد اعتدال کی طرف لانا چاہتا ہوں ۔ یہ تو ہے ان کا قول ۔ اب ان کا فعل مجھ سے سنئیے ۔ ڈاکٹر خان صاحب کا فعل یہ ہے کہ ان کی سرپرستی میں ایک کروڑ پتی کارخانہ دار نے لاہور کی سر زمین پر ایک سیاسی یتیم خانہ کھول رکھا ہے جو کئی بے ضمیر ممبروں اور کئی بے ضمیر وزرائے کرام کا ملجا و ماوا ہے —وہاں ان لوگوں پر لاکھوں روپے خرچ کئے جارہے —جس کی بنا پر اس حکومت کی تشکیل ہوئی ہے —

صاحب سپیکر—آپ بے ضمیر کے لفظ کو جو آپ نے وزراء کے خلاف استعمال کیا ہے واپس لیں —

سید غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی—میں اسے واپس لیتا ہوں —تو جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس حکومت کا وجود ایک کروڑ پتی سرمایہ دار کا رہین منت ہو وہ حکومت غریبوں کی کیسے ہمدرد ہو سکتی ہے جس حکومت کے اندر ایک یونٹ کے مخالفین بطور وزراء موجود ہوں اس سے اس امر کی توقع کیسے کی جاسکتی ہے کہ وہ پٹھانستان کے جھنڈے کو وہاں سے اتروا سکے گی —کیا آپ کے نزدیک حب الوطنی اور پاکستان دوستی کا یہی معیار ہے—

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید—جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

جناب والا — ڈاکٹر خان صاحب کا ماضی —ان کا حال اور مستقبل ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں —اس لئے ہمیں اس حکومت سے کوئی شکوہ و شکایت نہیں جس نے لاقانونیت کو فروغ اور نظم ونسق کو تباہ و برباد کر رکھا ہے ۔ جس کے دور اقتدار میں اشیائے خوردنی کی انتہائی قلت اور گرانی ہے ۔ پہننے کو کپڑا اور رہنے کو مکان نہیں ملتا ۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ لوگ چلتی پھرتی لاشیں نظر آتے ہیں مگر یہ ارباب اقتدار اس کروڑ پتی کے گھر میں آئس کریم اڑاتے نظر آتے ہیں ۔

چودھری سعی محمد (ضلع گجرات) جناب والا - میں اپنے خیالات پیش کرنے سے پہلے ڈاکٹر خان صاحب سے اردو کی بجائے پنجابی میں تقریر کرنے کی اجازت چاہتا ہوں - امید ہے کہ وہ اس پر اعتراض نہ کریں گے -

جناب والا—ہماری تحصیل پھالیہ ۷۰ میل لمبی اور ۴۰ میل چوڑی ہے - اس میں صرف ایک ہائی سکول ہے - ہم چار لاکھ روپے بطور لوکل ریٹ ادا کرتے ہیں - ہماری آبادی پانچ لاکھ افراد پر مشتمل ہے - جس کے لئے صرف ایک ہائی سکول ہے - یہ اعداد و شمار پیش کرنے کی جرأت مجھے اس لئے ہوئی ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب ایک عوامی لیڈر ہیں اور ان کے اس جذبے سے ہماری بہت سی امیدیں وابستہ ہیں ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہماری تحصیل کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک روا رکھا جا رہا ہے -

جناب والا—قیام پاکستان سے پہلے ہماری تحصیل زرخیزی کے لحاظ سے صوبے بھر میں دوسرے نمبر پر تھی - لیکن اب ایک یونٹ بننے سے میں وثوق سے نہیں کہہ سکتا کہ اب اس کا وہی مقام ہے یا نہیں - چونکہ ایک یونٹ میں زیادہ زرخیز علاقے بھی شامل ہوئے ہیں اس لئے ہو سکتا ہے کہ اب یہ تحصیل تیسرے نمبر پر ہو - مگر یہاں تعلیم کا انتظام یہ ہے کہ لوکل باڈی نے جسے ہم سال میں چار لاکھ کے قریب لوکل ریٹ ادا کرتے ہیں ہمیں صرف گیارہ مڈل سکول دئے ہوئے ہیں اس کے علاوہ اس تحصیل میں صرف ایک پرائیویٹ سکول ہے جناب والا - میری گذارش یہ ہے کہ اس تحصیل میں سب سے بڑا قصبہ منڈی بہاؤالدین ہے جس کی بیس ہزار یا پچیس ہزار کی آبادی ہے مگر وہاں صرف ایک سکول ہے - وہاں کی میونسپلٹی کی حالت یہ ہے کہ وہ تعلیم کے لئے خاطر خواہ انتظام کرنے سے قاصر رہی ہے - جو لڑکے اس کے سکول میں داخلے سے رہ جاتے ہیں ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارا اگلے سال انتظام کیا جائے گا - سکول بڑھانے کے علاوہ یہاں ایک گورنمنٹ کالج کا ہونا بھی بہت ضروری ہے -

جناب والا—اس تحصیل میں ہسپتالوں کی حالت کا ذکر نہ کرنا ہی بہتر ہے - خدا نخواستہ اگر کوئی بیمار ہو جائے تو ہم لوگوں کو اس کے علاج کی کوئی صورت ہی نظر نہیں آتی - مجبوراً بیماروں کے

علاج کے لئے نیم حکیموں کے پاس جانا پڑتا ہے - جن بیماروں کی عمر قدرت کی طرف سے دراز ہو وہ تو بچ نکلتے ہیں ورنہ باقی ان کے ہاتھوں چل بستے ہیں

ایک آواز-آپ ڈاکٹر صاحب سے سنکھیا کیوں نہیں لیتے ؟ جی ہاں - پچھلے پانچ سال تو آپ سے سنکھیا مانگتے گزر گئے ہیں — اب دیکھیں ڈاکٹر صاحب کیا کرتے ہیں۔

جناب والا — ہماری تحصیل پھالیہ مویشیوں کے لحاظ سے بھی مغربی پاکستان میں اول نمبر پر ہے — مگر وہاں بیمار مویشیوں کے علاج کئے خاطر خواہ انتظام نہیں ہے — جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ بہت سے یلمویشی علاج معالجے کے فقدان سے ضائع ہو جاتے ہیں — اگر انسان بیمار ہو جائے تو اسے تو چارپائی پر ڈال کر ہسپتال لے جایا جا سکتا ہے مگر ہم نے کئی بار کوشش کی کہ مویشیوں کو چارپائی پر ڈال کر ہسپتال لے جائیں مگر ایسا نہ ہو سکا — لہذا اس کی طرف بھی حکومت کو خاص توجہ دینی چاہئے -

نہ لو - اس کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کو اس بات کا احساس ہو کہ اگر چہ ہم ابھی تک غلام ہیں تاہم گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے تحت جو حقوق عوام کو ملے ہیں جہاں تک ان کے استعمال کا تعلق ہے عوام کے نمائندے اپنی تنخواہوں میں اور عوام کی آمدنی میں کسی حد تک توازن قائم رکھ سکتے ہیں۔ حضور والا - آج جب ہمیں مکمل آزادی مل چکی ہے - اور آئین بن چکا ہے ہمارے مقاصد بالکل صاف اور واضح ہیں اور وہ یہ ہیں کہ اس ملک میں سماجی اور اقتصادی انصاف ہو - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کے سیکرٹری جو تھرڈ ڈویژن میں پاس ہیں ان کو چار چار ہزار روپے تنخواہیں دینا کہاں تک جائز ہے - آپ کو معلوم ہے کہ یہ ایک غریب ملک ہے - ہم یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ جہاں کروڑہا انسانوں کو نان شبینہ میسر نہیں وہاں سیکرٹریوں کو چار چار ہزار روپے تنخواہیں دی جائیں - چیف سیکرٹری صاحب نے اپنی تنخواہ میں پانچ سو روپے کا اضافہ کیا ہے - انہوں نے اس بات کی پرواہ نہیں کی کہ ان کے چپڑاسیوں کی تنخواہ میں ایک آنہ کا اضافہ نہیں ہوا -

صاحب سپیکر - آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے - آپ بیٹھ جائیے -

میاں محمد شفیع - میں ڈاکٹر خان صاحب کی خدمت میں یہ بات خاص طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کے ساتھی کبھی تحریک ختم نبوت کا نام لیتے ہیں اور کبھی مارشل لاء کا - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا بجٹ میں اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے کہ تحریک ختم نبوت کے شہدا کے بیوی بچوں کے ساتھ انصاف کیا جائے - کیا آج کوئی انکوائری کمیٹی مقرر کی گئی ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ عوام کے ساتھ کیا زیادتیاں ہوئی تھیں اور پھر ان کا ازالہ کیا جا سکے -

حضور والا - اب میں ایک دو افسران کا نام لے کر ان کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - اس سلسلے میں میں قائد ایوان کی توجہ اپنے آئین کے آرٹیکل ۱۸۱ کی طرف دلاتا ہوں جو سروسز سے متعلق ہے - وہاں لکھا ہے -

Article 181 deals with Services. It says:

No person who is a member of a civil service of the Federation or of a Province, or of an All Pakistan service, or holds a civil post in connection with the affairs of the Federation, or of a Province, shall be dismissed or removed from service, or reduced in rank.

I was showing that the Honourable Chief Minister had no authority to reduce in rank the Inspector General of Police; it is against the Constitution.

You are a wise man, you are a seasoned politician, you are an experienced administrator, but this time you have bungled, fallen into the hands of advisors who do not know anything. You have transferred the Inspector-General of Police to the post of Controller of Transport, which is a lower post in rank and you cannot do so under the Constitution. But when you act in violation of the Constitution, it is my duty as a member of this House to bring it to your notice in the hope that you will give your personal and unprejudiced attention to this matter.

The second officer on whose behalf I want to express my feelings is the former Director of Public Instructions, Mian Sirajuddin. He was a most experienced and most senior Officer. But in order to accommodate provincial interests, you have superseded him by an officer who has not yet taken charge of his office and is still in Kabul and you are keeping the whole department in suspense.

Sir, my honourable friend Mr. G. M. Sayed is a great fighter of this country's freedom and he talked of Sindhi interests being superseded and indulged in provincialism.

Mr. Speaker: He is not under discussion. The grant is under discussion.

Mian Muhammad Shafi: I want to say something about tribal areas. The tribal policy was formulated by the British Government to keep the tribesmen under bondage and to use them as cannon fodder whenever required. Now when they have come into the One Unit, I hope and pray that the Chief Minister will see to it that these brave men in the border territory are not used in this way but that we should do everything possible to raise their standard of living and allow them to progress as anybody else.

Before I conclude, I want to say.....

Mr. Speaker: Sit down please. You are not obeying the Chair. I won't permit you to take more time of the House.

Mian Muhammad Shafi: Sir, this book is "Spies and foreign agents in the Punjab". This book is in my possession and if the Leader of the House can assure me and give me protection against prosecution, I am prepared to go to his Chamber and place the book in his hand to show to him that the men who were guilty of high treason can be seen in his company.

Before I conclude.....

Mr. Speaker: Please sit down.

Mian Muhammad Shafi: Very well, Sir, I resume my seat.

Mr. Speaker: Syed Amir Hussain Shah.

شیخ ظفر حسین — جناب والا ۔ مجھے بھی تقریر کرنے کی اجازت مرحمت فرمائیں ۔ میں کل سے درخواست کر رہا ہوں مگر آپ کی نظر مجھ غریب پر پڑتی ہی نہیں ۔

صاحب سپیکر — اس سلسلے میں آپ کی پارٹی کی طرف سے مجھے جو فہرست موصول ہوئی ہے اس میں آپ کا نام نہیں ہے ۔

شیخ ظفر حسین — اس سلسلے میں میں پارٹی کے فیصلے کا پابند نہیں ہوں ۔ میں یہاں اپنی پارٹی کی ترجمانی کرنے نہیں آیا۔ میں اپنے حلقے کے عوام کی ترجمانی کرنے یہاں آیا ہوں ۔ اس معاملے میں میری پارٹی نے آپ سے ضرور کوئی سازش کی ہوگی ۔ میں بھی تقریر کرکے آپ کی طرح اپنی روزی حلال کرنی چاہتا ہوں ۔

صاحب سپیکر — آپ بیٹھ جائیں میں سید امیر حسین شاہ کا نام پکار چکا ہوں ان کو تقریر شروع کرنے دیجئے ۔

شیخ ظفر حسین – جناب والا ۔ میں نہیں بیٹھ سکتا کیونکہ میں کل سے تقریر کرنے کی اجازت مانگ رہا ہوں ۔

صاحب سپیکر – اگر آپ بیٹھ نہیں سکتے تو آپ ایوان سے اٹھکر چلے کیوں نہیں جاتے ۔

شیخ ظفر حسین ۔ آپ ہی ایسا کیوں نہیں کرتے ۔

صاحب سپیکر – میں آپ کو حکم دیتا ہوں کہ آپ بیٹھ جائیں ۔

Dr. Khan Sahib : Sir, the behaviour of the honourable members towards the Speaker must be proper. I think the dignity of the house must be kept and we must all respect the Speaker.

Mr. G. M. Sayed : Sir, I have just heard the member uttering such words which are inconsistent with the dignity of the Chair He must either apologise or walk out from the house.

صاحب سپیکر – مسٹر جی ۔ ایم ۔ سید نے ابھی ابھی جو کچھ کہا ہے میں اس کے متعلق یہ کہنا چاہتا ہوں کہ معزز رکن کی چونکہ کوئی قابل اعتراض بات میں نے نہیں سنی اس لئے میں اس کا کوئی نوٹس نہیں لینا چاہتا ۔

Syed Amir Hussain Shah (Gujrat District): Mr. Speaker, Sir, never before since the collapse of the Sikh power has the tone of administration been so low as it is today. Sir, not even at the time of Partition when the services were bereft of their senior officers at all levels of seniority, was the tone of administration so low as it is today. Sir, the Partition had come in the wake of a popular movement. At that time, Sir, the people and the services were both inspired with enthusiasm and with hope. They were inspired, Sir, with the ambition to make a good job of the freedom that had been won. Sir, no such popular movement preceded the unification of West Pakistan or the formation of the Republican Party and their installation in power. In fact, Sir, they captured power first and formed themselves into a party afterwards (Shame). Sir, till today they have not issued any party manifesto. Such a thing is unheard of in any democratic country. The result, Sir, is that there is a complete chaos in all Government Departments and the work is completely at a standstill and not even personal visits by our great Chief Minister to the rooms of the various Secretaries and Deputy Secretaries to mark them absent or late have made any improvement.

Sir, we are passing this grant not for administration, but for the utter lack of it. We are going to pay a sum of over three crore of rupees to His Excellency the Governor for maladministering the province of West Pakistan.

Now, Sir, this is not surprising. Any political change which is forced on the people creates more problems than it solves. Sir, the unification of this part of the country was too big a political change to have been brought about administratively. We should have created a suitable political climate for it; we should have seen that there was some popular support for it. No such thing was done. In fact, even the Provincial Assemblies, whose members had lost their representative character because they had been elected many many years back, even these Provincial Assemblies were not freely consulted and the One Unit Resolution was forced on them and almost all Provincial Cabinets had to be sacked before One Unit could be imposed.

Now, Sir, since the people were apathetic or indifferent, the One Unit had to be ushered in with the assistance of the permanent services alone. In fact, it was achieved with the assistance of the gallant C. S. P. cadre. Since the C. S. P. cadre knew that their sympathies had to be retained by the makers of the One Unit at all costs, they very cleverly exploited the situation. They asked

for and they were paid a very heavy price for the assistance that they rendered. Sir, we were told that there would be a great financial saving—in fact financial saving was one of the main planks of the makers of One Unit. Now, Sir, instead of their being any reduction in posts, posts have actually multiplied and salaries have been increased out of all proportions. The result is that some of these C. S. P. Officers who, had there been no independence, they would have been just junior district officers, are today drawing more emoluments by way of salaries and a whole series of shameless allowances than were drawn by the British officers as Financial Commissioners.

Sir, not only they have helped themselves with money by drawing high salaries but they have also grabbed power. Previously, we had four or five Governors in this part of the territory. Today, Sir, we have ten or eleven powerful satraps known as Divisional Commissioners. They have been given too much power. It is dangerous to concentrate so much power in the hands of a single individual. The more power you vest him with the more likely he is to abuse it. This, Sir, is a peculiar situation in our country. The real power is shared by the Centre at the one end and by Divisional Commissioners at the other end. We here are functioning in a vacuum, not much is done at the provincial level and this Assembly, Sir, this august House is no more than a school debating society. No wonder the Ministers are not able to answer supplementary questions. The files no longer go to them as was the case before.

Sir, the argument advanced for creating these Divisional Secretaries was that it would enable decisions to be made locally and to put them into effect quickly. Now, Sir, this is a very stupid way of looking at the problem. The problem, Sir, is not so much that decisions should be made locally as that they should be justly made. And if, Sir, by creating satrappies you ensure that decisions are carried out quickly but at the same time contract the working of the rule of law, then such quick decisions are not worthwhile. Sir, one of our basic requirements, almost as basic I would say as food and shelter, is the rule of law. Sir, we should inspire our people with confidence that they will always and at all times get a fair deal at the hands of the administration. If, on the other hand, you inspire them with fear and high-handedness you debase their moral character. You make cowards and hypocrites out of them.

I can assure you, Sir, as well as our Chief Minister that you cannot create a great nation out of cowards and hypocrites. Sir, one sure way of destroying the rule of law in the country is to create a powerful bureaucracy and put unscrupulous Ministers on top of it.

Sir, the creation of these powerful Divisional Commissioners had made one thing very simple. It has made interference by our Ministers in the administration very very easy. Previously a Minister had to approach all sorts of departments for favour for a stooge. For example, he had to approach the Irrigation Department for a moga, Building and Roads Department for little bit of road in his home village and the Health Department for the promotion of a favoured Compounder. Now, Sir, he has got only to ask the Commissioner of the Division, because the Commissioner is the monarch of all the Departments he surveys in his setreppy, and, in case he refuses to comply he is threatened by the Minister with transfer.

Now Sir, I would like to say a word about transfers about which our Chief Minister only a few months ago uttered some full throated sentences. When the transfers were ordered the Chief Minister came out with a statement. He said, these transfers were ordered in order to tone up the administration of the Province. Now, Sir, nothing could be more further from truth and no explanation would be more naive than this explanation. In each and every case an Officer was transferred because he refused to carry out the wishes of the Cabinet. Either because he was honest or, Sir, because he was a Daultanite. And he was replaced not by an honest officer but by a stooge of this Cabinet who on assuming charge, immediately proceeded to force the reluctant M. L. A.s into the Republican fold.

Sir, the few days that Republicans have been in power they have crowded so many malpractices so much bribery and corruption that, Sir, their record comes very near to the record of the Muslim League. Sir, we Independents welcome the downfall of the Muslim League. But the ousting of no Government however bad, not even the ousting of the Muslim League Government, justifies the corrupt methods that have been employed. I can assure the Chief Minister that corrupt methods corrupt the end. He will soon find it, probably he has already found, that he is unable to do anything good for the country. However, the Muslim League should have no cause to grumble. After all the tricks of the trade were first initiated and perfected by them. If they are now being used against them they have only themselves to blame. And, Sir, the present personnel of the Republican Cabinet,—almost all of them,—had their training in the great training centre ofthe Muslim League, and only a few days ago they were all Members of the Muslim League. Sir, Sardar Bahadur Khan, now the gallant Leader of the Opposition, only a few months ago ousted Sardar Abdur Rashid's Cabinet in the Frontier Prvoince at the instance of the Governor in the same manner in which the Muslim League has been ousted from power today.

Now, Sir, why is it that the Chief Minister with all his sincerity of purpose, with all his honesty, is unable to do anything good for the country. The answer is very simple. The Chief Minister is deviating from the basic rules of the canons of democracy by trying to rule without a programme. He is finding himself in a very awkward position. Sir, either you rule by virture of popularity or you rule by virtue of mal-practice. This Party is without a programme. They have nothing to offer to the people. They cannot carry the people with them. The result is that he has, willy nilly to rule by mal-practice. He cannot help it. Now, Sir, the Chief Minister appears to be most indifferent to the issue of a manifesto. Whenever his attention is drawn to this point he gets up to say, "I don't believe in empty-talking, I believe in action." Let me explain it to him for his benefit that when we talk of a manifesto it is not empty-talking. The menifesto plays a very crucial function in democratic working. Because, Sir, in democracy the people are supposed to be sovereign and you have no business to rule over them unless and until you tell them why you are in office. This you can only do by issuing a manifesto so that at the time of the next general election people can judge whether you have kept your promises and to throw you out in case they find that you have failed to do so.

Sir, the only formal statement of policy made so far by the Chief Minister is that he is here to remove the crooks from Pakistan. Now, Sir, this is a laudable object, I must say a very formidable one. But, nevertheless it is merely a statement of objectives. We, as representatives of the people, would like to know the programme of removing these crooks. What does he intend to do ? Who for example is going to decide whether a person is a crook or not? Will it be the Chief Minister in exercise of his individual discretion and judgment or will he be advised by his Cabinet. And, if he is going to be advised by his Cabinet, I would like to know if Chaudhri Abdul Ghani Ghuman or Pirzada Abdus Sattar are going to advise him in this behalf. My impression is that his intention is to remove the crooks in a very novel manner. He is going to collect them all together and one day get up and with one stroke of his sword destroy them all.

The Chief Minister had given an assurance to hold free and fair elections but unless he carried the people with him on the basis of a programme the elections would never be free and fair. After all, what is the record of the three ex-Chief Ministers in his Cabinet? Sardar Abdur Rashid, the most innocuous of them rigged Mardan by election in a manner which put even Abdul Qaiyum Khan into shade. (Interruptions).

Mr. M.H. Gazdar: (Municipal Corporation of Karachi) Sir, I rise to oppose this grant.

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, my friends who have moved the out motions should be given the opportunity to speak.

Mr. M. H. Gazdar : Sir, after unification the efficiency in administration and unity among the people of different regions have completely failed. During British regime there were too many posts of Commissioners and they were given too much power. We struggled and fought for abolition of Commissioners' posts in order to eradicate them. In India these posts have been abolished. But what is happenning here ? You have abolished the posts of Governors of two or three provinces and Nawabs of some States, but created too many Commissioners like overlords with much higher powers. It is absolutely unnecessary that these posts should immediately be abolished. In Sind we had only one Commissioner and similarly in other Provinces there was one Governor and one Commissioner but today we have got two in place of one. I do not really know the reason for this uncontrolled luxury. This is all a paradise for bureaucracy, so that bureaucrats should rule and there could be no People's Raj. Then I cannot understand why the Governor and Administrative Council were appointed. It is illegal and the rules framed by them are illegal. It is not for the good of the people, it is not people's Government, it has created a heaven for bureaucracy not unification for peoples' good. Yesterday Mr. G. M. Syed quoted rules and if you will give me time I would read out Rule 37 of the Rules of Business, wherein the process has been shown by which Chief Secretary, Secretaries and Heads of Departments are all powerful and also can take the cases directly to the Chief Minister or Governor . It means that Minister is nobody and he as people's representative has no power of Government. Then, Sir, I cannot understand why this extra expenditure is being incurred on luxuries of Governor, Commissioners and officers. Previously, we were having one officer for a particular job but now after unification there are two officers for the same purpose. Unification was brought about so that there should be economy—there would be one Government, one Cabinet and one Legislature in place of several but there is no economy in administration. I, therefore, propose, Sir, that if Dr. Khan Sahib really means business he should think over and abolish these posts of Commissioners. He can straight away abolish them for there is no constitutional difficulty in his way.

The Heads of the Departments and the Secretaries dispose of the cases. The Minister has some hand in initiating some policy. It is the Secretary who looks to it that the policy is carried out.

Sir, Rule 5 (2) lays down : "The business of the Department shall be disposed of by and under the authority of the Secretary". The authority of the Minister is not mentioned in this case. The Minister has no control over the Secretary.

Then, Sir, all the recruitments used to be done by the Public Service Commission. Now, under the new method, they have created a Board —Selection Board—under Rule 16. Appointments, postings and transfers from one station to the other are done by this Selection Board.

The democratic slogan :—"rule of the people, by the people, for the people,"—is never observed in this land. It is a sort of a conspiracy by beaurocrats. Formerly, white beaurocrats, "sufaid logs", used to rule us ; today it is the "kala logs"—these brown beaurocrats—who are ruling us. They have taken all the powers by framing such rules so that people's representatives have no voice in the governance of the country. These rules, Sir, must be radically revised. Your Ministers cannot transfer any body. They cannot send for a single file. All these files must be sent to the Chief Secretary. The Chief Secretary is another super-Governor.

Now, Sir, I come to the scheme for the creation of about 11 or 12 more states—11 or 12 more Nawabs. This scheme is provided under the rules framed by the Administrative Council. I was not against the Nawabs, Sir, I admire them for the way they treat their subjects. Despite their mal-administration, favouritism, and all that, these Nawabs, these Rulers, considered the people committed to their care as children. The subjects considered them as "baps". The officials who are now deputed there in their places are birds of passage—

it is true; they remain in their jobs for only two or three years and then other people come and take their places. The experience they gain during their period of service is lost to the State. I understand all this. What is the use of this disintegration anyway. You have disintegrated the whole of West Pakistan into several more "States" and given these extraordinary powers to the secretaries and the Selection Board. In India, Congress Government have abolished all this completely. We should do the same thing here, Sir, and abolish the Divisional Commissioners—or new Nawabs.

One thing which I hope the Honourable Chief Minister will kindly look into immediately is regarding the hotels here. The hotels are too costly. We do not get any allowance for our hault here. We pay forty or fifty rupee per day but we do not get the corresponding benefit. I would ask the Honourable Chief Minister to kindly do something in the matter. In Karachi there is a sort of a Board which controls the hotel rates taking into consideration the kind of food and the quality of service offered.

I would also like to point out that the taxies here are excessively costly. Now, if I come from tne Faletti Hotel to this place which is only about a furlong. I have to pay Rs. 3-4-0. Two rupees have to be paid for engaging the car, ten annas for the fare and another ten annas for return fare. This is an extraordinary state of affairs. Now—here in the world—I have been to almost every part of the world—we have to pay such high rates of fare.

I think, Sir, for the sake of efficient working of this House, the Chief Minister should look into these two things, accommodation in hotels and proper rates of Taxi fare. All the amenities should be provided in the hotels. Good food should be given and public Transport should be provided at a cheap rate—not at least higher than what it is in Karachi. We may be premitted to bring our Cars to Lahore for which freight should be paid to us. In the Central Assembly in Delhi members used to get car freight paid to railways.

Then, Sir, there is one more thing. We are talking so much about poor people and Dr. Khan Sahib has always said that he is a people's man. I find in the city of Lahore today that we cannot get wheat for less than Rs. 14 per maund. It is the business of the Government to look to outer security, our honour and our food. Everything else—canvassing for votes, etc.,—should come afterwards. The wheat rate in Lahore should be fixed at Rs. 10 a maund and people to be enabled to get it at that rate.

Some Members: What about this side Sir ?

Mehr Muhammad Sadiq : (MINISTER): Not more than 10 minutes should be allowed to a member.

Mr. Speaker : Honourable members do not at all realise my own limitations. The time is limited; the number of speakers is so large. So many speakers have spoken twice and still they say that they should be called upon. I left this matter to the respective parties and I requested them to provide me with a list. They sent me the list and then new members came and wanted to be on the list and insisted that I should permit them to speak. In a House of three hundred, when the time is so short, it is impossible to satisfy the demand of every member. I can leave the matter for decision to the respective parties. They may arrange among themselves which members should speak and the time the members should take and I can proceed accordingly. If they leave the matter to me, then my suggestion is that no speech should last for more than five minutes because the number of speakers is so large. But I fear that when I ring the bell after five minutes, they may not sit down. This state of affairs cannot be carried on in a Legislative Assembly. If you want to satisfy yourself, you should follow the rules of procedure and obey the Chair otherwise you will not be able to satisfy yourself.

بیگم سلمٰی صدیق حسین—پوائنٹ آف آرڈر - آج کی بحث میں بہت زیادہ ممبر صاحبان حصہ لینا چاہتے ہیں اس لئے میں یہ تجویز کروں گی کہ آپ بولنے والوں کی فہرست لیکر ان کے نمبر کے مطابق وقت مقرر کیجئے تاکہ ہر آدمی اپنے خیالات کا اظہار کرسکے - کسی کو آپ پندرہ منٹ دیتے ہیں اور کسی کو آدھا گھنٹہ اور کسی کو پورا گھنٹہ۔

this is not a sound policy. I would request you to call upon the members according to the list settled before hand and keep in view the time at your disposal.

خواتین ممبران کو تو خاص طور پر وقت دینا چاہئے - وہ اس ہاوس کا تین فیصدی حصہ بنتی ہیں اور اتنے بڑے ہاؤس میں ان کا خاص خیال رکھا جانا چاہئے -

صاحب سپیکر — ہر تقریر کے بعد معزز ممبران ضابطہ کے امور پیش کرنے کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں - مگر جو کچھ وہ پیش کرتے ہیں اسکا ضابطہ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا -

سید نذر حسین —جناب والا میرا امر ضابطہ یہ ہے کہ اگر معزز ممبران اپنی تقاریر میں ان باتوں کو نہ دھرائیں جو ان سے پہلے یہاں کہی جا چکی ہوں تو ایوان کا بہت سا وقت بچ جائے - اگر آپوزیشن کے لیڈر اپنی پارٹی کے اراکین کو کہی ہوئی باتیں دھرانے سے روک سکیں تو یہ ایوان کے لئے بہت مفید ہوگا -

صاحب سپیکر — میں معزز ممبر سے متفق ہوں - مگر میرا یہ خیال ہے کہ اگر آپوزیشن کے لیڈر بھی انہیں کہینگے تو وہ اس بارہ میں انکی بات بھی نہیں مانیں گے -

مولوی محمد ذاکر (ضلع جھنگ) - جناب والا - میں جو کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اس سے پہلے غالباً اسکے متعلق کچھ نہیں کہا گیا - میری غیر حاضری میں کسی نے اس کا ذکر نہ کر دیا ہو - ورنہ میری موجودگی میں اس کا یہاں ذکر نہیں آیا -

جناب والا- عوام کو وحدت مغربی پاکستان سے جو توقعات تھیں مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ غلط ثابت ہوئی ہیں - ہمیں امید تھی کہ یہ قدم قوم کی تعمیر کے لئے بہترین قدم ثابت ہوگا - لیکن اس ایوان میں اس نمائندہ اجتماع میں ایسے افسوسناک اور روح فرسا مناظر دیکھنے میں آئے ہیں کہ وہ توقعات دھری کی دھری رہ گئی ہیں - اگر تمام معزز اراکین اس مقصد پر ٹھنڈے دل سے غور کرتے تو یقیناً یہ مناظر پیش نہ آتے - میں تفصیل میں پڑنا نہیں چاہتا - میں صرف اس تحریک

تخفیف کے سلسلے میں چند اہم چیزوں کی طرف ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ تعلیم خصوصاً دینی تعلیم کے سلسلہ میں عوام کو وحدت مغربی پاکستان سے جو توقعات تھیں وہ ہر گز پوری نہیں ہوئیں ۔ اگرچہ موجودہ بجٹ میں محترم سردار دستی صاحب نے اسکے لئے کافی رقم ظاہر کی ہے مگر اصل مدعا جو قیام پاکستان سے تھا اس کی طرف توجہ نہیں کی گئی ۔ اگر وہ اس رقم کا کچھ حصہ بھی اس مقصد کے لئے مقرر کر دیتے تو یہ بہت بڑی کامیابی ہوتی ۔ مگر انہوں نے اس میں سے ایک معمولی حصہ بھی دینی یا اسلامی تعلیم کے لئے نہیں رکھا ۔ یہ ایک ایسی فروگذاشت ہے جو حکومت کی بنیادوں کو کمزور کرنے والی ہے ۔ کیونکہ اگر پاکستان کا مقصد یہی ہے اور یقیناً یہی ہے کہ یہاں ہم اپنی تہذیب و تمدن کو بحال کر سکیں تو ہمیں چاہئے تھا کہ ہم سب سے پہلے اسکے لئے کوشش کرتے ۔ جو آزاد قومیں اپنی تہذیب و تمدن کو بحال نہیں کر سکتیں وہ اپنی آزادی کو بھی بحال نہیں رکھ سکتیں ۔ تہذیب و تمدن کو بحال رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ اپنی مخصوص روایات کو برقرار رکھا جائے ۔ اپنی روایات کو برقرار رکھنے کے لئے ہمیں اپنے نظام تعلیم اور اصول تعلیم کو بدلنا چاہئے ۔ اگر ہم نے اب بھی یہاں وہی نظام تعلیم رکھنا ہے جو اجنبی حکومت کے زمانہ میں یہاں موجود تھا تو پاکستان کے قیام کا جو مقصد تھا وہ کیسے پورا ہوگا ۔ قائداعظم کی یادگار میں ایک داوالعلوم قائم کرنے کا اعلان کیا گیا تھا ۔ اسکے لئے کافی فنڈ بھی جمع ہوئے تھے ۔ مگر اب اسے بالکل حذف ہی کر دیا گیا ہے ۔ اس کا کہیں نام و نشان تک نہیں ہے ۔ بلکہ جو غیر سرکاری ادارے اس سلسلہ میں کوئی اقدام کرنا چاہتے تھے حکومت نے انکے ساتھ بھی کوئی تعاون نہیں کیا ۔ مثال کے طور پر جامعہ محمدیہ جھنگ نے اس مقصد کے لئے کافی تحریک کی اور بارہا مرکزی اور صوبائی حکومت کو اس طرف توجہ دلائی مگر نہ مرکز کی طرف سے اس بارہ میں کوئی قدم اٹھایا گیا اور نہ صوبائی حکومت کی طرف سے ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جسکے نتائج پر میرے خیال میں ہماری حکومت کی پوری توجہ نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اگر اس بنیادی مسئلہ پر توجہ دی جائے تو ہماری تمام خرابیاں دور ہو سکتی ہیں ۔ تمام نظام کی اصلاح ہو سکتی ہے ۔ ہر حکومت کا ایک خاص نظام ہوتا ہے جو ایک خاص نظریہ پر مبنی ہوتا ہے ۔ اگر اس نظریہ کو نظر انداز کر دیا جائے تو وہ نظام قائم نہیں رہ سکتا ۔ اگر ہم خدا نخواستہ اسی نظام پر قائم رہے جو غلامی کے دور میں ایک اجنبی حکومت نے یہاں قائم کیا تھا تو ہم اپنی منزل مقصود پر کبھی

نہیں پہنچ سکیں گے ۔ کہا جاتا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی نے اسلامیات کے لئے کچھ کیا ہے اور سکولوں کی ابتدائی تعلیم میں بھی اسلامیات کے لئے قدم اٹھایا گیا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اس سلسلہ میں ابھی تک کوئی بڑا قدم نہیں اٹھایا گیا ۔

جناب والا — یونیورسٹی تعلیم کے متعلق آپ کے علم میں ہوگا کہ پنجاب یونیورسٹی میں جو محکمہ اسلامیات ہے وہ بالکل کس سپرسی کی حالت میں ہے ۔ اس کے متعلق اسلامیات ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کئی مطالبات پیش کئے گئے مگر ان پر کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔ بلکہ وائس چانسلر کی طرف سے انتہائی لاپروائی کا اظہار کیا گیا ہے ۔ اخبارات میں اس موضوع پر کئی شکایات شائع ہوئی ہیں لیکن پبلک کی ان تمام شکایات کے باوجود وائس چانسلر کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا ۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ محکمہ تعلیم کی طرف سے سکولوں میں اسلامی اور دینی تعلیم کے لئے جو معمولی سا بندوبست کیا گیا ہے وہ بالکل برائے نام ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی تعلیم کے بارے میں اگر ہمارا رویہ یہی رہا اور اسے اسی طرح نظرانداز کیا گیا تو خدشہ ہے کہ جس مقصد کے لئے پاکستان کا قیام عمل میں آیا تھا ہم اس کے حصول میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے ۔ اس لئے میں اس ایوان کے معزز اراکین کی توجہ خصوصیت سے اس طرف دلاتا ہوں کہ اگر قیام پاکستان کے اس اصول کو ہم نے نہ اپنایا تو اس کے نتائج نہایت خطرناک ہوں گے یہ نہ صرف عوام کو تسکین کے لئے اور ان کی تسلی کے لئے ہی ضروری ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ خواص کی تسلی کے لئے بھی ضروری ہے کہ اس سلسلہ میں کوئی فوری اور موثر قدم اٹھایا جائے ۔ ورنہ ہمیں اپنے مقصد میں ہرگز کامیابی نہیں ہوگی ۔

میں آخر میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ اگر اس ایوان کو پاکستان کی بہتری اور بہبودی میں کوئی دلچسپی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہم سب کا فرض اولین ہے تو ضروری ہے کہ اس طرف کوئی قدم اٹھایا جائے اور پہلا قدم یہ ہونا چاہئے کہ محکمہ تعلیم دینی تعلیم کو اپنائے اور اس کی ترویج واشاعت کے لئے خاص شعبہ قائم کرے ۔ مدارس میں اور دوسرے ذرائع سے دینی تعلیم کو عوام میں پھیلائے ۔ ریاست بہاولپور میں جامعہ عباسیہ اس سلسلہ میں کام کر رہا ہے لیکن مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ اس کی ترقی اور اس کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا گیا ۔ ریاست بہاولپور میں ایک عرصہ

سے اس کام کے لئے ایک نظام چلا آ رہا ہے کاش کہ ہماری حکومت اس سے کچھ سبق سیکھتی ۔ امید ہے کہ میری گذارشات پر توجہ دی جائے گی اور انہیں عملی جامہ پہنانے کے لئے فوری اقدام کئے جائیں گے ۔

فخر کشمیر سردار حبیب اللہ خان ڈوری خیل وزیر —
(شمالی وزیرستان ایجنسی و علاقہ ہائے قبائلی بنوں)

صدر محترم ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم قبائلی علاقہ کے لوگ چونکہ اس سے پہلے اسمبلی میں کبھی نہیں آئے اس لئے ہم سے اگر کوئی غلطی ہو جائے تو آپ معاف فرمائیں ۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہماری مادری زبان پشتو ہے اردو نہیں ہے ۔ پنجابی نہیں ہے ۔ انگریزی نہیں ہے ۔ لہذا اگر اردو میں تقریر کرتے وقت زبان کی کوئی غلطی ہو جائے تو وہ بھی آپ معاف کر دیں ۔ اور صدر محترم ۔ مجھے اتنے زور سے بولنا نہیں آتا جتنے زور سے ہمارے بعض دوست بولتے ہیں جن میں میاں محمد شفیع بھی ہیں ۔ مگر پھر بھی میں کوشش کروں گا کہ زور سے بولوں ۔

صدر محترم ! چند دن سے میں اس ایوان کا جو رویہ دیکھ رہا ہوں وہ دیکھ کر مجھے افسوس ہوتا ہے ۔ مجھے بہت ہی افسوس ہوتا ہے ۔ خاص طور پر اس آپوزیشن پر ۔ دوسری جماعتوں پر بھی ہوتا ہے میں ان کو بھی اچھا نہیں کہتا ۔ آپوزیشن کے بارے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے دو پٹھان تھے اور ان میں سے ایک کا نام خفا تھا ۔ دوسرے نے پوچھا کہ تم خفا کیوں ہو تو اس نے کہا کہ میرا نام ہی خفا ہے تو مجھ سے کیا پوچھتے ہو ۔ تو اس طرح جب ایک پارٹی کا نام ہی آپوزیشن ہو تو اس پر میرے خیال میں زیادہ گلہ نہیں ہونا چاہئیے ۔ کیونکہ اس کا نام ہی آپوزیشن ہے (قہقہہ) اور جب میں دوسری جماعتوں سے پوچھتا ہوں کہ آپکا رویہ کیوں اس طرح کا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم مجبور ہوتے ہیں ۔ آپوزیشن پہلے ایسا کرتی ہے تو ہمیں اس کا جواب دینا پڑتا ہے ۔ مجھے اس موقعہ پر ایک روایت یاد آئی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تین اوصاف رکھنے والے آدمیوں کے لئے میں خدا سے بخشش مانگوں گا ۔ پہلا وہ جو زبان کا میٹھا ہو یعنی خوش اخلاق ہو ۔ دوسرا وہ جس میں برداشت کا مادہ ہو ۔ اور تیسرا وہ جو حق کو حق کہے ۔ لیکن یہاں پر میں جو کچھ دیکھ رہا ہوں وہ اس کے برعکس ہے ۔ میرے خیال میں آپ کو چاہئے تھا کہ کسی اکاونٹ برانچ میں چلے جاتے کیونکہ وہاں جملہ معترضہ بہت ہوتا ہے ۔ اور پھر میں

دیکھتا ہوں کہ یہاں جو حق بات ہو اس پر بھی اختلاف ہوتا ہے ۔ یہ بہت افسوس کی بات ہے ۔

صدر محترم ! اب میں بجٹ کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔ میں کہوں گا کہ باتیں کرنا آسان ہیں مگر کام کرنا مشکل ہوتا ہے ۔ اس ایوان میں کہا گیا ہے ۔ کہ جب سے یونٹ بنا ہے بہت زیادہ تکالیف کا سامنا ہو گیا ہے ۔ انہی تکالیف کو مد نظر رکھتے ہوئے کئی جگہ اخراجات کو تبدیل کرنا پڑا لیکن اس کے باوجود جو کچھ بجٹ گورنمنٹ نے بنایا ہے میرے خیال کے مطابق اس میں کوئی اختلاف کی بات نہیں ہے البتہ یہ ضرور کہوں گا اور پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ قبائلی علاقوں کی بہتری کے لئے آپ نے کیا کیا ہے ؟ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ ہمیں اس سال دیا جا رہا ہے وہ بہت ناکافی ہے ۔ ہمارے علاقہ کے لئے زیادہ روپیہ رکھنا چاہئے تھا کہ ہم واپس جاکر اپنے علاقہ میں قبائلی عوام کو بتاتے کہ اس سال ہم زیادہ کچھ لے کر آئے ہیں ۔

جناب صدر ! اب میں مسلم لیگ کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس سلسلے میں میں جو کچھ بھی عرض کروں گا اپنے ضمیر کے مطابق عرض کروں گا ۔ اس میں شک نہیں کہ مسلم لیگ وہ جماعت ہے جس نے پاکستان بنایا ۔ مگر مسلم لیگ کو کس نے بنایا ۔ اس کے متعلق میری گذارش یہ ہے کہ اسے کانگرس نے بنایا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ مجھے معاف فرمائینگے اگر میں یہ کہوں کہ مسلم لیگ کے بعد جتنی جماعتیں بھی بنی ہیں وہ سب مسلم لیگ نے بنائی ہیں ۔ یہ عوامی لیگ اور جناح لیگ وغیرہ سب مسلم لیگ نے بنائی ہیں ۔ میں نے ذاتی طور پر مسلم لیگ میں جو کام بھی کیا ہے اس کے متعلق میں کچھ کہنا مناسب نہیں سمجھتا ۔ البتہ یہ ضرور کہوں گا کہ گذشتہ نو سال کے عرصہ میں مسلم لیگ نے جو کام بھی کیا ہے وہ اس سے بہت کم ہے جس کی ہمیں اس سے توقع تھی ۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ مسلم لیگ کی جنگ آزادی بھی محض اقتدار کی خاطر تھی ۔ چنانچہ جب مسلم لیگ کو اقتدار نصیب ہوا تو اس کے پہلے چار پانچ سال یعنی قائد ملت کے عہد تک تو اس نے کچھ اچھا کام کیا مگر اس کے بعد روز بروز اس اقتدار اور اس جذبے کو زوال ہونا شروع ہوا جس کا نتیجہ آج آپ کی آنکھوں کے سامنے ہے ۔

جناب صدر ! ڈاکٹر خانصاحب کی شخصیت کے بارے میں میری گذارش یہ ہے کہ اس ملک کی سیاسی تاریخ میں انہوں نے جو نمایاں

حصہ لیا ہے اس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا - ۱۹۴۷ سے پہلے ان کا جو سیاسی نظریہ تھا اس وقت قبائلی علاقے سے میں نے اس کی مخالفت کی تھی کیونکہ اس وقت کا تقاضا ہی یہ تھا - اس کے علاوہ جیسا کہ آپ بھی جانتے ہیں ہر شخص کو اپنا سیاسی نظریہ قائم کرنے کی پوری آزادی ہوتی ہے اور چونکہ سیاسی نظریہ ہمیشہ وقت کے تقاضوں کے تابع ہوتا ہے اس لئے عین ممکن ہے کہ آج آپ کا نظریہ کچھ ہو اور کل اس کے بالکل برعکس ہو - جب تک مجھے ڈاکٹر صاحب کے نظریے کا علم نہ تھا میں مسلم لیگ کے ساتھ تھا مگر جب مجھے اس کا علم ہوا تو میں نے اسے لبیک کہا - میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب کا موجودہ نظریہ وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ہے اور اس سے ہمارے ملک کے استحکام کو کافی فائدہ پہنچ سکتا ہے - آپ لوگ آج حیران ہو کر اس امر کا اظہار کر رہے ہیں کہ آخر یہ ریپبلیکن پارٹی چند دنوں میں بن کیسے گئی - میری عرض یہ ہے کہ آپ لوگ خود ہی اس کے موجد ہیں اور آپ کی مسلم لیگ نے ہی اسے بنایا ہے - کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ ایک وقت ڈاکٹر خان صاحب نے فرمایا تھا کہ میں تو ملک کی خدمت کرنا چاہتا ہوں - مجھے پارٹی بنانے کا کوئی شوق نہیں - مگر جب آپ نے سیاسی طور پر ان کی پوزیشن خراب کرنے کی کوشش کی تو مجبوراً انہیں یہ پارٹی بنانی پڑی -

جناب صدر صاحب ! پھر ڈاکٹر صاحب کے مخالفین یہ بھی کہتے ہیں کہ اس ریپبلیکن پارٹی کا وجود ڈاکٹر صاحب کی زندگی پر منحصر ہے چونکہ ڈاکٹر صاحب بہت عمر رسیدہ اور ضعیف آدمی ہیں اس لئے ان کا زیادہ دیر تک زندہ رہنا نا ممکن ہے - اس لئے ان کی پارٹی بھی چند روز کی مہمان ہے - لیکن میں انہیں اس حقیقت سے آگاہ کر دوں کہ ان کا نصب العین برسر اقتدار رہنا نہیں بلکہ برسر اقتدار رہ کر ملک اور قوم کی خدمت کرنا ہے - میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب کو جتنا بھی کوئی ملامت کریگا یا ان کی ذات پر حملہ کریگا اتنا ہی ہماری ان کے ساتھ محبت اور تعاون بڑھتا جائے گا میں بیجا طور پر ڈاکٹر صاحب کی تعریف کرنا نہیں چاہتا اور نہ ہی مجھے ان سے کوئی سروکار ہے حزب مخالف کے بعض ممبران صاحبان نے کہا ہے کہ ہم قبائلی پولٹیکل ایجنٹ کے زور سے یہاں پر آئے ہیں میں حلفیہ کہتا ہوں کہ لاالہ الااللہ محمدالرسول اللہ — میں خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا - ہم جو یہاں پر آئے ہیں کسی کے زور یا ڈر سے نہیں آئے - میں پہلا آدمی ہوں کہ جس نے قبائیلوں

کی طرف سے سنہء ۱۸-۳-۵۶ کو بمقام پشاور ڈاکٹر خان صاحب کو اعتماد کا ووٹ دیا اور میری اس تجویز کی سب قبائیلی ممبر صاحبان نے تائید کی ہے۔

جناب صدر! مسلم لیگ والوں نے قبائیلی علاقے کے باشندوں کے ساتھ کئی وعدے کئے تھے جنہیں وہ شاید اب بھول چکے ہیں۔ انہوں نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ ہم ہر لحاظ سے آپ کی حالت بہتر بنانے کی حتی الامکان کوشش کرینگے۔ ہم آپ کو یہ دینگے اور ہم آپ کو وہ دینگے۔ مگر افسوس ان وعدوں کا دسواں حصہ بھی آج تک انہوں نے پورا نہیں کیا۔ مجھے قبائیلی علاقے والوں نے کئی بار مجبور کیا کہ جاؤ ان کے سامنے اپنے مطالبات پیش کرو۔ شاید ہمیں ان سے کچھ حاصل ہو جائے مگر بے سود۔

جناب صدر! جہانتک کشمیر اور چترال کا تعلق ہے آپ کو شاید معلوم ہو گا کہ قبائلیوں نے اس سلسلے میں کس جوانمردی اور شجاعت کا ثبوت پیش کیا ہے۔ کشمیر کے متعلق قبائلی لوگوں کا ہمیشہ یہ مطالبہ رہا ہے کہ اگر حکومت ہمیں اجازت دے تو ہم دوبارہ وہاں جائے اور اسے فتح کرنے کے لئے تیار ہیں۔ مگر رموز سلطنت خویش خسروان دانند۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس سلسلے میں قبائلیوں کو صرف سگنل کا انتظار ہے۔

جناب صدر! آج پنڈت نہرو نے چترال کے متعلق جو دعویٰ کیا ہے کہ چترال مقبوضہ کشمیر کا ایک حصہ ہے۔ تو یہ ایک معمولی بات ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ جب کوئی آدمی مرنے لگتا ہے تو وہ مرتے وقت ہاتھ پاؤں مارتا ہے۔ یہی حالت پنڈت نہرو کی ہے۔ اسے غالباً پتہ چل گیا ہے کہ پاکستان اب مقبوضہ کشمیر کا فیصلہ کرائے بغیر نہیں ٹھہریگا۔ اس لئے اس نے ہماری توجہ اس مسئلے سے ہٹانے کی خاطر اس قسم کا رویہ اختیار کیا ہے۔

جناب صدر! کل پختونستان کے سلسلے میں قبائل کا بھی ذکر کیا گیا تھا اور یہ بیان کیا گیا تھا کہ پختونستان کے ڈھونگ سے پاکستان کے استحکام اور قبائل کی پاکستان سے ہمدردی کو سخت خطرہ ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ پٹھان قوم پر پورا پورا بھروسہ رکھیں۔ وہ ہر خطرے کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ آخر وہ کونسا نیا خطرہ ہے جو اب پاکستان کو لاحق ہے۔ وہ کونسی بیماری ہے جو اب شروع ہوئی ہے اور جس کا علاج اس وقت نہایت ضروری ہے۔

یہ کشمیر اور پختونستان کا قصہ کوئی نیا قصہ نہیں - یہ تو ایک پرانا مسئلہ ہے جو شروع سے تاحال ویسے کا ویسا ہی چلا آتا ہے - البتہ میں نے پچھلے پانچ سات مہینے میں محسوس کیا ہے کہ اس پختونستان کے مسئلے کو اس قدر ہوا دی گئی ہے کہ اس نے لوگوں کو آرام سے پانی تک نہیں پینے دیا - میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک معمولی بات ہے جو ہمارے لئے زیادہ تشویش کا باعث نہ ہونی چاہئے - مگر اس سلسلے میں ہمیں سابقہ پنجاب سے بہت کچھ امید ہے -

جناب صدر! جب ہم یہاں سابقہ پنجاب کا نام لیتے ہیں تو اسے گناہ تصور کیا جاتا ہے - کل کا واقعہ ہے کہ میاں محمد شفیع صاحب نے بڑے غصے سے کہا کہ صرف پنجاب کا نام کیوں لیا گیا ہے - سابقہ پنجاب کیوں نہیں - اس سلسلے میں مجھے ایک لطیفہ یاد آ گیا جو آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - ایک دفعہ ایک ہندو مشرف بہ اسلام ہوا کچھ عرصہ بعد وہی نو مسلم اپنے دوستوں کے ساتھ رات کے وقت ایک گلی میں سے گزر رہا تھا کہ اچانک اس کی نظر سانپ پر پڑی وہ فوراً چلا اٹھا اور اس کے منہ سے یہ الفاظ نکلے کہ رام - رام - تو ساتھیوں نے اسے کہا کہ اب تو تم مسلمان ہوگئے ہو رام - رام - کی بجائے اللہ اللہ کہنا چاہیے - اس نو مسلم نے کہا کہ یہ رام - رام - آہستہ آہستہ دل سے نکلیگا اللہ اللہ آہستہ آہستہ دل میں آئیگا - اتنی جلدی دل سے رام رام نہیں نکل سکتا -

جناب والا - یہ جو پرانے صوبوں کے نام ہیں یہ بھی آہستہ آہستہ سے ہمارے دلوں سے نکلینگے اور مغربی پاکستان کا نیا نام آہستہ آہستہ ہمارے دل میں آئیگا -

یہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی شخص ہمارے علاقوں مثلاً چترال وغیرہ کی طرف بری نگاہ سے دیکھے - ہم کبھی برداشت نہیں کر سکیں گے - ہم میں قوت ہے اور ہم اپنے زور بازو سے سب کو ٹھیک کریں گے ہم کو چاہئے کہ ہم اپنے ملک کی پوری پوری حفاظت کریں -

آخر میں ایک بات عرض کر دوں کہ میں ہمیشہ ایک دعا پڑھا کرتا ہوں اب وہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں -

دین و ملت کا خادم بنا ہر مسلمان کو یا اللہ
صادق خادم دین بنا مجھ کو ہمدرد قوم مجھے یا اللہ

کر شہید وطن پاک پر ہم سب کو یا اللہ
دے عشق پاک صادق المجنون کی بہ لیلے مجھے اللہ
کرے شمع زمین و آسماں پاک کو یا اللہ
شمع پاک کا پتنگ بنا مجھ کو و پروانہ مجھے اللہ
ہمیشہ زندہ و پائندہ رکھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کو یا اللہ
بنا ہر فرد پاک کو مجاہد خالد بن ولید مجھے اللہ
دے جذبہ اتحاد و تنظیم محکم یقین کا ہم سب کو یا اللہ
عطا کر جذبہ مرحوم قائد اعظم صاحب جناح مجھے اللہ
جوش اخلاق و زندہ رکھ ہر فرد پاک کو یا اللہ
دے زندہ نام شہید قائد ملت پاکستان مجھے اللہ

خان فقیر ا خان —پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب ہمیں تو معلوم نہیں ہو سکتا کہ انہوں نے کیا کہا ہے۔ کیا آپ ہمیں سمجھا سکیں گے کہ انہوں نے کیا فرمایا ہے۔

صاحب سپیکر — یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔
آوازیں — مجھے اجازت دیجئے۔
مجھے تو آپ نے اجازت ہی نہیں دی
''آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ اجازت دی جائیگی،،

صاحب سپیکر — ٹھیک ہے لیکن میں نے کئی بار آپ سے کہا ہے کہ میرے پاس فہرست موجود ہے اس کے مطابق جس جس کا نام آئے گا میں اسے آواز دونگا۔

حاجی میاں عبدالواحد — ہمیں کم از کم یہ تو معلوم ہو جائے کہ ہماری باری آئے گی بھی یا نہیں۔

صاحب سپیکر — آرڈر آرڈر۔ بیٹھ جائیے۔

سردار محمد جعفر خاں بلیدی — جناب والا۔ جب ون یونٹ بنا تھا تو ہمارا خیال تھا کہ ہم سب ایک جگہ بیٹھ کر اپنے مسائل حل کریں گے۔

صاحب سپیکر — یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔

سردار محمد جعفر خان بلیدی— جناب میں نے تو کوئی پوائنٹ آف آرڈر raise نہیں کیا۔ کیا آپ ہمیں بولنے کی اجازت بھی دیں گے یا نہیں۔

صاحب سپیکر — آپ کا نام فہرست پر ہے۔

سردار محمد جعفر خاں بلیدی — کتنا نمبر ہے۔

صاحب سپیکر — کوئی آٹھواں نمبر ہے۔ آپ بیٹھئے آپ کو موقع دیا جائے گا۔

چودھری عبدالرحیم — جناب والا — پہلے تو یہ پریکٹس تھی کہ جب کسی شخص کو بولنے کی ضرورت ہوتی تھی تو وہ کھڑے ہو کر اجازت طلب کرتا تھا اور اسے اجازت مل جاتی تھی اب آپ نے فہرست بنالی ہے جس سے یہ پتہ نہیں چلتا۔ کہ کون کس وقت بولیگا۔ اب جب کوئی کھڑا ہو کر بولنا چاہتا ہے تو آپ کسی اور کو موقع دے دیتے ہیں۔ میرے خیال میں تو پہلی پریکٹس کو ہی جاری رکھنا چاہئے۔

حاجی میاں عبدالواحد — جناب ہم نے کئی بار درخواست کی ہے کہ ہمیں تقریر کی اجازت دی جائے مگر اب تک یہی سن رہا ہوں کہ موقع دیا جائے گا آخر کب موقع ملے گا۔

میر نبی بخش خاں کھوسیا — جناب میں ایک ہزار میل سے اس لئے نہیں آیا کہ یہاں آکر صرف اپنا ووٹ استعمال کروں۔ ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ جن علاقوں سے ہم منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں وہاں کے لوگوں کی باتیں آپ تک پہنچائیں اور اس معزز ایوان میں پیش کریں اگر ہمارے فرائض صرف ووٹ دینے تک ہی محدود ہیں تو کیا ضرورت ہے کہ ہم اس اجلاس میں شامل ہوں۔ چونکہ میں دور دراز علاقے سے آیا ہوں میری گذارش ہے کہ مجھے ضرور موقع دیا جائے۔

جہان آرا بیگم شاہنواز—(ضلع لاہور)صدر محترم۔ پیشتر اس کے میں کچھ عرض کروں میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ مجھے زیادہ وقت دیا جائے تاکہ میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکوں۔ آپ مجھے کم از کم ۱۵ منٹ دیں۔

صاحب سپیکر — صرف دس منٹ دئے جا سکتے ہیں۔

جہان آرا بیگم شاہنواز — اگر میں آپ کو convince کر سکوں تو آپ ضرور مجھے زیادہ وقت دیں۔

صدر محترم - میں نے چند ضروری چیزوں آپ کی خدمت میں پیش کرنی ھیں اور میں کوشش کرونگی کہ جہانتک ممکن ھو سکے اختصار سے کام لوں -

صاحب صدر! مجھے یہ عرض کرنا ھے کہ میں ان اشخاص سے ھوں جن کے لئے ون یونٹ کا بن جانا ایک خواب کی تعبیر تھی - نومبر ۱۹۴۷ء میں اس خاکسار نے قائد اعظم مرحوم کی خدمت میں ایک یونٹ کی سکیم پیش کی تھی - میری اور ان کی ڈیڑھ گھنٹہ گفتگو ھوئی انہوں نے فرمایا -

"Begum Shah Nawaz, this is an excellent idea, but not feasible at present."

دسمبر ۱۹۴۷ء میں ڈاکٹر وحید کے گھر ایک ڈنر پارٹی میں میں نے مرحوم قائد ملت سے اس کا ذکر کیا - انہوں نے جواب دیا کہ یہ ایک utopian idea ھے - اور پروونشل لیڈر اسے کبھی نہیں مانینگے - صدر محترم - میں نے کہا کہ جب پاکستان کی سکیم مرتب کی گئی تھی تو اس وقت بھی کئی لوگ یہ سمجھتے تھے کہ یہ ایک خیالی بہشت ھے جس کی تشکیل ممکن نہیں ھو گی مگر پاکستان معرض وجود میں آیا اور آپ سب نے دیکھ لیا کہ وہ خواب بھی پورا ھوا - اگر وہ بن سکتا ھے تو مغربی پاکستان کی بھی ایک یونٹ بنائی جا سکتی ھے - الحمد للہ کہ وہ خواب بھی پورا ھوا - صدر متحرم - آپ اندازہ کر سکتے ھیں کہ ایک یونٹ کے خواب کی تعبیر پورا ھوتے دیکھکر اس خاکسار کو کتنی مسرت حاصل ھوئی ھو گی مگر صدر متحرم جب ون یونٹ بل بنا اور میں نے اسے دیکھا تو میرا دل خون کے آنسو رو دیا اور میں کہنے لگی کہ یا اللہ کیا ھمارے خواب کی یہی تعبیر تھی - کسے خبر تھی کہ جس خواب کی تعبیر کے لئے میں اتنی بے صبری سے انتظار کر رھی تھی وہ اس شکل میں بنایا جائیگا -

صدر متحرم ! ۱۹۲۱ میں قائد اعظم نے مجھ سے فرمایا کہ کیا تم مغربی جمہوریت میں یقین رکھتی ھو میں نے کہا ھرگز نہیں کیونکہ جیسا کہ علامہ اقبال نے فرمایا ھے اور مجھے ان کے اس نظریہ سے پورا اتفاق ھے کہ مغربی جمہوریت میں عوام گنے جاتے ھیں تولے نہیں جاتے - صدر متحرم - مغربی جمہوریت کے تین چار اصول ھیں اور میں انہیں آپ کے سامنے پیش کرونگی - اگرچہ وقت تھوڑا ھے اور میں اس پر پوری روشنی ڈال نہیں سکتی لیکن میں کوشش کرونگی کہ اس تھوڑے سے وقت میں اپنے کچھ خیالات اس معزز ایوان کے سامنے پیش

کر سکوں ۔ مغربی جمہوریت کا پہلا اصول یہ ہے کہ جو اکثریت کی پارٹی ہو وہ Rule کرے ۔ ۱۹۳۵ کے آئین میں سب سے پہلے آپ کے مسلم اکابرین نے یہ ایک provision ۱۹۳۵ کے ایکٹ میں داخل کرائی کیونکہ مسلمان اقلیت میں تھے جس کی رو سے گورنر کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ مناسب کام "in his discretion" کر سکتا ہے ۔ اس وقت ایک غیر قوم کی حکومت تھی مگر آج جبکہ آپ کی اپنی حکومت ہے آپ نے گورنر کو یہ discretionary powers کیوں دے رکھے ہیں کہ وہ جس کو چاہیں حکومت بنانے کی دعوت دے سکیں خواہ وہ اکثریت کی پارٹی کا ہو یا نہ ہو اور اس discretion کا جو مظاہرہ مغربی پاکستان میں ہوا ہے وہ آپ کے سامنے ہے ۔ اگر مسلم لیگ نے یہ ضد کی تھی کہ وہ اپنا لیڈر مسلم لیگی ہی بنائینگے تو وہ پارٹی جو اس وقت ۳۰۵ ممبروں پر مشتمل تھی گورنر کو یا تو اس کے لیڈر کو وزارت بنانے کی دعوت دینی پڑتی یا وہ ڈاکٹر خان صاحب کو جن کی میں دل سے عزت کرتی ہوں مجبور کرتے کہ وہ مسلم لیگ میں شریک ہو جائیں ۔ یہ اس discretionary power کی وجہ سے نہ ہوا ۔ آخر اب بھی تو محترم ڈاکٹر صاحب مسلم لیگیوں ہی کے ساتھ بیٹھتے ہیں ۔ آدھے مسلم لیگی اس طرف اور باقی اس طرف بیٹھے ہیں ۔ آخر ڈاکٹر خان صاحب کو انہی کا لیڈر بنا کر یا سردار بہادر خان کو ان کا لیڈر بنا کر ہم نیا لیبل نئی پارٹی کا لگا نہیں سکتے ۔ ڈاکٹر خان صاحب اگر دو آنہ کی پرچی پر دستخط کرتے تو صرف وہی مسلم لیگی نہیں ہم سب ان کے پیچھے بیٹھے ہوتے اور ان سے ہر ممکن تعاون کرتے ۔

مغربی جمہوریت کا دوسرا اصول یہ ہے کہ مغربی جمہوریت کے لئے یہ لازمی ہے کہ لوگوں کو اس چیز کا احساس دلایا جائے کہ مسائل کے حل میں وہ خود بھی ذمہ دار ہیں اور ان کو زیادہ سے زیادہ ذمہ داری سونپی جائے ۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو حکومت میں حصہ دے کر ان کو ذمہ دار شہری بنایا جائے ۔ جس وقت پونے دو فیصدی ووٹ دیتے تھے ان کے لئے یہ حکومت اگر درست بھی تھی تو اب جبکہ بالغ کا ووٹ ہے اور سب ذی ہوش ووٹ دے رہے ہیں اگرچہ میں اب بھی اس خیال کی ہوں کہ indirect ووٹنگ ہونا چاہئے اور سیکنڈری ووٹرز کو نمائندے منتخب کرنے چاہئیں مگر آج کل کے اس ماحول میں ہمیں ۱۸۸۲ کے طرز حکومت میں لیجانا جو لارڈ رپن کے زمانے میں رائج تھا عقلمندی نہیں ہے ۔ کیا یہ باعث کامیابی ہو سکتا ہے ؟ آپ ہمیں ۱۹۰۰ کی حکومت کے زمانے میں لے گئے ہیں ۔ میں پوچھتی ہوں

کہ کیا ہمارے قائدین کا یہ فرض نہیں تھا کہ انتظامیہ معاملات میں وہ عوام کے صلاح مشورہ کے لئے کونسلیں بنائیں ۔ یہ جو ڈویژن بنائے گئے ہیں اور آپ نے سی—ایس—پی افسران کو ان کا چارج دیا ہے کیا آپ کے لئے لازمی نہ تھا کہ Divisions میں ان کی امداد کے لئے Divisional Advisory Councils بنائی جاتیں ۔ میں اس سلسلہ میں برطانیہ کی مثال آپ کے سامنے پیش کرتی ہوں ۔ اگر آپ ویسی Autonomous Country Councils نہ دے سکتے تھے تو بہر حال آپ ڈویژنل کمشنروں کے لئے Advisory Bodies تو بنا سکتے تھے ۔ آپ کو چاہئے تھا کہ عوام کی سہولت کے لئے ڈویژنل کونسل ۔ ڈسٹرکٹ کونسل ۔ تحصیل کونسل اور ویلیج کونسل بناتے جہاں لوگ اپنی تکالیف کا خود ازالہ کر سکتے ۔ مثلاً یہ ایک عورت زچگی کی حالت میں تڑپ تڑپ کر مر گئی اور اس کے اپریشن کے لئے کوئی ڈاکٹری امداد مہیا نہ ہو سکی ۔ اگر ڈاکٹر نہ آ سکتے تھے تو ٹرانسپورٹ ہی مل جاتا تاکہ اسے لاہور لا سکتے ۔ اگر وہاں کوئی ایسی کونسل ہوتی تو وہ ان چیزوں کا خود انتظام کرتی ۔ آپ کو چاہئے کہ districts میں اس قسم کی bodies بنائیں تاکہ عوام بھی ملکی انتظام میں حصہ لے سکیں اور اپنی تکالیف کے کم کرنے کا خود انتظام کر سکیں جیسا کہ دوسرے جمہوری ممالک میں ہوتا ہے ۔

اس کے بعد میں Technical Departments کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں ۔ Technical Departments میں آپ کو ٹیکنیکل سکریٹری لگانے چاہئیں ۔ آپ نے ٹیکنیکل محکموں میں بھی سی—ایس—پی سکریٹری تعینات کر دئیے ہیں ۔ اگرچہ مجھے اپنے C. S. P. افسران پر بڑا فخر ہے وہ بہت قابلیت کے مالک ہیں تاہم میں یہ ماننے کو تیار نہیں کہ وہ ٹیکنیکل کام کے بھی ماہر ہیں صد ہزار دقتوں سے گذشتہ حکومت میں محکمہ پی— ڈبلیو—ڈی کا سیکٹری اس سروس کا بنایا گیا تھا لیکن اس حکومت میں اسے بھی ہٹا دیا گیا ۔ دنیا بھر میں ایسے محکمے اسی سروس کے ماہرین کو سونپے جاتے ہیں بلکہ U. S. S. R. میں تو Council of Commissioners کے ممبر ہر سروس کے elected representative ہوتے ہیں جنہیں ہر سروس منتخب کرتی ہے ۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ ہر محکمہ کا سکریٹری وہ شخص ہو جو اس محکمہ کی technicalities سے بخوبی واقف ہو اور اس لائن میں expert ہو تاکہ کام خوش اسلوبی سے چلتا رہے ۔

گذشتہ سال جب مجھے مشرق بعید میں جانے کا موقع ملا تو میں نے دیکھا کہ وہ ممالک کم از کم پچاس سال ہم سے آگے ہیں اور ہماری یہ حالت ہے کہ پلاننگ بورڈ والے یہ کہہ رہے ہیں کہ mechanised forming نہیں ہونی چاہئے اس سے بیکاری بڑھے گی - کیا انہیں معلوم نہیں کہ ایک tractor کیلئے کم از کم بیس آدمی درکار ہوتے ہیں - کیا ان کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اس زمانے میں پٹواریوں کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ بائیس ہزار روپے میں ایک ایسی مشین آ سکتی ہے جو پانچ منٹ میں تمام نمبروں کا اندراج کر سکتی ہے - سی-ایس پی افسران کو یہ معلوم ہوگا کہ امریکہ میں اڑھائی یا پونے تین لاکھ روپے کی ایک مشین ملتی ہے جو files کے متعلق بتاتی ہے اور اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت فائل کہاں ہے وغیرہ وغیرہ - اور تین مہینوں سے زیادہ کسی فائل کو رکھا نہیں جاتا - ہم آج سے سو سال پہلے کے ماحول میں کام کر رہے ہیں - اگر ہم نے یہ طریقہ کار جاری رکھا تو مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ ہمارے ملک کی بہت بری حالت ہوگی - آئندہ دس پندرہ سال تک حالت بد سے بدتر ہو جائے گی - اس لئے میں آپکی وساطت سے اس وزارت اور اسکے ذریعے سے اپنے قائدین سے التجا کرتی ہوں کہ ایک یونٹ ایکٹ میں جو خامیاں ہیں ان پر دوبارہ غور کریں - ایک ایسا خاکہ بنائیے جس پر عمل کرنے سے نظم و نسق صحیح طور پر چل سکے - بوسیدہ نظام ختم کیجئیے - سی-ایس-پی صاحبان کو ہدایت کریں کہ پہلے وہ ایک کام کو مکمل کریں پھر دوسرے کا خیال کریں - تھل پراجیکٹ ابھی تک مکمل نہیں ہوا - آپنے اس کیلئے اس بجٹ میں صرف ایک کروڑ روپیہ رکھا ہے حالانکہ معاوضہ کا روپیہ بھی آپکو اتنا ادا کرنا ہے - چیئر مین کہاں سے دینگے - ابھی تھل مکمل نہیں ہوئی اور تونسہ شروع کر دی گئی اور اسے زیادہ روپیہ دے دیا گیا - کاش وقت ہوتا تو بہت کچھ آپکو بتا سکتی -

اس ایوان میں میرے بھائیوں نے فرمایا کہ گندم کی قیمت بہت زیادہ ہے - اسے کم کیا جائے معاف کیجئے انہوں نے یہ بھی نہیں سوچا کہ آج دنیا کس نظام کے تحت چل رہی ہے - وہ نظام یہ ہے کہ آپنے لوگوں کی قوت خرید کو بڑھانا ہے کیونکہ آپ زرعی نظام کو صنعتی نظام میں تبدیل کر رہے ہیں - اسلئے یہ کرنا ہے کہ کسی کی تنخواہ ایک سو روپیہ سے کم نہ ہو یا کم از کم ساٹھ روپے تو ضرور ہو - کسی ایگریکلچرل لیبرر کی تنخواہ بھی ساٹھ روپے سے کم

نہیں ہونی چاہئیے ۔ لوگوں کا معیار زندگی بڑھائیے ۔ خدا کیلئے آپ ان چیزوں کے متعلق سوچئیے اور سارا نظام تبدیل کر دیجئیے ۔ اگر مجھے ایک یونٹ ایکٹ کے متعلق اظہار خیال کیلئے ایک گھنٹہ بھی مل جائے تو نا کافی ہوگا ۔ موجودہ صورت میں یہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا ۔

ملک فیض حسین -- (ضلع سیالکوٹ) ۔ صاحب صدر آج جنرل ایڈ منسٹریشن کی ڈیمانڈ پر بحث کا دوسرا دن ہے ۔ ہر ممبر اپنے علاقے کی ضروریات کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کر رہا ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حالات خواہ کیسے ہی کیوں نہ ہوں انسان کو اپنے ملک کی بہتری ۔ عزت اور وقار کو نیک نیتی کے ساتھ پیش نظر رکھنا چاہئیے ۔ اور تمام علاقوں کو صرف اس زاویہ نگاہ سے دیکھنا چاہئیے کہ تمام لوگ باعزت اور باوقار رہیں ۔ سرحدی علاقوں کو بالخصوص مضبوط کرنا چاہئیے ۔ مگر افسوس ہے سرحدی علاقوں میں بسنے والوں کی ضروریات کی طرف کوئی خیال نہیں کیا جاتا ۔ یاد رکھئیے کہ ئی ملک اُس وقت تک مضبوط نہیں ہو سکتا جب تک اس کا بورڈر مضبوط نہ ہو ۔ یہ ایک رواج ہو گیا ہے کہ ہر شخص صرف اسلئے اعتراض کرتا ہے کہ اسے اعتراض کرنا چاہئیے ۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انصاف مفقود ہے ۔ انصاف کی تعریف یہ ہے کہ جس شخص کے مقاصد نیک ہوں اور صداقت پر مبنی ہوں وہ اپنے بڑے سے بڑے مد مقابل سے نہ ڈرے اور استدلال سے اپنی بات منوائے ۔ انکو ہمیشہ ملکی مفاد کو پیش نظر رکھنا چاہئیے ۔ آپ دیکھئے کہ احادیث اور قرآن پاک میں انبیا کے تذکرے کیوں کئے گئے ہیں ۔ اس لئے کہ ہم ان سے سبق حاصل کریں ۔ میں ایک واقعہ بیان کرتا ہوں ۔ ایک خلیفہ وقت دیا جلا کر قوم کا حساب کر رہے تھے ۔ دو شخص انکے پاس اس نیت سے گئے کہ چونکہ ہم خلیفہ کے قریب رہنے والے ہیں اسلئے وہ تنخواہ اور انعامات میں اضافہ کر دے گا ۔ انہوں نے خلیفہ کے پاس پہنچ کر سلام کیا تو خلیفہ نے وہ دیا گل کر دیا ۔ انکے استفسار پر خلیفہ نے کہا کہ اب میں آپ سے باتیں کر رہا ہوں اسلئے قومی حساب میں سے چراغ نہیں جلا سکتا اب یہ دوسرا چراغ میرے ذاتی خرچ سے روشن ہے ۔ (تالیاں) ان دونوں اشخاص نے یہ محسوس کر لیا کہ ان سے کنبہ پروری کی توقع رکھنا غلطی ہے ۔ لہذا انہوں نے اپنا سوال ہی نہ کیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہمارے ارباب اختیار اس طرح کا انصاف

نہیں کرینگے ہمارا ملک کبھی ترقی نہیں کر سکے گا ۔ یہ دنیا میں زندہ قوم کی حیثیت میں رہنے کا پہلا ذریعہ ہے ۔ یہ اقتدار تو آنے جانے والی چیز ہے ۔ انصاف بھی انسان کا زیور ہے ۔ میرے پاس وقت بہت کم ہے اسلئے میں دریا کو کزے میں بند کرنے کی کوشش کرونگا ۔

میں سرحدی علاقوں کے لوگوں کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے یہ گذارشات پیش کرتا ہوں ۔ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ جب سے پاکستان بنا ہے سیالکوٹ کے اتنے لمبے سرحدی علاقے میں ایک پیسے کی ڈیویلپمنٹ نہیں کی گئی ۔ معاف کیجئیے ہم پاکستان کے برائے نام شہری نہیں ہیں ۔ کیا ہم پاکستان کی سر بلندی نہیں چاہتے ؟ ہم تو پاکستان کی سرحدوں کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ہم نے پاکستان کو سب چیزوں سے پیارا سمجھا اور دنیا کی ہر چیز سے اس کو اچھا جانا مگر افسوس کہ کسی بھی حکومت نے خواہ وہ کسی وزیر اعلیٰ کی ہو ہمارے علاقے کی بہتری پر توجہ دینا درخور اعتنا نہ سمجھا ۔ اس علاقے میں سڑکیں نہیں ہیں جب بارش ہو جاتی ہے تو کئی کئی دنوں تک لوگ جہاں ہوتے ہیں وہیں بیٹھے رہتے ہیں ۔ جناب والا اگر خدانخواستہ جنگ ہو جائے تو کیا صورت ہو ۔ میرے ایسا کہنے سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم جنگ سے گھبراتے ہیں ۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ خدا کرے کہ جنگ ہو اور جلدی ہو ۔ ہم جنگ مانگتے ہیں ہم جنگ کے متمنی ہیں ہم جنگ سے بھاگتے نہیں ۔ جنگ میں پیٹھ دکھانا بزدلوں کا کام ہے ۔ ہمارے دل ، شیروں کے دل ہیں ۔ آج میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ اگر کشمیر ہم کو نہ ملا تو جنگ ناگریز ہے جنگ ہو گی اور ضرور ہو گی ۔

جناب والا میں اپنے موضوع سے ذرا ہٹ گیا تھا ۔ میں آپ کو پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہمارے علاقے میں نہ تو کوئی سکول ہے اور نہ کوئی ہسپتال ہے ۔ جناب والا جب پاکستان منصہ شہود پر آیا تھا تو اس وقت طبی لحاظ سے بڑا خطرہ تھا مگر میں محکمہ صحت کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ جہاں پہلے کوئی چیز نظر نہ آتی تھی اب وہاں ہر چیز موجود ہے اور اور میں کہونگا کہ محکمہ صحت اب بڑا باعزت اور باوقار محکمہ بن گیا ہے ۔ جناب والا میں لیڈر آف دی ہاؤس سے عرض کروں گا کہ وہ اس ہاؤس کے معزز ممبران کی ایک کمیٹی بنائیں جو اس

علاقے کا دورہ کر کے وہاں کے باشندوں کی ضروریات اور تکالیف کا پارٹی بازی اور سیاسی دھڑے بندیوں سے بالا تر رہ کر جائزہ لے ۔ اس مقصد کے حصول کے لئے کسی رواج کی پابندی نہ کی جائے ۔ کیونکہ پرانے رواج کی پابندی سے ملک ترقی نہیں کر سکتا ۔ رواج کی پابندی کے سلسلے میں آپ کو ایک واقعہ سناتا ہوں ۔ ایک دفعہ ایک غریب شخص مر گیا ۔ اس کی میت کو غسل دینے کے لئے ایک مولوی صاحب کو بلایا گیا ۔ جب مولوی صاحب غسل دے کر فارغ ہوئے تو مولوی صاحب کو ایک روپیہ دیا گیا مولوی صاحب نے کہا میں تو رواج کے مطابق سوا روپیہ لونگا ۔ لوگوں نے منت سماجت کی کہ مولوی صاحب یہ نہایت ہی غریب اور مفلوک الحال شخص تھا اس لئے ایک روپیہ ہی قبول فرما لیں ۔ مولوی صاحب نے کہا جناب میں تو رواج کے خلاف نہیں جاونگا ۔ میں تو رواج کے مطابق سوا روپیہ ہی لوں گا ہاں البتہ ہو سکتا ہے کہ آپ اسی سوا روپیہ میں اسی وقت کسی چھوٹے بچے کی میت کو غسل دلوالیں (قہقہہ)۔

جناب والا ۔ میں مودبانہ التماس کروں گا کہ پرانے رواج کو چھوڑ کر اس علاقے کی بہبودی کی طرف متوجہ ہوں ۔ اگر آپ نے رواج کی تقلید ہی کرنی ہے تو رسول مقبول صلی‌اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی روشنی میں تقلید کریں ۔ جناب والا ۔ میں وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ خدا را اس علاقے کے بد نصیب باشندگان کی ضروریات اور تکالیف معلوم کرنے کے لئے ایک کمیٹی کے قیام کا جلد از جلد اعلان فرمائیں ۔ اس علاقے میں سڑکیں بالکل نہیں ہیں ۔ جب سڑکیں بنانے کا مطالبہ کرتے ہیں تو کہہ دیا جاتا ہے کہ ملٹری والے سڑکیں تعمیر نہیں کرنے دیتے ۔ ایسا کہنا بالکل غلط ہے ۔ ملٹری والے تو خود کہتے ہیں کہ اس علاقے میں سڑکیں تعمیر کرو ۔ مگر حکومت خود ہی توجہ نہیں دیتی ۔ جناب والا وقت کی کمی کے باعث میں اپنی گزارشات ختم کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ میری معروضات پر ہمدردانہ غور کیا جائے ۔

ملک اللہ یار خاں (کیمبل پور ڈسٹرکٹ) صدر محترم سب سے پہلے میں اپنا خوشگوار فرض سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر خان صاحب کی خدمت میں ان کے اس اعلان پر ہدیہ تبریک اور خراج تحسین پیش کروں جو انہوں نے سیفٹی ایکٹ کی تنسیخ کے بارے میں چند روز قبل اس ایوان میں کیا تھا ۔ جناب والا ۔ یہ وہ جرات مندانہ اور

مستحسن قدم ہے جس کا سہرا ایک یونٹ کے قیام سے پہلے کسی بھی صوبے کے وزیر اعلیٰ کو اپنے سر باندھنے کی جرات نہ ہوئی ۔ لیکن جناب والا ۔ میرے ذہن میں وزیر اعلیٰ کے اس اعلان سے کچھ خدشات پیدا ہو گئے ہیں ۔ جن کو رفع کرنا میں ضروری سمجھتا ہوں ۔ میں ذاتی طور پر وزیر اعلیٰ کا شکر گزار ہوں گا اگر وہ میرے ان خدشات کو دور کرنے میں میری امداد فرمائیں گے ۔ جناب والا ۔ کیا وزیر اعلیٰ کا یہ شاندار اقدام اس بات کا پیش خیمہ تو نہیں کہ ملک کے ان دشمن عناصر کو فروغ دیا جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے جو ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کے درپے ہیں ۔ اور سرخ پوش تحریک کو از سر نو منظم کر کے پختونستان کے تصور کو تقویت دی جائے ۔جناب والا مجھے جناب وزیر اعلیٰ کی پاکستان سے وفاداری پر تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی میں ان کی حب الوطنی کو اپنی تقریر کا موضوع بنانا چاہتا ہوں ۔ وہ پاکستان کے مسلمہ محب وطن شہری ہیں اور وہ پاکستان سے وفاداری کا حلف اٹھا چکے ہیں ۔ میں ان سے صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ہمیں سرخ پوش تحریک کے بارے میں اپنے تاثرات سے آگاہ کریں ۔

جناب والا ۔ مجھے میاں محمد شفیع اور مسٹر جی ۔ ایم ۔ سید کی تجویز سے قطعی طور پر اختلاف ہے جو انہوں نے سرخ پوش تحریک پر پابندی نہ لگانے کے سلسلہ میں پیش کی ہے ۔ میں حیران ہوں اور مجھے بے حد افسوس ہے کہ ان جیسے ذہین ہوشمند اور پرانے سیاست دانوں نے بغیر سوچے سمجھے اس قسم کی تجویز کیوں پیش کی ۔ اس کا باعث میرے خیال میں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ دونوں حضرات سرخ پوش تحریک کے پس منظر اور اس کی اغراض و مقاصد کو بھول گئے ہوں ۔ جناب والا میں آپ کو اس تحریک کا پس منظر بتانے کی کوشش کروں گا ۔

جناب والا ۔ سرخ پوش تحریک کانگرس کے ایما پر مسلم لیگ کے مطالبہ پاکستان کی مخالفت کرنے کی غرض سے صوبہ سرحد میں شروع کی گئی تھی ۔ اور اس نے پختونستان کا اچھوتا تصور صوبہ سرحد کے مسلمانوں کے سامنے پیش کیا ۔ یہ وہی تحریک ہے جس نے مسلمانوں کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کی پشت میں ایک زہریلا چھرا گھونپنے کی ناپاک کوشش کی ۔ اور جو ہمارے راستے میں ایک زبردست چٹان کی طرح حائل تھی ۔ یہ وہی تحریک ہے جو مسلمانوں کے کاروان آزادی کا راستہ روکے

کھڑی تھی - یہ وھی تحریک ھے جس نے نظریہ پاکستان کے خلاف ڈاکٹر خاں صاحب کے دوران حکومت میں سابق صوبہ سرحد میں ریفرنڈیم کرایا - جناب والا میں ڈاکٹر خاں صاحب سے صرف اتنا دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ ان کے خیال میں سرخ پوشں تحریک پاکستان کی سلامتی کے لئے کس حد تک مفید اور سود مند ھے اور پختونستان کا تصور ملکی وحدت اور یک جہتی کے لئے کس حد تک ممد و معاون ھے - اگر ان سوالوں کا جواب وہ نفی میں دیتے ھیں تو میں ان کی خدمت میں مؤدبانہ درخواست کروں گا کہ وہ اس معزز ایوان کے سامنے واضح اور واشگاف الفاظ میں یہ اعلان کریں کہ وہ ھر اس شخص کو جو سرخ پوشں تحریک اور پختونستان کا حامی ھے پاکستان کا دشمن تصور کرتے ھیں اور وہ ھر ایسے شخص کے خلاف شدید سے شدید کاروائی کرنے سے دریغ نہیں کریں گے خواہ وہ شخص ان کا بھائی ھی کیوں نہ ھو -

جناب والا - جب کوئی حکومت عنان اقتدار سنبھالتی ھے تو وہ ملک کے نظم و نسق کو بہتر طور پر چلانے کے لئے ایک پالیسی مرتب کرتی ھے - جسکے تحت ملک کی معاشرتی اور اخلاقی قدریں فروغ پاتی ھیں لیکن ھمیں افسوس ھے کہ ایک یونٹ کے قیام کے بعد ھماری وہ تمام دل فریب اور حسین امیدوں کے محل جو ھم نے بڑے خلوص اور کاوش سے ذھن میں تعمیر کئے تھے چند ماہ بعد کے عرصہ ھی میں پاش پاش ھو گئے اور ملک کے نظم و نسق کو اس بری طرح پامال کیا گیا کہ اس کی مثال آج کہیں نہیں ملتی - میں اس تمام بد نظمی کی ذمہ داری جناب وزیر اعلیٰ صاحب پر عائد کرتا ھوں جو کہ بد قسمتی سے اپنے دور حکومت میں شاید چند روز ھی دارلحکومت میں قیام کر سکے ھوں گے - اور گذشتہ دو تین ماہ کے طوفانی دوروں میں انکے لئے ممکن ھی نہ تھا کہ آرام اور سکون سے بیٹھکر ملک کے نظم و نسق کی طرف توجہ دے سکیں - جناب والا مجھے یاد ھے آج سے چند ماہ قبل جناب وزیر اعلیٰ نے وزارت کی تشکیل کے بارے میں ایک اعلان کیا تھا کہ وہ اپنی وزارت کے لئے ان اصحاب کو منتخب کرینگے جو صحیح معنوں میں اس ذمہ داری کے اھل ھوں گے - میرے کہنے کا مقصد ھرگز یہ نہیں ھے کہ انکے موجودہ وزراء نا اھل ھیں یا لالچی ھیں لیکن میں یہ ضرور عرض کرونگا کہ جناب وزیر اعلیٰ نے اس اصول کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا جسکا دعویٰ وہ کئی مرتبہ کر چکے ھیں اور مجھے یقین ھے کہ اس ایوان کے اراکین اس بات سے اتفاق کرینگے کہ جناب وزیر اعلیٰ نے وزرا کی بھرتی کے لئے محض ووٹوں کے اعداد و شمار

کو ملحوظ خاطر رکھا اور اسطرح اپنے تمام نیک اور مخلص ارادوں کو بالائے طاق رکھ دیا - جن کا دعویٰ شاید غلطی سے وہ اب بھی کرتے ہیں -

مسٹر عبدالحمید قادر بخش خان جتوئی (ضلع دادو) صاحب صدر سندھ میں ماضی میں جو کچھ ہوا ہے اور اب جو کچھ ہو رہا ہے اسکے بارے میں اس معزز ایوان کے سامنے کچھ عرض کرونگا جناب عالی سندھ میں نومبر ۱۹۵۴ء میں ایک سازش کے ماتحت مسٹر عبدالستار پیرزادہ کی منسٹری dismiss ہوئی اور مسٹر کھوڑو کی منسٹری برسر اقتدار آئی - مسٹر کھوڑو اسوقت اسمبلی کے ممبر بھی نہ تھے وہ ایک سازش کے تحت اس عہدہ پر لائے گئے کھوڑو صاحب نے برسر اقتدار آتے ہی ہمارے ڈسٹرکٹ میں جو پہلا کام کیا وہ یہ تھا کہ ہمارے ڈسٹرکٹ بورڈ کو dissolve کر دیا اس ڈسٹرکٹ بورڈ کا چیرمین میرا بھائی تھا جو اس معزز ہاؤس کا ممبر بھی ہے - ایسا کیوں کیا گیا صرف اسواسطے کہ وہ کھوڑو صاحب کی مخالفت کرتا تھا - کھوڑو صاحب نے میرے بھائی کی جگہہ اپنے سالے کو بورڈ کا چیئرمین nominate (نامزد) کیا- ان کے سالے وہ ہیں جن کے لئے لوگوں کو موٹروں میں بٹھا کر جنگلوں میں چھوڑا گیا تھا - جناب والا اسکے بعد ۱۱ دسمبر کا وہ تاریخی اجلاس جسمیں ایک یونٹ ریزولیشن پاس کیا گیا تھا حیدرآباد میں منعقد کیا گیا - جناب عالیٰ میں عرض کرونگا وہ اسمبلی کا اجلاس نہ تھا بلکہ معلوم ہوتا تھا کورٹ مارشل کا کیس چلانے کے لئے ایک کورٹ بنائی گئی تھی جہاں ہزاروں کی تعداد میں رائفلوں - برین گنوں - اور اسٹین گنوں سے مسلح پولیس تعینات کی گئی تھی اور ممبران سے کہا گیا کہ اگر تم نے ایک یونٹ کے خلاف ووٹ دیا تو تمہیں جیلوں میں ڈالدیا جائیگا - ایسی بہت سی مثالیں موجود ہیں - مجھے اس ہاؤس کے ایک معزز ممبر کی وساطت سے کہلوایا گیا کہ تم ایک یونٹ کے خلاف نہ ووٹ دو اگر یہ ممکن نہیں تو دوسری صورت یہ ہے کہ تم ہاؤس میں نہ آؤ لیکن اگر ہاؤس میں آئے تو تمہیں پٹوایا جائیگا -

جناب عالیٰ یہ تھی سندھ میں ہمارے سابق معزز ممبران اسمبلی کی حالت - میں ہاؤس میں گیا اور اپنے اصول و نظریہ کے مطابق ایک یونٹ کے خلاف ووٹ دیا اسکے بعد کیا ہوا - میرے مسلم لیگی دوست کہتے ہیں کہ لوگ مسلم لیگ کو چھوڑ کر بھاگے جارہے ہیں شاید انہیں علم نہیں کہ سندھ میں مسلم لیگیوں کیساتھ کیا ہوا ہے میں

اپنے ڈسٹرکٹ کے جنرل سکریٹری مسلم لیگ کی مثال آپکے سامنے پیش کرنا ہوں انکا دفعہ ۱۱۰ میں چالان کیا گیا اسکے علاوہ کھوسہ قوم کے ایک سردار کا دفعہ ۱۱۰ میں چالان کیا گیا اس پر اکتفا نہیں کی گئی بلکہ ہاتھوں میں ہتکڑیاں ڈالکر کمر میں رسی باندہ کر شہر میں پھرایا گیا لوگ دیکھتے تھے کہ مسلم لیگیوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے ۔ لوگ ضمانت دینے گئے تو ان سے کہا گیا ہم ضمانت لینے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ تم عبدالحمید کی حمایت کرنا چھوڑ دو اس کیس میں کیا ہوا اسکا ججمنٹ میرے پاس موجود ہے ۔ مجسٹریٹ نے انہیں بری کر دیا ۔ پولیس نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ ہمیں کوئی شکایت نہیں ہے ۔ جناب والا اس کے بعد مارچ میں سندھ کا بجٹ سیشن ہوتا ہے اسمیں میرے اور میرے دوستوں کے خلاف وزرا کو قتل کرنے کا ایک سازشی کیس بنایا جاتا ہے میرے متعلق اس کیس میں کہا گیا کہ ۱۹ مارچ کو میں قاتل کو (جو کھوڑو صاحب کا رشتہ دار ہے ۔ ۵۵ سال کا بوڑھا ہے ۔ یہاں یہ چیز بھی ملحوظ خاطر رہے کہ مجھے اور کوئی آدمی نہیں ملا سوائے کھوڑو صاحب کے رشتہدار کے) موٹر میں بٹھایا قاضی صاحب سے پیسہ لیا اسے کہا تم کھڑو صاحب کر قتل کرنا پھر راشدی صاحب کو قتل کرنا پھر چلے جانا تو تمہارا پولیس کچھ نہ کرے گی ۔ جناب والا ۱۹ تاریخ کو میں کوٹری پہونچتا ہوں ۲۴ تاریخ کو کھوڑو صاحب ڈنر پر بلاتے ہیں اور مجھے کہتے ہیں کہ تم میری مخالفت چھوڑ دو اور میری پارٹی میں شامل ہوجاؤ اس معزز ہاؤس کے میرے کئی ساتھی جانتے ہیں کہ ۲۴ تاریخ کو میں کھوڑو صاحب کے ڈنر میں تھا ادھر یہ بات قابل ذکر ہے کہ First report سازشی کیس کی ۱۹ مارچ کو داخل ہوتی ہے اور یہ جانتے ہوئے اپنے قاتل کو ڈنر پر بلاتے ہیں میرا خیال ہے موصوف شاید خلفائے راشدین کی مثال قائم کرنا چاہتے تھے وہ اپنے قاتلوں کیساتھ برادرانہ سلوک کرتے تھے اس لئے مجھے اپنے ڈنر میں بلا لیا تھا ۔

جناب عالی ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر خدا نخواستہ اب بھی مسلم لیگ برسر اقتدار آ جائے تو میں آپ کو بر وقت انتباہ کروں گا کہ آپ ابھی سے قبل از گرفتاری ضمانت کر رکھیں (قہقہہ) کیونکہ یہ کھوڑو صاحب وہ آدمی ہیں کہ آپ کو بھی گرفتار کرا کے چھوڑیں گے ۔

تو خیر اسکے بعد جب سندھ اسمبلی کا سیشن ہوا تو میر علی احمد تالپور کو جو کہ اب یہاں وزیر ہیں ان کو پولیس نے Bodily اٹھا کر ہاوس سے باہر پھینک دیا تھا اور جی ۔ ایم سید صاحب کو بھی

گرفتار کر لیا تھا ۔ جناب صدر '' اثر کرے نہ کرے من تو ے میری فریاد،، ۔

چونکہ میرا وقت بلکل تھوڑا سا رہ گیا ہے اب میں مختصراً صرف کہوں گا کہ جناب کھوڑو صاحب کے محض دو مقصد تھے اول تو یہ کہ اپنے مخالفوں کو ختم کرنا اور دوسرے یہ کہ ڈنڈے کے زور سے '' ون یونٹ،، بنا لیا جائے ۔ پہلے کچھ ممبر صاحبان دھیمی آواز میں ون یونٹ کی مخالفت کر چکے ہیں لیکن اب میں کھلی آواز سے کہوں گا کہ ''ون یونٹ،، ہمیں ہرگز ہرگز قابل قبول نہیں ہے ۔ کیونکہ یہ وہی ''ون یونٹ،، ہے جو ڈنڈے کے زور سے ہم پر عائد کیا گیا تھا ۔ ہم کہتے تھے کہ رائے عامہ دریافت کر لی جائے کہ آیا سندھی عوام اسے پسند کرتے ہیں یا نہیں مگر ہماری ایک نہ سنی گئی ۔ ہم اب بھی یہی کہیں گے کہ اے ہمارے بڑے بھائیو ہم کو مجبور نہ کرو ہمیں ''ون یونٹ،، پسند نہیں اسے ڈنڈے کے زور سے ہم پر مسلط نہ کرو بلکہ اب بھی رائے عامہ دریافت کرلو ۔ ہم اب بھی بصد ادب و احترام سے التجا کرتے ہیں کہ اب بھی اپنے ہاتھ روک لیجئے ہمیں آزاد کر دیجئے اور اس یونٹ کو تین یا چار صوبوں میں پھر سے تقسیم کر دیجئے ۔ کون ہے جسے اپنے وطن سے اپنی زمین سے محبت نہ ہو ۔ میں پہلے سندھی ہوں اس لئے پاکستانی ہوں ورنہ اگر میں سندھی نہ ہوتا تو پھر پاکستانی بھی نہ ہوتا ۔ اب جبکہ میں اس ہاؤس میں ہوں میرا دل اپنے وطن سندھ میں ہے ۔ کسی شخص کا اپنے گھر بار اور اپنے وطن سے محبت کرنا کوئی گناہ نہیں ہوتا ۔

جناب والا ۔ اب میں آخر میں ڈاکٹر خاں صاحب کی خدمت میں مبارکباد عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے تمام کالے قوانین یعنی سیکورٹی اور سیفٹی ایکٹ کو ختم کر دیا ہے ہمارے مسلم لیگی بھائی اس اچھے اقدام کی بھی مخالفت کرتے ہیں ۔

میر نبی بخش (ضلع چگائی) صاحب صدر میرا ٹائم کم ہے اس لئے میں اس سیاسی دنگل میں شامل ہو کر حصہ نہیں لے سکتا اور ویسے جو کچھ سیاسی Champions کے متعلق کہا جا چکا ہے وہ کافی ہے ۔ اس لئے میں جس علاقے سے آیا ہوں اس علاقے کی چند باتیں آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس یعنی جناب چیف منسٹر صاحب بہادر کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کیونکہ نہ صرف میرے علاقے کی بہتری بلکہ سارے ''ون یونٹ،، کی بہتری اسی میں ہے ۔

جناب والا ۔ بلوچستان سے آیا ہوں ۔ قبل ازیں بلوچستان ایک ڈویژن تھا مگر اب اس کو دو ڈویژنل کمشنریوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے میں اسکے خلاف کہوں گا کہ ایک ڈویژن ہی رکھنا چاہئے اس وقت دو کمشنروں کی بجائے ایک ڈویژنل کمشنر کر دینے سے خرچ بھی کم ہو جائے گا ۔

دوسری بات یہ ہے کہ کوئٹہ میونسپل کمیٹی سے آئے ہوئے ممبر کو چند دن ہوئے (Disqualify) کر دیا گیا تھا ۔ میں کہوں گا کہ اب اس میونسپل کمیٹی کو بھی توڑ دیا جائے تاکہ نئی میونسپل کمیٹی سے اس ہاؤس کے نئے ممبر کا انتخاب کیا جائے ۔

ایک اور گذارش یہ ہے کہ ہمارے ہاں بلوچستان میں نائب تحصیلدار ۔ تحصیلدار نان گزٹڈ ہیں حالانکہ دوسری جگہوں میں اس قسم کے تمام افسر یعنی نائب تحصیلدار اور تحصیلدار گزیٹڈ ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ فرق روا نہیں رکھا جانا چاہئے ۔

ایک آواز—نائب تحصیلدار تو یہاں بھی گزیٹڈ نہیں ہوتے ۔

میر نبی بخش خاں—اب جہاں تک شاہی دربار کا تعلق ہے میری گذارش یہ ہے کہ اب جبکہ شاہ نہیں رہا تو شاہی دربار کو آپ کیوں رکھ رہے ہیں ۔اب تو وہاں اے۔جی۔جی بھی نہیں رہا اب آپ شاہی دربار کو قائم رکھ کر قوم کا سرمایہ کیوں ضائع کر رہے ہیں ۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ آئندہ بلوچستان میں شاہی دربار منعقد کرنے پر مزید روپیہ صرف نہ کیا جائے ۔

اس کے علاوہ میری گذارش یہ ہے کہ شاہی جرگہ اور لوکل جرگہ قائم رکھنا کب تک آپ مناسب سمجھتے ہیں یہ تو مجھے معلوم نہیں لیکن موجودہ طریق کار جس کے مطابق ان کو قائم کیا جاتا ہے اس کے ماتحت یہ ایک نہایت ہی غیر نمائندہ ادارہ ہے ۔ میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ شاہی جرگہ اور لوکل جرگہ کو بھی انتخاب کے ذریعہ قائم کرنا چاہئے تا کہ وہ بھی پوری قوم کی نمائندگی کر سکے ۔

پھر میری عرض یہ ہے کہ جب سے ون یونٹ قائم ہوا ہے ہمارے علاقہ کے لوگوں کو اپیلوں وغیرہ کے سلسلہ میں بہت تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ان کے لئے انہیں لاہور یا کراچی جانا پڑتا ہے ۔ ہم لوگ بہت غریب ہیں اور ہمیں ۱۰۰۰ میل کا سفر طے کر کے لاہور یا کراچی جانے پر مجبور کرنا ہمارے ساتھ بے انصافی کرنا ہے ۔ چاہئے تو یہ کہ وہیں پر ایک ایسی عدالت قائم کر دی جائے تا کہ اپیلوں کی شنوائی مقامی طور پر ہی ہو سکے ۔

اس کے علاوہ میں اپنے ضلع چگئی کے متعلق کچھ بتلانا ضروری سمجھتا ہوں - اس کی چار سو میل سرحد افغانستان کے ساتھ ملتی ہے- اور ۱۵۰ میل ایران کے ساتھ ملتی ہے اس لئے اس ضلع کو اہمیت حاصل ہے- جب سے پاکستان قائم ہوا ہے کسی نے اس ضلع کی طرف توجہ نہیں دی - ہمارے لوگ بہت غریب ہیں اور اگر کوئی وزیر صاحب وہاں تشریف لے جائیں تو تب ہی ان کو پتہ چل سکے گا کہ وہاں کے لوگوں کی حالت کیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ بور نالہ کی سکیم جو تحصیل نشکم میں بنائی گئی ہے جس کے ذریعہ سیلاب اور بارش کا پانی جمع کر کے زمینوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اس کو جامہ عمل پہنایا جانا چاہئے - اس کے علاوہ یہ بھی عرض ہے کہ اس ڈسٹرکٹ کے شہر نوکندی میں پینے کے پانی کی بہت تکلیف ہے - یہ پانی ۱۰۰ میل سے آتا ہے - اس کے قریب ہی ۲۵ یا ۳۰ میل کے فاصلہ پر پانی موجود ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس سکیم کو بروئے کار لایا جائے تاکہ لوگوں کو اس تکلیف سے نجات دلائی جا سکے - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ چگئی کے لوگ بہت غریب ہیں اور کئی سالوں سے وہاں بارشیں نہیں ہوئیں - ان لوگوں کے اوپر بہت سے تقاوی قرضہ جات بھی ہیں - چونکہ ناداری کی وجہ سے وہ انہیں ادا نہیں کر سکتے اس لئے انہیں گرفتار کر کے جیل بھیج دیا جاتا ہے - میری گزارش یہ ہے کہ ان کی غربت کے پیش نظر ان کو یہ قرضے معاف کر دئے جانے چاہئیں—

اس کے علاوہ گزارش یہ ہے کہ وہاں ڈاکٹر بھی نایاب ہیں - لیڈی ڈاکٹر تو کجا مردوں کے لئے بھی اس ضلع میں ڈاکٹر نہیں ہیں - اس لئے میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ صحت عامہ کی طرف بھی وہاں توجہ کی جانی چاہئے - افسوس ہے کہ میرے پاس وقت نہیں ورنہ میں نے اور بھی بہت سی باتیں کہنی تھیں - ان الفاظ کے ساتھ میں کٹ موشن کی مخالفت اور زیر غور مطالبہ زر کی تائید کرتا ہوں -

شیخ ظفر حسین (ضلع گوجرانوالہ)—جناب والا—اتنے دنوں تک یہ بحث سننے کے بعد بھی میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ سب سے بڑا طعنہ جو ہمیں دیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ سب سے پہلے مسلم لیگیوں نے ڈاکٹر خان صاحب کو وزیر اعلے بنانا ہی کیوں قبول کیا تھا اور ان کو یہ دعوت ہی کیوں دی تھی اور وہ اس بات پر رضامند کیوں ہو گئے تھے کہ ان کو وزیر اعلے بنایا جائے - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مسلم لیگ اس وقت کوئی پارٹی نہ تھی - چند افسروں کی

سازش سے ان کو لایا گیا تھا ۔ اگر بحث کی خاطر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ مسلم لیگی ان کو لائے تھے تو میری گزارش یہ ہے کہ اگر دھوکے سے کوئی آدمی جعلی یا کھوٹا سکہ اچھا سمجھکر وصول کر لے تو کیا اس کے جعلی اور کھوٹا ثابت ہو جانے کے بعد یا اس کو ایسا علم ہونے کے بعد اس کو اسے تبدیل کرنے کا حق نہیں ہے (قہقہہ) اگر دس دن تک اس کو سفید سمجھ کر جیب میں ڈال لینے کے بعد جب اس کو نکالا جائے تو وہ سیاہ ہو تو اس کے متعلق اگر یہ کہا جائے کہ اسے بدل دیا جائے تو اس میں دھوکے کی کیا بات ہے —

ایک آواز اگر معزز ممبر کو بہت زیادہ تکلیف ہے تو وہ بھی اکثریت کی پارٹی میں شامل ہو سکتے ہیں ۔

شیخ ظفر حسین—میں آپ کی تکلیف بھی ابھی رفع کر دیتا ہوں ۔ تیار ہو جائیے ۔ میں پولیٹیکل ایجنٹ کی معرفت یہاں پر نہیں آیا ۔ ووٹوں سے آیا ہوں (قہقہہ) پھر جناب والا ڈاکٹر صاحب بار بار یہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے بھائی کا ذمہ دار نہیں ہوں ۔

Major General Jamaldar Khan : He has attacked us so many times. You must give us chance to defend our position.

شیخ ظفر حسین—گزارش یہ ہے کہ ان کے جواب سے مجھے ایک مثال یاد آ گئی ہے کسی آدمی کی کسی محلہ میں وفات ہو گئی ۔ جب اس کی بیوی بیوہ ہوگئی تو لازمی طور پر اس نے رونا اور چلانا ہی تھا ۔ وہ بیچاری رونے اور چلانے لگی ۔ اس محلے کے ایک مولوی صاحب تھے ۔ انہوں نے اسے آ کر کہا کہ دیکھو ہر ایک نے آخر ایک دن مرنا ہے ۔ اس رونے اور چلانے کا کیا فائدہ ۔ اس طرح چیخنے یا چلانے سے مردہ تو واپس آ نہیں سکتا ہاں تمہاری کوئی تکلیف ہو تو بتاؤ ہم اسے رفع کرنے کی کوشش کریں گے ۔ اس پر اس عورت نے کہا کہ اس کے خاوند نے ایک قیمتی گھوڑا خریدا تھا سواری کے لئے لیکن جب وہ سواری کے قابل ہوا تو اس پر سواری کرنے والا ہی نہ رہا اور مجھے یہ تکلیف ہے کہ اب اس پر سواری کون کرے گا ۔ اس پر مولوی صاحب نے کہا کہ کوئی فکر نہ کرو اس پر سواری میں کروں گا ۔ اس کے بعد وہ پھر رونے دھونے لگ گئی ۔ مولوی صاحب نے یہ کہا کہ دیکھو ایک تکلیف تو ہم نے رفع کر دی ہے ۔ اب تم چیختی چلاتی اور روتی دھوتی کیوں ہو ۔ رونے دھونے سے مردے تو واپس آیا نہیں کرتے ہاں اگر کوئی اور تکلیف ہو تو وہ

بتاؤ ۔ اس نے کہا کہ اس کے خاوند کے بینک میں ۵ ہزار روپے تھے ۔ انہیں اب خرچ کون کرے گا ۔ اس پر مولوی صاحب نے کہا کہ فکر نہ کرو انہیں میں خرچ کروں گا ۔ اس کے بعد وہ پھر رونے دھونے اور چیخنے چلانے لگی مولوی صاحب نے کہا کہ آخر بات کیا ہے ۔ مردے تو واپس نہیں آیا کرتے ۔ اب کیوں روتی ہو ۔ اس نے کہا کہ مجھے ایک اور تکلیف ہے جس کی وجہ سے میں روتی ہوں ۔ مولوی صاحب نے پوچھا وہ کیا ہے تو وہ کہنے لگی کہ اس کے خاوند کو ۲۰ ہزار روپیہ قرض دینا تھا وہ اب کون دے گا ۔ اس پر مولوی صاحب نے کہا کہ محلے کا کوئی اور آدمی بھی تو بولے ۔ سارے بوجھ میں ہی اٹھاتا جاؤں ۔ (قہقہے) چار ہزار روپیہ تنخواہ آپ لیں۔ سرکاری موٹروں پر سیریں آپ کریں ۔ حکومت کی تمام مراعات سے آپ مستفید ہوں لیکن جب بھائی کا معاملہ آئے تو یہ کہہ دیا کہ کوئی اور بولے ۔ اصل بات یہ ہے کہ نہ ان کو ہم لائے ہیں اور نہ وہ لائے ہیں ۔ بلکہ یہ تو شامت اعمال سا صورت نادر گرفت والا معاملہ ہے ۔ جناب والا کسی ملک میں یہ رواج تھا کہ جب وہاں کا بادشاہ مر جاتا تھا تو تمام لوگوں کو مجمع کی صورت میں اکٹھا کیا جاتا تھا اور محلات سے ایک طوطا اڑایا جاتا تھا اور جس آدمی کے سر پر طوطا بیٹھ جائے اسے بادشاہ بنا دیا جاتا تھا ۔ چنانچہ ایسے ہی ایک دفعہ بادشاہ مر گیا ۔ ان دنوں کی بات ہے کہ کسی گاؤں میں ایک تیلی اور لوہار رہتے تھے جب وہ بھوکے مرنے لگے تو انہوں نے کہا کہ چلو شہر چلیں ۔ وہاں جا کر کچھ نہ کچھ مزدوری کر لیں گے ۔ وہ جب اس میدان کے قریب پہنچے جہاں کہ لوگ جمع تھے تو تیلی نے کہا کہ چلو ہم بھی اپنی قسمت آزمائیں ۔ لوہار نے کہا کہ نہیں چلو شہر چل کر مزدوری کریں وہاں جانا بے سود ہے ۔ تیلی نے کہا نہیں اس میدان میں چلو شائد طوطا ہمارے ہی سر پر بیٹھ جائے ۔ چنانچہ وہ یہ سوچ کر اس میدان میں چلے گئے جس میں کہ طوطا اڑایا جانا تھا ۔ ان دونوں نے اپنے اپنے منشور بھی پیش کئے ۔ لوہار نے کہا کہ اگر طوطا میرے سر پر بیٹھ گیا اور میں بادشاہ بنا تو میں تمہیں یعنی تیلی کو وزیر بناؤں گا اور لوٹ کھسوٹ ڈاکے غرضیکہ ہر قسم کی اندھیر گردی مچانے کی اجازت دوں گا اور وزیروں کو حکم بھی دوں گا کہ کسی کو پکڑیں نہیں بلکہ ان کو اجازت ہوگی کہ لوٹ کھسوٹ کے مال میں ان کی بھی پتی ہو تاکہ وہ خوب اچھی طرح اپنا گھر بھر لیں ۔ تیلی نے یہ کہا کہ

اگر طوطا میرے سر پر بیٹھ گیا تو میں یہ کام نہیں کروں گا - میں بالکل انصاف کروں گا اور لوگوں کے لئے روٹی - کپڑے اور باقی سب چیزوں کا انتظام کروں گا - چنانچہ وہ طوطا اڑایا گیا - لوگوں کی شامت کہ طوطا لوہار کے سر پر بیٹھ گیا - تیلی کو وزیر بنایا گیا - پھر لوٹ کھسوٹ اور ڈاکے پڑنے لگے - خلق خدا دھائی دینے لگی - آخر وزیر نے ہاتھ باندھے کہ خدا کے لئے اب یہ ظلم بند کرو - عورتیں بیوہ ہو گئی ہیں بچے یتیم ہو گئے ہیں یہ تم کیا کر رہے ہو - وہ لوہار کہنے لگا کہ میں نے کوئی طوطے کی ٹانگ پکڑ کر کہا تھا کہ وہ میرے سر پر بیٹھ جائے - تم نے اور میں نے اپنا اپنا منشور پیش کیا تھا اگر یہاں انصاف ہی ہونا تھا تو وہ تمہارے سر پر بیٹھ جاتا اور میرے سر پر نہ بیٹھتا - تو یہ طوطا بھی سنٹر سے اڑایا گیا ہے اور یہ ان کے سر پر بیٹھ گیا ہے - ہم نے تو اس شامت اعمال کا خود علاج کرنا ہے اور یہ اس وقت کریں گے جب یہ ہم سے ووٹ مانگیں گے - مجھے ایک گزارش نواب صاحب مسدوٹ کی خدمت میں بھی کرنی ہے - وہ اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں - انہوں نے جب لیگ چھوڑی تھی تو اس وقت انہوں نے یہ اعلان کیا تھا کہ میں لیگ کو اس لئے چھوڑ رہا - کہ لیگ قائد اعظم کے نقش قدم پر نہیں چل رہی - الحمد للہ کہ انہوں نے قائد ملت مرحوم و مغفور کی قیادت کو چھوڑا جو شاید قائد اعظم کے پرائمری سکول کا فیل شدہ تھا لیکن اب جس شخص کی قیادت انہوں نے قبول کی ہے وہ تو شائد قائد اعظم کی یونیورسٹی کا سکالرشپ ہولڈر ہے - میں نواب صاحب سے صرف یہی کہتا ہوں -

باغبان نے آگ دی جب آشیانے کو میرے
جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے

کرنل عابد حسین صاحب کے متعلق میں ایک پنجابی کا شعر عرض کروں گا اور وہ ہے -

قدم تیز کنوتیاں چاروں کھڑیاں
ہتھ چابک سوار نے پھیریا ای

خان محمد یوسف خان قاسم خیل ترکہ زئی مہمند (قبائلی علاقہ مہمند ایجنسی)-جناب والا-میرے معزز دوست جنہوں نے ابھی ابھی اپوزیشن کی طرف سے تقریر کی ہے ان کی تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت جلد ان بینچوں پر آ جائینگے - جناب والا ان کے تعلق میں اتنا عرض کرنا

چاہتا ہوں کہ وہ مسلم لیگی بینچوں کے جو کر ہیں کسی کے نمائندہ نہیں ہیں - (واپس لو کی آوازیں) -

صاحب سپیکر—''جوکر،، غیر پارلیمانی لفظ نہیں ہے -

خان محمد یوسف خان - جناب والا میں ان کی طرح کوئی الف لیلہ کا قصہ بیان نہیں کرنا چاہتا کیونکہ وقت تھوڑا ہے - میں صرف قبائلیوں کی طرف سے ان کی فریاد سنانا چاہتا ہوں - سب سے پہلی بات یہ ہے کہ پاکستان بننے کے فوراً بعد قبائلیوں نے کشمیر میں قربانیاں دیں - مرحوم لیاقت علی خاں نے ہمیں یقین دلایا کہ قبائلی اور پٹھان پاکستان کے بازوئے شمشیرزن اور محافظ ہیں - اور ان کی تعلیم ان کی صحت ان کی صنعت اور ان کی آبپاشی کے حالات کو بہتر بنایا جائے گا اور انہیں وہ تمام سہولتیں دی جائینگی جو دیگر settled اضلاع کو دی جاتی ہیں - قبائلیوں نے خاص طور سے پاکستان سے وفاداری کی قسم اٹھائی اور پاکستان کے لیڈروں کو یقین دلایا کہ جس دن سے پاکستان وجود میں آیا ہے اس دن سے وہ پاکستان کے خلاف نہیں لڑینگے - بلکہ پاکستان کی خاطر اپنا آخری قطرہ خون بہانے کے لئے تیار ہونگے - (تالیاں) - یہ ان ۸۰ لاکھ قبائلیوں اور پٹھانوں کا عہد تھا جو گلگت سے فورٹ سنڈ یمن اور بلوچستان تک پھیلے ہوئے ہیں - اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وزیر ستان اور قبائلی علاقے میاں جو فوج تھی پاکستان کی حکومت نے وہ ساری کی ساری فوج وہس بلا لی - اور اس سے پاکستان کی حکومت کو کروڑوں روپے کی بچت ہوئی -

کہا جاتا ہے کہ کولمبو پلان کے ت ہماری حکومت کو ۱۲۱ کروڑ کی رقم مل چکی ہے - اور تقریباً اس سے دگنی رقم امریکہ سے بطور امداد حاصل ہو چکی ہے - ابھی زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ بنگال کے بعض ممبروں نے نیشنل اسبلی میں یہ شکایت کی تھی کہ قومی دولت اور دیگر ذرائع سے ملنے والی دولت کا زیادہ حصہ مغربی پاکستان پر اور مغربی پاکستان میں سے بھی پنجاب پر خرچ ہوتا ہے - مگر پنجاب میں بھی میں نے دیکھا ہے ایسے اضلاع ہیں مثلاً میانوالی - کیمبلپور - جہلم - راولپنڈی جہاں اتنے ہی غریب لوگ ہیں جتنے ہمارے قبائلی علاقے میں ہیں - اس سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ قومی دولت کی یہ رقم ایک ایسے طریقے سے خرچ کی گئی ہے جیسے پاکستان چند افراد کے آرام اور سہولت کے لئے بنایا گیا تھا - گذشتہ ۹

سال سے یہی ہو رہا ہے ۔ میں ان چند افراد میں سے ایک آدھ کا ذکر یہاں کرونگا ۔ ان میں سے ایک صاحب ایسے ہیں جو آٹھ نو سال سے برسر اقتدار ہوئے ہیں ۔ وہ قبائلی علاقے کے ایک خاص ٹکڑے سے منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ انکا نام سردار بہادر خان ہے ۔ انہوں نے قبائلی علاقہ کا کوئی فائدہ سوچنے کی بجائے تمام فائدے اپنے کئے ہیں ۔ انہوں نے تھل میں غریب عوام کی غربت اور جہالت سے فائدہ اٹھا کر وہاں زمینیں خریدلیں۔ وہاں کے لوگوں کو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ اس صحرا میں نہریں کھودی جائیگی ۔ حکومت نے تین لاکھ کے خرچ سے وہاں ایک نہر نکالی جو سردار بہادر خان کی زمینوں کو سیراب کرتی ہے ۔ یہ بات انہوں نے اس دن مان لی تھی کہ انہوں نے وہاں زمینیں خریدی ہیں ۔ ایک مہربانی جو انہوں نے کی وہ یہ تھی کہ وہ ان زمینوں میں سے کسی کو حصہ دینے کے لئے تیار ہیں ۔ اگر کوئی لینا چاہے۔ میں ان سے اپیل کرونگا کہ وہ اس پیشکش پر قائم رہیں اور جو مستحق اور حقدار لوگ ہیں انکو وہ زمینیں دے دیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ قبائلی علاقہ کے لئے جو ٹیوب ویل سکیم بنی تھی وہ حویلیاں کی طرف بدل دی گئی ہے ۔

میں حکومت سے اپیل کروں گا کہ وہ اس کے لئے نہ کوئی کمیٹی مقرر کرے اور نہ کوئی اکسپرٹ مقرر کرے۔ بلکہ بیس پچیس وزراً میں سے کسی وزیر کو مقرر کر دے کہ وہ اس معاملہ کی تحقیقات کرے۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ قبائلی علاقوں کے لوگ ایک ایسی زندگی بسر کر رہے ہیں کہ جو انسانیت سے بعید ہے ۔ ان کو جو شکایات ہیں وہ میں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ قبائل کی تاریخ میں یہ سب سے پہلا موقع ہے کہ ان کے نمائندے اس لیجسلیٹو اسمبلی میں آئے ہیں ۔ اس لئے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جن لوگوں کو اتنی مدت تک نمائندگی ہی نہیں ملی تھی ان لوگوں اور ان کے ملک کی کیا حالت ہوگی ۔ جناب والا ۔ قبائل کے قریباً پچاس فیصد لوگ دوائی اور ڈاکٹر نہ ملنے کی وجہ سے موت کا شکار ہو جاتے ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ اب وہاں ہسپتالوں کے لئے عمارتیں بنانے پر لاکھوں روپیہ خرچ کیا گیا ہے لیکن ان میں ابھی تک ڈاکٹر تو ایک طرف کوئی کمپونڈر بھی مقرر نہیں کیا گیا ۔ قبائل کے لوگوں کو دو وقت پیٹ بھر کر کھانا بھی نہیں ملتا ۔ کیونکہ ہمارے علاقے میں ملازمتیں ۔ کار خانے اور دیگر سہولتیں نہیں ہیں جن سے لوگ کسب معاش کر سکیں ۔ وہاں کی زمینیں

بنجر ہیں - اور لوگوں کا معیار زندگی نہایت پست ہے - جناب والا - اگر یہ سچ ہے کہ وہ پاکستان کے محافظ ہیں تو پھر ایسی قوم اور ایسے لوگوں کو کیوں اس حالت میں رکھا جا رہا ہے- ان کے ساتھ باقی لوگوں کے برابر سلوک کرنا چاہئیے تاکہ آئندہ بھی وہ اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ قربانیاں دینے کے لئے تیار رہیں - پاکستان نے جو ترقی کی ہے ہمیں اس پر فخر ہے لیکن آخر قبائل بھی اسی ملک کے رہنے والے ہیں ہم قبائل کے لوگ آج اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم پاکستان گورنمنٹ پر زیادہ بوجھ نہیں ڈالنا چاہتے - ہم خیرات پر زندہ نہیں رہنا چاہتے - ہم کام چاہتے ہیں - کارخانے چاہتے ہیں تاکہ ہم خود دار لوگوں کی طرح زندگی بسر کر سکیں - ہمارے مطالبات یہ ہیں کہ (۱) ہمیں درآمدی تجارت میں حصہ دیا جائے (۲) Industrial licensing میں آبادی کے لحاظ سے حصہ تعین کیا جائے (۳) اور تمام ان امدادی رقومات سے جو گورنمنٹ کو کولمبو پلان کے ما تحت امریکہ سے ملتی رہی ہیں ہم کم ترقی یافتہ لوگوں کو مناسب حصہ ضرور دیا جائے - ہماری ایک تجارت تھی لکڑی کی اور یہ افغانستان کے علاقوں کے ساتھ تھی - لیکن حکومت پاکستان نے افغانستان کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کی وجہ سے اس تجارت پر اتنا ٹیکس لگا دیا ہے کہ یہ تجارت برباد ہو گئی ہے- ایک تو اس وجہ سے اور ایک مغربی پاکستان کا دارالخلافہ پشاور سے لاہور تبدیل ہو جانے کی وجہ سے ہماری تجارتی حالت بالکل خراب ہو گئی ہے - اس لئے میں گذارش کروں گا کہ ہمیں وہ تمام سہولتیں دی جائیں جو دیگر علاقوں کے لوگوں کو دی جاتی ہیں تاکہ ہمارے غریب زیادہ غریب نہ ہو جائیں اور امیر زیادہ امیر نہ ہو جائیں -

مسٹر غلام محمد خان محمد هاشم خان وسان (ضلع تھرپارکر)— صاحب صدر - سب سے پہلے یہ عرض کروں گا کہ ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت میں نظم و نسق کا بالکل بیڑا غرق ہو گیا ہے - مجھے سابقہ صوبہ پنجاب کے متعلق پورے طور پر علم نہیں ہے لیکن سندھ کے متعلق مجھے خوب علم ہے کہ وہاں کیا کچھ ہو رہا ہے - وہاں دن دھاڑے چوری - مار دھاڑ - اور خون ریزی ہو رہی ہے - کسی شریف آدمی کی عزت محفوظ نہیں ہے - رشوت ستانی اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ اس کا کوئی حد و حساب ہی نہیں - میں یہ کہتا ہوں کہ رشوت پہلے بھی تھی لیکن اب اتنی زیادہ ہو گئی ہے کہ اس کی دستبرد سے کوئی بھی محفوظ نہیں پولیس اور پی-ڈبلیو-ڈی کے محکموں میں تو رشوت تھی ہی مگر نہایت ظلم کی بات ہے کہ رشوت اب محکمہ تعلیم میں بھی آگئی ہے - سب سے

پہلے محکمہ پولیس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ اس کے متعلق گذارش یہ ہے کہ جتنی بھی وارداتیں ہوتی ہیں ان میں سے پچاس فیصدی کی بھی رپورٹیں درج نہیں ہوتیں کیونکہ رپورٹ درج کرانے کے لئے پولیس کو دو دو سو چار چار سو روپیہ دینا پڑتا ہے ۔

Mr. G. M. Bhurguri : Sir, I rise on a point of order. During the discussion of the Budget in this House, the Treasury Benches have not had time to reply to the debates. Even the Finance Minister did not give a reply to the general discussion. During the discussion of the cut motions, so many things have been said about mal-administration, etc., and we want the Treasury Benches to reply to them. I, therefore, suggest that no further discussion should be allowed.

Mr. Speaker: After Mr. Wassan, the Finance Minister will reply to the debate and the Honourable Chief Minister will also speak for a few minutes.

مسٹر غلام محمد خان محمد هاشم خان وسان — اس لئے غریب لوگوں کا مال ضائع ہو رہا ہے ۔

حضور والا ۔ اب میں آپ کی توجہ محکمہ مال کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ اس محکمے میں جس قسم کی ہلڑ بازی مچی ہوئی ہے اس نے آباد کاروں کا خانہ خراب کر دیا ہے ۔ جس سے بظاہر زمینداروں اور کاشتکاروں کے طبقے کے بچاؤ کی کوئی صورت نظر نہیں آتی ۔ مالیہ اراضی کی شرح ہمارے سندھ میں اتنی زیادہ ہے کہ ہم اسے برداشت نہیں کر سکتے ۔ پچھلے سال برسات اور طغیانی کی وجہ سے جو نقصان ہوا تھا اس کے متعلق اگرچہ حکومت نے اعلان کیا تھا کہ نقصان اٹھانے والوں کو مالیہ اراضی سے عام معافی دی جائیگی مگر آج تک اس کے متعلق کوئی کارروائی نہیں کی گئی ۔ جب محکمہ کے اعلے حکام کے نوٹس میں یہ چیز لائی گئی تو انہوں نے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ جو حالات مقامی مختار کار پیش کریگا اس کے مطابق عمل کیا جائیگا ۔ اس سے رشوت ستانی کا بازار خوب گرم ہو گیا ہے اور آج تک کسی غریب زمیندار اور کاشتکار کو معافی نہیں دی گئی ۔ جو مالدار لوگ ہیں انہوں نے مالیہ اراضی کی معافی سے خوب فائدہ اٹھایا ہے ۔ مگر غریب لوگوں کو کسی نے اس معافی کے قریب نہیں آنے دیا ۔ لہذا میں ڈاکٹر خان صاحب کی توجہ اس محکمے کے اہل کاروں کی طرف خاص طور سے دلانا چاہتا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب زبانی جمع خرچ تو بہت کرتے ہیں مگر کسی کام کے عملی پہلو سے انہیں دور کا بھی واسطہ نہیں ۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ پبلک کا کوئی کام قواعد و ضوابط کے مطابق نہیں ہوتا ۔

جناب صدر ۔ اب میں آپ کی توجہ محکمہ پی—ڈبلیو—ڈی کی طرف منعطف کراتا ہوں ۔ اس محکمے میں اتنی رشوت ہے جتنا کوئی جھوٹ بول لے ۔ اس کے اہل کار اور افسر زمینداروں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں

یہ لوگ نہ صرف پانی کی بہم رسانی کے سلسلے میں لوگوں سے رشوت لیتے ہیں بلکہ واٹر کورس بدلنے یا نیا واٹر کورس دینے کے عوض حکومت کے مطالبات پورا کرنے کے علاوہ بے حد رشوت لیتے ہیں ۔

جناب صدر ۔ جن محکموں کا میں نے ذکر کیا ہے ان میں تھوڑی بہت رشوت تو روز ازل سے چلی آئی ہے ۔ لیکن مجھے یہ معلوم کر کے انتہائی افسوس ہوا ہے کہ اب ہمارے محکمہ تعلیم میں بھی رشوت پیدا ہو گئی ہے ۔ پرائمری تعلیم کیلئے داخلے کے وقت رشوت ۔ امتحانوں میں رشوت—غرض اب تو ممتحن رشوت لے کر طالبعلموں کو پاس کرتے ہیں اور جو رشوت نہیں دے سکتے وہ فیل کر دئے جاتے ہیں ۔ گاؤں میں جو سکول ہیں ان میں بھی ہر مرحلے پر رشوت چلتی ہے ۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ رشوت ستانی نے ہماری تعلیم کا بھی خانہ خراب کر دیا ہے ۔ لہذا میرے نزدیک اب تعلیم کے بہتر ہونے کی بھی کوئی توقع نہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں اپنے ضلع کی صحت عامہ کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ سانگھڑ میں کوئی ہسپتال نہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہاں ایک سول سرجن رکھا ہوا ہے مگر اس کے علاوہ علاج معالجہ اور دیگر طبی سہولتوں کا کوئی بندوبست نہیں ۔

جناب صدر ۔ آپ کو معلوم ہے کہ صوبے میں حال ہی میں سرکاری افسروں کی بڑے پیمانے پر تبدیلیاں عمل میں لائی گئی ہیں ۔ یہ سب کے سب تبادلے سیاسی اغراض کے پیش نظر کئے گئے ہیں ۔ ہمارے ضلع کے ڈپٹی کمشنر مسٹر انور عادل کا تبادلہ محض سیاسی مصلحت کی بنا پر کیا گیا ہے حقیقت یہ ہے کہ اس ضلع کے دو ایک ممبر ڈاکٹر صاحب سے ملے اور ان سے اس صورت میں ووٹ دینے کا یقین دلایا جب کہ وہ ڈپٹی کمشنر کا ان کی مرضی کے مطابق تبادلہ کر دینگے ۔ ڈاکٹر صاحب کو چونکہ ان کے ووٹوں کی ضرورت تھی اس لئے انہوں نے ان کے کہنے کے مطابق فوراً اس کا تبادلہ کر دیا ۔ چنانچہ وہی ممبر اب گورنمنٹ پارٹی کے سیکریٹری بنا دئے گئے ہیں ۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ڈاکٹر خان صاحب جو ہمیشہ یہ دعوے کیا کرتے تھے کہ میں پارٹی بازی کا حامی نہیں ہوں آج پارٹی بازی کا شکار ہو گئے ہیں ۔

Mr. Shahnawaz Pirzada (Nawab Shah District) : Sir, I declare that I am at one with the Opposition Party in condemnation of the present Administration. I look to my right and I look my left but I don't find administration anyhwere. There is utter absence of administration and complete chaos is prevailing in the country. What is it due to? This is a matter which requires careful consideration. According to our new Constitution, we have been given a democratic form of Government, which means that in our country it is the

rule of the people, by the people, and for the people. But, in actual pratice, we find that we, M.L.As., are the servants of our servants. We find that the Government servants, the bureaucrats, have usurped our rights. I would draw your attention to the C. S. P. officers and the Police. I can say that the present C. S. P. officers are not at all equal to the former I. C. S. officers. The former I. C. S. Officers were much more dignified than the present C. S. P. officers. The present C. S. P. officers are no good and their heads and hearts are made of ordinary stuff. Therefore, we should not concede to them the same powers which were given to the former I. C. S. officers. I may say that every C. S. P. officer considers himself a demi-god. The very sight of an aged and poor M. L. A. arouses disgust in their hearts and they go to such an extent that for intrusion by an old M. L. A., they call the Police for his arrest; and our Ministers see these things with their own eyes and do nothing in the matter. I shall appeal to our great Chief Minister that he should do something in the matter.

Now I turn to the Police. The Inspector-General of Police is probably absent but I may say something on the subject. Sir, in the Province of Sind there are some Superintendents of Police who drink one bottle of Whisky and eighteen bottles of Beer every day. No action is being taken against them. I strongly appeal to Dr. Khan Sahib to take some action against such people. There is Superintendent of Police in Sind. He does not look like a human being, but he looks like a polar bear, with buffalo belly and elephantine legs. (Interruptions).

So I say send this Superintendent of Police to the Frontier to shake off his fat. Such an Officer should be dismissed immediately.

Rana Gul Muhammad Noon : On a point of order, Sir. Sir, in this House there are certain conventions, there are certain rules and, Sir, you are there to see that those conventions and rules are observed. Certain officers are being charged by name. Sir, this is the duty of this House particularly the Chief Minister to protect the officers serving under the Government of Pakistan.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I rise on a point of order. You must listen to my point of order and then give your ruling.

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, at present the General Demand is under discussion. The Finance Minister has not got the inherent right to reply to the discussion. It is the Minister-in-Charge of Law and Order, who is Leader of the House. He must be given an apportunity. (interruptions).

Mr. Speaker : Hon'ble the Finance Minister as well as the Rehabilitation Minister can reply to the debate on General Discussion. As most of the time has been taken in discussion by the Opposition, the Finance Minister will reply to the debate and the Hon'ble the Chief Minister will also speak for a few minutes. (Interruptions).

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, I insist on my point of order. You are giving the right to the Finance Minister, who has nothing to do with the General Administration. You are denying our rights. (Interruptions).

Mr. Speaker : There is no question of denying any right.

You had an opportunity in the General Discussion. (Interruptions).

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, you are not accepting my point of order, so we walk out. (Noises :) (At this stage the Opposition Party walked out)

صاحب سپیکر — اس ایوان میں بیٹھنے کی تمیز بھی ہونی چاہئے -

ایک ممبر—خس کم جہان پاک -

سردار عبدالرشید خاں (وزیر خزانہ)—صاحب صدر—ایک گھر کی بنیاد رکھنا اگر چہ بہت اہم ہے لیکن اس کے بعد اسے آباد کرنا اور بھی زیادہ اہم ہے۔

مجھے افسوس ہے کہ آج تک جو اکابرین یہ دعویٰ کرتے رہے ہیں کہ ہم نے پاکستان حاصل کیا ہم نے اس ملک کی آزادی حاصل کی آج ان کا رویہ ایسا ہے جس سے مجھے خطرہ نظر آتا ہے کہ اس گھر کو آباد کرنا تو در کنار اب اس کی سلامتی خطرے میں ہے میری مراد اپوزیشن سے ہے اور اس پارٹی سے ہے جس کا اس سے زیادہ تعلق ہے۔ اب ہمارا نیا آئین تیار ہوکر نافذ ہو گیا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ آخر اس ملک کو نیا آئین مل گیا مگر مجھے تعجب ہے کہ جنہوں نے سب سے پہلے ون یونٹ کے متعلق بلند نعرے لگائے تھے آج وہی لیڈر ایک دوسرے راستہ پر چل رہے ہیں اور اس اصول کو رد کر رہے ہیں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جب وہ ڈاکٹر خان صاحب کو ان کے گھر سے نکال کر لائے تھے اس وقت ان کا اصول کہاں تھا۔ جب مسلم لیگ کی اکثریت تھی اس وقت ڈاکٹر خان صاحب جماعت سے الگ فرد تھے۔ انہوں نے اگرچہ یہ کہا تھا کہ میرا مسلم لیگ سے تعلق نہیں پھر بھی اس وقت مسلم لیگ کے اکابرین نے انہیں اپنا لیڈر بنا لیا۔ ڈاکٹر خان صاحب نے پہلے ون یونٹ کی حمایت کی پھر آئین سازی میں مدد دی مگر ہمیں شک تھا کہ وہی لوگ ایسا کھیل کھیلیں گے جو انہوں نے دوسروں کے ساتھ کھیلا ہے اس وقت وزیر اعظم صاحب نے بھی یہ کہدیا تھا کہ وہ ان کے ساتھ ہیں۔ آج جب آئین بن گیا تو ان اصحاب کو معلوم ہوا کہ اب ان کا اقتدار خطرے میں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اب ان کو اپنا مستقبل بھی تاریک نظر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب انہوں نے اپنا ایک علیحدہ راستہ اختیار کرنا شروع کیا ہے۔ میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ سردار بہادر خان صاحب کیوں علیحدہ ہوئے اور نہ میں ان تفاصیل میں جانا چاہتا ہوں۔ اگر ڈاکٹر خان صاحب خود کچھ کہنا چاہیں تو وہ کہہ سکتے ہیں۔

صاحب صدر—ان دس بارہ دنوں میں جو تماشا اور جو کھیل ہم نے یہاں دیکھا ہے اگر اس اسلامی ری پبلک کی بنیاد اس پر رکھی جائیگی اور جمہوریت کی اساس اس پر ہوگی تو پھر خدا ہی پاکستان کو محفوظ رکھے۔

مجھے افسوس ہے کہ وقت کی تنگی کی وجہ سے میں اس بجٹ کے متعلق تفصیل کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکتا۔ کاش کہ مجھے

وقت ملتا اور میں ہر ممبر کے اعتراضات کا فرداً فرداً جواب دیتا اور گورنمنٹ پالیسی کے متعلق بھی کچھ کہتا اور اس پر تبصرہ کرتا لیکن وقت کی تنگی کی وجہ سے میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ جب میں نے پہلی بار یہ بجٹ دیکھا تو اس سے میری چنداں تسلی نہیں ہوئی کیونکہ جو مواعید اس منسٹری کے قیام پر کئے گئے تھے مجھے افسوس ہے کہ انہیں پورا نہیں کیا جا سکا ۔ (آوازیں—ہئیر—ہئیر)—مگر اس کے ساتھ ہی ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ منصوبہ بندی کے لئے ہمارے پاس کونسے وسائل ہیں ۔ گذشتہ سال ہمیں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان کی وجہ سے بھی اس بجٹ پر کافی اثر پڑا ہے ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ ہمیں ون یونٹ کے قیام پر بھی کچھ اخراجات برداشت کرنے پڑے ۔ مثلاً یونٹ کے ملازمین کے لئے ہمیں کوارٹر بنانے پڑے اور سڑکیں بنانی پڑیں ۔ یہ خرچ بھی ایک ضروری خرچ تھا ۔ اگر ہمیں یہ خرچ نہ کرنا ہوتا تو یہ رقم آسانی سے ترقی کے منصوبوں پر خرچ کی جا سکتی تھی مگر یہ خرچ ہمیں لازمی طور پر برداشت کرنا تھا ۔ اگرچہ مجھے افسوس ہے کیونکہ یہ رقم backword area کی ترقی کے منصوبوں پر خرچ کی جانی چاہئے تھی ۔ اس بجٹ میں صحت عامہ اور رفاہی کاموں پر پچھلے سال کی نسبت زیادہ خرچ دکھایا گیا ہے ۔ یہ رقم پچھلے سالوں کی نسبت زیادہ ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ آئیندہ ہم اس رقم میں اضافہ کرتے رہینگے ۔

جناب والا—میں ایک چیز کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اعتراضات دو قسم کے ہوتے ہیں ۔ ایک تو یہ کہ تنقید یا اعتراض بال کی کھال اتارنے کے لئے ہو اور وہ destructive ہو دوسری constructive criticism ہے جو عملی پہلو ہوتا ہے اور فائدہ مند ہوتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن کی طرف سے جو اعتراضات کئے گئے ہیں وہ سب بال کی کھال اتارنے کی غرض سے کئے گئے ہیں ۔ اور ان کے یہ تمام اعتراضات محض سیاسی بنا پر اور ذاتی اقتدار کی بنا پر کئے گئے ہیں ۔ انہوں نے ڈاکٹر خان صاحب پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ وہ پاکستان کے دشمن ہیں اور باقی وزراء پر یہ اعتراضات کئے گئے ہیں کہ وہ ون یونٹ کے مخالف ہیں ۔ مجھے یہ سن کر بہت افسوس ہوا ہے ۔ وہ جانتے ہیں کہ ہم سب پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم ون یونٹ کو چلائیں ۔ ایک طرف تو وہ ایسی باتیں کرتے ہیں اور دوسری طرف دولتانہ صاحب خود اس قسم کی تقریریں کرتے ہیں ۔ مثلاً

انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے۔

"اس کے علاوہ جناب والا اور بھی خدمت کی ہے ڈاکٹر خان صاحب نے۔ انہوں نے یہ خدمت کی ہے کہ انہوں نے ملک میں جمہوریت کو پاش پاش کر کے رکھدیا ہے۔ لیکن انہوں نے جمہوریت کی روایات کو توڑ کر آئین کو ایک کاغذ کا پرزہ سمجھتے ہوئے اس کو چیر پھاڑ کر نہ صرف ہم میں بلکہ عوام الناس میں جمہوریت کی رفاقت کے لئے ایک بلند پایہ جذبہ پیدا کر دیا ہے۔ اور میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس جذبہ کے ماتحت ہم جان تک دے دیں گے۔ مگر ملک کی خالص جمہوری روایات کے لئے آخری دم تک لڑینگے۔ اور میں عرض کروں گا کہ یہ صرف ہمارا کام ہی نہیں بلکہ اس کے لئے مسلم لیگ اپنا دست تعاون بلکہ اپنا دامن دریوزہ گری ہر سیاسی پارٹی کے سامنے پھیلاتی ہے۔ باقی مقاصد مختلف ہو سکتے ہیں اور چیزوں میں اختلاف ہو سکتا ہے مگر ہم اس معاملہ میں ہر پارٹی سے تعاون کی بھیک مانگیں گے۔

For the purposes of democracy, let us forge a united front.

جمہوریت کی خاطر ہم سب پارٹیوں سے تعاون کریں گے۔ ہم سب سے مل کر اس کام کو کرنے کے لئے تیار ہیں"۔

مجھے نہایت افسوس ہے کہ ان لوگوں کا کوئی اصول نہیں۔ ایک طرف تو وہ ڈاکٹر خان صاحب کو ون یونٹ کا دشمن تصور کرتے ہیں اور دوسری طرف وہ اس کے کامیابی سے چلانے میں ہمارے ساتھ تعاون کرنا چاہتے ہیں۔ ملک کا بچہ بچہ ان کے اس رویہ کو جانتا ہے۔ انہیں در اصل ایک تو یہ افسوس ہے کہ ان کو کرسی سے ہٹایا گیا اور دوسرے ان کو اس بات کا افسوس ہے کہ ان کے ہاتھ سے یہ موقع نکل گیا کہ وہ اگلی الیکشن میں اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر اپنے رعب اور سیاسی حربوں کا استعمال کر سکیں اور آئندہ الیکشن میں حسب منشاء کامیابی حاصل کر سکیں۔ میں یہاں میاں دولتانہ کی خفیہ تحریر کے چند فقروں کا حوالہ دیتا ہوں۔ وہ ایک جگہ فرماتے ہیں۔

"One of the Chief merits of the present regime is that it can hold a pistol to achieve the Political constitutional campaign".

یہ الفاظ یاد رکھئے کہ وہ پستول اور لاٹھی کے ذریعے کام کرنا چاہتے تھے۔ پھر آگے جا کر کہتے ہیں۔

"The first necessity of the present context, therefore, is that we must clear the decks before we launch our political campaign. We must take the benefit of full and firm exercise of authority to create an opportunity for our voice to be heard. I would give a warning that in my opinion it would be fatal to launch our political campaign if, for a period, opposition is not effectively stilled and a time gained for our voice to gain volume amidst surrounding silence."

وہ چاہتے تھے کہ ملک میں خاموشی اور سکون ہو اور قبرستان کا سا ماحول رونما ہو جائے اور اس خاموشی میں اپنا کام کریں اور اپنی پارٹی کو کامیاب کریں ۔ یہ ان کی ''جمہوریت'' ہے ۔ جب ان کو اپنا اقتدار خطرے میں نظر آیا تو ایک دن کا دوست دوسرے دن دشمن بن گیا۔ میں آخر میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میاں دولتانہ نے ڈاکٹر خان صاحب کو کہا کہ آپ نے جو سلسلہ شروع کر رکھا ہے اس کا اثر الٹا آپ ہی پر ہو گا ۔ یہ سانپ آپ ہی کو ڈسنے والا ہے لیکن ڈاکٹر خان صاحب بچ گئے یہ اللہ کا بڑا فضل ہے ۔ (تالیاں) میں چاہتا ہوں کہ ملک کو اس کالے سانپ سے بچایا جائے اور خدا کے فضل سے بچ رہا ہے ۔ میرے خیال میں ملک کا ہر فرد اس کو پہچان گیا ہے ۔ اس کو آئندہ بھی کبھی یہ موقع نہیں ملنا چاہئے کہ یہ ہماری سیاست کو اور ہمارے ملک کے تمام نظام کو بگاڑ سکے ۔

ڈاکٹر خان صاحب (وزیر اعلیٰ)—صاحب صدر—میں اپنی ساری زندگی میں کسی پارلیمنٹ یا اسمبلی سے اتنا مایوس نہیں ہوا جتنا کہ اس ایوان میں بعض مسلم لیگی ارکان کے رویہ نے مجھے مایوس کیا ہے۔ یہ مسلم لیگی ارکان در اصل مجھے اشتعال دینا چاہتے تھے ۔ تاکہ میں بھاگ جاؤں ۔ مگر ان کی یہ امیدیں پوری نہیں ہوئیں ۔ اس ایوان کے تمام معزز ارکان نے یہ دیکھ لیا ہے کہ میں نے کس قدر صبر و سکون سے انتہائی اشتعال انگیز تقریروں کو سنا ہے ۔

مسلم لیگی زعماء کو میرا وزارت اعلیٰ کے عہدے پر فائز رہنا پسند نہیں ۔ میں اس سلسلے میں صرف اتنا بتانا چاہتا ہوں کہ جب میں کراچی میں وزیر مواصلات تھا تو مجھے صدر جمہوریہ میجر جنرل سکندر مرزا ، وزیر اعظم مسٹر محمد علی ، میاں ممتاز دولتانہ اور دوسرے متعدد مسلم لیگی زعماء نے جمع ہو کر مجبور کیا تھا کہ میں وحدت مغربی پاکستان کی وزارت اعلیٰ کی ذمہ واری سنبھالوں ۔ میں نے اس موقع پر یہ کہا تھا کہ آپ مجھے چھوڑ دیجئے ۔ میں حکومت سے باہر رہ کر بھی ون یونٹ کی کامیابی کے لئے کام کرتا رہونگا بلکہ غیر سرکاری حیثیت سے بہتر کام کر سکونگا ۔ لیکن میری بات کسی نے نہ مانی اور تمام مسلم لیگی زعماء نے مجھے بار بار یقین دلایا کہ اگر میں وزارت اعلیٰ کی ذمہ داری سنبھال لوں تو وہ مجھ سے ہر موقع پر مکمل تعاون کریں گے ۔ انہیں دنوں مجھے یہ بھی اختیار دیا گیا کہ میں اپنی مرضی کے مطابق صوبائی کابینہ میں توسیع کر سکوں گا ۔ چنانچہ

میں نے ان حالات میں حکومت کی ذمہ داری سنبھال لی اور پھر وزیر اعظم مسٹر محمد علی نے ایک اخباری بیان میں حمایت کا اعلان کیا جس میں میاں ممتاز دولتانہ اور دوسرے مسلم لیگی زعماء کا بھی ذکر موجود تھا ۔ اس یقین دھانی کے بعد مسلم لیگی زعماء نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا اس کا سب کو علم ہے ۔ تاہم میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی نے ۲ اپریل کو کوئی مشروط قرارداد منظور نہیں کی تھی ۔ کیونکہ اگر وہ ایسا کرتے تو میرے لئے بڑی مشکل ہوتی ۔ میں مسلم لیگی زعماء کو پہلے ہی کہہ چکا تھا کہ میں بطور وزیر اعلیٰ کسی کی ہدایت نہیں مانوں گا تاہم اگر وہ مشروط قرارداد منظور کرتے اور میں اس پر عمل کرنے سے انکار کر دیتا تو سب کہتے کہ ڈاکٹر کھوٹا ہے ۔

مسلم لیگ پارٹی کی ۲ اپریل کی قرارداد کے باوجود میں نے یہ عہد کیا تھا کہ اپنی کابینہ میں تمام مسلم لیگی اصحاب کو شامل کرونگا ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میں نے میاں ممتاز دولتانہ اور دوسرے ایسے ہی اصحاب کو برخاست کرنے کا بھی فیصلہ کیا تھا ۔ چنانچہ جب میں نے اپنی کابینہ میں توسیع کی تو انہیں اپنے مخصوص ذرائع سے یہ معلوم ہو گیا کہ میں انہیں برخاست کرونگا چنانچہ انہوں نے رات کو ایک بجے اپنے استعفے بھیج دیئے اگر وہ اس رات ایسا نہ کرتے تو انہیں دوسرے روز برخاست کر دیا جاتا ۔

صاحب صدر—میں ہمیشہ یہ کوشش کرتا رہا ہوں کہ مسلم لیگ میں انتشار نہ ہو اور میں مسلم لیگی زعماء کے تعاون سے وحدت مغربی پاکستان کو کامیاب بناؤں ۔ مگر افسوس ہے کہ بعض مسلم لیگی زعماء نے ایسا نہ ہونے دیا کیونکہ انہیں یقین ہو گیا تھا کہ میری موجودگی میں ان کی حسب خواہش عام انتخاب نہ ہو سکیں گے ۔ اس امر کا ثبوت انہیں سابق سندھ کے علاقہ میں اس ایوان کے ارکان کے انتخاب کے موقع پر ملا جب کہ مسٹر محمد ایوب کھوڑو اپنی انتہائی کوشش کے باوجود کسی انتخابی بد عنوانی کے مرتکب نہ ہو سکے ۔ اس لئے بیچارے کھوڑو صاحب نے انتخاب کے بعد یہ شکایت کی تھی کہ سرکاری افسر انتخاب میں مداخلت کرتے رہے ہیں ۔ در اصل انہیں شکایت یہ تھی کہ سرکاری افسروں نے حسب سابق ان کی مدد نہیں کی ۔

